# Index of Volume 9 (1987-88)
# Issue (1 to 5)


| A | PAGE NUMBER |
|---|---|
| **ABDUL QAYYUM AWAN, MR. (PP-69 – FAISALABAD) — LABOUR, JAILS, ZAKAT AND USHER** | |
| **PRIVILEGES MOTIONS regarding** | |
| • Payment of substantial amount from Zakat fund against rules and regulations | 376 |
| **Abdur Rashid Pagganwala, Mian, B.A. (PP-27 – Gujrat)** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| Installation of street lights in Wahdat colony (Question No. 1630*) | 487 |
| **ADJOURNMENT MOTIONS regarding** | |
| • Allotment of 1200 kanal land in district Jhang on fake claim with the involvement of Revenue Department | 574 |
| • Adjournment motion of Sarfaraz Nawaz | 123 |
| • Betting on dog race on Raiwind road | 678 |
| • Bomb blast in program of jamiat ahl e hadith | 176 |
| • Disclosure of middle class paper in Faislabad | 682 |
| • Embezzlement in entertainment duty charged on Lucky Irani Circus | 672 |
| • Ill-treatment of political prisoners | 383 |
| • Increase in prices of yarn | 352 |
| • Involvement of a political party in Shia Sunni sectarian riots and killings in Karachi | 42 |
| • Matter regarding disputes of Karachi | 128 |
| • Merit of admission for girls in medical colleges | 30 |
| • Presenting the report of standing committee on Law & Parliamentary Affairs | 355 |
| • Problems created due to embankment on border area between Toba Tek Singh and Jhang | 679 |
| • Remarks of Peer Pagarra regarding public of Punjab | 131 |
| • Sense of deprivation among the farmers of Jhang District | 390 |
| • Teachers express their concern over revival of Christian institutions | 126 |
| | |
| **AGENDA OF SESSION** | |
| • 19th March, 1987 | 1 |
| • 22nd March, 1987 | 49 |
| • 24th March, 1987 | 141 |
| • 25th March, 1987 | 269 |
| • 26th March, 1987 | 363 |
| | |
| **ALTAF HUSSAIN, SARDAR (PP-87 – TOBA TEK SINGH)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Action against corruption of chairman Union Council 43 Tehsil Faisalabad (Question No.1664*) | 297 |
| **RESOLUTION regarding** | |
| • Allotment in the name of occupier within the municipal limits | 253 |
| | |
| **ANWAR-UL-HAQ PIRACHA, SH (PP-49 – SARGODHA)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |

| | |
|---|---|
| • Appointment against the post of BS-15 in central library Bahawalpur | 51 |
| • Appointment of subject specialist teachers of national cadre | 54 |
| • Steps taken for encouragement of supports in small cities (Question No. 666*) | 50 |
| | |
| **MUHAMMAD ASGHAR CHAUDHRY, HAJI (PP-29 – GUJRAT)** | |
| **ADJOURNMENT MOTIONS regarding** | |
| • Involvement of a political party in Shia-Sunni sectarian riots and killings in Karachi | 42 |
| | |
| **ARIF RASHID, SARDAR (PP-109 – LAHORE) — AGRICULTURE, IRRIGATION AND POWER, FORESTRY, TOURISM AND CULTURE** | |
| **ADJOURNMENT MOTIONS regarding** | |
| • Ill-=treatment of political prisoners | 383 |
| | |
| **ASHIQ HUSSAIN BOKHARI, DIWAN (PP-175 – MULTAN)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Steps to increase the width of link roads (Question No.1493*) | 290 |
| | |
| **B** | |
| **BILLS** | |
| • Amended bill for acquisition of land dated 1987 | 225 |
| • Amended bill of canal and water drainage system 1987 | 223 |
| • Amended bill of industrial development board Punjab dated 1986 | 212 |
| • Amended bill of industrial development board Punjab dated 1987 | 216 |
| • The Punjab Provincial Assembly (Salaries, Allowances and Privileges of Members) (Amendment) Bill 1987 | 46,579 |
| • Urgent amended bill of agricultural production markets Punjab 1987 | 237 |
| • Urgent amended bill of local govt Punjab dated 1987 | 218 |
| **BUSHRA REHMAN, MRS** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Details about controlling over illegal transfers in Social Welfare Department (Question No. 2403*) | 595 |
| **C** | |
| **RIAZ AMIR, CH, ALIAS ABDUL HAQ BHATTI (PP-45 – SARGODHA)** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| Provision of clean drinking water via pipeline in rural areas (Question No. 2272*) | 548 |
| **D** | |
| **DILDAR AHMED CHEEMA, SARDAR (PP-73 – FAISALABAD)** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| • Approval of private housing schemes (Question No. 2166*) | 545 |
| **DISCUSSIONS** | |
| **DISCUSSIONS ON LAW & ORDER SITUATION** | |
| • Muhammad Ishaque, Mian | 399 |
| **DISCUSSIONS ON ADJOURNMENT MOTION RELATED TO THE BOMB BLAST IN THE MEETING OF JAMIAT ULEMA AHL HADITH** | |
| • Phool Muhammad Khan, Rana | 412 |
| • Riaz Hashmat Janjua, Mian | 414 |

| | |
|---|---|
| • Muhammad Afzal Hayat, Mian | 416 |
| • Irshad Ali Choudhary, Mr. | 418 |
| • Fazal Hussain Rahi, Mr. | 420 |
| • Ghulam Haider Wyne, Mr | 432 |
| • Mahmood Ahmed, Mian | 437 |
| • Manzoor Ahmed Chinioti, Maulana | 437 |
| • Sardar Khan, Haji | 441 |
| • Muhammad Rafiq, Mr. | 442 |
| | |
| **E** | |
| **EXTENSION** | |
| • Extension in the deadline of the submission of reports of standing committee for privilege | 202 |
| • Extension in the time limit for the submission of reports of public accounts committee | 205 |
| • Extension of the deadline for submission of special standing committee report | 397 |
| • Extension of the deadline for submission of report of the standing committee finance | 398 |
| | |
| **F** | |
| **FARHAT KHAWAJA RAFIQUE, BEGUM (PP-106 – LAHORE)** | |
| **QUESTIONS regarding**<br>• Cleaning of drain flowing in surroundings of Lahore (Question No. 517*) | 448 |
| • Construction of car parking stand at Shahalam market Lahore (Question No.1728*) | 306 |
| • Construction of marriage hall in old city Lahore (Question No.1727*) | 305 |
| • Provision of free of cost land for Masjid in housing schemes (Question No. 1332*) | 485 |
| | |
| **FATEHA** | |
| • Father of Mian Mumtaz Ahmed Matiyana | 2 |
| • Father of Rana Shamim Ahmed | 2 |
| • Mother of Mr. Ghulam Rabbani Khar | 2 |
| • Mother of Syed Iftikhar Ahmed | 2 |
| | |
| **FATEH MUHAMMAD KHAN BUZDAR, SARDAR (PP-186 – DEAR GHAZI KHAN)** | |
| **PRIVILEGES MOTIONS regarding** | |
| • Demand of dissolution and reconstitution of standing committees in provincial assembly of Punjab | 99 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Demand for increase in salaries of primary school employees in tribal areas (Question No. 1337*) | 93 |
| • Steps taken for maintenance of schools in tribal areas of DG Khan (Question No. 1335*) | 93 |

| | |
|---|---|
| **Fazal Haq, Mian (PP-100 – Lahore)** | |
| **QUESTION regarding** | |
| • Laying of pipeline for drinking water in Madni street Ghani colony Lahore (Question No. 1996*) | 510 |
| • Steps taken for installing extra tube wells in Gulshan e Ravi (Question No. 1997*) | 511 |
| **Fazal Hussain Rahi, Mr (PP-70 – Faisalabad)** | |
| **ADJOURNMENT MOTION regarding** | |
| • Increase in prices of yarn | 352 |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 420 |
| **QUESTION regarding** | |
| • Expulsion of students from Punjab University and affiliated educational institutions (Question No. 1430*) | 96 |
| **RESOLUTION regarding** | |
| • Non-issuance orders for extension of all the province | 258 |
| | |
| **G** | |
| **GHULAM ABBAS, SARDAR (PP-12 – JHELUM)** | |
| **ADJOURNMENT MOTION regarding** | |
| • Remarks of Peer Pagarra regarding public of Punjab | 131 |
| | |
| **Ghulam Ahmed Khan, Ch. (PP-151 – Sialkot)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Maintenance of building of middle and high school in district Sialkot (1182*) | 68 |
| • Prevention of accidents due to speed breakers (Question No.792*) | 271 |
| • Quota of members assembly in issuance of primary schools (1183*) | 73 |
| | |
| **GHULAM HAIDER THIND, MALIK (PP-199 – LAYYAH)** | |
| **PRIVILEGE MOTIONS regarding** | |
| • Payment of substantial amount from Zakat fund against rules and regulations | 376 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Reasons for delay in investigation of embezzlement, irregularities and corruption in Layyah Municipal committee (Question No.1900*) | 324 |
| • Reasons for delay in inquiry on special audit of district Council Layyah (Question No.1901*) | 325 |
| | |
| **GHULAM HAIDER WYNE, MR (PP-161 – KHANEWAL) — INDUSTRIES & MINERAL DEVELOPMENT, PLANNING AND DEVELOPMENT AND EDUCATION** | |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 432 |
| | |
| **GHULAM RASUL, CH (PP-33 – GUJRAT)** | |
| **PRIVILEGE MOTIONS regarding** | |

| | |
|---|---|
| Not implementing on recruitment on scale 7 to 15 on recommendations of Members of Assembly | 653 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Appointment of teachers under special development program (Masjid Scheme) (Question No. 1316*) | 91 |
| • Quota for disabled persons in Govt. jobs (Question No. 1313*) | 89 |
| | |
| **GHULAM SARWAR KHAN, MR (PP-5 – RAWALPINDI)** | |
| **QUESTION regarding** | |
| • Calculation of the amount of the Swedish Paper Fund (Question No. 1209*) | 84 |
| • Ownership rights of allottees in wahdat colony Taxila housing scheme (Question No. 1883*) | 505 |
| • Transfer of Ice factory from sham nagar Lahore (Question No.1977) | 329 |
| | |
| **GUL NAWAZ KHAN WARRAICH, CH (PP-26 – GUJRAT)** | |
| **EXTENSION** | |
| • Time limit for the submission of reports of public accounts committee | 205 |
| | |
| **I** | |
| **IKRAM-UL-HAQ, CH. (PP-212 – OKARA)** | |
| **ADJOURNMENT MOTION regarding** | |
| • Presenting the report of standing committee on Law & Parliamentary Affairs | 355 |
| | |
| **IRSHAD ALI CHOUDHARY, MR. (PP-214 – OKARA)** | |
| **BILLS** | |
| • Urgent amended bill of agricultural production markets Punjab 1987 | 237 |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 418 |
| **J** | |
| **JAMSHED ABBAS THEEM, HAJI** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| Construction of roof on drain beside Bund road Lahore (Question No. 1951*) | 507 |
| **K** | |
| **KHADIM HUSSAIN, CH. (PP-18 – JHELUM)** | |
| **BILLS** | |
| • Amended bill of industrial development board Punjab dated 1987 | 216 |
| | |
| **KHALIQUE ULLAH KHAN, RAJA (PP-129 – GUJRANWALA), LAW & PARLIAMENTARY AFFAIRS** | |
| **EXTENSION** | |
| • Time limit for submission of special standing committee report | 397 |
| **BILLS** | |
| • The Punjab Provincial Assembly (Salaries, Allowances and Privileges of Members) (Amendment) Bill 1987 | 46 |
| **PRIVILEGE MOTIONS regarding-** | |
| • Delay in laying of report of Special Committee about conditions of service of former CSP officers | 559 |

| | |
|---|---|
| • Delay in laying of Report of strategic principals of Provincial Assembly of Punjab | 554 |
| **KHUDA BAKHSH KHAN TIWANA, MALIK (PP-39 – KHUSHAB) — AUQAF, LOCAL GOVERNMENT AND RURAL DEVELOPMENT** | |
| • Action against chairman district council Gujranwala (Question No.1588) | 292 |
| • Action against corruption of chairman Union Council 43 Tehsil Faisalabad (Question No.1664*) | 297 |
| • Action against union councils for conducting illegal cattle markets (Question No.1943*) | 327 |
| • Addressing irregularities in export tax (Question No.1826*) | 319 |
| • Appointment of officials from grades 11 to 18 of the local council service to the same seat for more than three years (Question No.1638*) | 294 |
| • Cleanliness management in Tauheed Pak Gulshan Ravi (Question No.1971) | 328 |
| • Closure of steel Re-rolling mills Baghbanpura (Question No. 1297*) | 289 |
| • Confirmation of central employees of municipal corporation (Question No.1635*) | 293 |
| • Construction of car parking stand at Shahalam market Lahore (Question No.1728*) | 306 |
| • Construction of marriage hall in old city Lahore (Question No.1727*) | 305 |
| • Construction of paved roads to union council offices (Question No.1946*) | 328 |
| • Elections of Town committees, Municipal committees and Municipal corporation (Question No.1759*) | 308 |
| • Illegal approval of the annual budget of Municipal Corporation Multan (Question No.1760*) | 310 |
| • Improper arrangement of seats for the members of the assembly in horse and cattle show Lahore | 369 |
| • Investigation in to unfair distribution of funds for development projects of Multan District (Question No.1798*) | 315 |
| • Investigation of fraud in Dungabonga Town Committee's Revenue Tax (Question No.1895*) | 321 |
| • Investigation of irregularities in Revenue Taxes (Question No.1832*) | 320 |
| • Investigation of substandard construction of Rasool Nagar road Gujranwala (Question No.1818) | 317 |
| • Investigation of substandard construction of road between Jam K Chattha and Pindwan Kalan (Question No.1819) | 318 |
| • Lack of Basic facilities in Faisalabad city (1705*) | 304 |
| • Prevention of accidents due to speed breakers (Question No.792*) | 271 |
| • Reasons for delay in inquiry on special audit of district Council Layyah (Question No.1901*) | 325 |
| • Reasons for delay in investigation of embezzlement, irregularities and corruption in Layyah Municipal committee (Question No.1900*) | 324 |
| • Recovery of double tax on Honda motorcycles (Question No.1188*) | 276 |
| • Recovery of embezzled funds from Dongabonga Town Committee (Question No.1896*) | 323 |
| • Recovery of excise tax on Yamaha motorcycle (Question No.1189*) | 282 |
| • Road construction under matching grant scheme (Question No.1259*) | 288 |
| • Steps to complete construction of children's park (Question No. 823*) | 274 |
| • Steps to eliminate filth depots (Question. No.1702) | 302 |

| | |
|---|---|
| • Steps to increase the width of link roads (Question No.1493*) | 290 |
| • Steps to repair rest house Chakri building (Question No.1769*) | 314 |
| • Supply of street lights in Shadman (Question No.1918*) | 326 |
| • Transfer of Ice factory from sham nagar Lahore (Question No.1977) | 329 |
| • Use of discarded medicines (Question No.801*) | 273 |
| | |
| **L** | |
| **LEAVE OF ABSENCE** | 118 |
| • Abdul Majeed, Mian | 367 |
| • Ahmed Saeed Khan, Rai | 365 |
| • Ahmed Yar Warran Zaildar, Malik | 367 |
| • Ejaz Ahmed, Shaikh | 119,651 |
| • Ghulam Ahmed, Mr. | 368 |
| • Ghulam Haider Thind, Malik | 649 |
| • Ghulam Qasim Khan Bosan | 650 |
| • Iftikhar ul Hassan Syed | 650 |
| • Irshad Ali, Choudhary, Mr. | 119 |
| • Jamshed Abbas Theem, Haji | 364 |
| • Khursheed Baghum, Mrs. | 120 |
| • Muhammad akram, Mr. | 364 |
| • Muhammad Azeem Shah Syed Bukhari | 118 |
| • Muhammad Khan Jaspal, Ch. | 366 |
| • Muhammad Saleem Mehr, Mr. | 367 |
| • Muhammad Yameen, Col | 121 |
| • Muhammad Zargham Khan Khaqwani, Mr. | 365 |
| • Mukhtar Ahmed, Malik | 364 |
| • Mumtaz Ahmed Khan Bhachher, Malik | 119 |
| • Naseer Ahmed Lt, Col Retired | 123 |
| • Nazeer Ahmed, Mr | 651 |
| • Parvez Elahi, Ch | 650 |
| • Rab Nawaz Khan, Rai | 649 |
| • Sarfaraz Nawaz, Mr. | 366 |
| • Sarfaraz Nawaz, Mr. | 368 |
| • Shakeel Asgher, Shaikh | 121 |
| • Shamim Ahmed, Rana | 365 |
| • Tahir Ahmed Shah, Syed | 120 |
| • Usman Ibrahim, Mr. | 123 |
| • Victor Samuel, Maj (Retd) | 365 |
| | |
| **M** | |
| **MAHMOOD AHMED, MIAN (PP-94 – LAHORE)** | |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 437 |
| **EXTENSION** | |
| • Time limit for the submission of reports of standing committee for privilege | 202 |
| **PRIVILEGE MOTIONS regarding** | |
| • Delay in laying of Report of strategic principals of Provincial Assembly of Punjab | 16 |
| • Delay in Presentation of reports regarding privileges committees | 201 |

| | |
|---|---|
| • Prevention of accidents due to speed breakers (Question No.792*) | 270 |
| • Use of discarded medicines (Question No.801*) | 273 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Construction of Inter College Ravi road (Question No. 969*) | 57 |
| • Construction of road from Ghani colony to Shera kot Bund road Lahore (Question No. 1202*) | 472 |
| • Provision of alternative land for residents of Usman Park (Question No. 1273*) | 484 |
| | |
| **MANZOOR AHMED CHINIOTI, MAULANA (PP-57 – JHANG)** | |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 437 |
| **PRIVILEGE MOTION regarding** | |
| • Constitution of control of Islamic institution by Israeel | 155 |
| • Matter regarding disputes of Karachi | 128 |
| • Rejection of question No. 1885 | 664 |
| • Teachers express their concern over revival of Christian institutions | 126 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Issuance of notices under old age benefit scheme (Question no 988) | 58 |
| • Notification of degree holder students of industrial arts course (Question No. 989*) | 61 |
| | |
| **MANZOOR AHMED, CH. (PP-78 – FAISALABAD)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Construction of Buddhay chak middle school (Question No. 1183*) | 83 |
| **MARATAB ALI KHAN, RAO (PP-227 – BAHAWALNAGAR)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| Investigation of fraud in Dungabonga Town Committee's Revenue Tax (Question No.1895*) | 321 |
| • Recovery of embezzled funds from Dongabonga Town Committee (Question No.1896*) | 323 |
| • Steps taken for upgradation of girls' primary school Chak No 45 DNB/ Tehsil Bhawalpur (Question No. 1288*) | 88 |
| | |
| **MUHAMMAD ABDULLAH VIRK, CH. (PP-135 – GUJRANWALA)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Road construction under matching grant scheme (Question No.1259*) | 288 |
| | |
| **MIAN MUHAMMAD AFZAL HAYAT, (PP-31 – GUJRAT) (LEADER OF OPPOSITION FROM OCT 4, 1986 TO MAY 30, 1988)** | |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 416 |
| | |
| **MUHAMMAD ARSHAD KHAN LODHI, MR. (PP-204 – SAHIWAL) — COLONIES, REVENUE AND RELIEF, CONSOLIDATION, LIVE STOCK AND DAIRY DEVELOPMENT** | |
| **ADJOURNMENT MOTIONS regarding** | |
| • Sense of deprivation among the farmers of Jhang District | 390 |

| | |
|---|---|
| | |
| **MUHAMMAD ASGHAR CHAUDHRY, HAJI (PP-29 – GUJRAT)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Appointment of officials from grades 11 to 18 of the local council service to the same seat for more than three years (Question No.1638*) | 294 |
| • Construction of High school building in Panjan Kasana (Question No. 1406*) | 94 |
| • Launch of middle school in Union Council Bernali (Question No. 1428*) | 95 |
| | |
| **MUHAMMAD ASLAM, CH. (PP-6 – RAWALPINDI)** | |
| **BILLS** | |
| • Amended bill of industrial development board Punjab dated 1986 | 212 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Steps to repair rest house Chakri building (Question No.1769*) | 314 |
| | |
| **MUHAMMAD AZAM CHEEMA, CH** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| • Details about ranks of officers in Prosecution Branch (Question No. 444*) | 644 |
| **MUHAMMAD BOOTA, HAJI (PP-167 – MULTAN)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Investigation in to unfair distribution of funds for development projects of Multan District (Question No.1798*) | 315 |
| • Investigation of contracts in Planning Institute Multan (Question No. 1395*) | 486 |
| • Investigation of irregularities in Revenue Taxes (Question No.1832*) | 320 |
| | |
| **MUHAMMAD IQBAL KHOKHAR, CH (PP-149 – SIALKOT)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Maintenance of Govt high school Multan Road (Questions no.1137*) | 64 |
| | |
| **MUHAMMAD ISHAQUE, MIAN (PP-97 – LAHORE)** | |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Law & Order situation | 399 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Regularization of employment of Ad hoc lecturers (Question No. 1217*) | 85 |
| • Steps taken for provision of alternative land to owners of Tajpura housing scheme (Question No. 1650* and 1651*) | 488,490 |
| | |
| **MUHAMMAD JAVED IQBAL, MR (PP-42 – SARGODHA)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Correspondence in grade wise posts in colleges and appointments to vacant posts (Question No. 1186*) | 81 |
| • Permission of departmental exams for untrained teachers (1184*) | 80 |
| • Recovery of double tax on Honda motorcycles (Question No.1188*) | 276 |
| • Recovery of excise tax on Yamaha motorcycle (Question No.1189*) | 282 |
| | |

| | |
|---|---|
| **MUHAMMAD KHAN JASPAL, CH. (PP-48 – SARGODHA)** | |
| **PRIVILEGE MOTION regarding** | |
| • Ignoring the proceedings of provincial Assembly of the Punjab on television | 340 |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| • Delay in issuance of water supply scheme in Phularwan (Question No. 1774*) | 504 |
| • Steps taken for betterment in provision of clean drinking water (Question No. 2213*) | 546 |
| **MUHAMMAD RAFIQ, MR. (PP-89 – TOBA TEK SINGH)** | |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 442 |
| | |
| **MUKHTAR AHMED, MALIK (PP-37 – KHUSHAB)** | |
| **QUESTION regarding** | |
| • Benefits for employees of provincialized schools (Question No.1268*) | 86 |
| • Steps taken for completion of water supply scheme in Mouza Kand district Khushab (Question No. 2288*) | 550 |
| • Steps taken for planning of water supply scheme in mouza Dhaka district Khushab (Question No. 2289*) | 550 |
| **MUKHTAR AHMED, MR. (PP-116 – KASUR)** | |
| **BILLS** | |
| • Amended bill of canal and water drainage system 1987 | 223 |
| • Urgent amended bill of local govt Punjab dated 1987 | 218 |
| • | |
| **MUKHTAR AHMED SHEIKH, MIAN (PP-170 – MULTAN)** | |
| **ADJOURNMENT MOTIONS regarding** | |
| • Merit of admission for girls in medical colleges | 30 |
| **PRIVILEGE MOTION regarding** | |
| • Delay of report regarding the execution principles of policy matters | 160 |
| **QUESTION regarding** | |
| • Allotment of residential plots in Johar town Lahore (Question No. 1149*) | 451 |
| • Details about Planning of development schemes made by Planning Institute Multan(Question No. 1233*) | 471 |
| • Elections of Town committees, Municipal committees and Municipal corporation (Question No.1759*) | 308 |
| • Illegal approval of the annual budget of Municipal Corporation Multan (Question No.1760*) | 310 |
| **RESOLUTION regarding** | |
| • Advice of member provincial assembly in demarcation of rural and citizen areas | 250 |
| **MUMTAZ AHMED KHAN BHACHER, MALIK** | |
| **QUESTION regarding** | |
| • Difference in price of floor in urban and rural areas (Question No. 748*) | 607 |
| • Subsidy on Floor (Question No. 749*) | 608 |
| **MUMTAZ HUSSAIN, CH. (EDUCATION/FINANCE MINISTER) (PP-20–SAHIWAL)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |

| | |
|---|---|
| • Appointment against the post of Bs15 in central library Bahawalpur (Question No. 687*) | 51 |
| • Appointment of subject specialist teachers of national cadre (Question No. 876*) | 54 |
| • Appointment of teachers under special development program (Masjid Scheme) (Question No. 1316*) | 91 |
| • Arrangements for integrating various cadres of school teachers (Question No. 1191*) | 82 |
| • Benefits for employees of provincialized schools (Question No.1268*) | 86 |
| • Calculation of the amount of the Swedish Paper Fund (Question No. 12098*) | 84 |
| • Construction of Buddhay chak middle school (Question No. 1183*) | 83 |
| • Construction of High school building in Panjan Kasana (Question No. 1406*) | 94 |
| • Construction of primary school building (Question No. 1295*) | 88 |
| • Correspondence in grade wise posts in colleges and appointments to vacant posts (Question No. 1186*) | 81 |
| • Delay in appointments of Headmasters and Headmistress (Question No. 875*) | 53 |
| • Demand for increase in salaries of primary school employees in tribal areas (Question No. 1337*) | 93 |
| • Establishment of girls college in soon valley district khushab (Question No. 1160*) | 66 |
| • Establishment of middle school in Union Council Bernali (Question No. 1428*) | 95 |
| • Expulsion of students from Punjab University and affiliated educational institutions (Question No. 1430*) | 96 |
| • Issuance of notices under Old Age Benefit Scheme (Question No. 988*) | 58 |
| • Maintenance of building of middle and high school district Sialkot (1182*) | 68 |
| • Maintenance of Govt high school Multan Road (Questions no.1137*) | 64 |
| • Notification of degree holder students of industrial arts course (Question No. 989*) | 61 |
| • Permission of departmental exams for untrained teachers (1184*) | 80 |
| • Quota for disabled persons in Govt. jobs (Question No. 1313*) | 89 |
| • Quota of members assembly in issuance of primary schools (1183*) | 73 |
| • Regularization of employment of Ad hoc lecturers (Question No. 1217*) | 85 |
| • Specification of seats in technical colleges for students of rural areas (Question No. 1163*) | 67 |
| • Steps taken for encouragement of supports in small cities (Question No. 666*) | 50 |
| • Steps taken for maintenance of schools in tribal areas of DG Khan (Question No. 1335*) | 93 |
| • Steps taken for upgradation of girls' primary school Chak No 45 DNB/ Tehsil Bhawalpur (Question No. 1288*) | 88 |
| • Vacation of building of hostel of Government Comprehensive School (Question No. 963*) | 55 |
| | |
| | |
| | |

| | |
|---|---|
| • | |
| • | |
| **MUSHTAQ HUSSAIN, CH** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Conducting of Assembly session in Murree (Question No. 1053*) | 647 |
| **N** | |
| **NAJMA TABISH ALWARI, MRS. (WOMEN SEAT)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Appointment for the post of BS-15 in central library Bahawalpur (Question No. 687*) | 51 |
| • Vacation of building of hostel of Government Comprehensive School (Question No. 963*) | 55 |
| | |
| **NASRULLAH KHAN DRESHAK, SARDAR, M.A., LL.B. (PP-189 – RAJANPUR)** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| • Allotment of plots in residential schemes of FDA (Question No. 2000*) | 512 |
| • Allotment of plots in residential schemes of MDA (Question No. 2001*) | 527 |
| • Details about recruitment in food department by the orders of Chief Minister (Question No. 2013*) | 614 |
| • Details about recruitment in social welfare department by the orders of Chief Minister (Question No. 2012*) | 592 |
| • | |
| **NAZIR AHMED, ADVOCATE, CH. (PP-183 – VEHARI)** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| • Arrangements for integrating various cadres of school teachers (Question No. 1191*) | 82 |
| | |
| **P** | |
| **PANEL OF CHAIRMAN** | |
| • 19th March, 1987 | 2 |
| | |
| **PETER GILL, MR. (PP-NM)** | |
| **EXTENSION** | |
| • Time limit for submission of report of the standing committee finance | 398 |
| | |
| **PHOOL MUHAMMAD KHAN, RANA (PP-114 – KASUR)** | |
| **ADJOURNMENT MOTIONS regarding** | |
| • Bomb blast in program of jamiat ahl e hadiath | 176 |
| • Delay in submission of report regarding the execution principles of policy matters | 160 |
| **BILLS** | |
| • Amended bill for acquisition of land dated 1987 | 235 |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 412 |
| **RESOLUTION regarding** | |

| | |
|---|---|
| • Free supply of material to the farmers for the construction of concrete drains by the govt | 238 |
| | |
| **PRIVILEGE MOTIONS regarding** | |
| • Constitution of control of Islamic institution by Israel | 155 |
| • Debates upon reports of standing committee for privileges | 207 |
| • Delay in laying of report of Special Committee about conditions of service of former CSP officers | 559 |
| • Delay in laying of Report of strategic principals of Provincial Assembly of Punjab | 16,552 |
| • Delay of report regarding the execution principles of policy matters | 160 |
| • Demand of dissolution and reconstitution of standing committees in provincial assembly of Punjab | 99 |
| • Governor has tried to cast doubt on the status and competence of the Punjab Assembly by calling a meeting of intellectuals | 331 |
| • Ignoring the proceedings of provincial Assembly of the Punjab on television | 340 |
| • Improper arrangement of seats for the members of the assembly in horse and cattle show Lahore | 369 |
| • Not implementing on recruitment on scale 7 to 15 on recommendations of Members of Assembly | 653 |
| • Payment of substantial amount from Zakat fund against rules and regulations | 376 |
| • Presentation of reports regarding privileges committees | 201 |
| • Provision of wrong answer of a starred question | 660 |
| • Reconstitution of all standing committees | 103 |
| • Rejection of question No. 1885 | 664 |
| • Violation of govt directions in recruitment on class four by DEO Women Okara | 655 |
| | |
| | |
| **Q** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| **EDUCATION DEPARTMENT** | |
| • Appointment for the post of Bs15 in central library Bahawalpur (Question No. 687*) | 51 |
| • Appointment of subject specialist teachers of national cadre (Question No. 876*) | 54 |
| • Appointment of teachers under special development program (Masjid Scheme) (Question No. 1316*) | 91 |
| • Arrangements for integrating various cadres of school teachers (Question No. 1191*) | 82 |
| • Benefits for employees of provincialized schools (Question No.1268*) | 86 |
| • Calculation of the amount of the Swedish Paper Fund (Question No. 12098*) | 84 |
| • Confirmation of employment of Ad hoc lecturers (Question No. 1217*) | 85 |
| • Construction of Buddhay chak middle school (Question No. 1183*) | 83 |
| • Construction of High school building in Panjan Kasana (Question No. 1406*) | 94 |
| • Construction of primary school building (Question No. 1295*) | 88 |

| | |
|---|---|
| • Correspondence in grade wise posts in colleges and appointments to vacant posts (Question No. 1186*) | 81 |
| • Delay in appointments of Headmasters and Headmistress (Question No. 875*) | 53 |
| • Demand for increase in salaries of primary school employees in tribal areas (Question No. 1337*) | 93 |
| • Establishment of girls college in soon valley district khushab (Question No. 1160*) | 66 |
| • Expulsion of students from Punjab University and affiliated educational institutions (Question No. 1430*) | 96 |
| • Issuance of notices under Old Age Benefit Scheme (Question No. 988*) | 58 |
| • Launch of middle school in Union Council Bernali (Question No. 1428*) | 95 |
| • Maintenance of building of middle and high school district Sialkot (1182*) | 68 |
| • Maintenance of Govt high school Multan Road (Questions no.1137*) | 64 |
| • Notification of degree holder students of industrial arts course (Question No. 989*) | 61 |
| • Permission of departmental exams for untrained teachers (1184*) | 80 |
| • Quota for disabled persons in Govt. jobs (Question No. 1313*) | 89 |
| • Quota of members assembly in issuance of primary schools (1183*) | 73 |
| • Specification of seats in technical colleges for students of rural areas (Question No. 1163*) | 67 |
| • Steps taken for encouragement of supports in small cities (Question No. 666*) | 50 |
| • Steps taken for maintenance of schools in tribal areas of DG Khan (Question No. 1335*) | 93 |
| • Steps taken for upgradation of girls' primary school Chak No 45 DNB/ Tehsil Bhawalpur (Question No. 1288*) | 88 |
| • Vacation of building of hostel of Government Comprehensive School (Question No. 963*) | 55 |
| | |
| • | |
| **EXCISE AND TAXATION** | |
| Details about pre-mature transfers in Excise and Taxation Department (Question No. 2517*) | 600 |
| **FOOD** | |
| • Details about pre-mature transfers in Food Department (Question No. 2518*) | 636 |
| • Details about recruitment in food department by the orders of Chief Minister (Question No. 2013*) | 614 |
| • Details about food inspectors and supervisors in Food Department (Question No. 2192*) | 615 |
| • Embezzlement of wheat bags in stores of Food department (Question No. 1616*) | 611 |
| • Enquiry against District food controllers about not deducting income tax of contractors (Question No. 1617*) | 613 |
| • Difference in price of floor in urban and rural areas (Question No. 748*) | 607 |
| • Rates of sugar for farmers of sugarcane (Question No. 1247*) | 609 |
| • Subsidy on Floor (Question No. 749*) | 608 |
| **LAW DEPARTMENT** | |
| • Conducting of Assembly session in Murree (Question No. 1053*) | 647 |

| | |
|---|---|
| • Details about ranks of officers in Prosecution Branch (Question No. 444*) | 644 |
| **LOCAL GOVERNMENT DEPARTMENT** | |
| • Action against chairman district council Gujranwala (Question No.1588) | 292 |
| • Action against corruption of chairman Union Council 43 Tehsil Faisalabad (Question No.1664*) | 297 |
| • Action against union councils for conducting illegal cattle markets (Question No.1943*) | 327 |
| • Addressing irregularities in export tax (Question No.1826*) | 319 |
| • Appointment of officials from grades 11 to 18 of the local council service to the same seat for more than three years (Question No.1638*) | 294 |
| • Cleanliness management in Tauheed Pak Gulshan Ravi (Question No.1971) | 328 |
| • Closure of steel Re-rolling mills Baghbanpura (Question No.1297*) | 289 |
| • Confirmation of central employees of municipal corporation (Question No.1635*) | 293 |
| • Construction of car parking stand at Shahalam market Lahore (Question No.1728*) | 306 |
| • Construction of marriage hall in old city Lahore (Question No.1727*) | 305 |
| • Construction of paved roads to union council offices (Question No.1946*) | 328 |
| • Elections of Town committees, Municipal committees and Municipal corporation (Question No.1759*) | 308 |
| • Illegal approval of the annual budget of Municipal Corporation Multan (Question No.1760*) | 310 |
| • Investigation in to unfair distribution of funds for development projects of Multan District (Question No.1798*) | 315 |
| • Investigation of fraud in Dungabonga Town Committee's Revenue Tax (Question No.1895*) | 321 |
| • Investigation of irregularities in Revenue Taxes (Question No.1832*) | 320 |
| • Investigation of substandard construction of Rasool Nagar road Gujranwala (Question No.1818) | 317 |
| • Investigation of substandard construction of road between Jam K Chattha and Pindwan Kalan (Question No.1819) | 318 |
| • Lack of Basic facilities in Faisalabad city (1705*) | 304 |
| • Prevention of accidents due to speed breakers (Question No.792*) | 270 |
| • Reasons for delay in inquiry on special audit of district Council Layyah (Question No.1901*) | 325 |
| • Reasons for delay in investigation of embezzlement, irregularities and corruption in Layyah Municipal committee (Question No.1900*) | 324 |
| • Recovery of double tax on Honda motorcycles (Question No.1188*) | 276 |
| • Recovery of embezzled funds from Dongabonga Town Committee (Question No.1896*) | 323 |
| • Recovery of excise tax on Yamaha motorcycle (Question No.1189*) | 282 |
| • Road construction under matching grant scheme (Question No.1259*) | 288 |
| • Steps to complete construction of children's park (Question No.823*) | 274 |
| • Steps to eliminate filth depots (Question. No.1702) | 302 |
| • Steps to increase the width of link roads (Question No.1493*) | 290 |
| • Steps to repair rest house Chakri building (Question No.1769*) | 314 |
| • Supply of street lights in Shadman (Question No.1918*) | 326 |
| • Transfer of Ice factory from sham nagar Lahore (Question No.1977) | 329 |

| | |
|---|---|
| • Use of discarded medicines (Question No.801*) | 273 |
| **PLANNING AND DEVELOPMENT** | |
| • Allotment of plots by Chief Minister in housing schemes of Lahore (Question No. 2139*) | 537 |
| • Allotment of plots by Chief Minister in housing schemes of Multan (Question No. 2140*) | 538 |
| • Allotment of plots in residential schemes (Question No. 1994) | 509 |
| • Allotment of plots in residential schemes of FDA (Question No. 2000*) | 512 |
| • Allotment of plots in residential schemes of MDA (Question No. 2001*) | 527 |
| • Allotment of residential plots in Johar town Lahore (Question No. 1149*)<br>• Allotment of plots in housing schemes (Question No. 1994*)<br>• Approval of private housing schemes (Question No. 2166*)<br>• Cleaning of drain flowing in surroundings of Lahore (Question No. 517*)<br>• | 451<br>448 |
| • Construction of road from Ghani colony to Shera kot Bund road Lahore (Question No. 1202*) | 472 |
| • Construction of roof on drain beside Bund road Lahore (Question No. 1951*) | 507 |
| • Construction of sports complex in park of Allama Iqbal town Lahore (Question No. 2102*) | 537 |
| • Criteria for promotion of Divisional Head Draftsman to Circle Head Draftsman (Question No. 1972*) | 508 |
| • Delay in issuance of water supply scheme in Phularwan (Question No. 1774*) | 504 |
| • Details about covering of drain in Mian Mir (Question No. 1721*) | 479 |
| • Details about Planning of development schemes made by Planning Institute Multan(Question No. 1233*) | 471 |
| • Draining system in villages of PP-162 (Question No. 1948*) | 506 |
| • Installation of street lights in Wahdat colony (Question No. 1630*) | 487 |
| • Investigation of contracts in Planning Institute Multan (Question No. 1395*) | 486 |
| • Laying of pipeline for drinking water in Madni street Ghani colony Lahore (Question No. 1996*) | 510 |
| • Ownership rights of allottees in wahdat colony Taxila housing scheme (Question No. 1883*) | 505 |
| • Provision of alternative land for residents of Usman Park (Question No. 1273*) | 484 |
| • Provision of alternative plot by LDA Lahore (Question No. 1679*) | 498 |
| • Provision of free of cost land for Masjid in housing schemes (Question No. 1332*) | 485 |
| • Provision of clean drinking water in PP-71, Faisalabad (Question No. 1704*) | 502 |
| • Provision of clean drinking water via pipeline in rural areas (Question No. 2272*) | 548 |
| • Provision of sewerage pipeline in PP-71, Faisalabad (Question No. 1703*) | 500 |
| • Steps taken for completion of water supply scheme in Mouza Kand district Khushab (Question No. 2288*) | 550 |
| • Steps taken for betterment in provision of clean drinking water (Question No. 2213*) | 546 |

| | |
|---|---|
| • Steps taken for installing extra tube wells in Gulshan e Ravi (Question No. 1997*) | 511 |
| • Steps taken for laying of water pipeline in Tajpura (Question No. 2242*) | 547 |
| • Steps taken for planning of water supply scheme in mouza Dhaka district Khushab (Question No. 2289*) | 550 |
| • Steps taken for provision of alternative land to owners of Tajpura housing scheme (Question No. 1650* and 1651*) | 488,490 |
| **SERVICES AND GENERAL ADMINISTRATION DEPARTMENTS** | |
| • | |
| • Illegal occupation in chuburgi quarter (Question No. 351) | 146 |
| **SOCIAL WELFARE** | |
| • Details about controlling over illegal transfers in Social Welfare Department (Question No. 2403*) | 595 |
| • | |
| • Details about recruitment in social welfare department by the orders of Chief Minister (Question No. 2012*) | 592 |
| • Details about social welfare centers in division Faisalabad (Question No. 2169*) | 593 |
| **R** | |
| **RECITATION** | |
| • 19th March, 1987 | 1 |
| • 22nd March, 1987 | 49 |
| • 24th March, 1987 | 141 |
| • 25th march 1987 | 269 |
| • 26th March, 1987 | 363 |
| • 29th March, 1987 | 447 |
| • 30th March, 1987 | 591 |
| **RESOLUTIONS regarding (public interest)** | |
| • Advice of member provincial assembly in demarcation of rural and citizen areas | 250 |
| • Allotment in the name of occupier within the municipal limits | 253 |
| • Free supply of material to the farmers for the construction of concrete drains by the govt | 238 |
| • Non-issuance orders for extension of all the province | 258 |
| • Providing better medical facilities to the people | 247 |
| | |
| **RIAZ HASHMAT JANJUA, MIAN (PP-62 – JHANG)** | |
| **ADJOURNMENT MOTIONS regarding** | |
| • Allotment of 1200 kanal land in district Jhang on fake claim with the involvement of Revenue Department | 574 |
| • Betting on dog race on Raiwind road | 678 |
| • Disclosure of middle class paper in Faislabad | 682 |
| • Embezzlement in entertainment duty charged on Lucky Irani Circus | 672 |
| • Ill-treatment of political prisoners | 383 |
| • Problems created due to embankment on border area between Toba Tek Singh and Jhang | 679 |
| • Sense of deprivation among the farmers of Jhang District | 390 |
| **DISCUSSIONS regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 414 |
| **PRIVILEGE MOTION regarding** | |
| • Debates upon reports of standing committee for privileges | 207 |

| | |
|---|---|
| • Delay in laying of report of Special Committee about conditions of service of former CSP officers | 559 |
| • Delay in laying of Report of strategic principals of Provincial Assembly of Punjab | 552 |
| • Governor has tried to cast doubt on the status and competence of the Punjab Assembly by calling a meeting of intellectuals | 331 |
| • Improper arrangement of seats for the members of the assembly in horse and cattle show Lahore | 369 |
| • Provision of wrong answer of a starred question | 660 |
| • Reconstitution of all standing committees | 103 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Action against union councils for conducting illegal cattle markets (Question No.1943*) | 327 |
| • Allotment of plots in residential schemes (Question No. 1994) | 509 |
| • Embezzlement of wheat bags in stores of Food department (Question No. 1616*) | 611 |
| • Enquiry against District food controllers about not deducting income tax of contractors (Question No. 1617*) | 613 |
| • Provision of alternative plot by LDA Lahore (Question No. 1679*) | 498 |
| | |
| **S** | |
| **SAJJAD AHMED CHEEMA, MR (PP-92 – TOBA TEK SINGH)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Allotment of plots by Chief Minister in housing schemes of Lahore (Question No. 2139*) | 537 |
| • Allotment of plots by Chief Minister in housing schemes of Multan (Question No. 2140*) | 538 |
| • Details about food inspectors and supervisors in Food Department (Question No. 2192*) | 615 |
| • Details about social welfare centers in division Faisalabad (Question No. 2169*) | 593 |
| **SARDAR KHAN, HAJI (PP-111 – KASUR)** | |
| **DISCUSSION regarding** | |
| • Adjournment motion related to the bomb blast in the meeting of Jamiat Ulema Ahl Hadith | 441 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Appointment of subject specialist teachers of national cadre (Question No. 876*) | 54 |
| • Delay in appointments of Headmasters and Headmistress (Question No. 875*) | 53 |
| | |
| **SARFARAZ NAWAZ, Mr** | |
| **QUESTIONS regarding-** | |
| • Construction of sports complex in park of Allama Iqbal town Lahore (Question No. 2102*) | 537 |
| • Criteria for promotion of Divisional Head Draftsman to Circle Head Draftsman (Question No. 1972*) | 508 |
| • Details about pre-mature transfers in Excise and Taxation Department (Question No. 2517*) | 600 |
| • Details about pre-mature transfers in Food Department (Question No. 2518*) | 636 |

| | |
|---|---|
| **SHAFQAT ABBAS, MR. (PP-211 – OKARA)** | |
| **PRIVILEGE MOTION regarding** | |
| Violation of govt directions in recruitment on class four by DEO Women Okara | 655 |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Cleanliness management in Tauheed Pak Gulshan Ravi (Question No.1971) | 328 |
| **SHAHAB-UD-DIN OWAISI, MIAN (PP-220 – BAHAWALPUR)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Steps taken for laying of water pipeline in Tajpura (Question No. 2242*) | 547 |
| **SHAHEEN MUNAWWAR AHMED, MRS. (WOMEN SEAT)** | |
| **RESOLUTION regarding** | |
| • Providing better medical facilities to the people | 247 |
| | |
| **SHAHIDA YASMIN MALIK, MRS. (WOMEN SEAT)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Addressing irregularities in export tax (Question No.1826*) | 319 |
| • Establishment of girls’ college in soon valley dist khushab (Question No. 1160*) | 66 |
| • Specification of seats in technical colleges for students of rural areas (Question No. 1163*) | 67 |
| | |
| **SHAUKAT HAYAT CHATTHA, CH. (PP-130 – GUJRANWALA)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Investigation of substandard construction of Rasool Nagar road Gujranwala (Question No.1818) | 317 |
| • Investigation of substandard construction of road between Jam K Chattha and Pindwan Kalan (Question No.1819) | 318 |
| | |
| **SHEELA B CHARLES, DR. (PP-NM)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Confirmation of central employees of municipal corporation (Question No.1635*) | 293 |
| • Supply of street lights in Shadman (Question No.1918*) | 326 |
| | |
| **SIKANDAR HAYAT KHAN BOSAN, MALIK (PP-162–KHANEWAL)** | |
| **QUESTIONS regarding** | |
| • Construction of paved roads to union council offices (Question No.1946*) | 328 |
| • Draining system in villages of PP-162 (Question No. 1948*) | 506 |
| | |
| **SPEAKER, MR.** | |
| • Speech held in the House | 4 |
| | |
| **SPEECH** | |
| • Of Mr. Speaker | 4 |
| | |
| **SUPPLEMENTARY QUESTIONS** | |
| • Prevention of accidents due to speed breakers (Question No.792*) | 271 |
| | |
| **T** | |

| | |
|---|---|
| **TAHIR AHMED SHAH, MR. (PP-71 – FAISALABAD) – DEPUTY OPPOSITION LEADER** | |
| **ADJOURNMENT MOTION regarding** | |
| • Illegal occupation in chuburgi quarter | 146 |
| **QUESTION regarding** | |
| • Lack of Basic facilities in Faisalabad city (Question No.1705*) | 304 |
| • Provision of clean drinking water in PP-71, Faisalabad (Question No. 1704*) | 502 |
| • Provision of sewerage pipeline in PP-71, Faisalabad (Question No. 1703*) | 500 |
| • Rates of sugar for farmers of sugarcane (Question No. 1247*) | 609 |
| • Steps to eliminate filth depots (Question. No.1702) | 302 |
| | |
| **Z** | |
| **ZAFARULLAH CHEEMA, CH. (PP-136 – GUJRANWALA)** | |
| **QUESTION regarding** | |
| • Action against chairman district council Gujranwala (Question No.1588) | 292 |
| | |
| **ZAFARULLAH KHAN, KHAN (PP-95 – LAHORE)** | |
| **QUESTION regarding** | |
| • Closure of steel Re-rolling mills Baghbanpura (Question No.1297*) | 289 |
| • Details about covering of drain in Mian Mir (Question No. 1721*) | 479 |
| • Steps to complete construction of children’s park (Question No.823*) | 274 |

# صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات

جمعرات ۱۹ مارچ ۱۹۸۷ء

(پنجشنبہ ۱۸ رجب ۱۴۰۷ ھ)

جلد ۹ —— شمارہ ۱

## سرکاری رپورٹ

PROVINCIAL ASSEMBLY PUNJAB

## مندرجات

(جمعرات ۱۹ مارچ ۱۹۸۷)

صفحہ نمبر


تلاوت قرآن پاک اور اُس کا اردو ترجمہ ---------- ۱

صدر نشینوں کی جماعت کی تشکیل ---------- ۲

مرحومین کے لیے فاتحہ خوانی ---------- ۲

جناب سپیکر کی تقریر ---------- ۴

مسئلہ استحقاق ---------- ۹

صوبائی اسمبلی پنجاب میں حکمت عملی کے اصولوں کی رپورٹ پیش کرنے میں تاخیر ---------- ۱۶

تحاریک التوائے کار ---------- ۲۹

میڈیکل کالجز میں لڑکیوں کے داخلہ کے لیے میرٹ کا معیار ---------- ۳۰

شیعہ، سنی فسادات اور کراچی میں قتل و غارت گری کے پیچھے ایک جماعت کا ہاتھ ---------- ۴۲

مسودہ قانون ---------- ۴۶

مسودہ قانون (ترمیم) (تنخواہیں، بھتاجات اور استحقاقات برائے اراکین

صوبائی اسمبلی پنجاب) مصدرہ ۱۹۸۷ء ---------- ۴۶

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## صوبائی اسمبلی پنجاب کا نواں اجلاس

جمعرات ۱۹ مارچ ۱۹۸۷ء
(پنجشنبہ ۱۸ رجب ۱۴۰۷ ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر لاہور میں ۹ بجے صبح منعقد ہوا ۔ جناب سپیکر میاں منظور احمد وٹو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے ۔

تلاوت قرآن پاک اور اُس کا اردو ترجمہ قاری علی حسین صدیقی نے پیش کیا ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ ۚ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ ۝

وَاَوْفُوْا بِعَھْدِ اللّٰہِ اِذَا عٰھَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِھَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰہَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلًا ۚ اِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝

وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّۃٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ ؕ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

وَاَوْفُوْا بِالْعَھْدِ ۚ اِنَّ الْعَھْدَ کَانَ مَسْئُوْلًا ۝

(س نحل آیت ۹۰ - ۹۱ - س آل عمران - آیت ۱۰۴ - س بنی اسرائیل آیت ۳۴ -)

بلاشبہ اللہ تم کو انصاف کرنے احسان کرنے اور رشتہ داروں کو مالی مدد دینے کا حکم دیتا ہے اور فحش کاموں اور بُری و نامعقول حرکتوں اور بغاوت و سرکشی سے منع کرتا ہے تم کو ان باتوں کی اس لیے نصیحت کرتا ہے کہ تم یاد رکھو ۔

اور جب تم اللہ کے سامنے عہد کر لو تو اس کو پورا کرو اور جب تاکید کے ساتھ قسمیں کھاؤ تو ان کو مت توڑو ۔ کیونکہ تم اس طرح اللہ کو ضامن مقرر کر چکے ہوتے ہو ۔ اور جو کچھ بھی تم کرتے ہو اللہ اس کو بخوبی جانتا ہے ۔

اور تم میں ایک ایسی جماعت کا ہونا ضروری ہے جو لوگوں کو نیکی و بھلائی کی طرف بلائے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور بُرے کاموں سے منع کرے ۔ یہی وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہوں گے ۔

اور تم اپنے عہد کو پورا کیا کرو بیشک عہد کے بارے میں ضرور باز پرس ہوگی ۔

وما علینا الا البلاغ

# صدر نشینوں کی جماعت کی تشکیل

**سیکرٹری صوبائی اسمبلی** - قواعد انضباط کار کی رو سے اس اجلاس کے لیے جناب سپیکر نے مندرجہ ذیل صدر نشینوں کا انتخاب فرمایا ہے۔

(۱) دیوان عاشق حسین بخاری صاحب -
(۲) مسز شاہین منور احمد صاحبہ -
(۳) سردار شاہد اقبال صاحب -
(۴) رائے احمد سعید صاحب -

# مرحومین کے لیے فاتحہ خوانی

**سید اقبال احمد شاہ** - جناب سپیکر سید افتخار احمد صاحب کی والدہ محترمہ فوت ہو گئی ہیں اور جناب رانا شمیم احمد صاحب کے والد محترم فوت ہو گئے۔ ان کے لیے فاتحہ خوانی کی جائے۔

**وزیر زراعت** - جناب سپیکر میاں ممتاز احمد متیانہ کے والد بزرگوار بھی فوت ہو گئے ہیں ان کے ایصال ثواب کے لیے بھی فاتحہ خوانی کی جائے۔

**میاں محمد افضل حیات** - جناب سپیکر کھر صاحب کی والدہ محترمہ بھی وفات پا گئی ہیں۔ ان کے ایصال ثواب کے لیے بھی فاتحہ خوانی کی جائے۔

**جناب سپیکر** - قائد حزب اختلاف میاں افضل حیات صاحب کی طرف سے یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ جناب غلام ربانی کھر صاحب کی والدہ محترمہ کی وفات پر بھی ایوان میں فاتحہ خوانی کی جائے۔ کیا اس بارے میں آپ اتفاق کرتے ہیں - ؟

**آوازیں** - ٹھیک ہے۔

(اس مرحلے پر فاتحہ خوانی کی گئی)

**سردار نصراللہ خاں دریشک** - جناب والا اگر اجازت ہو تو میں بھی کچھ گذارش کروں۔

**جناب سپیکر** - سردار صاحب میں چند الفاظ میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے بعد آپ فرمائیے گا۔

**سردار نصراللہ خاں دریشک** - ٹھیک ہے

**چوہدری گل نواز خاں وڑائچ** - جناب سپیکر مجھے معلوم نہیں کہ یہ بات آپ کے دائرہ اختیار میں ہے یا نہیں۔ یہ طریقہ کار وضع کیا گیا ہے کہ شاف کار اسمبلی کے گیٹ تک آ سکتی ہے۔ اور دوسری گاڑیاں نہیں آ سکتیں۔ میرے خیال میں وہ انگریز کا وقت تھا کہ جب ایک کلب میں ایک انگریز جا سکتا تھا اور دوسرا نہیں جا سکتا تھا۔ اس لیے اس فرق کو ختم کیا جائے۔

**جناب سپیکر** - میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ انتظام ہماری طرف سے نہیں بلکہ ٹریفک پولیس کی طرف سے ہوا ہے۔ لیکن ہم اس کا نوٹس لے رہے ہیں۔ آپ نے بجا فرمایا ہے۔

**بیگم شاہین منور احمد** - جناب سپیکر میں آپ کے توسط سے یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ شاف کاروں پر جھنڈے لگے ہوئے ہیں۔ ان کے پاس ڈرائیورز کو ڈیوٹی پر ہونا چاہئیے ٹریفک پولیس والے جو ٹریفک کنٹرول کر رہے ہیں ان کے پاس وائرلیس سیٹ بھی موجود ہیں یہ ان کو اطلاع کر سکتے ہیں اور ان لوگوں کے پاس آفس بھی موجود ہیں۔ یہ اپنے ڈرائیوروں کو بلا سکتے ہیں کہ ہم آ رہے ہیں اور آپ ہماری گاڑی لے آئیں۔ لیکن ہم لوگوں کے لیے دشواری ہے کہ ہم یہاں کار پارک کر سکتے ہیں وہاں پارک نہیں کر سکتے آج کا ایک واقعہ میں آپ کی خدمت میں پیش کرتی ہوں جو خاتون ہمارے ساتھ یہاں گیلری میں بیٹھی ہیں یہ world wild life کی طرف سے آئی ہیں اور آپ کی مہمان ہیں اور آپ نے ان کے لیے انتظام کیا ہوا تھا۔ لیکن اس کے باوجود ٹریفک پولیس نے ہمیں روکا۔ نہ ان کو اندر آنے دیتے تھے اور نہ ہی ان کو کار پارک میں جانے دیتے تھے۔ میں نے ڈاکٹر سردار صاحب سے کہہ دیا ہے کہ جب سے ان کے پاس ٹریفک

کا محکمہ آیا ہے استلام بڑا اچھا ہوا ۔ لیکن ہمارے لیے ہی نہیں بلکہ عام لوگوں کے لیے بھی اچھا ہونا چاہیئے اور یہ تو صرف وزیروں کے لیے اچھا لگتا ہے ۔

**وزیر اوقاف** ۔ جناب سپیکر یہ بات درست ہے جب ہمارے ساتھیوں کو رد کا جاتا ہے تو ہمیں آگے آتے ہوئے شرم محسوس ہوتی ہے یہ چیز نہیں ہونی چاہیئے ۔

**جناب سپیکر** ۔ اس کا ہم تدارک کر دیتے ہیں اور وزیر ٹرانسپورٹ بھی شاید یہی کہنا چاہتے ہیں ۔

**وزیر ٹرانسپورٹ** ۔ جی ۔ ہاں میں بھی یہی کہنا چاہتا تھا ۔

# جناب سپیکر کی تقریر

**جناب سپیکر** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ معزز خواتین حضرات! موسم بہار کے اس اجلاس میں جبکہ موسم بہار کی ساری رنگینیاں اور دلفریبیاں موجود ہیں اور برسات نے اس میں شامل ہو کر دو آتشہ کا کام کر دیا ہے ۔ اس خوبصورت اور پرکیف ماحول میں میں آپ کو یہاں خوش آمدید کہتا ہوں ۔ اس دفعہ ہمارے پاس جو بزنس ہے آپ یقیناً اس کو جانتے ہوں گے ۔ ہمارے پاس ایک گورنمنٹ بل ہے اور ۹۷ پرائیویٹ ممبرز بل ہیں ۔ ۵۱ ریزولیوشن ہیں اور ۱۶ تحاریک استحقاق ابھی تک ہمیں موصول ہوئی ہیں ۔ ہمارے پاس ایک ہزار چار سو ستر سٹھ سوالات ہیں ۔ تحریک التوائے کار ۶۵ موصول ہوئی ہیں ۔ ہمارے پاس ۷ تحریکیں غور کے لیے ہیں ۔ اور کمیٹی کی تین رپورٹیں پیش ہوں گی ۔ یہ بزنس ہے جسے ہم نے tentative پروگرام کے تحت ۳۱ مارچ تک ختم کرنا ہے ۔ اس اجلاس کے موقع پر ایک خصوصی بات آپ کے گوش گذار کرنا چاہتا ہوں جس کا آپ کو علم ہو چکا ہوگا کہ ہم یہاں ایک سیمینار کر رہے ہیں جو ۲۴ اور ۲۵ تاریخ کو منعقد ہوگا ۔ یہ سیمینار قانون سازی کے طریق کار کے بارے میں ہے ۔ جس میں آپ یہ سنیں گے کہ قانون کیسے بنایا جاتا ہے ۔ اور اسمبلی کے اندر قانون بنانے میں کن کن مراحل سے گزرنا پڑتا ہے ۔ اس کے علاوہ

احتساب کے بارے میں، کہ کس انداز میں حکومت کا رول ہے۔ کس انداز میں معزز اراکین اسمبلی کا رول ہے اور کس طریقے سے حکومت ان کے سامنے جوابدہ ہے اور اراکین اسمبلی کس انداز میں اپنے رائے دہندگان کے سامنے جوابدہ ہیں ۔ ان سب باتوں پہ ہم نے سکالرز کو مدعو کیا ہے کہ وہ اس پر آپ کو خطاب کریں۔ پہلے روز جناب گورنر پنجاب سیمینار کا افتتاح فرمائیں گے۔ اور ۲۵ تاریخ کو جناب چیف منسٹر wind up کریں گے۔ اس پہ بحث کا آغاز قائد حزب اختلاف کریں گے اور اس میں ہمارے پاس مقررین میں جناب وزیر احمد جوگیزئی، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی اور پروفیسر محمد اقبال خان مُوکل، پرنسپل لاء کالج، جناب حاجی محمد سیف اللہ خان صاحب اور جناب چوہدری محمد انور بھنڈر صاحب ۔ ان کی تقاریر کے بعد اندازاً کوئی ڈیڑھ گھنٹے کے لیے وقفہ سوال وجواب ہوگا اور اس میں جن باتوں پہ وہ اظہار خیال فرمائیں گے۔ آپ کو اجازت ہوگی کہ ان کی روشنی میں آپ ان سے سوالات کر سکتے ہیں۔ وہ آپ کو سوالات کے جوابات دیں گے۔ یہ ایک Educative سلسلہ ہے جو پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ نے آپ کے فائدے کے لیے شروع کیا ہے ۔ اس میں ہم جرنلسٹ صاحبان کو بالخصوص بلا رہے ہیں تاکہ وہ بھی دیکھیں کہ اسمبلیوں کے اندر ممبران کا کیا رول ہے ۔ گورنمنٹ کا کیا رول ہے اور پھر وہ یہ دیکھیں کہ جرنلسٹ کا کیا رول ہے ۔ اس کے علاوہ بھی ہم کچھ لوگوں کو مدعو کر رہے ہیں جو وہاں بیٹھ سکتے ہیں اور سوالات کر سکتے ہیں اس کوشش کو بامقصد اور مفید بنانا ہے اور یہ محض آپ کے تعاون اور آپ کی مہربانی سے آپکی شمولیت اور آپ کی بھرپور شرکت سے مفید بن سکتی ہے۔ اس میں آپ کی شمولیت بھرپور انداز سے ہو اور میں ذاتی طور پر آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ مہربانی فرما کر اس میں شرکت فرمائیں ۔

**چوہدری غلام رسول۔** جناب سپیکر - سیمینار کے وقت کے بارے میں وضاحت فرمادیں۔ کیونکہ ۲۵ تاریخ کو اسمبلی کا اجلاس بھی ہے اور اس دن سیمینار بھی ہے۔ اس لیے گزارش ہے کہ اس تاریخ کو تبدیل کیا جائے۔

**جناب سپیکر -** اس کے بارے میں چوہدری صاحب آپ کو اندازہ ہونا چاہیئے کہ یقیناً ہم نے غور کیا ہو گا۔ ۲۴ تاریخ کو بعد دوپہر سیمینار ہوگا۔ پہلے ٹائم اسمبلی کا سیشن ہوگا۔

اور بعد دوپہر چار بجے سیمینار ہوگا۔ اور ۲۵ تاریخ کو پہلے ٹائم دس بجے سیمینار ہوگا اور شام کو چار بجے اسمبلی کا اجلاس ہوگا۔ اس کے علاوہ ایک اور چھوٹی سی بات ہے کہ ہم اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے ایک بروشر تیار کر رہے ہیں جس کے لیے تمام معزز اراکین اسمبلی اپنے کوائف اور تصاویر اسمبلی سیکرٹریٹ کو مہیا کریں۔ ہم ایک نہایت خوبصورت انداز سے اسمبلی کا brochure چھاپنا چاہتے ہیں۔ ایک یادگار ہوگا۔ اس کو یقیناً آپ دیکھ کے خوش ہوں گے۔ اس لیے آپ یقیناً مہربانی کیجئے گا کہ اس بروشر کے لیے اپنے کوائف اور اپنی اچھی سی تصاویر اسمبلی سیکرٹریٹ کو بھجوائیے گا۔ آخر میں میں توقع کرتا ہوں کہ اس اچھے موسم میں ہم اسمبلی کی کارروائی میں بھرپور انداز سے حصہ لیں گے اور زیادہ سے زیادہ کام کر کے ثابت کریں گے کہ اچھے موسم میں ہم زیادہ بہتر کام کر سکتے ہیں۔

**بیگم شاہین منور احمد۔** آپ نے کہا کہ ہم اچھے انداز میں یہاں کام کریں۔ لیکن ایجنڈا تو ہمیں پہنچا ہی نہیں اور وہی گلہ ہے جو پہلے تھا۔ اگر ہمیں ایجنڈا نہیں پہنچے گا تو ہم یہاں کام کیسے کریں گے۔ میں نے میاں افضل حیات صاحب سے پوچھا ہے۔ ان کو تو ایجنڈا ملا ہے۔ لیکن باقی ممبران کو نہیں ملا۔ یہ رویہ درست نہیں۔ کیونکہ میں کل کئی دفعہ اسمبلی سیکرٹریٹ میں ٹیلیفون بھی کرتی رہی ہوں۔ لیکن یہاں پر کسی سے رابطہ نہیں ہوا۔ میں نے آپ کے گھر بھی ایجنڈے کے لیے ٹیلیفون کیا لیکن آپ لاہور میں نہیں تھے۔

**جناب سپیکر۔** آپ نے سیکرٹریٹ میں رابطہ کیا؟

**بیگم شاہین منور احمد۔** میں نے ٹیلیفون کیا یہاں سے No reply تھا۔ پہلے تو ہماری مسلم لیگ ہاؤس میں میٹنگ تھی۔ سہ پہر کو میں نے یہاں ٹیلیفون کیا تو یہاں سے کوئی جواب نہیں ملا۔

**جناب سپیکر۔** سیکرٹری اسمبلی اس کی وضاحت کریں۔ کتنے ممبران کو ایجنڈے کی کاپیاں نہیں ملیں۔

(چند اراکین نے ایجنڈا نہ ملنے کی شکایت کی)

تو اس کا مطلب ہے کہ صرف چند اراکین کو ایجنڈے کی کاپیاں نہیں ملیں۔ ویسے ایجنڈا نہ ملنے کی کوئی وجہ نہیں۔

**سیّد اقبال احمد شاہ۔** مجھے تو دو ایجنڈے مل جاتے ہیں۔ کیونکہ ایک اقبال شاہ مظفر گڑھ کے ہیں۔ ان کا ایجنڈا اور کارروائی بھی مجھے مل جاتی ہے۔ میں نے کئی دفعہ کہا ہے سید اقبال احمد شاہ (سیالکوٹ) لکھیں۔ سید محمد اقبال (مظفر گڑھ) لکھیں۔ پریس والے بھی ایسے ہی کرتے ہیں۔ لوگ مجھے پوچھتے ہیں کہ آپ کس پارٹی میں چلے گئے ہیں۔ اس طریقے سے غلط فہمی ہو جاتی ہے۔

**جناب سپیکر۔** شاہ صاحب کے نام کی تصحیح کر دی جائے اور آئندہ ایسی شکایت نہ ہو۔ جی جناب دریشک صاحب۔

**سردار نصر اللہ خاں دریشک۔** جناب والا! یہ ایجنڈے کے بارے میں Confusion اس لیے تھا کہ شاید بیگم صاحبہ چاہتی ہوں کہ ایجنڈا ان کے گھر پر پہنچنا چاہیئے۔ یہاں تو رکھا ہوا ہے۔ یہاں سب کو مل گیا ہے۔ ان کا مقصد ہے کہ ایک دن پہلے ہمیں مل جانا چاہیئے تاکہ ہمیں پتہ ہو کہ کل ہم نے ہاؤس میں کیا کرنا ہے اس وقت یہ ایجنڈا موجود ہے لیکن ہمیں یہ یقین دہانی کرائی جائے کہ ایک دن پہلے ہمیں ایجنڈا مل جایا کرے۔

**جناب سپیکر۔** ہم یہ کوشش کریں گے کہ ایجنڈا آپ کے گھروں میں بھیجا جائے۔ سیکرٹریٹ کی طرف سے مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ آپ کی نشستوں پر دوبارہ ایجنڈا رکھا جاتا ہے ہم نے ۱۵ تاریخ کو پہلے ڈسپیچ بھی کیا ہے اور یہ احتیاطاً دوبارہ آپ کی نشستوں پر بھی رکھ دیا گیا ہے۔ جناب ملک اللہ یار خاں صاحب۔

**ملک اللہ یار خاں۔** اس ایوان کا ہمیشہ سے طریق کار رہا ہے کہ جب بھی

سیشن بلایا جاتا ہے۔ جس وقت سیشن کے بارے میں اراکین اسمبلی کو نوٹس موصول ہوتا ہے تو اس کے ساتھ ہی اس سیشن میں جو بزنس زیر غور لانا ہوتا ہے۔ اس کے بارے میں بھی اطلاع فراہم کی جاتی ہے۔ لیکن ہم نے دیکھا ہے کہ پچھلے تین چار سیشن جو گزرے ہیں۔ ان میں کبھی بھی سیشن کے انعقاد کے متعلق نوٹس موصول ہو جاتا ہے۔ لیکن سیشن کے دوران کارروائی کے بارے میں کوئی اطلاع فراہم نہیں کی جاتی۔ حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ جب بھی سیشن کے انعقاد کا نوٹس موصول ہو۔ اس کے ساتھ ہی سیشن کی کارروائی کے بارے میں اطلاع فراہم کی جانی چاہیئے تاکہ اراکین اسمبلی بروقت بزنس کے بارے میں اور ان موضوعات کے بارے میں کہ جن کے بارے میں اسمبلی میں کارروائی ہونا مقصود ہو۔ اس کا مطالعہ کر سکیں اور اس پر غور و خوض کر سکیں ورنہ وہ تمام موضوعات پر جو اسمبلی کے اجلاس کے دوران زیر بحث لانے ہوتے ہیں۔ ان کے ساتھ صحیح طور پہ انصاف نہیں کر سکتے۔ اس لیے میری گذارش ہے اور اس ضمن میں میں نے اسمبلی سیکرٹریٹ سے بھی رابطہ کیا اور جناب والا آپ کو یاد ہو گا کہ گذشتہ سیشن میں میں نے آپ کی خدمت میں بھی گذارش کی تھی تو آپ نے فرمایا تھا کہ یہ کام حکومت کا ہے۔ جس وقت حکومت ہمیں بزنس کے بارے میں اطلاع فراہم کرتی ہے۔ اس وقت ہم اراکین اسمبلی کو اس کے بارے میں اطلاع فراہم کر دیتے ہیں۔ اور اگر جناب والا ایسا ہے تو میں جناب وزیر قانون کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ جب بھی اسمبلی کا اجلاس بلایا جائے تو اس کے ساتھ ہی تمام بزنس کی اطلاع بھی اسمبلی سیکرٹریٹ کو فراہم کر دی جائے تاکہ اراکین اسمبلی کو بروقت اطلاع مل سکے۔ شکریہ۔

**ملک ممتاز احمد خاں** ۔ جناب والا جو دعوت نامے ہمیں دیئے گئے ہیں۔ ان میں "الحمرا" لکھا ہوا ہے اور جو اسمبلی کی طرف سے ہمیں مہیا کئے گئے ہیں۔ ان پہ اسمبلی ہال لکھا ہوا ہے۔ آپ بتائیں گے کہ یہ سیمینار کہاں ہو رہا ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے جو دعوت نامے موصول ہوئے ہیں۔ اس کے کالم نمبر ۲ میں لکھا ہے کہ "اسمبلی بلڈنگ میں ہونے والے سیمینار میں بھرپور شرکت فرمائیں" تو ہم کونسی بات مانیں ؟

**جناب سپیکر** ۔ اس بارے میں ایڈوانس نوٹس دیا گیا تھا۔ وہ اسمبلی بلڈنگ کے

لیے بھی بھیجا گیا تھا ۔ اس وقت ہم نے اسمبلی ہال میں یہ سیمینار منعقد کرنا تھا لیکن موسم کی وجہ سے احتیاطی طور پر اسے الحمرا میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ اور آپ کے پاس جو دوسرا دعوت نامہ ہے جس پر الحمرا لکھا ہوا ہے یہ درست ہے۔

جناب ملک صاحب آپ کا فرمان بجا ہے یہ بزنس واقعی بھی گورنمنٹ نے دینا ہوتا ہے جونہی یہ بزنس ہمارے پاس آجاتا ہے، ہم اسے اراکین اسمبلی کو بھجوا دیتے ہیں۔

**ملک اللہ یار خاں** ۔ میں نے وزیر قانون صاحب کی خدمت میں یہ گذارش کی ہے کہ وہ اس پر روشنی ڈالیں اور اس کی وضاحت فرمائیں کہ یہ طریقہ ہم گزشتہ چند اجلاسوں سے دیکھتے آئے ہیں کہ اسمبلی سیکرٹریٹ کو بروقت اطلاع کیوں نہیں فراہم کی جاتی ۔ کیا اس کی کوئی خاص وجوہات ہیں ۔ ؟

**جناب سپیکر** ۔ اس مرتبہ تو میں سمجھتا ہوں کہ تاخیر نہیں ہوئی ۔ اس دفعہ گورنمنٹ بزنس سے ہمیں بروقت مطلع کر دیا گیا ہے اور ہم نے کوشش کی ہے کہ بروقت آپ کو اس بارے میں مطلع کریں ۔

**سردار نصر اللہ خاں دریشک** ۔ جناب سپیکر، میں ایک گزارش کرنا چاہتا تھا ۔

# مسئلہ استحقاق

**جناب سپیکر** ۔ جی تحریک استحقاق کو لے رہے ہیں ۔

**سردار نصر اللہ خاں دریشک** ۔ جناب میرا ایک اہم نکتہ ہے اگر آپ اجازت دیں تو بیان کرنا چاہتا ہوں ۔

**جناب سپیکر** ۔ تحریک استحقاق سے زیادہ اہم ہے ؟

**سردار نصراللہ خاں دریشک** ۔ جناب گذارش ہے کہ ہمارا یہ اجلاس ۱۴ دن کا ہے اور اس میں پانچ چھٹیاں ہیں۔ جناب والا نے بہت سارا بزنس بیان فرمایا ہے جو ۱۲ دن کیا اگر مہینہ بھی ہمارا اجلاس چلتا رہے تو ہمارے لیے ناکافی ہے۔ امن عامہ پر بھی بحث ہوتی ہے۔ تو میں نے پچھلے اجلاس میں یہ گذارش کی تھی کہ امن عامہ پر بحث کے لیے کم وقت دیا گیا۔ تحاریک استحقاق اور تحاریک التوا پر کافی وقت صرف ہو جاتا تھا۔ پچھلی دفعہ بمشکل تین چار گھنٹے امن عامہ پر بحث ہوئی۔ یا تو ان چھٹیوں کو کم کر دیں یا سیشن کچھ بڑھا دیں۔ کیونکہ لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ بارہ دن میں چھ چھٹیاں کرتے ہیں۔ ایم پی اے صاحبان اپنے ٹی اے بناتے ہیں۔ دن پورے کرتے ہیں اور کام میں وہ دلچسپی نہیں لیتے۔ اس سلسلے میں میری گذارش تھی کہ اگر جناب والا اس پر غور فرمائیں۔

**جناب سپیکر** ۔ ابھی دیکھیں کہ اس عرصے میں کام ختم ہوتا ہے یا نہیں۔ جناب فضل حسین راہی صاحب اور جناب سید طاہر احمد شاہ صاحب کی تحاریک استحقاق ہیں۔ دونوں صاحبان تشریف نہیں رکھتے ہیں۔

**رانا پھول محمد خاں** ۔ جناب سپیکر، یہاں جو حاضری کا طریقہ ہے۔ وہ قومی اسمبلی میں نہیں ہے۔ میں دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا قومی اسمبلی کے اراکین اتنے با اعتبار ہیں اور ہم اتنے بے اعتبار ہے ہیں کہ سکول کے بچوں کی طرح حاضری رجسٹر پر دستخط کرائے جاتے ہیں۔ جب قومی اسمبلی میں یہ طریقہ کار نہیں تو ہمیں حاضری کا پابند کیوں بنایا جا رہا ہے ؟ - میں گذارش کروں گا کہ آپ کو اس معاملے پر غور کرنا چاہیئے۔ اور جب یہاں کوئی بات ہوتی ہے تو کہتے ہیں قومی اسمبلی میں ایسا ہو گیا ہے تو اس کی نقل ہم کرتے ہیں۔ لیکن حاضری کے معاملے میں ہمیں پابند نہ کیا جائے۔ ہم اتنے ناقابل اعتبار نہیں کہ قومی اسمبلی کے اراکین سے ہم کوئی کم ہیں۔ میری یہ گذارش ہے کہ یہ ہماری توہین ہے۔

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ جناب والا میں ایک اہم معاملے کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر** ۔ میاں صاحب کیا یہ سارے معاملات تحاریک استحقاقات سے زیادہ اہم ہیں۔

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ جناب والا مجلس قائمہ کو بنے ہوئے دو سال ہو گئے ہیں۔ بعض مجلس قائمہ کے ابھی تک اجلاس نہیں ہوئے جو اجلاس ہوئے ہیں وہ بالکل بے اثر ہیں اور ان کے پاس کوئی کام نہیں۔

**جناب سپیکر** ۔ میاں صاحب مجھے اجازت دیجئے کہ میں پہلے تحاریک استحقاق کو take up کروں۔ شکریہ، اس کے بعد آپ بات کر لیجئے گا۔ جناب عثمان ابراہیم صاحب تو اس کو بھی التواء میں رکھ لیتے ہیں۔ جناب سرفراز نواز صاحب، جناب مولانا منظور احمد چنیوٹی صاحب۔

**جناب وزیر زراعت** ۔ جناب والا میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو تحریک استحقاق پیش ہوتی ہے اور جسے آپ call کرتے ہیں۔ اس کے بعد اگر وہ صاحب دلچسپی نہیں رکھتے اور حاضر بھی نہیں ہوتے ہیں تو پھر ان کی وہ تحریک استحقاق ختم ہو جانی چاہیئے۔ کیونکہ جناب والا ان کی طرف سے اس کے بارے میں کوئی درخواست بھی نہیں آئی کہ اسے ملتوی کر لیا جائے تو یہاں پہ اس کی اہمیت کا خود ہی اندازہ ہو جاتا ہے کہ وہ صاحب اس تحریک استحقاق میں کتنی دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس لیے جناب والا میری درخواست ہے کہ اس کو ملتوی کرنے کے لیے آپ کو کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی۔

**جناب سپیکر** ۔ ہمارا یہ طریقہ کار ہے کہ بعض دفعہ جو محرک حضرات تشریف نہیں لاتے۔ ہم ان کی تحاریک استحقاق کو التواء میں رکھتے رہے ہیں۔ اس کے بارے میں کوئی hard and fast rules نہیں۔ لیکن اگر ایوان یہ چاہتا ہے کہ جو صاحبان موجود نہ ہوں تو ان کی تحاریک استحقاق کو ختم کر دیا جائے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

**جناب سپیکر** - جی حاجی صاحب تشریف رکھیے۔ آپ کی بات مجھ تک آگئی۔ آپ کی بات سن لی گئی تھی۔ آپ تشریف رکھیے۔

**جناب وزیر زراعت** - میں جناب والا کی اجازت سے بات کر رہا تھا کہ اگر کوئی صاحب اپنی تحریک استحقاق میں یا تحریک التوائے کار میں اتنی دلچسپی رکھتے ہیں۔ must be vigilant, careful کوئی ان کی طرف سے استدعا آجاتی ہے تو پھر اس کو ملتوی کرنے میں کوئی امر مانع نہیں ہونا چاہیے۔ اگر کوئی صاحب اپنی تحریک استحقاق یا التوائے کار میں دلچسپی نہیں لے سکتے تو وہ خود آ کر استدعا کریں کہ ہماری اس تحریک استحقاق یا التوائے کار کو ملتوی کیا جائے۔ اب وہ ہاؤس کی concensus کا بھی خیال نہ رکھیں۔ انہیں چاہیے کہ ہاؤس کو استدعا کریں یا آپ کو استدعا کریں تو اس کے التوا میں رکھنے میں کوئی امر مانع نہیں unless it is specially request to the chair sir. اس لیے میں عرض کروں کہ یہ بات انتہائی ضروری ہے اور ان تحاریک کو سرے سے ہی take up نہ کرنا چاہیے۔

**رانا پھول محمد خاں** - جناب والا! اس ایوان کا یہ طریقہ کار رہا ہے کہ تحریک استحقاق یا تحریک التوائے کار جناب سپیکر صاحب کی صوابدید پہ ہے اور سپیکر صاحب کے لیے اخلاقاً لازم ہے کہ اگر ایک رکن اسمبلی کی تحریک استحقاق ان کو پہنچی ہے۔ اور وہ حاضر نہیں۔ تو اتنی رعایت تو ہر سپیکر دیتا رہا ہے کہ اراکین اسمبلی کی غیر موجودگی میں اس تحریک کو ملتوی کر دیا جائے اور رکن اسمبلی کے آنے پر اس کو پھر سے لیا جائے۔ تحریک استحقاق ہمارا استحقاق بھی محفوظ نہیں تو پھر ہم یہاں پہ ایک لاش کی شکل میں آتے ہیں۔ ہم اراکین اسمبلی لاشیں نہیں۔ اس لیے اس تحریک استحقاق کو اصولاً اخلاقاً اور روایتاً خارج نہیں کیا جا سکتا۔ آگے آپ کی صوابدید پہ منحصر ہے۔

**جناب سپیکر** - جی شکریہ رانا صاحب تشریف رکھیں۔ میں رانا صاحب کی بات سے اس حد تک اتفاق کرتا ہوں کہ معزز اراکین اسمبلی کے استحقاق کے بارے میں اگر کوئی مسالہ ایوان میں آئے اور وہ کسی وجہ سے تشریف نہ لا سکیں تو جو ہمارا طریقہ کار رہا ہے۔ ہم اسے ملتوی

کرتے رہے ہیں۔ لیکن میں چوہدری عبدالغفور صاحب کی بات سے بھی اس حد تک اتفاق کرتا ہوں کہ جو صاحبان اپنے استحقاق کا مسئلہ اس معزز ایوان میں اٹھانا چاہتے ہیں، اگر وہ اس بارے میں سنجیدہ ہیں، اگر وہ کسی روز ایوان میں نہیں آسکتے تو کم از کم ان کی طرف سے اسمبلی سیکرٹریٹ کو یہ اطلاع ضرور موصول ہونی چاہیے کہ ہماری تحریک استحقاق کو اگلے روز کے لیے التواء میں رکھ لیا جائے۔ میں ان کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں۔ لہذا ہم ان کو اگلے روز take up کریں گے کہ اگر معزز رکن تشریف نہیں لا سکتے تو ان کے استحقاق کے مسئلے کے بارے میں اسمبلی سیکرٹریٹ کو اپنی تجاویز ضرور بھیجنی چاہیئے کہ اس کو ملتوی کریں۔

**رانا پھول محمد خاں** ۔ جناب والا! ایک ممبر اسمبلی ملتان سے صبح اجلاس میں آ جاتے ہیں۔ رات کو ان کو بخار ہو جاتا ہے تو وہ کیسے آپ کو یہ اطلاع دیں گے کہ میری تحریک استحقاق یا التواء کو ملتوی کر دیا جائے۔ ایسی صورت میں آپ کم از کم ایک دن کے لیے ملتوی کر کے اس بات کا انتظار کیا جائے کہ آیا اگلے دن کوئی اطلاع آتی ہے یا نہیں، ایک آدمی کو راستے میں کوئی حادثہ پیش آ جاتا ہے۔ ایک آدمی ملک سے باہر ہے اور اس کے بعد آپ اجلاس کا اعلان کرتے ہیں تو پھر وہ اپنے استحقاق کے لیے کیسے لکھے گا۔ جناب والا آپ کو اس میں کچھ رعایت دینی چاہیئے۔

**جناب سپیکر** ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں اگر کوئی ایسی خاص بات ہو جاتی ہے تو وہ ٹیلی فون پر بھی اطلاع دے سکتے ہیں، وہ اپنے کسی ساتھی کو بھی کہہ سکتے ہیں کہ اس کو آپ میری طرف سے ملتوی کرنے کے سلسلے میں ایوان کو بتا دیں۔

**رانا پھول محمد خاں**۔ جناب والا! اگر کوئی ممبر اتنا بے ہوش ہو جائے کہ اس کو ٹیلیفون کرنے کا کوئی ہوش ہی نہ ہو تو پھر ؟

**جناب سپیکر** ۔ صدیق سالار صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں۔

**چوہدری محمد صدیق سالار** ۔ جناب والا میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پچھلے دو برس

میں انہیں کبھی بخار ہوا ہے۔ ان کو کبھی بخار نہیں ہوا، اور نہ ہی اللہ ان کو کبھی بخار دے۔

**رانا پھول محمد خاں۔** بخار اس ہاؤس میں گول ہوگا۔

**چوہدری محمد صدیق سالار۔** رانا صاحب اگر دوبارہ کہیں تو میں اس کا جواب دوں گا۔

**جناب سپیکر۔** آپ کی بات بجا ہے مگر یہ بات کہ رانا صاحب دوبارہ کہیں میں اس کی اجازت نہیں دوں گا۔

**چوہدری محمد صدیق سالار۔** رانا صاحب کیا کوئی خطرناک بات کہہ گئے تھے؟

**جناب سپیکر۔** جی دریشک صاحب۔

**سردار نصر اللہ خاں دریشک۔** جناب والا اس ایوان میں استحقاق کے معاملے میں آپ کا رویہ ممبران صوبائی اسمبلی پنجاب کے لیے ہمیشہ غیر جانبدارانہ رہا ہے۔ اور آپ ہمارے استحقاق کے custodian ہیں۔ قواعد انضباط کار میں استحقاق کی جو اہمیت دی گئی ہے۔ وہ عیاں ہے، جس وقت ایوان کی کارروائی شروع ہو جاتی ہے اور کسی ممبر کا استحقاق مجروح ہوا ہو تو اس وقت بھی ایوان کی کارروائی کو روک کر ممبران اسمبلی کی تحریک استحقاق کو take up کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں میری مؤدبانہ گذارش ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ کی بجائے پہلے تو آپ خود اسے ایک دن کے لیے ملتوی فرما دیا کریں۔ دوسری بات یہ کہ ضروری نہیں ہے کہ کوئی شخص پیش از وقت اسمبلی سیکرٹریٹ کو لکھ کر یا فون کر کے اطلاع دے۔ یہی کہ جیسے کہ جناب والا نے یہاں پر فرمایا ہے کہ کوئی صاحب اپنے کسی دوست کو کہہ دیں تو وہ آکر آپ کی خدمت میں عرض کر دے۔

**جناب سپیکر۔** میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات طے ہو گئی ہے۔

**جناب محمد صدیق انصاری۔** جناب والا! تحریک استحقاق اسمبلی کے اراکین

کا حق ہے اور یہ تقریباً حکومت کے ہاتھوں کے خلاف ہوتا ہے۔ جب آپ اس میں تھوڑی سی لچک دے دیں گے تو حکومت کے ہاتھ آپ تک اطلاع پہنچانے کے لیے ممبر کو روکیں گے۔ اگر کوئی ایسا اہم معاملہ آگیا تو حکومت ممبر کو آپ تک اطلاع پہنچانے سے کے لیے ضرور روکے گی اس لیے اس میں اتنی لچک نہیں دینی چاہیئے۔

**چوہدری ارشاد علی۔** جناب سپیکر بات اخلاقی قدروں کی ہو رہی ہے۔ ایک طرف تو یہ ہے کہ جن صاحب نے تحریک دی ہے۔ ان کو یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ وہ اپنی اس پیش کردہ تحریک میں دلچسپی لیتے ہیں۔ دوسری بات بھی اخلاقی ہے کہ انہیں اس کی اطلاع بہر حال دے دینی چاہیئے۔ یہ ٹھیک ہے کہ آپ اسکو take up کر سکتے رہیں۔ لیکن یہ بات نہیں کہ وہ آپ کو اطلاع بھی نہ دے۔ بات صرف اطلاع دینے کی ہے۔

**جناب سپیکر۔** ٹھیک ہے۔ صاحبان یہ طے ہوا کہ پریولیج موشن کے بارے میں اگر کسی معزز رکن کے استحقاق کا مسئلہ ایوان میں ہمارے پاس آتا ہے۔ وہ اگر اس روز تشریف نہیں لا سکتے تو انہیں چاہیئے وہ اسمبلی سیکرٹریٹ کو مطلع کریں۔ نمبر ۲: اگر وہ کسی وجہ سے تحریری طور پر نہیں کر سکتے تو وہ بذریعہ ٹیلیفون کی اطلاع دے دیں۔ نمبر ۳: اگر وہ اس پوزیشن میں بھی نہیں ہیں کہ بذریعہ ٹیلیفون اطلاع کریں تو وہ اپنے کسی ساتھی معزز رکن کو مطلع کریں تاکہ یہاں جس وقت ان کے استحقاق کا مسئلہ پیش ہو وہ اس کو ملتوی کرنے کے بارے میں کہہ سکیں۔

**چوہدری غلام رسول۔** جناب والا تین دن اس کے لیے رکھے جائیں تاکہ تین دن تک اطلاع پہنچ جائے۔

**جناب سپیکر۔** مولانا منظور احمد چنیوٹی صاحب۔۔ تشریف نہیں رکھتے۔ آج اس کو pending کرتے ہیں۔ جناب حاجی جمشید مقیم صاحب

**حاجی جمشید عباس مقیم۔** جناب والا یہ withdraw ہو گئی ہے۔

جناب سپیکر۔ یہ withdraw ہو گئی ہے۔ سید طاہر احمد شاہ تشریف نہیں رکھتے ہیں جناب میاں محمود احمد صاحب یہ پریولیج موشن نمبر ۹ اور ۱۶ ایک جیسی ہیں۔

# صوبائی اسمبلی پنجاب میں حکمت عملی کے اصولوں کی رپورٹ پیش کرنے میں تاخیر

میاں محمود احمد۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ! میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک مخصوص اور اہم معاملہ کو زیر بحث لانے کے لیے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین ۱۹۷۳ء کے آرٹیکل ۲۹ کی کلاز نمبر (۳) کے تحت حکومت پر لازم ہے کہ وہ صوبائی اسمبلی پنجاب کے سامنے حکمت عمل کے اصولوں کی رپورٹ ایوان میں ہر سال بغرض بحث پیش کرے مگر ابھی تک مذکورہ بالا رپورٹ کو ایوان میں بحث کے لیے پیش نہیں کیا گیا جس سے نہ صرف میرا بلکہ پورے معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا اسمبلی کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے اور اسے منظور فرما کر استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب سپیکر۔ میاں محمود احمد صاحب اس پر پریولیج موشن نمبر ۱۶ اسی طرح کی ہے اور وہ جناب ریاض حشمت جنجوعہ صاحب کی طرف سے ہے۔ وہ بھی پیش فرمالیں اس کے بعد آپ اس پر short statement دے لیں اس کے بعد جناب جنجوعہ صاحب شارٹ سٹیٹمنٹ دے لیں۔

میاں محمود احمد۔ ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر۔ میاں ریاض حشمت جنجوعہ صاحب۔

میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

معزز جناب سپیکر۔ میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک مخصوص اور اہم معاملہ کو زیر بحث لانے کے لیے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل نمبر ۲۹ کے ذیلی آرٹیکل (۳) کے تحت صوبائی گورنر کی آئینی ذمہ داری ہے کہ وہ آئین میں مندرجہ حکمت عملی کے اصولوں پر عملدرآمد کی بابت رپورٹ ہر سال اس ایوان کے روبرو پیش کرے۔ جس پر قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب کے قاعدہ نمبر ۱۰۵ کے مطابق ہر رکن اسمبلی کو اس رپورٹ پر بحث کرنے کا حق حاصل ہے۔ مگر ۳۱ دسمبر کو ختم ہونے والے سال (۱۹۸۶ء) کے دوران حکمت عملی کے اصولوں پر حکومت کے عمل پیرا اور کاربند ہونے کی بابت کوئی رپورٹ ایوان میں پیش نہ ہوئی ہے۔ بلکہ شاید تاحال اس بارہ میں کوئی رپورٹ ترتیب نہ دی گئی ہے۔ موجودہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے بلند بانگ دعوے کرتی ہے۔ لیکن گزشتہ سال میں اسے یہ توفیق تک نہ ہوئی کہ اس ایوان کی وساطت سے عوام کو حکمت عملی کے اصولوں پر عملدرآمد کی پیش رفت سے آگاہ کر سکے۔ آئین میں دیئے گئے حکمت عملی کے اصول قومی خوشحالی اور عوامی بہبود کا ذریعہ ہیں۔ مطلوبہ رپورٹ کی ایوان میں عدم پیش کش حکومت کی نااہلی پر دلالت کرتی ہے بلکہ اس ایوان کی توہین کے مترادف ہے۔ یہ ایوان حکمت عملی کے اصولوں کی روشنی میں حکومت کی کارکردگی اور اہلیت کا تجزیہ کرنے اور اصلاح احوال کی صورت تجویز کرنے کے موقع سے محروم ہو گیا ہے۔ جس سے نہ صرف آئین کی سنگین خلاف ورزی ہوئی ہے بلکہ میرا اور اسمبلی کے فاضل ارکان کا استحقاق و وقار مجروح ہوا ہے۔ کیونکہ ہماری اہلیت و استعداد کے بارے میں عوام میں شکوک و شبہات پیدا ہوئے ہیں۔ اس طرح آئین کا آرٹیکل نمبر ۲۹ جن امور کا تقاضا کرتا ہے۔ ان سے صریح طور پر انحراف اسمبلی کے استحقاق کی پامالی کا موجب بنا ہے لہذا استدعا ہے کہ میری اس تحریک استحقاق کو مجلس قائمہ برائے استحقاق کے سپرد کیا جائے شکریہ

جناب سپیکر۔ میاں محمود احمد صاحب۔

**میاں محمود احمد۔** جناب سپیکر۔ حکمت عملی کے نہ تو اصول وضع کیے گئے ہیں اور نہ ہی اس پر عملدرآمد ہوا ہے۔ کس طرح حکومت چل رہی ہے۔ یہ سنگین آئینی خلاف ورزی ہے۔

جناب والا تمام قوانین قرآن پاک اور اسلامی تعلیمات کے مطابق ہوں گے۔ حکومت نے اس طرف کیا عملی اقدامات کئے ہیں۔ کچھ پتہ نہیں پاکستان کے تمام مسلمانوں کو انفرادی اور اجتماعی طور پر اس قابل بنایا جائے گا۔ کہ وہ اپنی زندگی اسلام کے بنیادی اصولوں کے مطابق ڈھالیں۔ کیا عمل اقدامات کئے گئے ہیں۔ جناب والا لوکل گورنمنٹ کے اداروں کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے کیا اقدامات کئے گئے ہیں۔ پاکستان کے مسلمانوں میں اتحاد اور اسلامی اخلاقی اقدار کی پابندی کو فروغ دیا جائے۔ موجودہ ملکی اور سیاسی فضا سے بالکل عیاں ہے کہ اتحاد نام کی کوئی چیز موجود نہیں۔

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا کیا short statement لکھی ہوئی پڑھی جا سکتی ہے؟

**میاں محمود احمد** ۔ پوائنٹ لکھے ہوئے پڑھے جا سکتے ہیں۔

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ غالباً لکھا ہوا ہے جو پڑھا جا رہا ہے۔

**جناب سپیکر** ۔ یہ درست بات ہے کہ لکھا ہوا تو نہیں پڑھا جا سکتا۔ لیکن لکھے ہوئے points سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ میاں صاحب آپ فرمائیں۔

**میاں محمود احمد** ۔ حضور والا ملک میں ہر طرف گڑبڑ۔ حیرانی۔ افراتفری اور علاقائی منافرت کے مظاہرے نظر آتے ہیں۔ ان تمام امور کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے۔

(قطع کلامیاں)

جناب والا یہ آرٹیکل ہیں۔ جب تک ہم ان کو توجہ سے نہیں دیکھیں گے اس وقت تک بات مکمل نہیں ہو گی۔

**جناب سپیکر** ۔ میاں صاحب آپ ٹھیک ٹھاک زبانی بات بھی کر سکتے ہیں۔

**میاں محمود احمد** ۔ جناب سپیکر بالکل کر سکتا ہوں۔ آرٹیکل کا حوالہ دینے کے لیے

اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ جناب والا آرٹیکل ۳۴ کے تحت حکومت نے قومی زندگی کے تمام شعبوں میں عورتوں کی مکمل شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے کیا عملی اقدامات کیے ہیں؟ اس کے متعلق ابھی تک اس معزز ایوان میں کچھ نہیں بتایا گیا۔ اس کے بعد اقلیتوں کے مسائل اور ان کے حل کے لیے آج تک حکومت نے کیا عمل اقدامات کیے ہیں؟ ۔اس بارے میں کچھ علم نہیں۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر۔ آرڈر۔ آرڈر

**میاں محمود احمد**۔ جناب والا اس معزز ایوان کو بالکل علم نہیں کہ حکومت نے پسماندہ عوام کی فلاح وبہبود اور ترقی کے لیے کیا عملی اقدامات کیے ہیں۔؟ جناب والا ان تمام معاملات کی روشنی میں میں معزز ہاؤس کے سامنے یہ استدعا کروں گا کہ میری تحریک استحقاق کو منظور کرتے ہوئے استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ شکریہ۔

**جناب سپیکر**۔ شکریہ میاں صاحب۔ جناب ریاض حشمت جنجوعہ

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ**۔ جناب سپیکر!

کیا پوچھتے ہو مجھ سے میرے کاروبار کا
آئینے بیچتا ہوں میں اندھوں کے شہر میں

جناب والا۔ میری اس تحریک استحقاق کا تعلق جو میں نے معزز ایوان کے روبرو پیش کی ہے آئین کے آرٹیکل ۲۹ کے بارے میں ہے۔ یہ آرٹیکل اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ گورنر ہر سال ایوان میں حکمت عمل کے اصولوں پر مبنی رپورٹ پیش کریں گے اور اراکین اسمبلی اس رپورٹ پر بحث کریں گے۔ ہماری حکومت کو قائم ہوئے دو سال کا عرصہ گزر گیا ہے۔ مگر ان دو سالوں کے دوران آج تک ہمارے صوبے کے آئینی سربراہ نے اس امر کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ وہ صوبائی حکومت کی طرف سے حکمت عمل کے اصولوں پر مبنی رپورٹ اس معزز اور معتبر ایوان کے سامنے پیش کریں۔

جناب سپیکر! ہماری حکمت عملی کے اصول کیا ہیں ؟ میرے خیال میں اس وقت معزز ایوان میں موجود اراکین اسمبلی نے، جو پڑھے لکھے اراکین نے ان اصولوں کا مطالعہ کیا ہوگا اور میاں محمود صاحب انہی اصولوں کی وضاحت کرنا چاہتے تھے جو شاید ان کے پاس تحریری شکل میں تھے۔ انہیں بار بار روکا گیا۔ یہ حکومت پابند ہے کہ حکمت عملی کے ان اصولوں کے مطابق، جن کا تذکرہ آئین میں کیا گیا ہے، پالیسیاں مرتب کر کے اس ایوان میں پیش کرے اور اس معزز ایوان کے اراکین ان پالیسیوں پر بحث و تمحیص کریں تاکہ لوگوں کو اس بات کا اندازہ ہو کہ ان کے نمائندے ان کے بارے میں کس قسم کی سوچ رکھتے ہیں۔ ان کی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے کس طرح کی سوچ رکھتے ہیں۔

جناب سپیکر! ہم انتہائی بدقسمت لوگ ہیں کہ دو سال گزر جانے کے باوجود ہمارے سامنے صوبائی حکومت کی طرف سے اور صوبے کے آئینی سربراہ کی طرف سے حکمت عملی کے اصولوں کی کوئی رپورٹ پیش نہیں کی گئی ۔ میں پوری دیانتداری کے ساتھ سمجھتا ہوں اور یقیناً جناب والا بھی میری اس بات سے اتفاق کریں گے کہ اس طرح حکومت کے آئینی سربراہ کی طرف سے دانستہ یا نادانستہ طور پر اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح کیا گیا ہے۔ اس لیے میری یہ استدعا ہے کہ میری اور میاں محمود صاحب کی تحریک استحقاق کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے تاکہ ان امور اور محرکات کا جائزہ لیا جائے جن کی وجہ سے آج تک حکمت عملی کے اصولوں پر مبنی کوئی رپورٹ اس ایوان کے روبرو پیش نہیں کی گئی ۔

**وزیر قانون** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ مجھے احساس ہے کہ یہ رپورٹ ابھی تک اسمبلی میں پیش نہیں ہوئی۔ یہ رپورٹ جو ہم نے ابھی مرتب کرنی ہے ۔ یہ بڑی ضروری رپورٹ ہے ۔ اس کے تمام اعداد و شمار تیار ہو چکے ہیں۔ میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ موجودہ اسمبلی میں یا آئندہ اسمبلی کے اجلاس میں ہم آپ کے سامنے پوری طرح FACTS AND FINGURES رکھیں گے، پالیسی رکھیں گے ۔ اور آپ اصولوں پر بحث کر سکیں گے ۔

**میاں محمد افضل حیات** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر! کیا ہم یہ باور کر لیں کہ موجودہ حکومت کی ابھی تک نہ کوئی حکمت عملی اور نہ کوئی اصول ہیں ؟ اور وہ ابھی تک طے

نہیں کر سکے ؟

**میاں محمد رفیق** : پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! جناب وزیر قانون صاحب نے ابھی فرمایا کہ یہ رپورٹ اس موجودہ اسمبلی میں یا اگلی اسمبلی میں پیش کی جائے گی۔ میں سمجھنے سے قاصر ہوں کہ کیا اگلی اسمبلی سے ان کی مراد یہ تو نہیں کہ وہ ۱۹۹۰ء کے بعد رپورٹ پیش کریں گے ؟

**جناب سپیکر**۔ غالباً لاء منسٹر صاحب کی آئندہ اسمبلی سے مراد آئندہ اجلاس ہے۔

**وزیر زراعت**: جناب والا ، اس کی تصحیح کر دی گئی تھی کہ یہ اسمبلی کی نہیں۔ اجلاس کی بات کی جا رہی ہے۔ اس ضمن میں جناب لاء منسٹر صاحب نے فرمایا ہے کہ واقعی یہ بات صحیح ہے کہ یہ حکومت کی ذمہ داریوں میں ہے۔ لیکن یہ کہنا کہ ابھی تک بغیر کسی پالیسی لائحہ عمل یا اصول کے یہ حکومت چل رہی ہے ، میں سمجھتا ہوں کہ یہ درست نہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ کیا حکومت کی کوئی پالیسی ہے کہ ان حکمت عمل کے اصولوں کی جو اس باب میں ہمارے وضع کئے گئے ہیں۔ کوئی خلاف ورزی ہوئی ہے یا نہیں ۔ اس کے لیے ضخیم رپورٹ کی ضرورت ہے۔ یہ وضاحت کر دی گئی ہے کہ وہ تمام اعداد و شمار تیار کر لیے گئے ہیں اور رپورٹ آخری مراحل میں ہے انشاء اللہ اسی اجلاس میں یا آئندہ اجلاس سے بہت پہلے اسمبلی میں یہ رپورٹ پیش کر دی جائے گی ہم فاضل ممبران کے شکر گزار ہیں کہ وہ اتنے vigilant ہیں اور اپنی ذمہ داریاں اتنے اچھے طریقے سے نبھا رہے ہیں۔

**سردار نصر اللہ خاں دریشک** - پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! موجودہ دور Relaxatioe of the rules and policies. کا دور ہے۔ نہ کوئی قاعدہ ہے، اور نہ کوئی پالیسی ؟

**جناب سپیکر**۔ جناب لاء منسٹر صاحب کی بات کے بعد جناب جنجوعہ صاحب کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ ؟

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ**۔ جناب والا ! آئین کی آرٹیکل - ۲۹ میں واضح طور پر لکھا ہوا ہے کہ گورنر ہر سال حکمت عمل کے اصولوں پر مبنی رپورٹ ایوان میں پیش کرے گا۔

سن ۱۹۸۵ء بھی گزر گیا، ۱۹۸۶ء بھی گزر گیا۔ اب تو یہ ۱۹۸۷ء کی رپورٹ پیش کریں گے۔ انھوں نے جو پچھلے دو سال کی رپورٹ پیش نہیں کی۔ کیا اس پر یہ حکومت اسمبلی کے سامنے قابل مواخذہ ہے یا نہیں ؟ یہ تحریک پیش کرنے کا میرا مقصد صرف اتنا ہے کہ اگر حکومت پچھلے دو سالوں کی حکمت عملی کے اصولوں کی رپورٹ پیش نہیں کر سکی تو وہ قابل مواخذہ ہے یا نہیں ؟ اگر ہے تو ہماری تحریک کو قابل پذیرائی سمجھا جائے اور اس کو مجلس استحقاق کے سپرد کر دیا جائے۔ اس میں واضح طور پر " ہر سال " کے الفاظ ہیں۔ گورنر ہر سال رپورٹ پیش کرنے کا پابند ہے۔ اب تو ۱۹۸۷ء شروع ہو گیا ہے۔ پچھلے دو سالوں کی رپورٹ پیش نہیں کی گئی۔ کیا اس کے لیے یہ حکومت اس اسمبلی کے سامنے جواب دہ ہے یا نہیں ؟ ۔

**وزیر قانون :** ہم اسمبلی کے سامنے جواب دہ ہیں۔ اس لیے میں نے آپ سے کہا ہے کہ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس یا آئندہ اجلاس میں مکمل رپورٹ آپ کے سامنے آ جائے گی۔

**جناب سپیکر۔** اب آپ کا کیا ردِ عمل ہے ؟ ۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔** جناب والا ! آپ آئین کی متعلقہ دفعہ کا مطالعہ فرمالیں۔ اس کے بعد اس کا فیصلہ میں آپ کی صوابدید پہ چھوڑتا ہوں۔ آپ دیکھ لیں کہ کیا آئین کی سنگین خلاف ورزی کی گئی ہے یا نہیں ۔ اگر کی گئی ہے تو پھر اس حکومت کا اور اس حکومت کے آئینی سربراہ کا مواخذہ ہونا چاہیے۔ کیونکہ انھوں نے حکمت اصولوں کی وہ رپورٹ جو ان پہ ایوان میں پیش کرنی لازم تھی ، پیش نہ کر کے اس معزز ایوان کی توہین کی ہے اور اس معزز ایوان کے ارکان کے استحقاق کو مجروح کیا ہے۔ جناب والا ، وہ یہ رپورٹ ہر سال پیش کرنے کے پابند ہیں۔ جو رپورٹ اب پیش کی جائے ، وہ رواں سال کے لیے ہو گی۔

**جناب سپیکر۔** یہ آپ کون سے آرٹیکل کا حوالہ دے رہے ہیں ؟

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔** آرٹیکل - ۲۹ ، سب آرٹیکل - ۳ -

**جناب سپیکر :** اس آرٹیکل - ۲۹ ، سب آرٹیکل - ۳ کے بارے میں جناب لاء منسٹر صاحب کچھ فرمانا چاہتے ہیں ؟

**وزیر قانون :** اس ضمن میں میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اس میں لکھا ہوا ہے -

Article 29 (3) In respect of each year, the President in relation to the affairs of the Federation, and the Governor of each Province in relation to the affairs of his Province, seall cause to be prepared and laid before the National Assembly or, as tha case my be, the Provincial Assembly, a report on the observance and Amplementation of the Principles of Policy, and provision shall be made in the rules of pricedure of the National Assembly or, as the case may be, the Provincial Assembly, for discussion on such report.

اس اسمبلی نے ابھی تک رولز ہی نہیں بنائے ہمارے پاس ابھی تک پرانے رولز ہیں - ہم رولز بنائیں گے اور اس میں ہم پروویژن کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب رولز بن جائیں گے اس کے مطابق رپورٹ ایوان میں پیش کر دی جائے گی۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔** جناب سپیکر آپ نے دیکھا کہ وزیر قانون صاحب کو اتنا بھی علم نہیں اور اتنا بھی احساس نہیں - میں صرف وزیر قانون صاحب کے اعتراض کا جواب دینا چاہتا ہوں کہ ابھی تک رولز ہی نہیں بنائے گئے۔ جناب سپیکر میں ان کی توجہ قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب کی طرف دلاتے ہوئے کہتا ہوں کہ دفعہ ۱۰۵ ہمارے قواعد انضباط کار میں موجود ہے جس کے تحت حکمت عمل کے اصولوں پر مبنی رپورٹ پر اس اسمبلی میں بحث کی جا سکتی ہے - انھوں نے دفعہ ۱۰۵ کا مطالعہ ہی نہیں کیا وہ کہتے ہیں کہ ابھی تک ہم نے رولز ہی نہیں بنائے -

**جناب سپیکر -** ۱۰۵ دیکھیے - راجہ صاحب - رولز آف پروسیجر کی روشنی میں کیا ارشاد فرماتے ہیں - چیمہ صاحب آپ فرمائیں کیونکہ راجہ صاحب ابھی سوچ رہے ہیں -

**چوہدری محمد اعظم چیمہ -** جناب والا جہاں تک تحریک استحقاق کے متن کا تعلق ہے

آئین کے آرٹیکل ۲۹ (۳) کے مطابق مذکورہ رپورٹ پیش کرنا لازم ہوا کرتی ہے۔ جہاں تک سال کا تعلق ہے ہمارے ملک میں ہماری حکومت کا مالی سال ہمیشہ بجٹ سے شروع ہوا کرتا ہے اور ابھی اس کے کچھ دن بقایا ہیں حکومت اس کے پیش کرنے کی مجاز ہے۔

**جناب سپیکر۔** جناب نصراللہ خان دریشک پوائنٹ آف آرڈر پہ ہیں۔

**جناب نصراللہ خاں دریشک۔** میں اپنے علم میں اضافہ کے لیے جناب والا کی رہنمائی چاہتا ہوں۔ کہ ہمارا اسمبلی کا سال کب شروع ہوتا ہے اور کب ختم ہوتا ہے

**جناب سپیکر۔** اس پر فیصلہ ہو چکا ہے کہ یہ یکم جنوری سے شروع ہوتا ہے اور ۳۱ دسمبر کو ختم ہوتا ہے۔

**چوہدری محمد اعظم چیمہ۔** جناب والا جہاں تک اسمبلی کے دنوں کی گنتی کا تعلق ہے اس کے بارہ میں جناب والا نے یہ فرمایا تھا کہ وہ یکم جنوری سے شروع ہوں گے اور ۳۱ دسمبر کو ختم ہوں گے۔ جہاں تک مالی سال کا تعلق ہے۔ وہ بجٹ سے شروع ہوتا ہے۔ اگر اس میں کوئی بحث کرنا چاہیے تو میں اس کے لیے تیار ہوں۔

**جناب سپیکر۔** ظاہر ہے مالی سال تو بجٹ ہی سے شروع ہوتا ہے۔ لیکن یہاں مسئلہ مالی سال کا نہیں۔ دریشک صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

**جناب نصراللہ خان دریشک۔** جناب سپیکر یہ اپنی سہولت کے مطابق STRESS کرنا چاہ رہے ہیں جناب والا آپ نے بات بالکل صحیح فرمائی ہے یہاں بات اسمبلی کے سال کے مطابق ہو سکتی ہے۔ اسمبلی میں جو چیز پیش ہوئی ہے اس سال پیش ہوئی ہے جو ۳۱ دسمبر کو ختم ہو جائے یا اپنی سہولت کے پیش نظر STRESS کر کے ایوان کا وقت بلا وجہ ضائع کر رہے ہیں۔

**چوہدری محمد اعظم چیمہ۔** جناب والا میں وہ آرٹیکل پڑھنے کے لیے تیار ہوں۔ میں معذرت سے عرض کروں گا۔ یہ بڑے پرانے پارلیمنٹیرین ہیں اور سابق وزیر بھی ہیں۔ یہ ضد برائے ضد کر رہے ہیں۔

"In respect of each year, the President in relation to the affairs of the Federation, and the Governor os each Pgovince in relatiin to the affairs of his Province, shall cause to be prepared and laid before the National Assembly or, as the case may be, the Provincial Assemblp, a report on the observance and implementatinn........."

اس میں صرف میں ایک بات پہ زور دیتا ہوں جناب تیسری لائن ملاحظہ فرمائیں۔

"........in relation to the affairs of his Province,........"

اگر لفظ اسمبلی ہوتا تو ان کی یہ بات کس حد تک قابل قبول تھی۔ جہاں تک اسمبلی کے معاملات کا تعلق ہے۔ جو بھی کام مالیات کے ہوتے ہیں فنانس سے چلتے ہیں۔ فنانس کے بجٹ کا جب اعلان ہوتا تو فنانس کے معاملات اس کے ساتھ ہوتے ہیں۔ اگر یہ معاملہ جنوری یا دسمبر میں کر دیں تو تب بھی ان کا یہ معاملہ قابل غور تھا۔ اور in relation to the affairs of his Province یہ بات میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ یہ معاملہ بھی فنانس کا ہے اور پالیسیاں فنانس سے چلا کرتی ہیں۔ اور یہ معاملات financial year سے چلتے رہیں۔

**جناب سپیکر۔** چوہدری صاحب آپ کے پاس آئین ہے۔ آپ اس کا آرٹیکل ۲۶۳ کا ملاحظہ کریں اور اس کو پڑھ دیجیے گا۔

**چوہدری محمد اعظم چیمہ۔** جناب سپیکر میں اس پہ عرض کئے دیتا ہوں جہاں تک آئین کی بات ہے۔ اس میں سال کے آغاز کا تعلق ہوتا ہے۔ یا Calander year کا تعلق ہوتا ہے۔ یہاں سٹیٹ کی بات ہے۔ یہاں صوبے کی بات ہے۔ یہاں فنانس کی بات ہے۔ ان تمام باتوں سے میرا قطعی اختلاف نہیں کہ جنوری کی پہلی کو سورج چڑھے گا۔ اس میں میرا قطعاً اختلاف نہیں ہے۔

**جناب سپیکر۔** آپ اس کو پڑھیے تو سہی۔

**چوہدری محمد اعظم چیمہ۔** "For the purposes of the Constitution, periods of time shall be reckoned according to the Gregorian calendar."

**جناب سپیکر۔** راجہ صاحب آپ کیا فرماتے ہیں ۔ جناب چیمہ صاحب نے جو نکتہ اٹھایا ہے ۔ اس کے بارہ میں آپ کا کیا خیال ہے ؟

**وزیر قانون ۔** بہر حال یہ رپورٹ تو اسمبلی میں پیش ہونی ہے ۔

**جناب سپیکر ۔** ہونی ہے ۔ اور جو جنجوعہ صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ ہر سال ہوتی ہے ۔ اس بارہ میں آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں ؟

**وزیر قانون ۔** یہ بھی بالکل درست ہے ۔ لیکن اس میں وقت کا تعین نہیں یہ کسی وقت بھی ہو سکتی ہے ۔

**جناب سپیکر ۔** ان کا ارشاد یہ ہے کہ سال ختم ہو چکا ہے ۔ یہ رپورٹ پیش نہیں کی گئی ۔

**وزیر قانون ۔** یہ کچھ ٹیکنیکل ہے

**جناب سپیکر ۔** اس کو pending کر لیں اس پر مزید غور فرمالیں ۔ میں بھی غور کر لیتا ہوں ۔ جنجوعہ صاحب اس کو pending کر لیتے ہیں ۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ ۔** جناب والا ۔ جناب محمد اعظم چیمہ صاحب جنہیں آج تک منی لا منسٹر سمجھا جاتا رہا ہے ۔ انہوں نے میری اس تحریک استحقاق کو جو انتہائی سنجیدہ اور نیک نیتی پر مبنی ہے ۔ اسے ٹالنے کی کوشش کی ہے ۔ جناب والا ۔ انہیں خود احساس ہونا چاہیئے کہ یہ اسمبلی یہ ایوان اور ہمارا استحقاق مشترکہ ہے اور ہمیں اس کے استحقاق کا ہر لحاظ سے خیال رکھنا چاہیئے ۔ شاہ سے زیادہ جو شاہ کے وفادار ہوتے رہیں ۔ وہ دنیا میں ہمیشہ رسوا ہوتے ہیں ۔

**جناب سپیکر ۔** جنجوعہ صاحب ! اس میں آپ کسی کو بولنے پر تو قدغن نہیں لگا سکتے ۔ جیسے آپ کے بولنے پر کوئی قدغن نہیں ہو سکتی ایسے ہی چیمہ صاحب کے بولنے پر کوئی پابندی نہیں ہو سکتی ۔

**میاں مختار احمد شیخ ۔** پوائنٹ آف آرڈر

**جناب سپیکر۔** کیا آپ پوائنٹ آف آرڈر پہ بولنا چاہتے ہیں ؟

**میاں مختار احمد شیخ۔** جی ہاں۔

**جناب سپیکر۔** میاں مختار احمد شیخ پوائنٹ آف آرڈر پہ بولنا چاہتے ہیں۔

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا۔ ابھی ابھی ہمیں ۲۲ تاریخ کا ایجنڈا ملا ہے۔ اس میں ۹ بجے کو کاٹ کر چار بجے کر دیا گیا ہے۔

**جناب سپیکر۔** آپ کو اس پر کوئی اعتراض ہے ؟

**میاں مختار احمد شیخ۔** جی ہاں۔ یہ ۹ بجے صبح ہی ہونا چاہیئے۔ شام کو نہیں ہونا چاہیئے۔

**رانا پھول محمد خاں۔** جناب والا! ہم نے ۲۲ تاریخ کو دس بجے پارٹی میٹنگ رکھ دی ہے اور دو دن کی چھٹی میں ارکان اسمبلی کو بھی دُور کا سفر کر کے آنا پڑتا ہے۔ وہ وقت پہ پہنچ نہیں سکتے۔ یہ طریقہ کار طے کر لینا چاہیئے کہ چھٹی کے اگلے دن کا اجلاس شام کو ہونا چاہیئے تاکہ ارکان اسمبلی پہنچ سکیں۔

**جناب سپیکر۔** رانا صاحب کی یہ کافی جائز بات ہے۔ ہم نے معزز اراکین اسمبلی کی اسی وقت کے پیش نظر فیصلہ کیا ہے کہ یہ اجلاس اتوار کو بعد دوپہر چار بجے ہوگا۔

**چوہدری محمد صدیق سالار۔** جناب والا۔ اس تاریخ کو یوم پاکستان منایا جارہا ہے۔ اور اسمبلی کے ممبران نے اپنے اپنے شہروں اور گھروں میں یوم پاکستان کے موقع پر جلسوں کی صدارتیں کرنی ہیں۔ اور جلسے کرنے ہیں۔ اس لیے ۲۲ تاریخ تک اجلاس صبح نہیں ہونا چاہیئے۔ تاکہ ہم شام کو گھروں میں جاسکیں۔

**جناب سپیکر۔** پہلی چیز تو یہ ہے کہ اس تحریک استحقاق کو ہم pending کرتے ہیں۔

**ملک اللہ یار خاں** - پوائنٹ آف آرڈر -

**جناب سپیکر** - ملک اللہ یار خاں پوائنٹ آف آرڈر پر بولنا چاہتے ہیں -

**ملک اللہ یار خاں** - جناب والا میں ایوان کے ایک انتہائی اہم طریقہ کار کے بارے میں جناب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اس ایوان کے اراکین اسمبلی کی کارروائی کے دوران لابی میں بیٹھے ہوئے حضرات کے ساتھ بات نہیں کر سکتے ۔ ہم نے دیکھا ہے اور شاید آپ نے بھی نوٹ کیا ہو کہ ابھی کچھ دیر پہلے جناب وزیر قانون کسی نکتے پر ہوم سیکرٹری صاحب کے ساتھ تبادلہ خیال کر رہے تھے ۔ اور اس وقت ہمارے مقتدر وزیر جناب چوہدری عبدالغفور صاحب بھی ہوم سیکرٹری صاحب سے مصروف گفتگو ہیں ۔ یہ اس ایوان کی روایت کے خلاف ہے اور ایسا کبھی بھی نہیں ہوا اور نہ ہی کوئی رکن اسمبلی یا کوئی وزیر لابی میں بیٹھے ہوئے کسی شخص کے ساتھ بات کر سکتے ہیں ۔ میں جناب والا اس ضمن میں آپ کی رولنگ چاہتا ہوں کہ آپ اس بارے میں کیا فرمائیں گے ۔ ؟

**رانا پھول محمد خاں** - جناب والا - جو ملک اللہ یار خاں صاحب نے فرمایا ہے وہ چوہدری عبدالغفور صاحب پر لاگو نہیں ہوتا ۔ کیونکہ وہ وزیر قانون رہ چکے ہیں ۔ اگر وہ کوئی لاقانونیت بھی کریں تو یہ کوئی عیب نہیں ۔

**وزیر زراعت** - جناب والا - میں اس بات کی تردید کرتا ہوں - یہ بات کہنا کہ کسی آدمی کو consult نہیں کیا جا سکتا ۔ یہ قطعی پارلیمنٹری رولز کے خلاف ہے ۔ یہ بات کی جا سکتی ہے اور اس کا حق موجود ہے ۔ اس بارے میں کوئی assistance یا کوئی کتاب لینا یا کوئی رولز منگوانا یا ان سے کوئی چیز لینا اس پر کوئی قدغن یا کوئی پابندی نہیں ۔ اور میں جناب والا کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بات اپنی جگہ واقعی مسئلہ ہے کہ گورنر پنجاب اور صدر پاکستان اپنے اپنے affairs کے متعلق اسمبلی کو ہر سال کی پالیسی کے متعلق آگاہ کریں ۔

**جناب سپیکر** - آپ غالباً متوجہ نہیں ۔ اس پر فیصلہ ہو چکا ہے کہ یہ pending ہونی چاہیئے ۔

وزیر زراعت ۔ یہ pending ہو گئی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ جی ۔ یہ pending ہوگئی ہے ۔

وزیر زراعت ۔ بہت شکریہ ۔ اس بارے میں اگر ملک صاحب کہیں تو میں انہیں دکھا سکتا ہوں کہ اس بارے میں کوئی قدغن نہیں اور اس بارے میں consult کیا جا سکتا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میرا خیال ہے کہ اس مسئلے کو ہم کسی اور وقت take up کریں گے کہ معزز اراکین لابی میں بیٹھے حضرات سے رابطہ رکھ سکتے ہیں ۔ ان سے بات کر سکتے ہیں یا نہیں کر سکتے ۔

محترمہ ڈاکٹر شیلا بی چارلس ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

جناب سپیکر ۔ جی ۔ ڈاکٹر شیلا پوائنٹ آف آرڈر پہ بولنا چاہتی ہیں ۔

محترمہ ڈاکٹر شیلا بی چارلس ۔ جناب والا ۔ میرے بھائی نے کہا تھا کہ لابی میں بیٹھے باتیں کر رہے ہیں ۔

**I would like to bring it to your notice that it is a visiters gallery in the Assembly, it is not a lobby. I would make this correction.**

# تحاریک التوائے کار

جناب سپیکر ۔ اب ہم باقی پریولیج موشنز کو pending کر لیں اور تحاریک التوا کو take up کریں ۔ جناب اصغر علی گجر صاحب تشریف نہیں رکھتے ہیں ۔ اگلی تحریک التوا جناب مختار اے شیخ صاحب کی ہے ۔ جی میاں صاحب ۔

# میڈیکل کالجز میں لڑکیوں کے داخلہ کے لیے میرٹ کا معیار

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری مسئلے کو زیر بحث لانے کے لیے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے ۔ مسئلہ یہ ہے کہ میڈیکل کالجز میں داخلہ کے میرٹ لڑکیوں کے لیے بہت اونچا رکھا گیا ہے ۔ جبکہ وہ ہماری نصف آبادی ہیں ۔

**میاں محمود احمد** ۔ پوائنٹ آف آرڈر

**جناب سپیکر** ۔ میاں محمود احمد پوائنٹ آف آرڈر پر بولنا چاہتے ہیں ۔

**میاں محمود احمد** ۔ جناب والا ۔ میاں مختار احمد شیخ صاحب دیکھ کر نہ پڑھیں ۔

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ جناب والا ۔ یہ تحریک التوا ہے ۔

**جناب سپیکر** ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ ۔ ۔ ۔ جبکہ وہ ہماری نصف آبادی ہیں ۔ انہیں بھی میڈیکل کالجز میں داخلہ کے لیے لڑکوں کے برابر میرٹ مواقع مہیا کئے جائیں ۔ یہ ملک کا بڑا اہم معاملہ ہے ۔ اس لیے اسمبلی کی کارروائی روک کر فوری طور پر غور فرمایا جائے

**سیّد حسنات احمد** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا اس کے متعلق سارا فیصلہ ہو چکا ہے ۔ اخبارات میں بھی آ گیا ہے ۔ اور اس کے متعلق write petition کا بھی فیصلہ ہو چکا ہے ۔

**جناب سپیکر** ۔ میاں صاحب! آپ تحریک پڑھ چکے ہیں ؟

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ جی میں نے تحریک پڑھ لی ہے اور میں اس سلسلے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں ۔

**جناب سپیکر۔** آپ اس پر کیا کہنا چاہتے ہیں یہ self explanatory ہے۔ آپ کی بات واضح ہو گئی ہے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا۔ اس میں کافی معاملہ ہے۔ بعض دوستوں نے کہا ہے کہ یہ معاملہ ختم ہو گیا ہے۔ لیکن یہ ختم نہیں ہوا۔

**جناب سپیکر۔** پہلے وزیر قانون صاحب کو سن لیں۔ اس کے بعد آپ فرمائیں۔

**میاں مختار احمد شیخ۔** جی۔

**وزیر قانون** (راجہ خلیق اللہ خاں)۔ جناب والا۔ جہاں تک تحریک التوا کا تعلق ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ ہائی کورٹ میں یہی فیصلہ ہوا ہے۔ جو ان کی تحریک التوا ہے لیکن اس کی اپیل pending ہے۔ subjudice ہے۔ اور گورنمنٹ نے اس فیصلے کے خلاف Division bench میں اپیل کی ہوئی ہے۔

**جناب سپیکر۔** میاں صاحب۔ یہ subjudice ہونے کے علاوہ اس کا نوٹس آپ کی طرف سے گذشتہ اجلاس میں آیا تھا، یہ سیریل نمبر ۰۷ پر تھا اور یہ اجلاس کے منقضی ہونے پر lapse ہو گئی تھی۔ اور اس لئے اب یہ معاملہ فوری نوعیت یا recent occurrance کا نہیں رہا۔ اور تحریک التوائے کار کے لیے معاملہ recent occurrance کا ہونا چاہیئے۔

**میاں مختار اے شیخ۔** جناب والا۔ اگر ایک واقعہ کے متعلق تحریک التوائے کار دی گئی ہو اور اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی ہونے کی وجہ سے pending ہو گئی ہو تو میں نے اس کے لیے دوبارہ نوٹس دے دیا۔ یعنی یہ قبل از اجلاس ہے۔ آج اجلاس کا پہلا دن ہے۔ اگر میں اس کو دوسرے دن جا کر دیتا تو پھر تو یہ زیر غور نہیں آ سکتی تھی۔

**جناب سپیکر۔** میاں صاحب یہ جو کچھ آپ فرما رہے ہیں، اس کے متعلق آپ کچھ رولز کا حوالہ دے سکتے ہیں۔ یا کوئی مثال آپ دے سکتے ہیں۔

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا گزشتہ اجلاس کی روایات موجود ہیں۔ کہ آپ نے ان تحاریک کو جو کہ اس سے پہلے اجلاس میں موجود تھیں اور وہ take up کی گئی کیونکہ وہ lapse ہوگئی تھیں اور پھر انھوں نے تازہ نوٹس دیا اور ان کو آپ نے گزشتہ اجلاس میں تسلیم کیا۔ آپ کا ریکارڈ آپ کے پاس موجود ہے۔ اور یہ ایک حقیقت ہے کہ وہ قراردادیں جو کہ تحریک التوائے کار سے متعلق تھیں جو کہ پہلے دن اسمبلی میں پیش نہ ہوئیں اور وہ دوسرے اور تیسرے دن جا کر پیش ہوئی تو وہ آپ نے نہیں مانی کہ یہ پیش نہیں کی جا سکتی ہیں۔ جناب والا یہ ایک اتنا اہم معاملہ ہے کہ اس میں آئین کی خلاف ورزی ہو رہی ہے

**جناب سپیکر۔** میں اس کو pending کر لیتا ہوں۔ آپ اس پہ precedents تلاش کر لیں۔ اور پھر اس پر مزید بحث کر لیں۔ Sub-judice کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا۔ اسمبلی ہال میں کوئی بھی معاملہ چاہے وہ sub judice ہو یا نہ ہو، یہاں پر سب discuss ہو سکتے ہیں۔

**جناب سپیکر۔** اس بارے میں آپ رولز ملاحظہ کریں کہ sub judice معاملہ کے بارے میں کیا قوانین ہیں؟

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا، یہ کارروائی آئین کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ sub judice کا تو کوئی معاملہ نہیں۔ آئین کی دفعہ ۲۵ کی رو سے یہ بذات خود ایک خلاف قانون کام ہے۔ میں یہ آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں۔ یہ آرٹیکل ۲۵ ہے۔ نمبر ا یہ ہے کہ

All citizens are equal before law and are entitled to equal protection of law

دیں تو میں عرض کردوں۔ جناب والا اصل میں یہ مسئلہ لاہور ہائی کورٹ میں pending ہے انھوں نے Pending کیا ہوا ہے۔ ہم اس میں کچھ بھی فیصلہ نہیں کر سکتے ہیں۔ ویسے جناب چیف منسٹر نے ۱۳۷ سیٹیں طالبات کے لیے دی ہیں اور مختلف کالجز میں ان کا داخلہ ہوا ہے۔ تو جتنی دیر تک ہائی کورٹ نے اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہوا ہے۔ اتنی دیر تک ہم اس پہ کچھ نہیں کر سکتے۔

**جناب سپیکر۔** کیا یہ مسئلہ ہائی کورٹ میں pending ہے؟

**بیگم نجمہ حمید۔** جی ہاں

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا۔ یہ ہائی کورٹ میں pending نہیں۔ گورنمنٹ نے اپیل کی ہے۔ جبکہ یہ آئین کے ہی خلاف ہے؟

**جناب سپیکر۔** آپ کا یہ مقصد ہے کہ ہائی کورٹ میں لڑکیوں کے حق میں فیصلہ ہو گیا ہے اور گورنمنٹ نے سپریم کورٹ میں اپیل کی ہوئی ہے۔؟

**وزیر قانون۔** جناب یہ سنگل بنچ کا فیصلہ تھا۔ اب ڈویژن بنچ میں اپیل ہوئی ہے۔

**جناب سپیکر۔** میاں صاحب، آپ کا اس بارے میں کیا خیال ہے کہ آئین کی interpretation کے لیے ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ متعلقہ فورم ہیں۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا یہ تو بالکل واضح ہے۔ آپ اس کو ایوان میں پیش کریں۔ یہ آئین کی خلاف ورزی ہے۔ ہائی کورٹ کا اس میں کوئی کام ہی نہیں۔

**جناب سپیکر۔** آئین کی interpretation کے لیے بہتر فورم کون سا ہے؟

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا۔ نقطہ کوئی اتنے الجھے ہوئے تو نہیں۔ اس لیے فورم کی تو کوئی بات ہی نہیں۔ جو وہاں سے ہم interpretation کرائیں۔ یہ لکھا ہے کہ۔

پھر اس کے بعد اس کی مزید clarification ہے۔

There shall be no discrimination on the basis of sex alone.

تو ہم آئین کی ہی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ اور پھر ہم کہتے ہیں کہ یہ sub judice ہے۔ اگر ہم آئین کی خلاف ورزی کرتے جائیں تو یہ sub judice نہیں اور ہم اس طرح سے نہ صرف لڑکیوں کے حقوق کا میرٹ کی وجہ سے نقصان کر رہے ہیں۔ بلکہ مقابلتاً ان کی سیٹیں جو کہ ہم نے کالجز میں رکھی ہیں۔ بہت کم ہیں۔ لڑکوں کی سیٹیں زیادہ ہیں اور لڑکیوں کی سیٹیں کم۔ ہمیں کوئی حق نہیں پہنچتا ہے کہ ہم سیکس (sex) کی بناء پر ان کے merits میں فرق ڈالیں یا ان کی سیٹوں میں کمی کریں۔ لڑکیوں کے بھی برابر کے حقوق ہیں کہ وہ merit کی بنیاد پر جتنی سیٹیں لے سکیں لے جائیں۔ یہ ہمارے دونوں merit آئین کی خلاف ورزی ہیں۔ action بھی برابر ہونا چاہیئے۔ اور سیٹوں کی بھی پابندی نہیں ہونی چاہیئے۔ میں یہی گذارش کروں گا کہ اس تحریک التوائے کار کو تسلیم کیا جائے۔ ہم ایک طرف اسلام کا نعرہ لگاتے ہیں۔ تو اسلام نے عورت کو وہ حقوق دیئے ہیں جو کسی دوسرے مذہب نے نہیں دیئے۔ لیکن ہم اپنے آئین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔

**وزیر قانون** ۔ جناب والا۔ آپ کی اجازت سے رول ۱۴۷ (کے) پڑھتا ہوں اس میں ہے کہ:۔

The motion shall not deal with any matter which is sub-judice.

آئین کی interpretation اسمبلی نہیں کر سکتی ہے۔ وہ تو ہائی کورٹ، سپریم کورٹ یا شریعت بنچ کرے گا۔ اس اسمبلی کو آئین کی interpretation کا کوئی حق نہیں۔

**میاں مختار احمد شیخ** ۔ جناب میں تو یہی عرض کروں گا۔ It is against the constitution یہ ہائی کورٹ کا کوئی معاملہ ہی نہیں۔ آئین کے آرٹیکل ۲۵ میں اتنا واضح لکھا ہوا ہے۔ No discrimination because of sex یہ اتنا واضح ہے۔ اس میں ہائی کورٹ نے کیا کرنا ہے؟

**بیگم نجمہ حمید** ۔ جناب والا میں پارلیمانی سیکرٹری ہیلتھ ہوں، اگر آپ مجھے تھوڑا سا موقع

25 (2) There shall be no discrimination on the basis of sex alone.

جناب سپیکر۔ جناب صدیق سالار صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

جناب محمد صدیق سالار۔ جناب سپیکر، جب یہ کیس ہائی کورٹ کی ڈویژن بنچ میں PENDING ہے تو پھر آپ میاں صاحب سے کیوں پوچھتے ہیں کہ میاں صاحب آپ کی اس میں کیا رائے ہے۔ جناب سپیکر، آپ بتائیں کہ جب یہ ہائی کورٹ میں ہے تو یہاں بحث کی اجازت آپ کیوں دے رہے ہیں۔؟ یہ بات تو آپ پر آتی ہے۔

جناب سپیکر۔ سالار صاحب، یہ تو اپنا اپنا انداز ہوتا ہے۔

وزیر زراعت۔ جناب سپیکر۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں کچھ عرض کروں، شیخ صاحب بڑے جذباتی ہو رہے ہیں۔ دراصل بات یہ ہے کہ واقعی اگر کسی قانون یا آئین کی خلاف ورزی ہو، تو اس بارے میں ہاؤس میں نکتہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ ہم ان کی اس بات سے انکار نہیں کرتے بات دراصل یہ ہے کہ آپ نے درست فرمایا ہے کہ......

So far as the interpretation of the Constitution is concerned, High Court or the Supreme Court has been held to be the proper forum. This respectable House is not within the Jurisdiction. Whenever the question of interpretation of the Constitution arises, the proper forum, even under the Constitution, is the High Court or the Supreme Court. This matteris already pending before a Division Bench of a High Court ;

جہاں تک کسی بھی تحریک التوائے کار کا تعلق ہے، جناب والا۔ اگر دفعہ ۶۷ کی عبارت پڑھیں گے، اس میں " RESTRICTIONS " ہیں۔ اس پر کچھ قدغن لگا دی گئی ہیں۔

Restriction of the right to make Adjournment Motion,

67. The right to move for adjournment motion of the Assembly for the purpose of discussing a definite matter of recent occurrance and urgent public importance shall be subject to the following restrictions ;

اور ان restriction میں ایک restriction یہ ہے کہ وہ معاملہ کسی کورٹ میں pending نہ ہو۔ اور اگر ان کو sub-judice کا ترجمہ بتایا جائے تو جو بات یہ بار بار کہہ رہے ہیں کہ اس میں ہائی کورٹ کی کیا بات ہے۔ سپریم کورٹ کی کیا بات ہے۔ اس قاعدہ ۶۷ کے تحت یہ پابندی ہے، کہ اگر کوئی معاملہ کسی کورٹ میں pending ہو اور اس تحریک کا subject matter وہی ہو اور بعینہ یہی بات ہے، نہ تو یہ recent occurrence ہے۔ گزشتہ اجلاس سے پہلے کی یہ تحریک pending ہے۔ اور جناب والا نے درست طور پر یہ نشاندہی کی ہے کہ اس بارے میں پہلے تحریک التوائے کار آئی۔ جو lapse ہو گئی ہے۔ اگر یہ نیا نوٹس دے بھی سکتے ہیں تو اس بات کو remove نہیں کیا جا سکتا کہ recent occurrence اور urgent public importance کی بات کو ہم اس سے نکال نہیں سکتے اور اگر وہ نیا نوٹس دے بھی سکتے ہوں تب بھی وہ ایسی تحریک پیش ہونی چاہیئے جس recent occurrence کی کوئی قدغن موجود نہ ہو۔ اس لیے میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ دونوں باتیں اس تحریک التواء کے آڑے آتی ہیں کہ کوئی بھی معاملہ sub-judice نہ ہو۔ اور یہ جناب کے نوٹس میں لایا جا چکا ہے کہ ڈویژن بنچ میں یہ معاملہ pending ہے اور اسی لیے یہ بات ایوان میں زیر بحث نہیں لائی جا سکتی۔ اس بارے میں جناب کی رولنگ درکار ہے۔ شکریہ۔

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب سپیکر میرے فاضل دوست جناب وزیر زراعت نے فرمایا ہے کہ یہ کوئی مفاد عامہ کی بات نہیں۔ کیا پچاس فیصد آبادی کے مسائل مفاد عامہ نہیں رکھتے۔ ؟

**وزیر زراعت۔** میں نے یہ بات نہیں کی۔

**جناب سپیکر۔** انھوں نے یہ بات نہیں کی بلکہ انھوں نے تو recent occurrence کی بات کی ہے ......

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا یہ تو ہر وقت recent occurrence ہے۔ اب

پھر داخلوں کی بات آتی ہے گی۔ یہ معاملہ ایسا اہم معاملہ بن گیا ہے کہ بچیاں بیچاری پڑھنا چاہتی ہیں لیکن انہیں کالجوں میں داخلہ نہیں دیا جاتا۔ جناب لڑکوں اور لڑکیوں کے میرٹ میں ۹۵ نمبروں کا فرق ہے۔ اور یہاں تو ہم یہ کہتے ہیں کہ .... there will be no discrimination اس لیے میں یہ عرض کروں گا۔

**سید حسنات احمد۔** پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر میں آپکی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ایک معمولی معاملہ کو اتنا طویل کر دیا گیا ہے۔ سوال صرف ایک ہی ہے کہ جو معاملہ ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ میں چل رہا ہو۔ اور sub-judice ہو۔ آیا اس پہ ایوان میں بحث ہو سکتی ہے یا نہیں ہے۔ اس سلسلے میں میری ناقص رائے ہے کہ جو معاملہ ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ میں ہو۔ اس کے بارے میں یہاں پہ نہ تو کوئی تجویز پیش کی جا سکتی ہے اور نہ ہی ہم اس پہ بحث کر سکتے ہیں میری کم از کم یہ ناقص رائے ہے۔ اب آپ اس پر فیصلہ فرما دیں۔

**میاں مختار احمد شیخ۔** جناب والا ہم legislators ہیں، ہم قانون بنانے والے لوگ ہیں۔ یہ ایوان قانون بناتا ہے۔ یہ بات نہیں کہی جا سکتی کہ یہ معاملہ sub-judice ہو گیا ہے۔ اس لیے legislators کسی بات پر کوئی فیصلہ ہی نہیں کر سکتے۔

**جناب سپیکر۔** میاں صاحب اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم legislators ہیں لیکن ہم اس ایوان کو چند قواعد و ضوابط کے تحت چلا رہے ہیں۔ ہم نے آپ کے معاملے کو اس وجہ سے اہمیت دی ہے کہ یہ بڑا حساس اور انسانی معاملہ ہے۔ دوسرا آپ نے آئین کا حوالہ دیا ہے جس کے آرٹیکل اس معاملے میں بڑے relevant ہیں۔ اس لیے ہم نے اس معاملہ کو اہمیت دی ہے۔ لیکن جہاں تک قواعد و ضوابط کا تعلق ہے۔ یہ بات واضح ہے اور آپ بھی فرما چکے ہیں کہ یہ معاملہ ہائی کورٹ کے ڈویژن بنچ کے پاس زیر سماعت ہے۔ اور آپ کے رولز صاف الفاظ میں کہتے ہیں۔ جیسا کہ وزیر زراعت نے آپ کو پڑھ کر بھی سنایا

The Motion shall not deal with any matter which is sub-judice

**وزیر خوراک۔** ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★ ★

* * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * *

رانا پھول محمد خان ۔ * * * * * * * * * * *

بیگم بشریٰ رحمٰن ۔ * * * * * * * * * *

رانا پھول محمد خان * * * * * * * * * * * *

جناب سپیکر ۔ * * * * * * * * * * *

بیگم بشریٰ رحمٰن * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * (بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کی گئی)

رانا پھول محمد خان۔ * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * * *

بیگم شاہین منور احمد۔ جناب سپیکر یہ مسئلہ انتہائی نازک ہے۔ میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ ابھی اس مسئلے پر جو بحث ہوئی ہے، اگر آپ اسے ریکارڈ سے حذف کر دیں تو یہ بہتر ہوگا کیونکہ بظاہر یہ بڑی غیر سنجیدہ گفتگو نظر آتی ہے۔ باہر کے لوگ جب اخبارات پڑھتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ ہم کس قسم کی باتیں یہاں زیر بحث لاتے ہیں۔ اس لیے میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ آپ اگر اسے اسمبلی کے ریکارڈ سے حذف کر دیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔

جناب سپیکر۔ میں بیگم صاحبہ کی بات سے اتفاق کرتا ہوں اور اس کو حذف کیا جاتا ہے اور اس تحریک التوائے کار کی میں اجازت نہیں دیتا۔
it is ruled out of order

مولوی محمد غیاث الدین۔ جناب سپیکر میں اس سلسلے میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر۔ اس تحریک التوائے کار پر میں نے فیصلہ دے دیا ہے۔ اب آپ اور کسی بات پر فرمائیے گا۔ جناب چوہدری اصغر علی گجر صاحب۔

جناب سپیکر۔ جناب اصغر علی گجر صاحب تحریک التوائے کار نمبر ۱۴۳

---

* * * * * * * * * بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کی گئی۔)

**چوہدری اصغر علی گجر۔** جناب سپیکر میں تحریک التوائے کار نمبرا پڑھ دوں۔

**جناب سپیکر۔** نمبرا پینڈنگ ہو گئی۔ اب نمبر ۳ پڑھیے۔

**مولانا محمد غیاث الدین۔** جناب سپیکر میں اس تحریک التوائے کار پر جس کو کہ آپ نے خلاف ضابطہ قرار دیا ہے۔ ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ (قطع کلامیاں)

**جناب سپیکر۔** آرڈر پلیز، مولانا صاحب میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اس تحریک التوا پر فیصلہ ہو چکا ہے کہ اس کو میں نے خلاف ضابطہ قرار دیا ہے۔ اب اُس کا طریقہ کار ہے کہ اس پر بات نہیں ہو سکتی۔ آپ کسی اور وقت پر یہ بات کر لیجئے۔

**مولانا محمد غیاث الدین۔** * * * * * * * * * *

* * * * * * * * * * * * * * *

**رانا پھول محمد خان۔** * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

**جناب سپیکر۔** رانا صاحب تشریف رکھیے گا۔ اس کو بھی میں کارروائی سے حذف کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔** جناب اصغر علی گوجر صاحب

**چوہدری اصغر علی گجر۔** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ ۔۔۔۔

**جناب وزیر قانون۔** جناب سپیکر اس تحریک التوا کو وائیں صاحب نے deal کرنا تھا۔ ابھی ابھی اطلاع آئی ہے کہ ان کے کوئی عزیز فوت ہو گئے ہیں اور وہ میاں چنوں چلے گئے ہیں۔ تو میں آپ سے یہ درخواست کروں گا کہ اس کو ملتوی کر لیں۔

---

* * * * * * * (بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کی گئی)

**جناب سپیکر۔** چوہدری صاحب اس پر آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں۔

**چوہدری اصغر علی گوجر۔** نہیں جناب۔

**جناب سپیکر۔** تحریک التوائے کار نمبر ۳ کو pending کرتے ہیں۔ نمبر ۴ کو take up کریں۔ جی فرمایئے۔

**چوہدری اصغر علی گوجر۔** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لیے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے......

**جناب وزیر زراعت۔** جناب سپیکر آپ نے تو تحریک التوا نمبرا کے لیے فرمایا ہے کہ اسے ملتوی کر لیتے ہیں۔ یہ تحریک التوا نمبر ۳ takup کی جا سکتی ہے۔

**جناب سپیکر۔** تحریک التوا نمبرا تو پہلے ہی ملتوی ہو چکی ہے۔ میں نے نمبر ۳ کی ان کو اجازت دی تھی۔ یہ نمبر ۳ پڑھ رہے تھے۔ اس پر راجہ صاحب نے ارشاد فرمایا کہ اس کو pending کر لیں تو اب یہ نمبر ۴ پڑھ رہے ہیں۔

**جناب وزیر زراعت۔** جناب سپیکر نمبر ۳ کو pending کرنے کی ضرورت نہیں اگر وہ چاہیں تو اسے پڑھ سکتے ہیں۔

**جناب سپیکر۔** وہ تو نمبر ۳ ہی پڑھ رہے تھے۔ راجہ صاحب نے نمبر ۳ کے بارے میں کہا ہے۔

**جناب وزیر زراعت۔** نہیں جناب وہ تو نمبرا کے بارے میں سمجھے تھے۔

**جناب سپیکر۔** آپ سمجھے کہ نمبرا کی بات ہو رہی ہے؟

**جناب وزیر قانون۔** جی جناب۔

**جناب سپیکر۔** تو پھر نمبر ۳ کو ہم take up کر لیں۔

**جناب وزیر قانون** - جی نمبر ۳ کو take up کر لیں -

**جناب سپیکر** - تو یہ جناب لاء منسٹر کو غلط فہمی ہوگئی تھی - وہ سمجھے کہ شاید ہم تحریک التوا نمبر ۱ کو take up کر رہے ہیں - تو نمبر ۳ کو ہی take up کرتے ہیں -

# شیعہ سنّی فسادات اور کراچی میں قتل و غارت گری کے پیچھے ایک جماعت کا ہاتھ

**چوہدری اصغر علی گوجر** - تحریک التوا نمبر ۳ -

میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لیے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے - مسئلہ یہ ہے کہ ۲ جنوری کے روزنامہ جنگ میں ایک خبر شائع ہوئی ہے جس میں ایک ذمّہ دار عالم دین نے ملک کے مقتدر ترین حضرات کی موجودگی میں انکشاف کیا ہے کہ سیاسی ہلڑ بازی - شیعہ سنی فسادات کراچی میں قتل و غارت گری کے لیے ایک جماعت نے لندن میں باقاعدہ منصوبہ بنایا اور اس منصوبے پر عملدرآمد کے لیے ۴ ملین ڈالر کی رقم مخصوص کی - یہ خبر اس المناک حقیقت سے پردہ اٹھانے کے سلسلے میں پہلا قدم ثابت ہو سکتی ہے - جس کے کھوج لگانے کے لیے ہمارے ارباب اختیار اب ٹامک ٹوئیاں مار رہے ہیں - ہماری ملکی تاریخ میں جتنے سنگین واقعات پچھلے چند ماہ میں ہوئے ہیں - اس سے پہلے اس کی مثال نہیں ملتی - سینکڑوں آدمیوں کے قتل اور کروڑوں روپے کے نقصانات کا معاملہ بلاشبہ اپنی اہمیت کے اعتبار سے اس کا متقاضی ہے کہ معمول کی کارروائی روک کر اسمبلی اس پر بحث کرے اور اس پر بحث کی اجازت بخش جائے -

جناب سپیکر جیسا کہ سب جانتے ہیں کہ پچھلے دنوں ملک میں کتنی بڑی تعداد میں قتل و غارت ہوئی اور مسلمان ایک دوسرے کے ہاتھوں کٹے - اور کس طرح مسلمانوں نے ایک دوسرے کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کیا -

**جناب سپیکر** - چوہدری صاحب اس پر short statement کی ضرورت نہیں - کیونکہ آپ کی تحریک التوا نے بذات خود ہر چیز واضح کر دی ہے - جی اس پر کچھ فرمائیں گے ؟

**جناب وزیر زراعت** - جناب والا میں آپ کی اجازت سے عرض کرنا چاہوں گا کہ ایک تو بات

یہ ہے کہ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ " اس ایک جماعت کا جو ریفرنس موجود ہے " اس کو یہ اپنی جماعت پہ کیوں لے رہے ہیں کہ جنہوں نے یہ منصوبہ بنایا ہے۔ پہلے تو ان کے ذہن میں یہ بات نہیں آنی چاہیئے کہ اگر کسی نے لندن میں کوئی منصوبہ بنایا یا کسی جماعت نے بنوایا تو یہ ان کو اپنی جماعت نہیں سمجھنا چاہیئے کیونکہ کسی جماعت کا نام وہاں نہیں لیا گیا۔ دوسری بات میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ جیسا کہ اخبار کے تراشے سے اور ان کی اپنی اس تحریک سے ظاہر ہوتا ہے کہ کراچی کے واقعات کا مسئلہ وہاں کا صوبائی مسئلہ ہے اس کو اس جگہ زیر بحث لانے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیئے اور یہ مسئلہ وہاں کافی زیر بحث آچکا ہے بلکہ نیشنل اسمبلی میں بھی اس پہ کافی بحث ہو چکی ہے۔ اور وہیں اس کا پراپر فورم تھا جس بارے میں یہ بات وہاں کی جاسکتی تھی۔ ہمارے اپنے صوبہ پنجاب کے متعلق یہ بات نہیں لہٰذا اس کو زیر بحث یہاں لایا جایا سکتا ہے۔ جناب والا تیسری بات یہ ہے کہ جیسا جناب کے علم میں ہے کہ یہ واقعات recent occurrence میں نہیں آتے۔ اب تو یہ کافی دیر پہلے کی بات ہے اور اس پہ کافی بات ہو چکی ہے۔ اور recent occurrence کے بارے میں قاعدہ (۶۷) کی جو قدغن ہے وہ بھی اس پہ منطبق نہیں۔ اس لیے میں اپنے فاضل دوست سے یہ درخواست کر سکتا ہوں کہ اس مسئلے کو جو کہ اب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کافی سلجھ گیا ہے اور اب وہاں ایسی کوئی فضا موجود نہیں۔ گورنمنٹ بآحسن طریقے سے اس کو نمٹا رہی ہے۔ مزید اب اس مسئلے کو یہیں زیر بحث نہیں لانا چاہیئے۔ یہ مسئلہ وہیں تک محدود رہنا چاہیئے۔ گورنمنٹ وہاں موجود ہے اگر اس کے علاوہ کوئی فورم ہو سکتا تھا تو وہ نیشنل اسمبلی تھی اور نیشنل اسمبلی میں بھی یہ مسئلہ کافی حد تک زیر بحث آچکا ہے تو میں درخواست کروں گا کہ یہ تحریک التوائے کار (۶۷) کی زد میں نہیں آتی اور کسی طور پہ بھی اس کی اجازت نہیں دی جانی چاہیئے۔ یہ ad[illegible]ite نہیں ہونی چاہیئے۔

**چوہدری اصغر علی گوجر:** جناب سپیکر میری گزارش ہے کہ پہلی بات جو وزیر موصوف صاحب نے فرمائی ہے کہ اس میں کسی جماعت کا ذکر نہیں اور آپ لے یہ کیسے محسوس کر لیا ہے کہ یہ آپ کی جماعت کی طرف اشارہ ہے تو میں یہ نہیں سمجھتا کہ وزیر موصوف کی ناقص عقل کی طرح میری جماعت بھی اتنی ناقص ہو کر وہ ایسے منصوبے تیار کرے۔ میں نے کبھی نہیں سوچا۔ نہ میں نے مسلم لیگ کا نام لیا ہے اور نہ میں اپنی جماعت کے متعلق اتنی سوچ رکھتا ہوں کہ وہ اس قسم کے منصوبے تیار کرتی ہے۔

(قطع کلامیاں)

**جناب سپیکر۔** آرڈر پلیز۔ چوہدری صاحب یہ الفاظ غیر پارلیمانی ہیں۔

**جناب وزیر زراعت۔** جناب سپیکر مجھے کوئی اعتراض نہیں۔ ان کی عقل بہر حال مجھ سے بہتر ہے۔ میں تو ناقص عقل رکھنے والا انسان ہوں۔

**چوہدری اصغر علی گوجر۔** جناب سپیکر میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں لیکن وزیر موصوف کسی پر اگر کیچڑ اچھالیں گے تو اس سے دوگنا کیچڑ ان کے منہ پہ اٹھے گا۔ یہ انہیں سوچ لینا چاہیئے

(قطع کلامیاں)

**جناب سپیکر۔** آرڈر پلیز۔ لیکن چوہدری صاحب یہ وزیر زراعت کے کون سے الفاظ ہیں۔ جن کی آپ نشاندہی فرمارہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے کوئی قابل اعتراض بات آپ کے بارے میں یا آپ کی جماعت کے بارے میں نہیں کی۔

**چوہدری اصغر علی گوجر۔** وزیر موصوف نے یہ فرمایا کہ اس خبر سے ہم نے یہ بات نہیں کی۔ یہ بات اس خبر میں نہیں لکھی ہوئی کہ ان کی جماعت نے یہ منصوبہ بنایا حالانکہ میں نے تو یہ نہیں کہا کہ ان کی جماعت نے یہ منصوبہ بنایا ہے۔ انھوں نے یہ بات کہی کیوں ہے؟ ان کو کیا ضرورت پیش آئی؟ جب میں نے یہ بات نہیں کی۔ میں نے تو کہا کہ کسی جماعت نے ..... اور ایک خبر اگر آپ کے سامنے آئی ہے تو آپ کو معلوم کرنا چاہیئے کہ واقعتاً وہ کون سی جماعت ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔** وہ جماعت اسلامی ہے۔

**چوہدری اصغر علی گوجر۔** جماعت اسلامی کا نام لے کر بات کہہ دیگے تو ظاہر ہے کہ میں بھی کچھ بات کروں گا جو آپ کو صبر و تحمل سے سننی پڑے گی ... ۔

**جناب سپیکر۔** ملک طیب اعوان صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہتے ہیں۔

**ملک طیب خان اعوان۔** جس جماعت کا ایک فرد ایسے اچھے الفاظ استعمال کر سکتا ہے تو اس جماعت کا اندازہ وہ ممبر خود لگا سکتا ہے کہ وہ کتنی اچھی ہوگی۔

**جناب سپیکر۔** چوہدری صاحب میری عرض سن لیں میں آپ کو اختصار سے بتاتا ہوں کہ

ان کے پوائنٹس یہ ہیں کہ ایک تو یہ مسئلہ سندھ صوبے سے متعلق ہے۔ اور اس کو ہم پنجاب اسمبلی میں take up نہیں کر سکتے۔ دوسرا پوائنٹ میں آپ سے کہنا چاہتا ہوں۔ تحریک التوائے کار کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ single specific matter ہو۔ لیکن جہاں تک آپ کی تحریک التوا کا تعلق ہے۔ اس میں آپ کئی معاملات لاتے ہیں۔ ایک جماعت کا معاملہ دوسرا سینکڑوں لوگوں کے قتل کا معاملہ اور تیسرا اس میں ایک جماعت کے بارے میں خبر کو آپ زیر بحث لانا چاہتے ہیں کہ اس بارے میں یہ خبر آئی ہے۔ اور پھر آپ سندھ کے ان معاملات کو زیر بحث لانا چاہتے ہیں۔ آپ اس تحریک استحقاق میں بیک وقت کئی معاملات لے آئے ہیں۔ تحریک استحقاق میں مختلف معاملات کو take up نہیں کیا جا سکتا بلکہ ایک ہی معاملے کو ٹیک اپ کیا جا سکتا ہے۔ اس بارے میں آپ کیا ارشاد فرماتے ہیں ؟

**چوہدری اصغر علی گجر۔** میں یہ عرض کر رہا تھا کہ معاملہ تو دراصل ایک ہے۔ اور اس میں یہ چیزیں ہیں کہ ایک جماعت نے لندن میں یہ پلان تیار کیا اور اس کا انکشاف ہمارے ایک شہری نے کیا اور اس میں اس نے رقم کا بھی حوالہ دیا ہے اور اس شہر کا بھی حوالہ دیا ہے کہ لندن شہر میں بیٹھ کر کسی جماعت نے پلان تیار کیا اور اس میں چار ملین ڈالر رقم مخصوص کی گئی ہے۔ اس طرح بات تو ایک ہے اور اس سے یہ چیزیں نکلتی ہیں کہ یہ فسادات جو ہوئے ہیں۔ یا قتل و غارت ہوئی ہے۔ بلکہ یہ اس ایک چیز کی تنا خیں ہیں۔

**جناب سپیکر۔** چوہدری صاحب آپ اس میں کیا زیر بحث لانا چاہتے ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ ہاؤس کی ساری کارروائی کو ملتوی کر دیا جائے اور اس خبر سے بڑی سنگین صورت حال پیدا ہو گئی ہے اس کو زیر بحث لایا جائے۔ اس میں آپ کیا زیر بحث لانا چاہتے ہیں۔

**چوہدری اصغر علی گجر۔** میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کم از کم اس ملک میں اتنے بڑے فسادات اور اتنے بڑے بڑے واقعات رونما ہوتے ہیں۔ ان کا انکشاف ایک شخص کی طرف سے ہو رہا ہے ہمیں اس سے استفادہ کر لینا چاہیئے اور اس سے اگر ہم استفادہ کریں گے تو آئندہ کیلئے ان حالات سے بچ نکلیں گے جو کہ اس سے پہلے ہمارے ملک میں پیش آ چکے ہیں۔ ہمیں یہ معلوم ہو سکے گا کہ وہ کون لوگ ہیں جو لندن میں بیٹھ کر ہماری قوم اور ملک کے خلاف پیسہ بھی خرچ کرتے ہیں اور قوم

کے خلاف سازشیں بھی کرتے ہیں یہ بھی ایک بات ہے۔ اس کو انتہائی ضروری بات سمجھا جائے۔

**جناب سپیکر۔** لیکن چوہدری صاحب ہمارے قواعد میں یہ واضح ہے کہ ہم انہیں معاملات کو زیر بحث لا سکتے ہیں جو ہماری jurisdiction میں ہیں۔ اس کے علاوہ سندھ میں رونما ہونے والے بلاشبہ قومی معاملات ہیں لیکن کیا ہم ان کو یہاں زیر بحث لا سکتے ہیں ؟

**چوہدری اصغر علی گجر۔** سندھ کے واقعات کو تو ہم یہاں زیر بحث نہیں لا سکتے۔

**جناب سپیکر۔** یہ تو ہم اس کو یہاں زیر بحث نہیں لا سکتے۔
Sorry it is ruled out of order اور تحاریک التوائے کار کا وقت ختم ہوتا ہے۔ اب ہم مسودہ قانون کو لیتے ہیں۔

# مسودہ قانون

## مسودہ قانون (ترمیم) (تنخواہیں، بھتاجات اور استحقاقات برائے (اراکین صوبائی اسمبلی پنجاب) مصدرہ ۱۹۸۷ء

**جناب وزیر قانون۔**

**MINISTER FOR LAW :** Sir, allow me to introduce :-

"The Punjab Provincial Assembly (Salaries, Allowances and Privileges of Members) (Amendment) Bill, 1987.

**MR SPEAKER :** "The Punjab Provinical Assembly (Salaries, Allowances and Privileges of Member s) (Amendment) Pill, 1987 has been introduced.

It is referred to the relavant Standing Committeet for report upto 25th March, 1987.

**چوہدری ارشاد علی۔** پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب والا! اس بل کے صفحہ ۲ پر انگریزی میں لکھا ہوا ہے۔ A Member of the National Assembly is entitled to travel

vouchers equal to Rs. 15,000 or in lieu thereof, ..............

**جناب سپیکر۔** ابھی تو یہ بل پیش ہوا ہے اور اسے standing Committee کو بھیج دیا گیا ہے۔ جب اس کی reading شروع ہو گی تو اس پہ بات کیجئے گا۔

**چوہدری ارشاد علی۔** جناب والا، اس میں لکھا ہے۔ اس کی میں درستی چاہتا ہوں۔ نیشنل اسمبلی کے لیے ۱۵ ہزار روپیہ لکھا ہے۔ جبکہ نیشنل اسمبلی کے لیے ہی ۳۰ ہزار روپیہ منظور ہوا ہے۔ یہاں یہ غلط لکھا ہے۔

**جناب سپیکر۔** جب اس بل پہ بحث ہوگی تو یہی بات آپ اس وقت کیجئے گا۔

**رانا پھول محمد خاں۔** standing Committee کی رپورٹ کے لیے کوئی قریبی تاریخ مقرر کریں۔

**جناب سپیکر۔** ۲۵ مارچ ۱۹۸۸ء مقرر کی گئی ہے۔ اجلاس ۲۲ مارچ ۴ بجے سہ پہر تک کے لیے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر اجلاس ۲۲ مارچ ۴ بجے سہ پہر تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا)

# صوبائی اسمبلی پنجاب

# مباحثات

## اتوار ۲۲ مارچ ۱۹۸۷ء

(یک شنبہ ۲۱ رجب ۱۴۰۷ھ)

جلد ۹ —— شمارہ ۲

## سرکاری رپورٹ

## مندرجات

اتوار ۲۲ مارچ ۱۹۸۷ء


صفحہ نمبر

تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ ---------- ۴۹

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات ---------- ۵۰

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے) ---------- ۸۰

مسئلہ استحقاق ---------- ۹۹

(۱) صوبائی اسمبلی پنجاب کی مجالس قائمہ کو توڑنے اور از سر نو تشکیل دینے کا معاملہ ---------- ۹۹

(۱۱) جملہ مجالس قائمہ کی از سر نو تشکیل ---------- ۱۰۳

اراکین اسمبلی کی رخصت ---------- ۱۱۸

تحاریک التوائے کار ---------- ۱۲۳

(۱) مسیحی تعلیمی اداروں کی واپسی پر اساتذہ میں تشویش کا اظہار ---------- ۱۲۶

(۱۱) کراچی کے فسادات کا معاملہ ---------- ۱۲۸

(۱۱۱) پیر صاحب پگارا شریف کی طرف سے پنجاب کے عوام کے بارے میں ریمارکس ---------- ۱۳۱

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## صوبائی اسمبلی پنجاب کا نواں اجلاس

اتوار ۲۲ مارچ ۱۹۸۷ء

(یک شنبہ ۲۱ رجب ۱۴۰۷ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر لاہور میں ۴۰۰ بجے شام منعقد ہوا جناب سپیکر میاں منظور احمد وٹو کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت قرآن پاک اور اُس کا اردو ترجمہ قاری علی حسین صدیقی نے پیش کیا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ○

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ○ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○

(س مائدہ - آیات ۷ - ۹ - ۱۱)

اور اللہ نے جو احسان تم پر کئے ہیں۔ ان کو یاد کرو اور اُس عہد کو بھی جس کا تم سے اُس نے قول لیا تھا۔ کہ جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے اللہ کا حکم سن لیا اور قبول کر کے اطاعت بھی کی۔ تو تم اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ تو دلوں کی باتوں تک سے باخبر ہے۔

اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے و نیک کام کرتے رہے۔ اُن سے اللہ نے وعدہ کیا ہے کہ ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے۔

اے ایمان والو! اللہ نے جو تم پر احسان کیا ہے۔ اس کو یاد کرو کہ جب ایک جماعت نے ارادہ کر لیا تھا کہ تم پر دست درازی کرے تو اُس نے اُن کے ہاتھ تمہاری طرف بڑھنے سے روک دیئے۔ پس صرف اللہ ہی سے ڈرا کرو۔ اور ایمان والوں کو تو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔

وما علینا الا البلاغ

# نشان زدہ سوالات اور اُن کے جوابات

جناب سپیکر : وقفہ سوالات ہے۔

( سوالات نمبر ۴۶۶ ، ۴۶۷ اور ۵۸۴ پیش نہ کیے گئے )

سوال نمبر ۶۶۶

## چھوٹے شہروں میں کھیلوں کے فروغ کے لئے اقدامات

٭666 (الف) جناب انوار الحق پراچہ - کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ حکومت چھوٹے شہروں میں کھیلوں کے فروغ کے لیے کیا اقدامات کر رہی ہے۔ اور اس سلسلے میں کتنی رقم رکھی گئی ہے؟

وزیر تعلیم (چوہدری مختار حسین)

حکومت چھوٹے شہروں میں کھیلوں کے فروغ کے لیے جو اقدامات کرتی - اور اس سلسلہ میں جو رقم خرچ کی جاتی ہے۔ ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

۱ - حکومت نے کھیلوں کے فروغ کے لیے ہر ضلع اور ہر تحصیل کی سطح پر ضلعی اور تحصیل سپورٹس کمیٹیاں قائم کر رکھی ہیں۔ ان کو پنجاب سپورٹس بورڈ کے توسط سے بیس ہزار روپے سالانہ گرانٹس دی جاتی ہے۔ علاوہ ازیں لوکل باڈیز کے بجٹ کا ایک فیصد حصہ بھی کھیلوں کی ترویج و ترقی کے لیے مختص ہوتا ہے۔ جس میں ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ سپورٹس کمیٹیوں کا حصہ ۵۰ فیصد ہے۔

۲ - ہر ضلع میں بیس بیس کلبوں یا کھیل کی تنظیموں کو ۸۰۰۰ روپے فی تنظیم سالانہ گرانٹ دی جاتی ہے۔ اس طرح ہر ضلع میں کھیلوں کے فروغ کے لیے ایک لاکھ ساٹھ ہزار روپیہ سالانہ خرچ ہوتا ہے۔ یہ رقم چھوٹے شہروں میں بھی خرچ ہوتی ہے۔

۳ - ہر سال ۱۴ اور ۱۶ سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کے مابین انٹر تحصیل انٹر ڈسٹرکٹ اور انٹر ڈویژن مقابلہ جات بھی منعقد کیے جاتے ہیں - جن میں چھوٹے بڑے شہر کی کوئی تخصیص نہیں ان مقابلوں میں ہر جگہ سے کھلاڑی حصہ لیتے ہیں۔

۴ - ہر ڈویژن میں مختلف تعلیمی اداروں کے لیے ۵۰ ہزار روپے کی گرانٹ دی جاتی ہے

اور دیگر اداروں کے لیے ۴۰ ہزار روپے سالانہ گرانٹ دی جاتی ہے۔ نیز کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے اچھے کھلاڑیوں کو خصوصی وظائف دیئے جاتے ہیں۔ اس سال ۱۲۰،۹۳،۸۷،۰۰ روپے اس کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔

جناب سپیکر۔ اس سوال کا جواب پڑھا گیا تصور کیا جاتا ہے۔ کوئی ضمنی سوال ہے؟

## سنٹرل لائبریری بہاولپور میں گریڈ ۱۵ کی آسامی پر تعیناتی

★687 بیگم نجمہ تابش الوری۔ کیا وزیر تعلیم از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ صوبائی حکومت کے قواعد وضوابط اور محکمہ سروسز و جنرل ایڈمنسٹریشن کی تحریری ہدایات کے مطابق سکیل نمبر ۱۵ تک کی آسامیوں پر تقرری کے لیے متعلقہ ڈویژن کا ڈومیسائل ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اگر سکیل نمبر ۱۵ کا کوئی امیدوار متعلقہ ڈویژن کا ڈومیسائل نہ ہو اور اس کی تقرری کالعدم تصور ہوگی۔

(ج) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ محکمہ سنٹرل لائبریری بہاولپور میں گذشتہ تین ماہ کے دوران گریڈ ۱۵ تک کی آسامیوں پر تقرریاں کی گئی ہیں اگر ایسا ہے تو ان تمام آسامیوں پر منتخبہ یا تقرر شدہ افراد کے نام کیا ہیں۔ اور ان کے ڈومیسائل کے مقام کیا ہیں۔

(د) کیا سنٹرل لائبریری کی ان آسامیوں پر تقرری کرتے وقت صوبائی حکومت کی ڈومیسائل سے متعلق متذکرہ ہدایت پر عمل کیا گیا ہے۔ اگر نہیں تو اس کی وجوہ کیا ہیں؟

**وزیر تعلیم**

(الف) یہ درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) اکتوبر ۱۹۸۶ء میں مقامی لوگوں سے درخواستیں طلب کی گئیں اور حسب ذیل افراد کی تقرری کی گئی۔

(۱) مقصود احمد، کیٹالاگر، بنیادی سکیل ۔ ۸

۲۔ مسز عائشہ جاوید، کیٹا لاگر ....

جناب سپیکر : کیا اس سوال کا جواب تبدیل ہو گیا ہے ؟

وزیر تعلیم : اس میں تبدیلی کی اطلاع دی ہے ۔

جناب سپیکر : اس میں تبدیلی کی اطلاع میرے پاس نہیں ہے۔ کیا ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے اطلاع دی گئی ہے ؟

وزیر تعلیم : جناب والا، میں عرض کرتا ہوں۔ یہ سوال پرانا تھا۔ اس کو نئے سرے مرتب کرنا پڑا تھا۔

جناب سپیکر : ٹھیک ہے۔ آپ جواب پڑھیں۔ اس میں آئندہ تھوڑی سی احتیاط کر لی جائے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ کو اطلاع کر دی جائے تاکہ کم ازکم میں اپنے جواب کو درست کر لوں۔ اگر مناسب ہو تو یہ وقت پر ہو جائے تاکہ ہم ممبران میں بھی تقسیم کر سکیں ۔

وزیر تعلیم : معافی چاہتا ہوں۔ ہم نے کوشش تو پوری کی تھی لیکن پھر بھی ایسا نہیں کر سکے ۔

جناب سپیکر : چوہدری صاحب، ٹھیک ہے۔

وزیر تعلیم :

۳۔ حافظ حبیب الرحمٰن، الیکٹریشن، بنیادی سکیل - ۶

۴۔ غلام مصطفےٰ، فیض احمد، کاؤنٹر کلرک بنیادی سکیل - ۵

۵۔ محمد گلزار، شیلو راور نصرت علی، شیلور، بنیادی سکیل - ۵

۶۔ مختار حسین دفتری، بنیادی سکیل - ۲

۷۔ حافظ عبدالخالق، ڈیسپچ رائیڈر، ایک اس کے علاوہ ایک سابق فوجی صدر خان

کو بطور سیکورٹی افسر سکیل - ۱۴ میں تعینات کیا گیا۔
(د) جناب والا، ان کی تقرری کے وقت یہ پورا خیال رکھا گیا کہ ان کی تقرری ان کے ڈویژن کے ڈومیسائل کے مطابق کی جائے۔ اور یہ نو کے نو افراد بہاولپور ڈویژن سے تعلق رکھتے ہیں۔ سوائے اس سابقہ فوجی کے کہ جس پر ڈومیسائل کی شرط لاگو نہیں ہوتی اور وہ اس سے مستثنےٰ ہوتے ہیں۔

# ہیڈ ماسٹروں اور ہیڈ مسٹریسوں کی تعیناتی میں تاخیر

★875 حاجی سردار خان کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔
(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم پنجاب نے نوٹیفکیشن نمبر ۱۷ - ۴۷/۴۳ - ۵ (SO(NS مورخہ یکم اگست ۱۹۸۵ء کے تحت ۹ ہیڈ ماسٹروں اور پانچ ہیڈ مسٹریسز کو ان تعیناتی کی جگہوں سے ہٹا کر ڈویژنل ڈائریکٹرز کے دفاتر میں بٹھا رکھا ہے اور ان کو تا حال کہیں تعینات نہیں کیا گیا اور گزشتہ تین ماہ سے انہیں تنخواہیں بھی ادا نہیں کی جا رہی ہیں۔
(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو مذکورہ بالا اساتذہ کو تاحال کسی دوسری جگہ تعینات نہ کرنے اور ان کو تنخواہیں نہ دینے کی کیا وجوہات ہیں؟

وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)
(الف) جی ہاں۔ سپریم کورٹ کے فیصلہ پر عملدرآمد کے لیے ۲۰۰ ہیڈ ماسٹرز اور ہیڈ مسٹریسز کو سینیارٹی کے مطابق ماہرین مضمون مقرر کیا گیا۔ ماہرین مضمون کی آسامیاں کم پڑ جانے کی وجہ سے محکمہ خزانہ سے آٹھ مزید آسامیوں کے لیے رجوع کرنا پڑا اور اس سلسلے میں تنخواہوں کی ادائیگی میں کچھ تاخیر بھی ہوئی۔
(ب) نوٹیفکیشن نمبر (۱۷) ۷۶/۴۳ - ۵ (SO(NS مورخہ ۲۵ ۲/۸۶ کے تحت انہیں مورخہ ۸۵ - ۸ - ۱ سے ماہرین مضمون کے عہدوں پر تعینات کر دیا گیا تھا۔ اور ان کو اب تنخواہیں باقاعدگی سے مل رہی ہیں۔

وزیر تعلیم : جواب (الف) سپریم کورٹ کے فیصلہ جات مورخہ ۱۰ نومبر ۱۹۸۱ء - ۳۰ مئی
۸۵ ء پر عملدرآمد کے لیے متعدد قومیائے گئے سکولوں کے ہیڈ ماسٹر اور ہیڈ مسٹرس صاحبان کو
ان کی تعیناتی کی جگہ سے ہٹا کر دوبارہ درجہ بندی کی گئی - اس سلسلے میں محکمہ خزانہ سے ایس ایس ٹی
کی ۱۹۶ آسامیوں بطور ماہرین اپ گریڈ کرایا گیا۔

جناب سپیکر - اگلا سوال سوال نمبر ۸۷۶ طبع شدہ پڑھا گیا تصور ہو گا۔

# نیشنلائزڈ کیڈر کے اساتذہ کی بحیثیت ماہرین مضمون تعیناتی

★876 حاجی سردار خاں : کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-
(الف) کیا یہ درست ہے کہ ہائی سکولوں میں ہائر سیکنڈری کلاسوں کے اجراء پر سکیل نمبر ۱۷
میں ماہرین مضمون کی نئی آسامیوں پر گورنمنٹ کیڈر کے ہیڈ ماسٹروں کو تعینات کیا گیا ہے۔
(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ان نئی آسامیوں پر نیشنلائزڈ کیڈر کے ٹیچر کو جن کی تعلیمی قابلیت
ایم اے - ایم - ایس - سی - ہے تعینات نہیں کیا گیا۔
(ج) کیا متذکرہ تعیناتیوں کے لیے کوئی باقاعدہ سکیم وضع کی گئی اور قواعد وضوابط بھی مرتب
کئے گئے ہیں۔
(د) اگر جزدہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو نیشنلائزڈ کیڈر کے ان اساتذہ کو ان کے
اس حق سے محروم رکھنے کی کیا وجوہات ہیں ؟

وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)
(الف) جنرل کیڈر کے چند ہیڈ ماسٹروں کو جو کہ سکیل نمبر ۱۷ میں تنخواہ لے رہے تھے۔ تدریسی
فرائض کی بجا آوری کے لیے عبوری طور پر بطور ماہر مضمون تعینات کیا گیا ہے۔
(ب) درست ہے۔
(ج) سکیم وضع ہو چکی ہے اور ماہرین مضمون کے تقرر کے لیے انٹرویو بھی ہو چکے ہیں۔
قواعد وضوابط بھی مرتب ہو رہے ہیں۔

(د) چونکہ ابھی تک ماہرین مضمون کی تقریباں اساتذہ کے اپنے پہلے سکیلوں میں ہی عبوری طور پہ کی گئی لہذا کسی کی کوئی حق تلفی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

میاں فضل حق ۔ وزیر تعلیم صاحب سوال کا جواب آدھا پڑھتے ہیں اور آپ فرما دیتے کہ یہ پڑھا ہوا تصور ہو گا۔ اگر ایسا طریقہ کار ہے کہ جواب پڑھنے سے پہلے ایسا کہہ دیا جائے تو پھر تو درست ہے۔

جناب سپیکر: یہ کہا جا سکتا ہے۔

میاں فضل حق ۔ شکریہ جناب

جناب سپیکر: سوال نمبر ۹۶۳

## گورنمنٹ کمپری ہنیو سکول کے ہوسٹل کی عمارت کی واگذاری

**963★** بیگم نجمہ تابش الوری ۔ کیا وزیر تعلیم از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ گورنمنٹ کمپری ہنیو سکول برائے طالبات وحدت روڈ لاہور کے ساتھ ہوسٹل کی بلڈنگ تعمیر کی گئی تھی اگر ایسا ہے تو اس ہوسٹل کی بلڈنگ کے کتنے کمرے ہیں اور ان سے کتنے سکول ہذا کے قبضہ میں ہیں اور باقیماندہ کمروں میں سے کتنے کمرے کن کن سکولوں اور تعلیمی اداروں کو دیئے گئے ہیں۔

(ب) کیا یہ حقیقت ہے کہ سکول ہذا میں بورڈ کا طالبات کے داخلے کے لیے دباؤ بہت زیادہ ہے۔ مگر سکول انتظامیہ اپنی جگہ دوسرے اداروں کے قبضہ میں ہونے کی وجہ سے مطلوبہ تعداد میں داخلے دینے سے قاصر ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ سکول انتظامیہ نے اپنے کمروں کو واگذار کرنے کے لیے حکومت سے درخواست کی ہے جس پر ابھی تک کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔

(د) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ سکول ہذا کے کمروں پر ناجائز قابض تعلیمی اداروں میں سے ایک کی عمارت زیر تعمیر ہے اور دوسرے کو بھی زمین مل چکی ہے۔ اگر ایسا ہے تو زمین کا

محل وقوع بتایا جائے۔

(ہ) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ ان میں سے ایک سکول کو عمارت کی تعمیر کے لیے رقم بھی منظور ہو چکی ہے اگر ایسا ہے تو کتنی رقم منظور کی گئی ہے۔

(و) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو حکومت مذکورہ سکول کے ہوسٹل کی عمارت واگزار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اس کی وجوہ کیا ہیں؟

## وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ سکول ہذا کے متصل ہوسٹل بلڈنگ تعمیر کی گئی تھی جس کے کل ۶۴ کمرے ہیں ان میں سے ۴ کمرے سکول ہذا کے تصرف میں ہیں جبکہ ۳۰ کمرے اور ۲ ہال گورنمنٹ کالج آف فزیکل ایجوکیشن برائے خواتین اور ۳۰ کمرے گورنمنٹ جونیئر ماڈل سکول وحدت روڈ کے تصرف میں ہیں۔

(ب) جی نہیں اس سکول میں بورڈر طالبات کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے اور سکول پر بورڈر طالبات کے داخلے کا کوئی دباؤ نہیں۔ ہوسٹل میں ۶۹ طالبات کے ٹھہرنے کی گنجائش ہے اور سکول ہذا کی ۴ طالبات ہوسٹل میں مقیم ہیں۔

(ج) یہ سکول محکمہ تعلیم کا حصہ ہے اور محکمے کو سکول کی ضروریات کا پورا علم ہے۔ جب گورنمنٹ کالج آف فزیکل ایجوکیشن برائے طالبات کی عمارت مکمل ہو جائے گی تو اس کالج کے تصرف میں جو کمرے ہیں وہ سکول ہذا کو واگزار کر دیئے جائیں گے۔

(د) یہ کہنا صحیح نہیں کہ کسی تعلیمی ادارے نے سکول ہذا کے کمروں پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہے سکول ہذا کی عمارت محکمہ تعلیم کی ملکیت ہے اور محکمہ نے عارضی طور پر دو دوسرے تعلیمی اداروں کو اس کے ہاسٹل کے کچھ کمروں کے استعمال کی اجازت دی تھی گورنمنٹ کالج آف فزیکل ایجوکیشن برائے خواتین کی عمارت زیر تعمیر ہے لیکن جونیئر ماڈل سکول وحدت روڈ لاہور کے لیے فی الحال کوئی قطعہ زمین حاصل نہیں ہو سکا۔

(ہ) گورنمنٹ جونیئر ماڈل سکول وحدت روڈ کی عمارت کی تعمیر کے لیے ۳۸ و ۱۲ لاکھ روپے منظور ہو چکے ہیں۔ چونکہ سکول ہذا کی عمارت کے لیے جگہ دستیاب نہیں ہو سکی۔ اس لیے فیصلہ کیا گیا کہ اس رقم سے علامہ اقبال ٹاؤن میں ایک نیا جونیئر ماڈل سکول قائم کر دیا جائے

اور یہ جونیئر ماڈل سکول کمہری ہنیوگرلز سکول کے فیڈر سکول کے طور پر ہوسٹل کے ایک حصّے میں قائم رہے یاد رہے کہ اس جونیئر ماڈل سکول کو کہیں اور منتقل کرنے سے وحدت کالونی اور اس سے ملحقہ آبادیوں کے کم عمر طالب علموں کو بے پناہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

(و) کمہری ہنیوسکول برائے طالبات وحدت روڈ میں زیادہ تر بچیاں قریبی آبادیوں سے پڑھنے آتی ہیں۔ اس لیے سکول کو ہوسٹل کی ضرورت زیادہ نہیں چونکہ ہوسٹل کی عمارت ایک مدت تک خالی پڑی رہی اس لیے اسے مذکورہ تعلیمی اداروں کے مصرف میں لایا گیا ہے۔ گورنمنٹ کالج آف فزیکل ایجوکیشن برائے طالبات کے لیے ہوسٹل زیر تعمیر ہے ہوسٹل تعمیر ہوتے ہی اس کے زیر تصرف ۳۰ کمرے اور ہال خالی ہو جائیں گے۔ تاہم جو جونیئر ماڈل سکول وحدت روڈ سے عمارت واگذار کا کوئی جواز نہیں۔ یہ سکول اس علاقے کے نوخیز طلباء و طالبات کی تعلیمی ضروریات کے لیے ضروری ہے اور اس کے لیے کوئی اور عمارت اس علاقے میں حاصل نہیں ہو سکتی۔

**جناب سپیکر۔ سوال نمبر ۹۶۹**

## انٹر کالج راوی روڈ کی تعمیر

**★969** میاں محمود احمد۔ کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ گورنمنٹ انٹر کالج راوی روڈ کی تعمیر کے لیے حکومت نے ۱۵ء لاکھ روپے کی منظوری دے دی ہے۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ مذکورہ کالج ہذا کی تعمیر کے لیے زمین حاصل کر کے پلان بھی تیار کیا جا چکا ہے۔ اگر ایسا ہے تو ابھی تک کام نہ کرنے کی وجوہ کیا ہیں اور کیا حکومت مذکورہ کالج کی عمارت جلد تعمیر کرانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اگر ہاں تو کب تک، اگر نہیں تو اس کی وجوہ کیا ہیں؟

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) یہ حقیقت ہے کہ انٹر کالج برائے طلبہ راوی روڈ لاہور کی عمارت کی تعمیر کے لیے ۱۶ ، ۳۷ لاکھ کی سکیم منظور کی گئی تھی۔ اور سالانہ ترقیاتی پروگرام ۸۶ - ۱۹۸۵ء مبلغ پندرہ لاکھ روپے مختص کئے گئے تھے۔

(ب) کالج مذکورہ کی عمارت کی تعمیر سال ۸۶ - ۱۹۸۵ء میں شروع ہو گئی تھی۔ ۸۷-۱۹۸۶ء میں ۳۰ لاکھ ۷۶ ہزار روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔ اس سکیم پر عملدرآمد ہو رہا ہے اس سال ۷۲ ، ۱۹ لاکھ خرچ ہو چکا ہے۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ** - وزیر موصوف نے سوال کے جزو الف میں یہ فرمایا ہے کہ ۸۶ - ۱۹۸۵ء میں مبلغ ۱۶ ، ۳۷ لاکھ روپے مختص کئے گئے تھے لہذا میں ان سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ کیا رقم ۸۶ - ۱۹۸۵ء کے دوران خرچ ہو گئی تھی اگر نہیں ہوئی تھی اگر نہیں ہوئی تھی تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔

**وزیر تعلیم** - جناب سپیکر ۸۶ - ۱۹۸۵ء میں مبلغ ۱۵ لاکھ روپے مختص کئے گئے تھے۔ اور اس کے بعد ۸۷ - ۱۹۸۶ء میں مزید رقم اس کی تعمیر کے لیے مختص کی گئی تھی۔ اگر وہ ۱۵ لاکھ روپے خرچ نہ ہوتے تو میرے خیال میں ۳۰ لاکھ روپے مختص کرنے کی ضرورت نہ ہوتی۔

**جناب سپیکر** - اگلا سوال میاں محمود احمد صاحب سوال نمبر ۹۷۰ - سوال کنندہ موجود نہیں تھا۔

**جناب سپیکر** - سوال نمبر ۹۸۸

# اولڈ ایج بینیفٹ سکیم کے تحت نوٹسوں کا اجراء

★**988** مولانا منظور احمد چنیوٹی - کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو اولڈ ایج بینیفٹ کی ادائیگی کے لیے نوٹس جاری کئے جا رہے ہیں۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ اولڈ ایج بینیفٹ سکیم محکمہ محنت سے متعلق ہے اور اس کا تعلیمی اداروں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو تعلیمی اداروں کو اولڈ ایج بینیفٹ سکیم کے تحت نوٹس جاری کرنے کی کیا وجوہات ہیں۔

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)

اولڈ ایج بینیفٹ سکیم کا تعلق محکمہ محنت کی طرف سے موصول ہونے والے جواب کے مطابق ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشنز EMPLOYES OF OLD AGE BENEFIT INSTITUTIONS سے ہے جو وفاقی حکومت کے تحت کراچی میں کام کر رہا ہے۔ چونکہ معاملہ صوبائی محکمہ تعلیم سے متعلق نہیں ہے۔ لہٰذا جواب دیا جانا مشکل ہے۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی** - کیا یہ درست ہے کہ Old Age Benefit Seheme محکمہ محنت سے متعلق ہے۔ اور اس کا تعلیمی اداروں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ پھر اس کے لیے تعلیمی اداروں کو کیوں نوٹس دیا جا رہا ہے۔

**وزیر تعلیم** - جناب والا کیا میں فاضل رکن سے آپ کے توسط سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ یہ کون سے تعلیمی ادارے کی بات کر رہے ہیں۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی** - بہت سے تعلیمی ادارے ہیں۔

**جناب سپیکر** - انصاری صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

**جناب محمد صدیق انصاری** - جناب سپیکر کیا یہ رولز میں موجود ہے کہ جناب وزیر

بھی معزز رکن یہ سوال کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ انھوں نے کیا۔

**جناب سپیکر** ۔ جی اپنی بات کی وضاحت کرنے کے لیے وہ کسی بات کی وضاحت طلب کر سکتے ہیں۔ وزیر تعلیم آپ سے یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں۔ وہ کون سے تعلیمی ادارے ہیں۔ جن کو نوٹسز دیئے گئے ہیں۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی** ۔ اس وقت جناب والا گوجرانوالہ میں ایک تعلیمی ادارہ ہے میں اس کا بتا سکتا ہوں مجھے زیادہ تفصیل تو معلوم نہیں ہے۔ گوجرانوالہ میں یہ ادارہ ہے۔ انھوں نے مجھے بتایا ہے کہ ان کو یہ نوٹس ملے ہیں۔

**جناب سپیکر** ۔ آپ کو اس کا حوالہ دینا چاہیئے تھا کہ فلاں تعلیمی ادارہ کو نوٹس کیوں دیا گیا ہے۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی** ۔ جناب والا یہ ایک ادارہ نہیں ہے۔ کافی تعلیمی اداروں کو نوٹس ملے ہیں۔

**جناب سپیکر** ۔ جب آپ بتائیں گے نہیں تو وہ کیا جواب دیں گے۔ انھوں نے تو اس بات کا جواب میں ذکر ہی نہیں کیا ہے۔ یہ تو کہتے ہیں کہ یہ وفاقی حکومت کے ماتحت ہیں

**مولانا منظور احمد چنیوٹی** ۔ سوال یہ ہے کہ محکمہ تعلیم کو کیوں نوٹس دیا جا رہا ہے۔ پہلے فاضل وزیر صاحب اس کی تردید کریں تو پھر میں اس کے ثبوت پیش کروں گا۔

**وزیر تعلیم** ۔ جناب والا میں دوبارہ گذارش کروں گا کہ وہ از راہ کرم اس ادارہ کا نام بتا دیں۔ اور وہ نوٹس مجھے دکھا دیں۔ اگر کوئی ایسا نوٹس گیا ہے تو اس کے متعلق بات ہو سکتی ہے لیکن بنیادی بات یہ ہے کہ یہ معاملہ صوبائی حکومت کا نہیں ہے۔ یہ فیڈرل حکومت کا ہے۔ اگر فاضل رکن یہ سمجھتے ہیں کہ جس تعلیمی ادارہ کو نوٹس دیا گیا ہے۔ وہ قانون کے مطابق نہیں دینا چاہیئے تھا۔ اور یہ ادارہ ایسا

ادارہ ہے جو اسس کی زد میں نہیں آتا۔ اس کے متعلق علیحدہ سوال بھی کیا جا سکتا ہے اور اسمبلی کے بعد بات چیت بھی کی جا سکتی ہے۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی** : کیا وزیر موصوف اسس کے ازالہ کے لیئے کوئی قدم اٹھائیں گے۔

**جناب سپیکر** :۔ مولانا صاحب آپ نے ان کی بات سن لی ہو گی۔ وہ فرما رہے ہیں کہ آپ اجلاس کے بعد بھی بات کر سکتے ہیں اور وہ اسس کے ازالے کی کوشش کریں گے۔ سوالنمبر ۹۸۹۔

## انڈسٹریل آرٹس کورس کے فارغ التحصیل طلباء کا نوٹیفیکیشن

★989 **مولانا منظور احمد چنیوٹی** :۔ کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ وفاقی حکومت کی ہدایات پر مراسلہ جات نمبری - ایف ۱-۴-۱-۷۶/اے ٹی ٹی / ۷۷-۱۹۷۷ اور نمبری ایس او (ای) ۱-۴۴-۷۹-۷ مورخہ ۲ جنوری ۱۹۸۰ء کے مطابق دو سالہ ڈپلومہ انڈسٹریل آرٹس ایجوکیشن کورس گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹیچرز ٹریننگ کالج فیصل آباد سے شروع کیا گیا۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ متذکرہ بالا کورس سے چار فارغ التحصیل گروپوں پر لاکھوں روپے خرچ کیے جا چکے ہوں اور موجودہ زیر تعلیم طلباء پر کافی رقم صرف کی جا رہی ہے۔ مگر ابھی تک فارغ التحصیل ہونے والوں کا بطور ایس ایس ٹی ٹیکنیکل ٹیچرز نوٹیفکیشن نہیں ہوا۔ نتیجتاً ان پاس شدہ طلباء کی ٹریننگ بے مقصد ہو کر رہ گئی ہے۔

(ج) اگر جز دہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت متذکرہ فارغ التحصیل ہونے والوں کا فی الفور نوٹیفکیشن کرنے کو تیار ہے؟

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) جی ہاں۔

(ب) ڈپلومہ ہولڈر طلباء کی بطور ایس ایس ٹی (ٹیک) تعیناتی کے لیئے نوٹیفکیشن کا

اجراء زیر غور نہیں۔

(ج) ڈپلومہ کورس کی میعاد میٹرک کے بعد چار سال ہے جبکہ بی۔ اے۔ بی۔ ایڈ کے لیئے پانچ سال درکار ہوتے ہیں۔ اس لیئے ڈپلومہ ہولڈر طلبار بی اے۔ بی ایڈ ڈگری رکھنے والے طلبار کے برابر نہیں۔ قواعد کے مطابق سکیل نمبر ۱۵ میں ایس ایس ٹی کی آسامی کے لیئے بنیادی تعلیم بی اے۔ بی ایڈ ہے۔ چونکہ مذکورہ ڈپلومہ کا کورس بی۔ اے۔ بی ایڈ کے متبادل نہیں۔ اس لئے ڈپلومہ ہولڈرز کی بطور ایس ایس ٹی (ٹیک) تعیناتی کا مسئلہ زیر غور نہیں ہے۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی:** کیا میں وزیر موصوف سے یہ پوچھ سکتا ہوں کہ اگر یہ زیر غور نہیں ہے تو جن طلبار نے چار سال لگا کر ڈپلومہ حاصل کیا اور جن پر حکومت کے لاکھوں کروڑوں روپے خرچ ہوئے ہیں وہ ابھی تک بیکار ہیں۔ اس کا آپ کیا حل سوچ رہے ہیں کیا وہ اسی طرح بے کار پھرتے رہیں گے یا کوئی ان کا حل ہے انہوں نے بھی چار سال کے بعد ڈپلومہ حاصل کیا اور حکومت کے بھی لاکھوں روپے خرچ ہوئے اور وہ ابھی تک بیکار پھر رہے ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ زیر غور نہیں ہے۔ آخر ان کے لیئے آپ کیا سوچ رہے ہیں۔

**وزیر تعلیم:** جناب والا اس ادارے سے فارغ التحصیل طلباء بیکار نہیں پھر رہے ہیں۔ وہ اے ایس ٹی کی آسامیوں پر کام کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی اگر آپ مجھے اجازت دیں تاکہ میں اس ادارے کے متعلق پس منظر بیان کروں اور فاضل رکن کو تفصیلاً بتا دوں تاکہ معاملہ جو ابہام میں ہے وہ صاف ہو جائے۔

**جناب سپیکر:** ان کا سوال یہ ہے کہ جن طلبار نے یہ ڈپلومہ حاصل کیا اور وہ بے کار پھر رہے ہیں تو ان کے بارے میں آپ کیا سوچ رہے۔ اگر بیکار نہیں پھر رہے تو پھر کوئی بات نہیں۔

**وزیر تعلیم:** ہم ان کو اے ایس ٹی لے لیتے ہیں۔ ایس ایس ٹی اس لیئے نہیں لے سکتے کہ اُن کے کورس اور ایس ایس ٹی کے کورس میں ایک سال کا فرق ہے۔ اس لیئے وہ ان کے برابر نہیں سمجھے جا سکتے۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ:** کیا وزیر موصوف ازراہِ کرم یہ بتانا پسند فرمائیں

گے کہ انڈسٹریل آرٹس کا ڈپلومہ جو طلبار کے پاس ہوتا ہے۔ ان کو ڈی ایس ٹی جنرل کی پوسٹ پر تعینات کیا جاتا ہے۔ اس طرح سے طلبار کی تعلیم پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جبکہ انہوں نے نہ تو ای ایس ٹی کا کورس کیا ہوا ہوتا ہے۔ نہ ہی وہ ان مضامین کے متعلق کچھ جانتے ہیں۔ اس طرح طلبار کی تعلیم پر جو اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ اس کی ذمہ داری جناب وزیر تعلیم کس حد تک قبول کرنے کے لیئے تیار ہیں۔

**وزیر تعلیم** : جناب والا میں سمجھ نہیں سکا ای ایس ٹی جنرل پوسٹ کے خلاف کن خصوصی طلبار کی بات ہو رہی ہے یا یہ جنرل بات ہو رہی ہے۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ** : جناب والا میں نے یہ گذارش کی ہے کہ انڈسٹریل آرٹس ایجوکیشن کا ڈپلومہ جن لوگوں کے پاس ہوتا ہے۔ مدرسوں میں ان کا تقرر بطور ای ایس ٹی رننگ ہونا چاہیئے مگر اب تک پالیسی یہ رہی ہے کہ ای ایس ٹی ٹیکنیکل کو ای ایس ٹی کی جنرل پوسٹ پر تعینات کیا جا رہا ہے۔

**وزیر تعلیم** : جناب والا میں اس کے متعلق تھوڑا سا اس لیئے بتانا چاہتا ہوں ۱۹۷۶ء میں generalist کا اجلاس ہوا تھا۔ generalist کا مطلب یہ تھا کہ ای ایس ٹی لیول پر ایسے استاد تیار کر سکیں۔ جو ایگریکلچر، وڈ ورک، میٹل ورک، اور ووکیشنل مضامین پڑھ کر آ گئے بچوں کو سکول لیول پر تعلیم دے سکیں۔ لیکن چند وجوہات کی بناء پر وہ انڈسٹریل آرٹس ایجوکیشن کورس والا۔ جس قدر اچھے طریقے سے رائج ہونا چاہیئے تھا۔ وہ نہیں ہو سکا۔ اب یہ معاملہ دوبارہ فیڈرل حکومت کو بھیج دیا گیا ہے۔ اور اس پر غور ہو رہا ہے اگر آپ اس کو دوبارہ اچھے طریقے سے جاری کرنا چاہتے ہیں۔ تو نیا لائحہ عمل بنایا جائے تاکہ ایسے افراد جو کہ اس کالج سے یا اور اداروں سے تعلیم حاصل کر کے باہر آتے ہیں۔

**چوہدری فضل حسین راہی** : جناب والا یہ جواب نہیں ہے۔ یہ تو تقریر ہے جواب تو بڑا مختصر ہوتا ہے یہ تو پالیسی بیان دے رہے ہیں۔

**وزیر تعلیم** : جناب والا۔ میں تو اس کا پس منظر بتا رہا تھا۔ اگر فاضل رکن چاہتے ہیں تو میں نہیں بتاتا۔ لیکن اصل میں یہ معاملہ مرکزی حکومت کے زیر غور ہے اور جس وقت بھی فیصلہ ہوتا ہے۔ ہم انشاء اللہ اس کے مطابق ان کی تقرریاں کریں گے لیکن لیکن اس کے باوجود یہ عرض کروں گا کہ ای ایس ٹی ٹیکنیکل اگر جنرل کی پوزیشن پر لگا بھی

دیا جائے تو ان کے وہ کورس جو عام حالات میں وہ ای ایس ٹی میں پڑھتے ہیں۔ وہ تقریباً اس جگہ بھی پڑھائے جاتے ہیں اور ان کا یہ علم ان کو اضافی دیا جاتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر ان کو جنرل کی جگہ پر تعینات بھی کر دیا جائے تو بچوں کا نقصان نہیں ہوتا وہ مناسب تعلیم دیتے ہیں۔

**جناب سپیکر:** چوہدری صاحب ایس ایس ٹی کا کتنا کورس ہے؟

**وزیر تعلیم:** بی۔ اے کے بعد ایک سال کا۔

**جناب سپیکر:** اور جن کے بارے میں مولانا صاحب نے دریافت کیا ہے اُن کا کتنا کورس ہے؟

**وزیر تعلیم:** ان کا میٹرک کے بعد چار سال کا ہے۔

**جناب سپیکر:** مولانا صاحب کا سوال ہے کہ ان کی تقرری بطور ایس ایس ٹی نوٹیفکیشن کیوں نہیں ہوئی؟

**وزیر تعلیم:** جناب والا اس میں ایک سال کا فرق ہے۔

**جناب سپیکر:** ان کے کورسز میں پوزیشن کا فرق ہے جبکہ اس کی میعاد کا فرق ہے۔ ان کو برابر نہیں کیا جاتا۔

**وزیر تعلیم:** جناب یہی میرا جواب ہے۔

**میاں مختار اے شیخ:** جناب والا اس سلسلہ میں گذارش ہے کہ ای ایس ٹی کا گریڈ ۹ ہے اور ایس ایس ٹی کا گریڈ ۱۵ ہے۔ ایسے طلبا، جنہوں نے چار سال میں ٹیکنیکل کیا ہے۔ وہ گریڈ ۹ میں تو نہیں جاتے اور نہ گریڈ ۱۵ میں آتے۔ اس طرح سے انہیں گریڈ ۹ دینے سے۔ ان کے حقوق تلف کیے جا رہے ہیں۔ تو میری یہ گذارش ہے کہ اگر یہ گریڈ ۱۵ میں نہیں آسکتے تو انہیں گریڈ ۱۴ میں لیں۔ ان کا نوٹیفکیشن تو ہر صورت میں ہونا چاہیے

**جناب سپیکر:** یہ صحیح ہے۔ مگر یہ ایک تجویز ہے۔ یہ ضمنی سوال نہیں۔ اگلا سوال

## گورنمنٹ ہائی سکول ملتان روڈ کی تعمیر و مرمت

*1137 جناب محمد اقبال: کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول ملتان روڈ لاہور کی چار دیواری ٹوٹی ہوئی ہے۔ کلاس نہم اور دہم کے طلباء کے علاوہ باقی کلاسوں کے طلباء کے لیئے فرنیچر نہیں ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ گراؤنڈ کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ علاوہ ازیں گرمیوں میں کلاسوں میں بجلی کے پنکھے نہیں ہیں اور نہ ہی طلباء کے استعمال کے لیئے کوئی بیت الخلا موجود ہے

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت طلباء کی سہولت کے لیئے متذکرہ سکول میں چار دیواری اور بیت الخلا کی تعمیر، گراؤنڈ کی درستگی نیز فرنیچر اور پنکھے وغیرہ مہیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اگر جواب ہاں میں ہے تو کب تک اور اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

(الف) گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول ملتان روڈ کی چار دیواری کی مرمت اپنی مدد آپ کے تحت کرائی جا چکی ہے، سکول میں فرنیچر کی فراہمی کے لیئے ۸۶-۱۹۸۵ء میں ۷۵,۰۰۰ روپے کی گرانٹ مہیا کی گئی تھی، جس سے فرنیچر کی ضرورت کافی حد تک پوری ہو گئی ہے

(ب) سکول گراؤنڈ کی سطح بین روڈ سے تقریباً دو تین فٹ نیچی ہے اور نکاس نہ ہونے کی وجہ سے موسم برسات میں کئی دن تک پانی کھڑا رہتا ہے۔ بجلی کے پنکھے تمام کمروں میں لگے ہوئے ہیں۔ نیز طلباء کے استعمال کے لیئے بیت الخلا تو موجود ہیں لیکن بڑھتی ہوئی تعداد کے پیش نظر کم ہیں۔

(ج) سکول کی چار دیواری اپنی مدد آپ کے تحت مرمت کرائی جا چکی ہے۔ اضافی پنکھوں اور بیت الخلا کی تعمیر کے لیئے استحقاق کی بنیاد پر آئندہ مالی سال ۸۷-۱۹۸۶ء میں فنڈز فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی، گراؤنڈ کی درستگی کے لیئے جائزہ لیا جائے گا اور مناسب حل تلاش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

**میاں محمد اسحاق**۔ ضمنی سوال۔ جناب سپیکر، آپ کی وساطت سے وزیر تعلیم سے یہ دریافت کرنا چاہوں گا کہ حکومت پنجاب نے ایجوکیشن کے متعلق کونسی پالیسی مرتب کی ہے کہ باقی ماندہ سکولوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے اور جہاں پر بیت الخلاء نامکمل ہیں بلکہ کئی سکول میں بالکل نہیں ہیں اور اسی طرح سے کئی سکولوں کی چار دیواری بھی نہیں ہے اور وہ سکول

قابلِ مرمت ہیں۔ کیا یہ جنرل پالیسی ہے کہ تمام سکولوں کے گرد و نواح کے رہنے والے چندہ اکٹھا کر کے اپنی مدد آپ کے تحت بنائیں یا کہ حکومت کے پاس ایسی پالیسی ہے کہ باقی سکولوں کی طرف بھی اسی طرح کچھ گرانٹ مہیا کریں گے، کہ ان کی مرمت کی جائے۔

**جناب سپیکر:۔** میاں صاحب سوال Spacific ہونا چاہیے۔ عمومی بات سوالات یا ضمنی سوالات کی شکل میں نہیں کی جا سکتی ہے آپ اپنا سوال دہرائیے گا۔

**میاں محمد اسحاق:۔** کیا حکومت پنجاب ایجوکیشن میں اپنی پالیسی کو آنکھیں بند کر کے نظر انداز کر رہی ہے کہ باقی سکولوں کی جو حالت ناگفتہ بہ ہے وہ بھی اسی طرح سے چندہ اکٹھا کر کے اپنی مدد آپ کے تحت خود مرمت کرائیں یا کہ حکومت پنجاب ان سکولوں کے لئے کچھ گرانٹ مہیا کر رہی ہے جن کی حالت ناگفتہ بہ ہے تو ایک طرف انکی چھتیں گر رہی ہیں اور وہاں ننھے منے بچے بیٹھے ہیں اور اس طرف کسی کا کوئی خیال نہیں ہے۔ اس لئے لوگ خود انہیں اپنی مدد آپ کے تحت مرمت کر رہے ہیں۔

**جناب سپیکر:۔** میاں صاحب، مجھے افسوس ہے یہ کوئی ضمنی سوال نہیں ہے

**میاں محمد اسحاق:۔** جناب سوال تو معقول ہے۔ ویسے آپ چھوڑ رہے ہیں تو ہم بھی چھوڑ دیتے ہیں۔

**چوہدری گل نواز خان وڑائچ:۔** جناب سپیکر میں یہ گزارش کر دوں گا کہ جیسا کہ کئی غیر مسلم اور کئی مسلمان ہسپتال بھی بنوا رہے ہیں اور سکول بھی بنوا رہے ہیں یہ بھی مہربانی کر کے چندہ دیں اور ہم بھی مل کر سکول بنوائیں گے۔

**جناب سپیکر:۔** اگلا سوال۔

## وادی سون ضلع خوشاب میں گرلز کالج کا قیام

**1160*۔ بیگم شاہد ملک:۔** کیا وزیر تعلیم ازراہِ کرم بیان فرمائیں گے کہ :۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ وادی سون ضلع خوشاب کے پورے علاقے میں ایک بھی گرلز کالج قائم نہیں ہے اور اس طرح یہاں کی پوری آبادی کی طالبات کو میٹرک سے آگے تعلیم حاصل کرنے سے محروم رکھا گیا ہے۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ مذکورہ علاقہ کے غریب لوگ اعلیٰ تعلیم کے لیئے لڑکیوں کو زیادہ دور نہیں بھیج سکتے۔ نیز مذکورہ علاقہ پہاڑی اور بارانی ہونے کے باعث یہاں ذرائع روزگار کے لیئے بھی تعلیم کی اشد ضرورت ہے۔
(ج) اگر جزو (الف) و (ب) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت سب تحصیل نوشہرہ وادی سون کے گرلز ہائی سکول کو ترقی دے کر انٹرمیڈیٹ گرلز کالج بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ کیا مذکورہ علاقے میں نئے کالج کا قیام عمل میں لانے کو تیار ہے۔

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)
(الف) یہ درست ہے کہ اس علاقہ میں کوئی بھی کالج نہیں ہے۔
(ب) درست ہے۔
(ج) حکومت نے گورنمنٹ ہائی سکول برائے طالبات نوشہرہ کو ۱۹۸۶-۹-۱ سے ہائیر سیکنڈری کا درجہ دے دیا ہے۔

**جناب سپیکر:** اگلا سوال۔

# پیشہ ورانہ کالجوں میں دیہی طلباء کے لیے نشستوں کی تخصیص

★1163 **بیگم شاہدہ ملک:** کیا وزیر تعلیم از راہِ کرم بیان فرمائیں گے کہ:-
(الف) کیا صوبے کے مختلف پیشہ ورانہ کالجوں مثلاً لاء کالج میڈیکل کالج فنی تربیت کے اداروں، فزیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں دیہاتی علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلباء کے لیئے کوئی نشستیں مخصوص کی جاتی ہیں۔
(ب) اگر جز (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو شہری علاقوں کے طلباء کے مقابلے میں دیہی طلباء کے لیئے مخصوص کی جانے والی نشستوں کی تعداد ضلع وار فیصد کیا ہے اور کیا حکومت ان اداروں میں دیہی طلباء کے لیئے کوٹہ متعین کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہ کیا ہیں۔

**وزیر تعلیم:** (الف) لاء کالجوں میں داخلہ اہلیت کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ داخلہ پالیسی کے مطابق جسمانی تعلیم کے کالجوں میں داخلہ کی بنیاد اہلیت ہے۔ تاہم ان کالجوں

ہیں داخلہ لینے والے طلباء کی غالب اکثریت پہلے ہی دیہات سے تعلق رکھتی ہے۔

**میاں فضل حق**: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا یہ جو جواب پڑھ رہے ہیں یاد سے رہے ہیں۔ یہ ہمارے پاس جوابات کی کاپیوں میں درج نہ ہے۔

**جناب سپیکر**: میرے پاس تو اسی طرح درج ہے۔ اس میں صحیح صورت یہ ہے کہ جواب پڑھنے تک وزیر موصوف اپنے جواب میں تبدیلی کرنے کے مجاز ہیں۔ میں نے پہلے عرض کی ہے کہ بہتر یہ ہے کہ آپ پہلے کوئی تبدیلی کر لیا کریں اور اس کا ترمیم شدہ جواب ہمارے سیکرٹریٹ کو بھیج دیا کریں تاکہ ہم سرکولیٹ کر سکیں۔

**وزیر تعلیم**: جناب والا۔ آئندہ پورا خیال رکھا جائے گا کہ اگر کوئی تبدیلی ہو تو بروقت اس کو پہنچا دیا جائے گا۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ فنی تربیت کے لئے اداروں میں نئی داخلہ پالیسی کے مطابق دیہات کے لئے الگ نشستیں مخصوص نہیں ہیں۔ تاہم داخلہ اہلیت کی بنیاد پر ہوتا ہے۔

(ب) جزو (الف) میں دیئے گئے جواب کے بعد اس میں مزید وضاحت کی ضرورت نہیں ہے

**جناب سپیکر**: کوئی ضمنی سوال نہیں ہے۔ اگلا سوال۔

# ضلع سیالکوٹ میں مڈل اور ہائی سکول کی عمارت کی مرمت

**★1182۔ چوہدری غلام احمد**: کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع سیالکوٹ میں کتنے مڈل اور ہائی سکول زنانہ اور مردانہ کی عمارات مرمت کی فہرست میں شامل ہیں۔ اور کیا جن مڈل سکولوں کی عمارات کی مرمت کی منظوری دی جا چکی ہے اب ان میں ردّوبدل کیا جا رہا ہے۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو اس کی وجوہات کیا ہیں اور مرکز وار فہرست مرکز کدگور، ظفروال، قلعہ سوبھا سنگھ، نارووال کیا ہے۔

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) ضلع سیالکوٹ کے مندرجہ ذیل مڈل اور ہائی سکول ۸۶-۱۹۸۵ء کے پروگرام میں مرمت کی فہرست میں شامل ہیں۔

ا۔ ہائی مدارس زنانہ ۳۔ اا۔ ہائی مدارس مردانہ۔

ااا۔ مڈل مدارس زنانہ ۱۷۔ iv۔ مڈل مدارس مردانہ ۵۔

جبکہ ۸۷-۱۹۸۶ء میں سرکاری عمارات والے تمام ہائی سکولوں کو مرمت کے لیئے فنڈز فراہم کر دیئے گئے ہیں۔ جن کے لیئے ۶۰ لاکھ ۲۵ ہزار کی رقم مختص کی گئی ہے، مڈل سکولوں میں سے ۱۱ لڑکیوں کے اور ۱۴ لڑکوں کے شامل کیئے گئے ہیں اور ان کے لیئے ۱۹ لاکھ ۷۰ ہزار روپے مختص کیئے گئے ہیں۔

جن سکولوں کی عمارت کی مرمت کی منظوری دی گئی ہے فی الحال ان میں ردو بدل پر غور نہیں کیا جا رہا تاہم اگر ان سکولوں میں اس سکیم پر عمل درآمد درست نہ ہوا یا اس پر عملدرآمد میں دشواری پیش آئی تو سکولوں کی فہرست میں ردو بدل ہو سکتا ہے

(ب) مرکزوار فہرست مدارس درج ذیل ہے

۱۔ کنڈگور ا۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کنڈگور

ا۔ گورنمنٹ مڈل سکول تھرو منڈی

۲۔ ظفروال ا۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول شکھترہ

اا۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ظفروال

ااا۔ گورنمنٹ مڈل سکول اہل گھنال

iv۔ گورنمنٹ مڈل سکول دھمتھل

۳۔ قلعہ سوبھا ا۔ گورنمنٹ مڈل سکول غوطہ فتح گڑھ سنگھ

۴۔ نارووال۔ ا۔ گورنمنٹ مڈل سکول ڈومالہ

اا۔ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مددکاہلواں

ااا۔ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول جسٹر

**چوہدری غلام احمد** - جناب والا۔ وزیر موصوف نے ایک فہرست ۸۶-۱۹۸۵ء کی پڑھی ہے، میں ان سے گذارش کروں گا کہ ۸۶-۱۹۸۵ء میں جن سکولوں کی مرمت ہوئی ہے، اُن کے نام اور تفصیل بتائیں کہ ہر سکول پر کتنی کتنی رقم خرچ ہوئی ہے؟

**وزیر تعلیم**، جناب والا ۸۶-۱۹۸۵ء کے پروگرام میں رقم کے متعلق سوال نہیں پوچھا

گیا تھا۔ اس لیئے یہ مناسب ہوگا کہ فاضل رُکن اس کے متعلق علیحدہ سوال کریں اور ان کو بروقت جواب دے دیا جائے گا۔

**جناب سپیکر:** چوہدری صاحب اس جواب کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟

CHAUDHRI GHULAM AHMAD : Sir, my intention was to ask the information about this question. It is a relevant question.

MR SPEAKER : Of course it is a relevant question. Minister for Education please.

**وزیر تعلیم:** جناب والا۔ ان کا سوال میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔ اس میں انہوں نے یہ کہیں بھی نہیں پوچھا کہ Schoolwise ہر سکول پر کتنی رقم خرچ کی جا رہی ہے۔ ان کا سوال تو یہ تھا کہ ہائی سکول زنانہ اور مردانہ کی عمارات مرمت کی فہرست میں شامل ہیں یا نہیں اور جن سکولوں کی عمارات کی مرمت کی منظوری دی جا چکی ہے۔ اب ان میں ردّ و بدل کیا جا رہا ہے۔

**جناب سپیکر:** یہ درست ہے وہ یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ جن مدارس کا آپ نے ذکر کیا ہے ان کی مرمت پر کتنی رقم خرچ آئی ہے؟

**وزیر تعلیم:** جناب والا میں فاضل رُکن کی خدمت میں عرض کروں گا کہ وہ اگر موقع دیں تو اجلاس کے بعد میں ان کو تفصیل بتا دوں گا۔

**جناب سپیکر:** چوہدری صاحب آپ کا کیا خیال ہے؟

CHAUDHRI GHULAM AHMAD : This is up to you.

**جناب سپیکر:** چوہدری صاحب آپ اس کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھوا دیں۔

**وزیر تعلیم:** ٹھیک ہے جناب۔

**چوہدری غلام احمد:** جناب والا میں آپ کی وساطت سے وزیر تعلیم کی توجہ اس سوال کے بنیادی نکات کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ سیالکوٹ ضلع میں کتنے زنانہ اور مردانہ مڈل اور ہائی سکول مرمت کے لیئے فہرست میں شامل ہوئے اور جن مڈل سکولوں کی مرمت کی منظوری دی جا چکی ہے۔ اب اس میں کوئی ردّ و بدل تو نہیں کیا جا رہا کیونکہ

جزو (ب)، میں انہوں نے جو تفصیل دی ہے وہ صرف گڈگور، ظفروال، قلعہ سوبھا سنگھ اور نارووال مراکز کی دی ہے۔ اس میں وہ ضلع سیالکوٹ کی تفصیل چھوڑ گئے ہیں۔ اس لئے میری ان سے یہ گذارش ہے کہ وہ سیالکوٹ ضلع کی بھی تفصیل بتائیں تاکہ ہم اس کا موازنہ کر سکیں۔

**وزیر تعلیم:** جناب والا فاضل رکن، میرے بھائی، میرے محترم کا سوال پوچھنے کا جو مقصد تھا وہ میں نے پورا کر دیا ہے۔ ان کے مراکز کے جتنے سکول مرمت طلب تھے۔ وہ فہرست میں آ چکے ہیں اور ان کی تفصیل بھی میں نے بتا دی ہے۔ ان کے دوسرے سوال کے متعلق بھی میں یہی گذارش کروں گا۔ جیسا کہ جناب سپیکر آپ نے پہلے فیصلہ کیا ہے اس کے متعلق بھی یہی فیصلہ کر دیں۔

**جناب سپیکر:** چوہدری صاحب آپنے مندرجہ ذیل مراکز کا comparison دریافت کیا ہے۔ گڈگور، ظفروال، قلعہ سوبھا سنگھ اور نارووال شامل ہیں۔ جن سکولوں کی فہرست جواب میں درج ہے اس میں سارے مراکز cover ہو گئے ہیں

**چوہدری غلام احمد:** جناب والا اس سلسلے میں میری گذارش یہ ہے کہ یہ تو نادار علاقے ہیں جن کی تفصیل پیش کی گئی ہے۔ میرا مقصد تو ان امیر علاقوں سے موازنہ کرنا تھا۔ جن کی تفصیل آئی ہی نہیں ہے۔

**جناب سپیکر:** کیا آپ یہ پسند کریں گے کہ وزیر موصوف اس کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دیں۔

**چوہدری غلام احمد:** جناب والا یہ تو آپ کی ان پر کرم فرمائی ہے۔ ہم پر اگر آپ کرم فرمائیں تو وزیر موصوف ایوان میں جواب دیں۔

**جناب سپیکر:** آپ کی یہ بات درست ہے کہ سوال میں سیالکوٹ ضلع کے مڈل اور ہائی سکول کے بارے میں دریافت کیا گیا تھا لیکن اب آپ کیا پسند فرمائیں گے اس کا جواب جو کہ مکمل نہیں آسکا۔ اسکی کیا صورت پسند فرمائیں گے جس سے کہ آپ کو مکمل جواب ملے۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور:** جناب والا اس سوال کو ملتوی کر دیا جائے۔

**جناب سپیکر:** جناب وزیر قانون یہ فرما رہے ہیں کہ اس سوال کو ملتوی کر دیا جائے تاکہ اگلی دفعہ اس سوال کا جواب مکمل آجائے۔ اس لئے میں اس سوال کو

ملتوی کرتا ہوں۔

**چوہدری غلام احمد:** شکریہ۔

**جناب ظفر اللہ خان:** جناب والا میرا سوال یہ ہے کہ محکمہ نے جو رقم کچھ سکولوں کو مرمت کے لئے دی ہے۔ اس میں بعض سکول ایسے بھی ہیں جو کرائے کی عمارتوں میں قائم ہیں۔ لہذا نہ تو محکمہ وہاں پر مرمت کے لئے پیسے خرچ کر رہا ہے اور اکثر عمارتیں اس میں گرنے والی ہیں۔ اس بارے میں محکمہ اس کے متعلق کیا سوچ رہا ہے۔ اس وجہ سے بچے اور ان کے والدین پریشان ہیں۔ اس سلسلے میں آپ کو دو ایک عمارتوں کی مثال پیش کرتا ہوں۔ جن کے کچھ حصے بھی گر چکے ہیں لیکن محکمہ نے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی۔ دین پورہ لاہور میں ایک پرائیویٹ گرلز ہائی سکول ہے۔ اس کی سیڑھیاں اور عمارت کا کچھ حصہ پچھلے دنوں گرا ہے۔ اب نہ تو محکمہ اس کی مرمت کے لئے کوئی پیسہ دے رہا ہے اور نہ ہی اس سکول کو کہیں منتقل کر رہا ہے۔ اس کی وجہ سے لوگ سخت عذاب میں مبتلا ہیں۔ اسی طرح تین چار اور سکولوں کی مثال بھی موجود ہے۔ اس لئے میں یہ گذارش کروں گا کہ یا تو ان کی مرمت کے لئے پیسے دیئے جائیں یا ان کو کسی اور جگہ پر منتقل کیا جائے۔ تاکہ بچوں اور والدین کی پریشانی کا ازالہ کیا جا سکے۔ اس کے لئے ہماری دوڑ دھوپ کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو گی۔ اس لئے مہربانی فرما کر وزیر تعلیم اس کا جواب دیں۔

**جناب سپیکر:** جی چوہدری صاحب اس کے متعلق کیا ارشاد فرمائیں گے۔

**وزیر تعلیم:** جناب والا میرا جواب تو یہ ہے کہ اس کے لئے علیحدہ سوال کر لیا جائے۔

**جناب سپیکر:** جی اس کے لئے نیا سوال دیا جائے۔

**چوہدری محمد صدیق (بہاولنگر):** جناب سپیکر میں وزیر تعلیم نوں اک ضمنی سوال کرنا چاہناں کہ تحصیل فورٹ عباس وچ جیہڑے سکول نے او خالی پئے نے۔ جس چک دے وچ وی ست مرلے سکیم واسطے جائی دا اے۔ ساڈے اُتے پہلا سوال ایہ ہندا اے کہ سکول خالی پئے ہوئے نے۔ میرا خیال اے کہ اوناں سکولاں دے وچ صحیح معنی وچ گدھے آرام کر دے نے۔ جناب سپیکر ڈی۔ ای۔ او۔ بہاولنگر نوں پُچھ لئے آں تے او کہندے نے کہ ڈپٹی صاحب تقرریاں کرن گئے۔ تمام تحصیلاں دے سکولاں دے

درج تقرریاں ہو چکیاں نے لیکن میری تحصیل اسی طرح اے ۔سکول خالی نے۔ تہیں نے جناب اپنی کوئی انشیلی جنس نوں پوچھ لیں کہ کی وجہ اے؟ ادناں سکولاں دی سانوں کی ضرورت اے جیہڑے سکول خالی پے ہیے نے مہربانی کرکے تحصیل فورٹ عباس دے سکولاں دا فوری طور تے ازالہ کیتا جائے۔ السلام علیکم۔

**جناب سپیکر:** جی شکریہ چوہدری صاحب۔

**خان ظفر اللہ خان:** جناب سپیکر میرا ضمنی سوال سُن لیں۔

**جناب سپیکر:** خان صاحب آپ کے ضمنی سوال پر یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ اس کے لیئے نیا سوال دیا جائے۔

**خان ظفر اللہ خان:** جناب سپیکر میرا ضمنی سوال آپ سن لیں تو بہت مہربانی ہوگی میرا سوال یہ ہے کہ عمارتیں تو اس وقت گر رہی ہیں اور آپ لوگ پریشان ہیں۔ لہذا اس کے لیئے علیحدہ سوال کرنے میں تو بہت وقت لگے لگا۔

**جناب سپیکر:** خان صاحب اس کے لیئے ذاتی طور پر آپ وزیر تعلیم سے رابطہ کیجیئے۔

**خان ظفر اللہ خان:** جناب ٹھیک ہے۔

**چوہدری محمد صدیق** (بہادر لنگا) جناب والا میرے سوال کا جواب نہیں آیا۔

**جناب سپیکر:** چوہدری صاحب تہاڈی گل تے آگئی اے۔

**چوہدری محمد صدیق:** اچھا جی۔

**جناب سپیکر:** اگلا سوال جناب چوہدری غلام احمد صاحب۔

## پرائمری سکولوں کے اجراء میں اراکین اسمبلی کا کوٹہ

★1183 **چوہدری غلام احمد:** کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت نے بذریعہ پراجیکٹ کمیٹی نئے زنانہ پرائمری سکول کے اجرا کے لیئے صوبائی اور مرکزی ارکان اسمبلی کے لیئے سپیشل کوٹہ مقرر کر رہی ہے۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو ایک عمارت کی تعمیر کے لیئے کتنی رقم منظور شدہ ہے اور کیا یہ رقم اقساط میں جاری کی جائے گی یا یک مشت اور اگر اقساط میں

جاری کی جائے گی تو آخری قسط کب جاری ہوگی اور اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

(الف) یہ بات درست نہیں البتہ ضلع کے مقرر کردہ کوٹہ مطابق ترقیاتی پروگرام ۸۶-۱۹۸۵ء ضلعی کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں۔ جن کے سربراہ ایک صوبائی وزیر تھے اور ایم۔ پی اے صاحبان اس کے ممبر تھے۔ البتہ ایم۔ این۔ اے صاحبان کو وفاقی حکومت نے اپنی ترقیاتی سکیموں کے لیئے کچھ فنڈ مہیا کیئے ہوں جو ایم۔ این۔ اے صاحبان کی صوابدید کے مطابق خرچ ہوں گے۔ تاہم دوران سال ۸۷-۱۹۸۶ء صوبائی اسمبلی کے ارکان کے لیئے حکومت نے طالبات کے چار چار نیئے پرائمری مدارس کھولنے کا کوٹہ مقرر کیا تھا آئندہ سالوں کے لیئے ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹیاں بنائی جا رہی ہیں۔ جن کے ممبران میں ایم۔ پی۔ اے صاحبان بھی شامل ہوں گے اور انہیں اپنے علاقوں میں سکولوں کے اجراء کرنے اور ان کا درجہ بڑھانے کے لیئے سفارشات مرتب کرنے کا کام سونپا جائے گا

(ب) ایک گرلز پرائمری سکول کی عمارت کی تعمیر پر ۱۱۸۵۰۰ روپے کی لاگت آتی ہے اور حکومت یہ رقم یکمشت جاری کرتی ہے۔ البتہ ٹھیکیدار کو یہ رقم قسطوں پر ادا ہوتی ہے۔ قسطوں کا انحصار کام کی نوعیت پر ہوتا ہے۔

**میاں مختار احمد شیخ**: ضمنی سوال۔ کیا یہ حقیقت ہے کہ پرائمری سکول میں پانچ کلاسز ہوتی ہیں اور یہ رقم جو ایک لاکھ اٹھارہ ہزار کی رکھی گئی ہے۔ یہ صرف ایک کمرہ تعمیر کرنے کے لیئے ہے۔

**وزیر تعلیم**: جناب سپیکر میں اس کی تفصیل بتائے دیتا ہوں کہ لڑکیوں کے سکول کی عمارت کی تعمیر پر ۱۱۸,۵۰۰ روپے اور بچوں کے سکول پر ۸۸,۵۰۰ روپے خرچ ہوتے ہیں لڑکیوں کے سکول میں چار دیواری شامل ہوتی ہے۔ اس لیئے یہ رقم زیادہ خرچ کی جاتی ہے اور اس میں ایک کمرہ نہیں دو کمرے ہوتے ہیں۔

**میاں مختار احمد شیخ**: ضمنی سوال۔ جناب سپیکر میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پچھلے بجٹ تو گذر گئے۔ آئندہ بجٹ جو آرہا ہے کیا اس طرح سے آئندہ بھی پرائمری سکولوں میں جہاں کہ پانچ کلاسز ہوں اور اُن کے لیئے دو کمرے دیئے جائیں تو اس طرح سے بچوں کو وہاں کم کمرے مہیا کرنا۔ یہ حکومت کی جو پانچ نکاتی پروگرام کی

پالیسی ہے کیا اسس سے اس کی نفی نہیں ہوتی۔

**وزیر تعلیم**۔ جناب والا یہ سوال متعلقہ نہیں ہے۔ لیکن اسس کا جواب بھی میں ضرور دوں گا۔ یہ جو انتظام ہے یہ وزیر اعظم کے پانچ نکاتی پروگرام سے متصادم نہیں ہے بلکہ اس سے مطابق ہو رہا ہے۔ صورت یہ ہے کہ ہم نے rapid expansion دینی ہے۔ پرائمری لیول پر خواندگی کو بڑھانا ہے اور سکولوں کی تعداد کو بڑھانا ہے۔ اگر ہم ایک سکول کو پہلے ہی ابتدائی مراحل پر پانچ کمرے دینا شروع کر دیں تو نتیجتاً ہم سکولوں کی اسس مطلوبہ تعداد کو پورا نہیں کر سکیں گے جو کہ ہمیں اسس سلسلہ میں چاہیں تو مقصد یہ ہے کہ فوری طور پر جتنی تیزی سے توسیع ہو سکتی ہے وہ ہم کریں اور اسس کے ساتھ ساتھ جب توسیع پوری ہو جائے گی تو اس کے ساتھ ہی consolidation شروع ہو جائے گی۔ جہاں کمرے کم ہوں گے۔ وہاں کمرے بڑھا دیئے جائیں گے۔ جہاں کسی اور چیز کی کمی ہو گی۔ وہاں اس کمی کو بھی پورا کر دیا جائے گا۔

**جناب سپیکر**۔ جی شکریہ، جناب چٹھہ صاحب ضمنی سوال

**چوہدری نعیم حسین چٹھہ**۔ ضمنی سوال۔ جناب والا گرلز پرائمری سکول یا بوائز پرائمری سکول کا پچھلے سال شیڈول ریٹ اٹھ ہزار اور کچھ سو تھا جبکہ ڈیزائن اور اس کا نقشہ وہی ہے اور پچھلے سال ہی کی مانند اسس کے میٹریل کی قیمتوں میں بھی کوئی اضافہ نہیں ہوا تو پھر اسے ساٹھ ہزار سے بڑھا کر ۱۱۸۰۰۰ روپے یا ۸۸۰۰۰ روپے کیوں بنا دیا گیا ہے۔ یہ کس مفاد کی خاطر کیا گیا ہے۔ جبکہ آج بھی ساٹھ ہزار روپے میں دو کمرے اور ایک برآمدہ جو پرائمری سکول کے لیئے گورنمنٹ کا ڈیزائن منظور ہے۔ وہ آج بھی بن سکتا ہے اور پچھلے سال بھی اس کے میٹریل کا ریٹ یہی تھا جو آج ہے اسس کے میٹریل ریٹ میں بھی کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ یہ اس ڈیزائن پر بجٹ میں پیش کر دیا گیا ہے اس کی کیا وجوہات تھیں

**جناب سپیکر**۔ جناب وزیر تعلیم۔

**وزیر تعلیم**۔ جناب والا جہاں تک میری یادداشت کا تعلق ہے۔ فاضل رکن جس خرچ کا ذکر کر رہے ہیں۔ وہ شاید ایک کمرے کی عمارت پر آتا تھا۔

**چوہدری نعیم حسین چٹھہ**۔ نہیں جناب والا۔ دو کمرے کی عمارت کی تعمیر پر وہ خرچ آتا تھا۔

**وزیر تعلیم:** اگر آپ ایک منٹ اجازت دیں تو میں اس کی وضاحت کر دیتا ہوں
**جناب سپیکر:** جناب انصاری صاحب آپ ضمنی سوال کرنا چاہتے ہیں؟
**جناب محمد صدیق انصاری:** جی میں ضمنی سوال ہی کرنا چاہتا ہوں۔
**جناب سپیکر:** اگلے ضمنی سوال کا جواب آ جانے دیں۔
**جناب محمد صدیق انصاری:** جناب والا۔ اس میں اس سوال کا جواب آ سکتا ہے۔ کیونکہ ایم پی اے حضرات کو اس میں چار چار سکولوں کا کوٹہ دیا گیا ہے تو آگے تو کوئی ایسا سوال نہیں ہے۔ جس میں میرے سوال کا جواب ہو۔
**جناب سپیکر:** نہیں نہیں اس سوال میں آپ آ بیٹے گا لیکن ان کے ضمنی سوال کا پہلے جواب آ جائے۔
**جناب محمد صدیق انصاری:** ٹھیک ہے۔
**جناب سپیکر:** جناب چوہدری صاحب ضمنی سوال یہ ہے کہ پچھلے سال ۶۳۰۰۰ روپے میں دو کمرے اور ایک برآمدہ پر مشتمل سکول کی بلڈنگ کی تعمیر ہوتی رہی ہے تو اس سال کی رقم میں اضافہ کر کے ۱،۱۸۰۰۰ روپے اور ۸۸۰۰۰ روپے کیوں کر دیا گیا ہے؟
**وزیر تعلیم:** جناب والا اس میں لاگت نہیں بڑھائی گئی۔ اس میں کمروں کے سائز بدلے گئے ہیں اور اس کے علاوہ لڑکیوں کے سکولوں میں چار دیواری کو مہیا کرنا شامل کیا گیا ہے
**جناب سپیکر:** جی درست ہے۔ جناب خان صاحب ضمنی سوال۔
**خان ظفر اللہ خان:** جناب والا آج کل محکمہ تعلیم سے ہمارے پاس ملازمین آ رہے ہیں اور ہمیں یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ دو کنال کا پلاٹ ہمیں دیں۔ ہم وہاں پرائمری سکول تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔ میں نے بڑی کوشش کی لیکن سکول کے لیئے کوئی پلاٹ نہیں ملا۔ لوگ اپنی عمارتیں بیچ رہے ہیں۔ وہاں کوئی پلاٹ نہیں ہے۔ گنجان آبادی ہے تو اس کے لیئے کیا وزیر موصوف صاحب بتائیں گے کہ یہ پرائمری سکول کے لیئے لڑکیوں یا لڑکوں کے لیئے کوئی عمارت خریدنا چاہیں گے۔ ہمیں باوجود اپنی زبردست کوششوں کے زمین کا پلاٹ تو کہیں نہیں مل رہا تو اس کے لیئے ہمیں کیا کرنا ہوگا۔ ہم سکول بھی بنوانا چاہتے ہیں

سکولوں کی بھی کمی ہے لیکن جگہ نہیں مل رہی۔

**جناب فضل حسین راہی۔** جناب سپیکر پوائنٹ آف آرڈر۔ میرا خیال ہے کہ یہ ایسے سوالات ہیں جو ان سے مل کر علیحدہ بھی پوچھے جا سکتے ہیں تو میرا خیال یہ ہے کہ آپ برائے مہربانی ان کو چلنے دیں یہ ان سے مل کر بھی پوچھ سکتے ہیں کہ ہمارے حلقے میں یہ ہو سکتا ہے اور یہ نہیں ہو سکتا۔ میرا خیال یہ ہے کہ یہ وقت ضائع ہو رہا ہے

**وزیر تعلیم:** جناب والا میں بھی اسی سلسلہ میں یہی گذارش کرنے والا تھا کہ فاضل رکن مرمت اور زمین کے مہیا ہونے یا نہ ہونے کے سوالات جب بھی معلوم کرنا چاہیں میں انشاءاللہ تعالیٰ انہیں پوری تفصیل سے بتا دوں گا اور انہیں اسی سلسلہ میں پورا مطمئن کروں گا لیکن فی الحال ان کے سوال کا اس سوال سے کوئی تعلق نہ ہے۔ اس لیئے بہتر ہو گا کہ یا تو وہ ضمنی سوال کر لیں یا جس وقت وہ چاہیں مجھ سے مل کر اپنے سوالات کا جواب لے لیں۔

**چوہدری مظہر علی گل۔** میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ بچیوں کے پرائمری سکولوں کی چار دیواری کے لیئے بجٹ میں پروویژن رکھی گئی ہے لیکن جہاں بچیوں کے ہائی سکول بنتے ہیں۔ وہاں چار دیواری کی کوئی پروویژن نہیں رکھی گئی اور اس سے پہلے بھی جہاں کہیں دیہاتوں میں پہلے بچیوں کے ہائی سکول بنے ہیں، وہاں ابھی تک چار دیواری کا کوئی انتظام نہیں ہے۔ کیا حکومت کا ارادہ ہے کہ جہاں کہیں بچیوں کے ہائی سکول کھولے جائیں گے وہاں چار دیواری بنائی جائے گی۔

**جناب وزیر تعلیم:** جناب والا یہ ایک پالیسی بن چکی ہے کہ بچیوں کے جو ہائی سکول آئندہ کھولے جائیں گے۔ ان کو سکول کھولنے کے ساتھ ہی چار دیواری مہیا کی جائے گی اس کے علاوہ جن بچیوں کے سکولوں کی چار دیواری پہلے سے نہیں ہے اور وہ پہلے بن چکے ہیں ان کے متعلق ہم ہر سال پوری کوشش کر رہے ہیں کہ ان کو چار دیواری مہیا کی جائے۔ کیونکہ میں بھی یہ سمجھتا ہوں کہ بچیوں کا چار دیواری میں پڑھنا بہت ضروری ہے اور ان کے سکولوں کے لیئے چار دیواری کا ہونا نہایت ضروری ہے۔

**جناب سپیکر:** جناب انصاری صاحب، ضمنی سوال۔

**جناب محمد صدیق انصاری۔** جناب سپیکر، سوال کے جزو الف میں تحریر ہے

کہ " صوبائی اسمبلی کے ارکان کے لیئے حکومت نے طالبات کے چار چار نئے پرائمری سکول کھولنے کا کوٹہ مقرر کیا تھا۔ جناب سپیکر، صوبائی اسمبلی کے اراکین کو جو یہ چار چار نئے پرائمری سکول کھولنے کا کوٹہ دیا گیا ہے کیا انہوں نے ڈی ای او صاحبہ کو بھی یہ اختیار دیا ہے کہ وہ اُن کی سائٹ کو بغیر ایم پی اے سے پوچھے تبدیل کر سکتی ہیں جبکہ وہاں پر زمین بھی مہیا ہو اور آبادی بھی ہو

**جناب وزیر تعلیم** ۔ جناب والا، اس ضمنی سوال کا اس سوال سے کوئی تعلق نہیں ہے لیکن میں اپنے بھائی فاضل کی تسلی کے لیئے ضرور عرض کروں گا کہ سال ۸۷-۱۹۸۶ میں ایم پی اے پروگرام کے تحت جو اے ڈی پی ایس دیا گیا تھا۔ اس میں چار سکول بچیوں کے لیئے اور چار مسجد مکتب اور ایک سکول کی Up-gradation تھی۔ اب اس میں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کہیں کہیں جہاں ایم پی اے صاحبان نے اپنی Sites اور Location دی ہیں اور وہ Sites اور Location محکمانہ معیار پر پورا نہیں اترتیں تو ان کے متعلق ہم فوری طور پر متعلقہ ایم پی اے صاحب سے رابطہ کرتے ہیں اور ان سے یہ گذارش کی جاتی ہے کہ اس کے علاوہ کوئی Location یا Sites ہے تو بتائیں تاکہ اس کے مطابق اس کو بدل دیا جائے لیکن کسی صورت میں کسی ڈی ای او کو چاہے مرد ہو یا عورت اس کو کوئی ایسی اجازت نہیں دی گئی کہ وہ اپنے آپ سائٹ کو متعلقہ ایم پی اے کو اطلاع کیئے بغیر بدل دے، یہ اس کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے یہ صرف اور صرف ایم پی اے صاحب کی مرضی پر ہے۔ وہی بدل سکتے ہیں۔ ڈی ای او نہیں بدل سکتے۔

**جناب محمد صدیق انصاری** ۔ جناب سپیکر، کیا وزیر موصوف ڈی ای او (زنانہ) سیالکوٹ کو اپنی ہدایات جاری فرمائیں گے۔ کیونکہ وہ وزیر موصوف کے بیان کے خلاف کام کر رہی ہیں۔

**جناب وزیر تعلیم** ۔ جناب والا اگر کوئی ایسا واقعہ ہوا ہے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر اس نے ایم پی اے صاحب کی مرضی کے خلاف کوئی ایسی تبدیلی کی ہے تو نہ صرف اس کو پوچھا جائے گا بلکہ اس کی وضاحت طلب کی جائے گی، اور اگر اس کی غلطی ثابت ہوئی تو اس کو سزا بھی دی جائے گی۔

**جناب محمد صدیق انصاری** ۔ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پی پی ۱۵۶ میں دو سکولوں کی site مجھ سے پوچھے بغیر ڈی ای او سیالکوٹ نے تبدیل کی ہے۔ وزیر موصوف

اس کو نوٹ فرما کر کارروائی فرمائیں۔

**جناب سپیکر:** انصاری صاحب آپ ان کو نوٹ کروا دیں۔ وہ اس پہ ایکشن لینے کو تیار ہیں۔

**جناب محمد صدیق انصاری:** جناب سپیکر میرا ایک ضمنی سوال اور رہتا ہے جو اسی سلسلہ میں ہے۔

**جناب سپیکر:** جی فرمائیے۔

**جناب محمد صدیق انصاری:** جناب سپیکر وزیر موصوف نے ایک سوال کے جواب میں کہا ہے کہ جو نئے گرلز ہائی سکول کھولے جا رہے ہیں ان کی . . . .

**جناب سپیکر:** سردار غلام عباس پوائنٹ آف آرڈر پہ بولنا چاہتے ہیں۔

**سردار غلام عباس:** میں آپ سے گزارش کروں گا کہ کم از کم مجھے اس کا پورا تفصیل سے علم نہیں ہے کہ ایک سوال کے متبادل کتنے ضمنی سوال پوچھے جا سکتے ہیں۔ اس کی ذرا آپ وضاحت فرما دیں تو میں مشکور رہوں گا۔

**جناب سپیکر:** اس پر کوئی Hard and fast rule نہیں ہے اگر ضمنی سوال متعلقہ ہوں تو ان پہ اجازت دی جا سکتی ہے۔

**جناب محمد صدیق انصاری:** جناب سپیکر، وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ نئے سکول جن کی بلڈنگ ۸۶ - ۱۹۸۵ اور یا ۸۷ - ۱۹۸۶ میں تعمیر ہوئی ہے۔ ان میں چار دیواری لیٹرین وغیرہ مہیا کی جا رہی ہیں جناب سپیکر میرے حلقہ میں اخلاص پورہ گرلز ہائی سکول اب گریڈ ہوا ہے۔ اس میں بلڈنگ تعمیر ہوئی ہے۔ اس میں گیٹ بھی نہیں دیا گیا اور لیٹرین بھی نہیں دی گئی۔ کیا وزیر موصوف صاحب محکمہ بلڈنگ سیالکوٹ کے انچارج سے یہ پوچھیں گے کہ انہوں نے یہ چیزیں بلڈنگ سے کیوں نکال دی ہیں۔

**جناب وزیر تعلیم:** جناب والا، میں اس کے متعلق پہلے پوری وضاحت کر چکا ہوں کہ جہاں تک نئے سکولوں کی تعمیر کا تعلق ہے اس کا میں لائحہ عمل بتا چکا ہوں۔ اپ گریڈیشن کے متعلق بھی میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ جہاں جہاں Consolidation کی ضرورت ہے۔ وہ ضرور کی جائیں گی اور ساتھ ساتھ کمی کو بھی دور کیا جائے گا لیکن ہمارے لیئے زیادہ سے زیادہ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہمارے پاس سکول پوری تعداد میں ہوں

اور ہماری ضرورت کے مطابق پورے ہوں تاکہ ہم سکول جانے والے بچوں کی تعداد زیادہ بڑھا سکیں، بجٹ کو سامنے رکھ کے ہیں proportionately ہر مد میں پیسہ دینا ہوتا ہے۔ بہرحال میں فاضل رکن سے پوچھ لوں گا کہ اگر ان کے سکول میں کوئی کمی ہے تو کوشش کی جائے گی کہ استحقاق کی بنیاد پر اسے پورا کیا جائے

**جناب سپیکر:** شکریہ چوہدری صاحب وقفہ سوالات ختم ہوتا ہے۔

**جناب وزیر تعلیم:** بقیہ سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر رکھتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** بقیہ سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر رکھ دیئے گئے ہیں۔

# نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے)

## غیر تربیت یافتہ اساتذہ کو محکمانہ امتحان کی اجازت

★1104 **جناب ایم جاوید اقبال چیمہ:** کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ ہر

(الف) کیا یہ درست ہے کہ غیر تربیت یافتہ اساتذہ کو تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیئے ملازمتیں دی گئی تھیں۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اساتذہ نے اسکول کو دور دراز مقامات پر آباد کیا ہے۔ کیونکہ ان سے وعدہ کیا تھا کہ تین سال کے بعد انہیں تربیت یافتہ اساتذہ کا درجہ دیا جائے گا۔

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت متذکرہ اساتذہ کو تین سالہ ملازمت پوری کرنے کے بعد محکمانہ امتحان دینے کی اجازت دینے اور انہیں امتحان میں کامیابی کے بعد باقاعدہ استاد شمار کرنے کے لیئے تیار ہے۔

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) درست ہے۔

(ب) اس کا پہلا حصہ درست ہے۔ دوسرا حصہ درست نہ ہے۔ یعنی یہ کہ ان کو تین سال بعد تربیت یافتہ اساتذہ کا درجہ دیا جائے گا۔ یہ درست نہیں ہے۔

(ج) حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ جو غیر تربیت یافتہ اساتذہ چاہیں وہ تین تین سال کی مدت ملازمت کے بعد PTC کا امتحان پرائیویٹ دے سکتے ہیں۔ ریگولر سروس کے لیئے تمام تربیت یافتہ اساتذہ متعلقہ قانون کے پابند ہیں۔

# کالجوں میں گریڈوائز آسامیوں میں باہمی تناسب اور خالی آسامیوں پر تقرری

**★1186 جناب ایم جاوید اقبال چیمہ**۔ کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ،

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ کالجوں میں گریڈوائز آسامیوں میں باہمی تناسب برقرار نہیں رکھا گیا۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ گورنمنٹ کالجوں میں بے شمار آسامیاں خالی پڑی ہیں

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ کالجوں میں خالی آسامیوں کو پُر کرنے اور گریڈوائز باہمی تناسب مقرر کرنے کو تیار ہے۔ اگر جواب ہاں میں ہے تو کب تک اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؛

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

(الف) یہ درست نہیں۔ اس سلسلہ میں حکومت نے مورخہ ۲ فروری اور ۲۰ نومبر ۱۹۸۹ء کو جاری کردہ نوٹیفکیشن کے ذریعہ ۱ ، ۲ ، ۷ ، ۱ کے فارمولے کے مطابق آسامیاں اپ گریڈ کرکے کالجوں میں گریڈوائز تناسب قائم کر دیا ہے۔

(ب) گورنمنٹ کالجوں میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں۔

| | نام آسامی | مرد | خواتین |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | لیکچرار | ۱۰۴۱ | ۶۴۳ |
| ۲۔ | اسسٹنٹ پروفیسر | ۲۴۹ | ۲۷۱ |
| ۳۔ | پروفیسر | ۱۰۵ | ۹۳ |

ان آسامیوں میں سے بی ایس ۱۸ کی بیشتر آسامیوں پر لیکچرار کام کر رہے ہیں جبکہ بی ایس ۱۷ کی آسامیوں پر ایڈھاک لیکچرار تعینات ہیں۔ سروس سیلکشن بورڈ کی

سفارشات کے نتیجہ میں ۴۶ مرد لیکچراروں ۱۱۵ خواتین لیکچراروں کی تقرری عمل میں آچکی ہے باقی آسامیاں پُر کرنے کے لیئے منتخب امیدواروں کو تعینات کر دیا جائے گا۔ جن کی سفارشات کا انتظار ہے بی ایس ۱۸ اور ۱۹ کی آسامیوں کو پُر کرنے کیلئے پروموشن کے کاغذات تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ بی ایس ۱۹ کی آسامیوں کے لیئے پنجاب پبلک سروس کمیشن کی طرف سے سفارشات کا انتظار ہے تاہم عارضی طور پر بی ایس ۱۸ کے افسران میں سے اکثر آسامیوں پر کام کر رہے ہیں۔

(ج) گریڈ وائز تناسب کا معاملہ طے ہو چکا ہے۔ نیز حکومت نے مندرجہ ذیل آسامیاں بذریعہ ترقی پُر کر دی ہیں۔

| نام آسامی | مرد | خواتین |
|---|---|---|
| اسسٹنٹ پروفیسر بی ایس ۱۸ | ۴۳۰ | ۱۵۲ |
| پروفیسر بی ایس ۱۹ | ۷۹ | |

جیسا کہ جزو (ب) کے تحت وضاحت کی جا چکی ہے۔ باقی آسامیاں پُر کرنے کے لیئے پروموشن کے معاملات بھی تکمیل کے مراحل میں ہیں۔

## سکول اساتذہ مختلف کیڈروں کو مدغم کرنے کے انتظامات

★1191 چوہدری نذیر احمد۔ کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں اکثر کالجز اور سکولز سرکاری تحویل میں لیئے جا چکے ہیں

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ سرکاری تحویل میں لیئے گئے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کے لیئے نیشنلائزڈ کیڈر اور باقی ماندہ کے لیئے جنرل کیڈر مقرر کیئے اور کیا یہ امر واقع نہیں ہے۔ جنرل کیڈر کے علاوہ تمام اساتذہ کے ساتھ سروس معاملات میں زیادتی ہو رہی ہے۔

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت کیڈر سسٹم ختم کر کے سب کو

برابری کا مقام دینے کو تیار ہے؟

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

(الف) جی ہاں درست ہے۔

(ب) نیشنلائزڈ اداروں کے لیئے سکول سائیڈ اور کالج سائیڈ کے رولز ۱۹۷۴ء علیحدہ علیحدہ ہیں۔ یہ کہنا درست نہ ہے کہ جنرل کیڈر کے علاوہ تمام اساتذہ کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔ تمام اساتذہ کی ان کے سروس رولز کے مطابق حق رسی ہو رہی ہے۔

(ج) جب تک نیشنلائزڈ اور جنرل کیڈرز کے علیحدہ علیحدہ سروس رولز موجود ہیں۔ کیڈر سسٹم کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔ نیشنلائزڈ کیڈر کے سروس رولز مجریہ ۱۹۷۴ء کو سپریم کورٹ نے اپنے فیصلہ میں صحیح بنیادوں پر مرتب شدہ قرار دیا ہے۔

# بڈھے چک مڈل سکول کی تعمیر

**★1193 جناب منظور احمد:** کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ ۱۰۲ آر۔ بی۔ بڈھے چک مڈل سکول برائے طلبہ، بہت پرانا سکول ہے۔

ب۔ کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ متذکرہ سکول میں ہیڈ ماسٹر کے بیٹھنے کے لیئے لکڑیوں سے بنایا گیا ایک چھپر بنایا گیا ہے۔ جب کہ عمارت نہ ہونے کے سبب خراب موسمی حالات میں تعلیمی سلسلہ جاری رکھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔

ج۔ اگر جز (الف) اور (ب) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اساتذہ اور طلباء کی مشکلات کے پیش نظر عمارت کی تعمیر کرنے کو تیار ہے۔ اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

الف۔ یہ حقیقت ہے کہ چک نمبر ۱۰۲ آر بی میں ۱۹۵۷ء سے مڈل اسکول قائم ہے۔

ب۔ یہ درست ہے کہ سکول کی پرانی عمارت زمین بوس ہو چکی ہے۔ چار کمرے نئے (۲۴×۱۶) فٹ اب تعمیر ہو چکے ہیں۔

ج۔ صوبہ کے تمام سکولوں کی اضافی ضروریات کے لیئے سروے کرایا جا چکا ہے اور سالانہ

ترقیاتی پروگراموں کے ذریعے ہر سال استحقاق کی بنیاد پر فنڈز فراہم کیے جا رہے ہیں اس سکول کو بھی اپنی باری پر ضروری فنڈز فراہم کر دیئے جائیں گے۔

# سویڈش پیپر فنڈ کی رقم کے حسابات

★1209 **جناب غلام سرور خان**: کیا وزیر تعلیم از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:۔

الف:۔ کیا یہ امر واقع ہے کہ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ نے سویڈش پیپر فنڈ سے تیس لاکھ روپے حاصل کیئے تھے۔

ب:۔ کیا یہ درست ہے کہ متذکرہ فنڈ سے جنوری ۱۹۷۴ء میں پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ نے بچوں کے رسالہ اطفال کا اجراء کیا تھا۔

ج:۔ کیا یہ بھی درست ہے کہ متذکرہ رسالہ کو ستمبر ۱۹۷۸ء میں بند کر دیا گیا۔

د:۔ اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو اس دوران مبلغ تیس لاکھ روپے میں سے کس قدر رقم خرچ کی گئی۔ اگر کچھ رقم بچی تو وہ کہاں ہے۔ اور اگر استعمال ہو چکی ہے تو کس جگہ اور کس کی اجازت سے استعمال کی گئی ہے؟

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین):

الف:۔ جی ہاں یہ امر اس حد تک درست ہے کہ سویڈش پیپر فنڈ سے ۱۰ لاکھ روپے مختص کیئے گئے تھے۔ یاد رہے کہ یہ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کا اپنا کاغذ کا فنڈ ہے

(ب) درست ہے۔

ج:۔ یہ بھی درست ہے

د:۔ دس لاکھ روپے سے متذکرہ رسالہ اطفال پر ستمبر ۷۸ء تک ۷۶۹۹۱۷۶.۷۲ روپے خرچ کیئے گئے۔ بقایا رقم (۲۸۰۰۲۳.۲۸ روپے) مذکورہ فنڈ میں غیر استعمال شدہ موجود رہی۔ تاہم اگلے سال کے بجٹ (۸۰-۱۹۷۹) کے دوران نصابی کتب کی اشاعت کے لیئے کاغذ کی خریداری پر یہ رقم استعمال کی گئی۔ مذکورہ رقم بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے خرچ کی گئی۔ جو بورڈ کے اخراجات کے لیئے مجاز اتھارٹی ہے

# ایڈہاک لیکچراروں کی ملازمت میں توثیق

★1217 میاں محمد اسحاق: کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ حقیقت ہے کہ کئی سال خدمات انجام دینے کے باوجود صوبہ کے مختلف تعلیمی اداروں کے تقریباً ۲۰۰۰ ایڈہاک لیکچراروں کی ملازمت ابھی تک توثیق نہیں ہوئی ہے

(ب) کیا یہ امر واقع ہے کہ سال ۱۹۷۰ء، ۱۹۷۲ء، ۱۹۷۶ء اور ۱۹۷۷ء میں سابقہ حکومتوں اور صوبہ بلوچستان اور سرحد کی حکومتوں نے ایڈہاک لیکچراروں کو اُن متعلقہ تقرریوں پر مستقل کر دیا تھا۔

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ ایڈہاک لیکچراروں کو مستقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) فی الوقت صوبہ میں ایڈہاک لیکچراروں کی تعداد ۱۲۱۵ ہے۔

۱۹۸۶ء میں ۸۶۵ ایڈہاک لیکچراروں کو خصوصی انتظامات کے تحت پبلک سروس کمیشن کے سامنے پیش ہونے کا موقع دیا گیا۔ ان کا سروس ریکارڈ دیکھنے اور انٹرویو کرنے کے بعد کمیشن نے ۵۹۰ لیکچراروں کو ملازمت کے لیے موزوں قرار دیا۔ ان ۵۹۰ لیکچراروں کی ملازمت کو باقاعدہ بنا دیا گیا۔

جو ایڈہاک لیکچرر پبلک سروس کمیشن کا انٹرویو پاس نہ کر سکے ان کو سیلکشن بورڈ کے سامنے پیش ہونے کا ایک اور موقع دیا گیا۔ سیلکشن بورڈ امیدواران کا انٹرویو لے رہا ہے۔ جن ایڈہاک لیکچراروں نے بورڈ کو درخواست دی ہے اور جو انٹرویو میں معیار کے مطابق پائے گئے اُن کو بھی باقاعدہ بنا دیا جائے گا۔

(ب) یہ درست ہے کہ سابقہ حکومتوں کے اداروں میں ایڈہاک لیکچراروں کو باقاعدہ بنا دیا گیا تھا۔ یہ بھی درست ہے کہ صوبہ سرحد کی حکومت نے بھی بذریعہ آرڈیننس مجریہ ۱۹۸۷ء کی رو سے تمام ایڈہاک ملازمین کو مستقل کر دیا ہے لیکن جن شرائط کے تحت انہیں مستقل کیا گیا ہے وہ صوبہ پنجاب کے ایڈہاک لیکچراروں پر لاگو نہیں۔

صوبہ بلوچستان کے متعلق علم نہیں۔
ج :- ۵۹۵ لیکچراروں کو پہلے ہی مستقل کر دیا گیا ہے۔ بقیہ لیکچراروں میں جنہوں نے سلیکشن بورڈ کے پاس درخواستیں جمع کرائی ہیں اور جنہیں بورڈ مطلوبہ معیار کے مطابق قرار دے دے گا ان کو بھی مستقل کر دیا جائے گا۔

# پرونشلائزڈ سکولوں کے ملازمین کیلئے مراعات

★1288 ملک ممتاز احمد بھچر :- کیا وزیر تعلیم از راہِ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

الف۔ آیا یہ درست ہے کہ سال ۱۹۷۵ء میں حکومت نے صوبہ کے بہت سے میونسپل زنانہ و مردانہ ہائی سکولوں کو لوکل گورنمنٹ سے محکمہ تعلیم کو اس شرط پر منتقل کیا کہ ان کے اساتذہ کی سابقہ ملازمت ، پنشن ، سنیارٹی اور دیگر تمام مفادات کے لیئے شمار کی جائے گی - اگر ایسا ہے تو صوبہ کے ایسے سکولوں کی تعداد کتنی ہے۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ پرونشلائزڈ سکولوں کے اساتذہ کا جنرل کیڈر کے سکولوں کے سٹاف کے ساتھ ادغام مکمل ہو چکا ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ امور ملازمت کی طرف سے دی گئی رائے کے مطابق پرونشلائزڈ سکولوں کے ملازمین سرکاری ملازمین کی طرح تمام ملازمتی مفادات اور مقاصد کے لیئے گورنمنٹ ملازم بن گئے ہیں۔

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ اپیل نمبر ۷۰/۱۳۲۰ کے فیصلہ میں چیف جسٹس پنجاب نے تحریر کیا کہ سرکاری تحویل میں لیئے گئے سکولوں کے عملہ کو سرکاری ملازمین تصور کرتے ہوئے ان کی سابقہ ملازمت کا مفاد اس طرح سے دیا جائے کہ گویا سروس کی ابتدا سے ہی سرکاری ملازم ہوں۔

(ہ) کیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا حقائق کے باوجود ایم سی کیڈر کے سینئر پرونشلائزڈ اساتذہ ابھی تک اعلیٰ انتظامی کلیدی اسامیوں پر ترقی سے محروم ہیں - ایسے سینئر سی ٹی اور بی ایڈ اساتذہ کو ایس ایس ٹی کی ایم سی کیڈر میں خالی ہونے والی آسامیوں پر ترقی نہیں ملتی

(و) کیا یہ بھی درست ہے کہ پرونشلائزڈ کیڈر کے سینئر اساتذہ کو سلیکشن گریڈ نہیں دیا گیا

جبکہ جنرل کیڈر کے نسبتاً جونیئر اساتذہ کو سیلیکشن گریڈ دے دیا گیا ہے۔

(ز) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو اس ناانصافی اور تفریق کی وجوہ کیا ہیں اور حکومت کب تک ان محرومیوں کو ختم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

(ح) کیا حکومت اپنے اور پنجاب ہائی کورٹ کے فیصلوں کی تعمیل میں پروونشلائزڈ ایم سی کیڈر کے اساتذہ کو ان کی ملازمت کے آغاز سے ہی جنرل کیڈر کے ساتھ مدغم کرنے کے لئے تیار ہے۔ اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) جی ہاں یہ درست ہے۔ ۷۰ زنانہ مردانہ میونسپل ہائی سکول ۱۹۷۵ء میں لوکل ملازمین گورنمنٹ سے محکمہ تعلیم کو منتقل ہوئے۔

(ب) جی نہیں۔ پروونشلائزڈ سکولوں کے اساتذہ کا علیحدہ کیڈر ہے۔

(ج) جی ہاں یہ درست ہے ایم سی کیڈر کے ملازمین ۷۵-۷-۱ اور ڈی سی کیڈر کے ملازمین ۷۰-۶-۱ سے محکمہ کے ملازمین شمار ہوتے ہیں۔

(د) یہ درست نہ ہے کیونکہ اپیل ۱۴۲۰ سال ۱۹۷۰ء سے تعلق رکھتی ہے جبکہ میونسپل کمیٹی کے ملازموں کو ۱۹۷۵ء سے سرکاری تحویل میں لیا گیا ہے۔ لہذا اس اپیل کا میونسپل کیڈر کے ملازموں سے کوئی تعلق نہ ہے۔

(ہ) جی نہیں یہ درست نہ ہے تناسب کے لحاظ سے ایم سی کیڈر کے سینئر اساتذہ کو اعلیٰ انتظامی آسامیوں پر ترقی دی جاتی ہے۔ سینئر سی ٹی اساتذہ کو بھی دوران ملازمت بی ایڈ پاس کرنے کے بعد اُن کی باری کے مطابق ایس ایس ٹی کی خالی آسامیوں پر ان کے تناسب کے لحاظ سے تعینات کیا جاتا ہے۔

(و) جی نہیں یہ بھی درست نہ ہے پروونشلائزڈ کیڈر کے اساتذہ کو اُن کے اپنے تناسب سے ۳۰ فیصد سلیکشن گریڈ اور جنرل کیڈر کے اساتذہ کو ان کے اپنے تناسب سے ۳۳ فیصد آسامیاں پر سلیکشن گریڈ دیا جاتا ہے۔

(ز) کسی کیڈر کے ساتھ ناانصافی یا تفریق نہیں کی گئی۔

(ح) پنجاب سروس ٹریبونل نے کئی مقدمات میں ادغام کے خلاف فیصلہ دیا ہے۔ سپریم کورٹ میں بھی پنجاب سروس ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف ایک اپیل میں حکومت کو فریق بنایا

گیا ہے۔ اپیل کے فیصلہ کی روشنی میں ادغام کے مسئلہ پر غور کیا جائے گا۔

## پرائمری سکول کی عمارت کی تعمیر

★1295۔ **جناب لالہ مہر لال بھیل**: کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ کالونی بھیل نگر شہر رحیم یار خان میں ۱۹۷۵ سے ایک پرائمری سکول چل رہا ہے۔ جس کی اپنی کوئی عمارت نہیں ہے۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت سکول ہذا کی عمارت بنانے کے لئے تیار ہے۔ اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اس کی کیا وجہ ہے۔

**وزیر تعلیم** (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) جی ہاں

(ب) کالونی بھیل نگر شہر رحیم یار خان کا یہ سکول حکومت پنجاب کے زیر انتظام نہیں ہے یہ میونسپل کمیٹی کے زیر انتظام چل رہا ہے اور اس کو عمارت بہم پہنچانا میونسپل کمیٹی کی ذمہ داری ہے تاہم جناب بھگوان داس ایم۔ این۔ اے سندھ نے اپنے پروگرام برائے سال ۸۶-۱۹۸۵ میں سے اس سکول کو عمارت کی تعمیر کے لئے ایک لاکھ چالیس ہزار روپے کی رقم مختص کی تھی جناب ایم۔ این۔ اے صاحب کے پروگرام میں اس سکول کی عمارت تعمیر ہو جائے گی۔

## چک نمبر ۵۴/ڈی این بی تحصیل بہاولپور میں واقع پرائمری گرلز سکول کا درجہ بڑھانے کیلئے اقدامات

★1288 **جناب لالہ مہر لال بھیل**: کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چک نمبر ۵۴/ڈی این بی تحصیل بہاولپور میں عرصہ دراز سے ایک پرائمری سکول چل رہا ہے۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ اس علاقہ میں ۱۵/۱۶ میل تک کوئی مڈل یا ہائی سکول نہ ہے

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ علاقہ کے عوام کی ضروریات کے پیش نظر جناب مخدوم الطاف احمد

وزیر خزانہ کی صدارت میں متذکرہ سکول کا درجہ بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔

(د) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت متذکرہ پرائمری گرلز سکول کو مڈل یا ہائی کا درجہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اگر جواب ہاں میں ہے تو کب تک۔ اگر نہیں تو اسکی کیا وجوہات ہیں؟

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

(الف) جی ہاں درست ہے۔

(ب) جی نہیں۔ سکول ہذا سے

I گرلز مڈل سکول DNB/44 تین میل کے فاصلہ پر

II گرلز مڈل سکول DNB/42 چار میل کے فاصلہ پر

III گرلز مڈل سکول DNB/10 سات میل کے فاصلہ پر اور

IV گرلز ہائی سکول احمد پور شرقیہ دس میل کے فاصلہ پر چل رہے ہیں۔

(ج) جی نہیں۔ محکمہ تعلیم میں ۸۶-۱۹۸۵ء میں اس قسم کا کوئی فیصلہ موصول نہیں ہوا۔ اس سکول کو ترقیاتی پروگرام ۸۷-۱۹۸۶ء کے تحت مڈل کا درجہ دینے پر غور کیا جا رہا ہے۔

# معذور افراد کے لیے سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ

**★1313 چوہدری غلام رسول**۔ کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صدر پاکستان کی ہدایت کے مطابق حکومت پنجاب نے تمام محکموں میں معذور افراد کے لیے ملازمتوں کا کوٹہ مقرر کیا تھا۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ مسمی محمد شریف ولد حاجی محمد قوم ارائیں موضع ویرم پٹھار، ڈاکخانہ کھڈیاں، تحصیل و ضلع قصور جو کہ ایک ٹانگ سے معذور ہے نے اس مخصوص کوٹہ میں سے ملازمت کے لیے سیکرٹری محکمہ تعلیم کو درخواست دی تھی اور سیکرٹری صاحب نے مورخہ ۱۰ ستمبر ۱۹۸۵ء کو مراسلہ نمبر ایس - او (این - جی) ا-۳-۷/۸۵ کے ذریعہ ڈی ای او قصور کو ہدایات کی تھی کہ مسمی محمد شریف کی تقرری بطور ان ٹرینڈ ٹیچر معذور افراد کے کوٹہ میں سے کی جائے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ جناب سیکرٹری محکمہ تعلیم پنجاب کے واضح احکام کے باوجود ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قصور نے سوشل ویلفیئر آفیسر قصور کو بذریعہ مراسلہ نمبر ای ۱۱۱/ ۳۶۰۵ مورخہ ۲۴ اکتوبر ۱۹۸۵ء کو چھٹی لکھی کہ وہ تصدیق کریں کہ مسمی محمد شریف واقعہ معذور افراد کے زمرے میں آتا ہے یا نہیں

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ نومبر ۱۹۸۵ء میں جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر آفیسر قصور نے یہ سرٹیفکیٹ جاری کر دیا تھا کہ مسمی محمد شریف معذور ہے۔

(ہ) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو مسمی محمد شریف کے اب تک بطور ان ٹرینڈ ٹیچر تقرری کے احکامات کیوں نہیں کیئے گئے؟

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

(الف) جی ہاں ایک فیصد کوٹہ مقرر ہے۔

(ب) یہ عرضی متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو معذور افراد کے کوٹہ میں مسمی محمد شریف کی تقرری پر غور کرنے کے لیئے ارسال کی گئی تھی۔

(ج) درست ہے۔

(د) جی ہاں درست ہے۔

(ہ) محمد شریف ولد حاجی محمد ساکن دیرم ہٹھار تحصیل وضلع قصور نے معذور افراد کے کوٹہ میں بطور ان ٹرینڈ ٹیچر تقرری کے لیئے درخواست دی تھی جو سیکرٹری صاحب محکمہ تعلیم پنجاب کی معرفت مورخہ ۳۱-۱۰-۸۵ کو دفتر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ) قصور موصول ہوئی تھی۔ تیار شدہ میرٹ لسٹ میں ۹۳ پی ٹی سی ٹرینڈ امیدوار موجود تھے جن میں محمد ارشد قمر ولد چندر خان ساکن قادیو نڈ کی درخواست معذور افراد کے کوٹہ میں تھی چونکہ وہ ٹرینڈ پی ٹی سی تھا۔ لہذا معذور افراد کے کوٹہ میں (جو کہ ایک فیصد کے حساب سے ۹۴ پر ایک سیٹ تھی) اس کی تقرری کی گئی تھی۔ تمام ٹرینڈ ٹیچر ہی لگائے گئے تھے اور ان ٹرینڈ امیدواروں سے درخواستیں طلب ہی نہیں کی گئی تھیں۔ معذور افراد کے کوٹہ میں پہلے ہی ایک ٹرینڈ ٹیچر کی تقرری ہو چکی تھی۔ اس لیئے محمد شریف ان ٹرینڈ کی تقرری ممکن نہ تھی۔

# سپیشل ڈویلپمنٹ پروگرام (مسجد سکیم) کے تحت اساتذہ کی بھرتی

★1316 چوہدری غلام رسول :- کیا وزیر تعلیم از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ حقیقت ہے کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قصور نے لاہور کے اخبارات میں دسمبر ۱۹۸۴ کے پہلے ہفتہ میں سپیشل ڈویلپمنٹ پروگرام (مسجد سکیم) کے تحت اساتذہ کی بھرتی کے لیئے اشتہار دیا تھا۔ اگر ایسا ہے تو یہ اشتہار کس تاریخ کو شائع کیا گیا اور کس کس قابلیت کے حامل اساتذہ سے درخواستیں طلب کی گئیں۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع ہذا میں ٹرینڈ اساتذہ کی شدید کمی کی بناء پر ان ٹرینڈ امیدواروں سے بھی درخواستیں طلب کی گئیں

(ج) آیا یہ درست ہے کہ اس اشتہار کے نتیجہ میں ضلع کے بیکار روزگار نوجوانوں نے درخواستیں دیں۔ جس پر ضلعی ریکروٹمنٹ کمیٹی قصور کا اجلاس ہوا۔ اگر ایسا ہوا تو یہ اجلاس کس تاریخ کو ہوا اور اس میں شامل سربراہ ممبران کے نام اور عہدے کیا تھے؟

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ کمیٹی مندرجہ جزو (ج) بالا کے سامنے پیش ہونے والے تمام تربیت یافتہ اساتذہ کو یکم ستمبر سے سروس میں لے لیا گیا ہے۔

(ہ) کیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع ہذا میں ٹرینڈ اساتذہ کی شدید کمی کی بناء پر کچھ ان ٹرینڈ اساتذہ کو بھرتی کرنے کے احکام مذکورہ ریکروٹمنٹ کمیٹی کی سفارشات کے مطابق مئی ۱۹۸۵ کے آخری ہفتہ میں جاری کیئے گئے اگر ایسا ہے تو کتنے ان ٹرینڈ اساتذہ کی تقرری اس حکم میں شامل تھی اور یہ حکم کس تاریخ کو کس نمبر کے ساتھ جاری کیا گیا۔

(و) کیا یہ بھی درست ہے کہ حکم مندرجہ بالا میں بھرتی کیئے گئے اساتذہ کو موسم گرما کی تعطیلات کے بعد یکم ستمبر ۱۹۸۵ سے اپنے فرائض سنبھالنے تھے۔

(ز) کیا یہ بھی درست ہے کہ ابھی تک جزو (ہ) بالا میں مندرج اساتذہ کو فرائض سنبھالنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ اگر ایسا ہے تو اس کی وجوہ کیا ہیں اور انہیں کب تک ڈیوٹی دے دی جائے گی اور اگر نہیں تو کیوں نہیں؟

(ح) کیا یہ بھی درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قصور نے جون ۱۹۸۵ کے آخری ہفتہ

میں اپنے ماتحت افسران ہیڈ ماسٹروں کو ایک حکم نامہ جاری کیا تھا کہ مذکورہ بالا انٹرنیڈ اساتذہ کو ڈیوٹی نہ دی جائے۔

(ط) اگر جزو (ح) بالا کا جواب اثبات میں ہے تو اس حکم نامہ کی نقل ایوان کی میز پر رکھی جائے اور اس حکم نامہ کے اجراء کی وجوہات کیا تھیں۔ نیز یہ حکم نامہ جاری کرنے والے افسر نے ضلع قصور میں بطور ضلع ایجوکیشن آفیسر فرائض کب سنبھالے؟

## وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) اشتہار روزنامہ جنگ لاہور میں مورخہ ۸۴-۱۲-۳ کو شائع ہوا۔ جس میں ۱۰۰ جملہ دوسری آسامیوں کے مکتب سکیم کے لیئے درخواستیں طلب کی گئیں۔

(ب) جی ہاں درست ہے

(ج) اجلاس مورخہ ۸۵-۳-۲ اور ۸۵-۵-۱۴ کو ہوئے۔ ممبران سلیکشن کمیٹی یہ تھے۔

۱ - غلام یاسین منہاس

۲ - قاضی ذوالفقار احمد ڈپٹی ڈی۔ ای۔ او قصور

۳ - چوہدری احمد حسن اے۔ ای۔ او قصور

(د) جی ہاں درست ہے۔

(ھ) انٹرینڈ اساتذہ کی بھرتی / تقرری بحکم نمبری 135/E-3/SDP کی گئی۔ یہ حکم ۱۰۰ انٹرینڈ اساتذہ کی تقرری پر مشتمل تھا۔ یہ حکم ۸۵-۵-۲۶ کو جاری کیا گیا۔

(و) جی ہاں درست ہے۔

(س) جی ہاں درست ہے۔

۱ - محمد صدیق ملتانی سابق ڈی۔ ای۔ او نے ان تقرریوں کو اپنے آفس آرڈر نمبر A/۲۱۸۴ P مورخہ ۸۵-۶-۲۵ کے تحت روک دیا تھا۔ اخبار میں اشتہار مورخہ ۸۴-۱۲-۳ کو دیا گیا اور تقرریاں مورخہ ۸۵-۵-۲۶ کو کی گئیں۔

۲ - جو امیدوار دفتر روزگار کی معرفت بلائے گئے تھے۔ ان کی تقرریاں نہیں کی گئیں بلکہ ویسے ہی ایک ایک کر کے امیدوار چن لیئے گئے۔ ان امیدواروں کے انتخاب کے دوران ہی ان کا تبادلہ ہو گیا اور غلام یاسین منہاس سابق ڈی۔ ای۔ او نے یہاں سے فارغ ہونے کے بعد احکامات تقرری جاری کیئے اور نمبر بھی اصل ڈسپیچ رجسٹر کے نہیں لگائے گئے۔ دفتر روزگار کے

ذریعے طلب کیئے گئے امیدواروں کا ریکارڈ نہیں ملتا۔ اس کیس کے فیصلہ تک ان اساتذہ کی تقرری منسوخ کی گئی اور ملازمت پر حاضری کی اجازت نہیں دی گئی۔ ڈائریکٹر لاہور کو یہ ہدایات کی گئی کہ وہ غلام یاسین منہاس کے دور کی ان ساٹھ تقرریوں کے علاوہ ان کی تمام تقرریوں کا ریکارڈ بھی چیک اور مشکوک احکام کو منسوخ کریں۔ ڈائریکٹر لاہور کی طرف سے بی بخش صابر اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے انکوائری کی ان کی رپورٹ حکومت کو موصول ہو چکی ہے جو زیر غور ہے۔

(ح) جی ہاں درست ہے۔

(ط) نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ غلام صدیق ملتانی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر قصور نے مورخہ ۸۵-۶-۲۴ کو چارج سنبھالا۔ انہیں یہ خدشہ تھا کہ ان کے پیش رو غلام یٰسین منہاس اساتذہ کی تقرری کے احکامات ۸۵-۵-۲۳ کے بعد بھی جاری کرتے رہیں گے۔ حالانکہ وہ ضلع سے فارغ ہو چکے تھے اس کی روک تھام کے لیئے انہوں نے حکم PA/۸۴/۸۱۲ مورخہ ۸۵-۶-۲۵ جاری کیا تھا۔

## قبائلی علاقہ ڈیرہ غازیخاں میں سکولوں کی مرمت کے لیے اقدامات

**★1335 سردار فتح محمد خان** ۔ کیا وزیر تعلیم ازراہِ کرم بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) آیا قبائلی علاقہ ڈیرہ غازی خان میں سکولوں کی مرمت کے لیئے گذشتہ سال کوئی رقم خرچ کی گئی تھی۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو کتنی اور اگر نفی میں ہے تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

**وزیر تعلیم** : (چوہدری ممتاز حسین)

(الف) جی ہاں خرچ کی گئی ہے۔

(ب) قبائلی علاقہ کے سکولوں کی مرمت کے لیئے ۸۶-۱۹۸۵ء میں ۵۷۸۸۶ روپے خرچ کیئے گئے ہیں اور آئندہ بھی ہر سال اس مد میں سے سکولوں کی عمارات کی مرمت کرائی جاتی رہے گی

## قبائلی علاقہ میں پرائمری سکول کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کا مطالبہ

**★1337 سردار فتح محمد خان** ۔ کیا وزیر تعلیم ازراہِ کرم بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ قبائلی علاقہ ضلع ڈیرہ غازی خان میں پرائمری سکولوں میں پانی لانے کے لیئے ملازموں کی ماہوار تنخواہ صرف پچیس روپے ہے۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت ایسے ملازمین کی ماہوار تنخواہوں کو بڑھانے پر غور کر رہی ہے؟

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

(الف) قبائلی علاقہ ضلع ڈیرہ غازی خان کے پرائمری سکولوں میں پانی لانے والے ملازمین جو وقتی ملازم ہوتے ہیں۔ جنہیں تنخواہ صرف پچیس روپے ماہوار کنٹیجنٹ گرانٹ سے ادا کی جاتی ہے۔

(ب) سال ۸۶ - ۱۹۸۵ء میں صوبہ کے زنانہ پرائمری مدارس میں چوکیداروں کی طرح ۲۱۴۳ آسامیاں منظور ہو چکی ہیں جبکہ ۸۷ - ۱۹۸۶ء میں ۲۱۸۸ آسامیاں منظور کی گئی ہیں ان منظور شدہ آسامیوں میں سے ضلع ڈیرہ غازی خان کے زنانہ پرائمری مدارس کے لیئے ۷۷ آسامیاں فراہم کی گئی ہیں۔ اب ان آسامیوں پر متعین چوکیداروں کو باقاعدہ تنخواہ ماہانہ سکیل نمبر ا میں ملتی ہے۔ جو کل وقتی ملازم ہیں۔ چوکیدار اور بہشتی دونوں کا کام ان ہی کے ذمہ ہے۔ اس لیئے اب مزید جزو وقتی ملازمین متعین کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

# پنجن کسانہ ہائی سکول کی عمارت کی تعمیر

★1406 **چوہدری محمد اصغر**: کیا وزیر تعلیم میرے سوال نمبر ۴ کے جواب کے جزو (ج) کے حوالے سے بیان فرمائیں گے کہ کیا حکومت نے پنجن کسانہ ہائی سکول کی عمارت کی تعمیر کے لیئے ۴۷۰۰۴۱ لاکھ روپے کی رقم ترقیاتی بجٹ ۸۷ - ۱۹۸۶ء میں مختص کر دی ہے اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔؟

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

گورنمنٹ ہائی سکول پنجن کسانہ کی عمارت کی تعمیر کی سکیم ۸۷ - ۱۹۸۶ء کے ترقیاتی بجٹ میں شامل ہے سکیم منظور ہو چکی ہے اور اس کے لیئے ۸ لاکھ روپے فراہم کیئے جا چکے ہیں جس میں سے جنوری ۸۷ء تک ۴۰۷۵ لاکھ خرچ بھی ہو چکے ہیں۔ عمارت کی تعمیر کا کام جاری ہے اور

چھتوں تک پہنچ چکا ہے۔

## یونین کونسل برنالی میں مڈل سکول کا اجراء

★1428 چوہدری محمد اصغر:- کیا وزیر تعلیم ازراہِ کرم بیان فرمائیں گے کہ:-
(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ موضع بدنزلی تحصیل کھاریاں ضلع گجرات میں ایک گرلز پرائمری سکول قائم ہے۔
(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ یونین کونسل برنالی ضلع گجرات میں کوئی بھی گرلز مڈل سکول نہیں۔
(ج) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ لڑکیوں کے والدین کو مڈل سکول نہ ہونے کی وجہ سے بڑی پریشانی کا سامنا ہے اور لڑکیوں کو حصولِ تعلیم کے لئے بہت دور دراز جانا پڑتا ہے۔ اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت گرلز پرائمری سکول برنالی کو مڈل کا درجہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

**وزیر تعلیم** (چوہدری مختار حسین)

(الف) جی ہاں
(ب) جی ہاں نہیں ہے۔
(ج) ہو سکتا ہے ایسا ہو۔ کیونکہ اس سکول کا درجہ بڑھانے کے لئے ایم پی اے صاحب نے اپنے کوٹے میں شامل نہیں کیا۔

۸۷-۱۹۸۶ء میں ہر ایم۔پی اے کے کوٹے میں پرائمری سے مڈل سکول کا درجہ دینے کا کوٹہ بھی شامل کیا گیا تھا۔ چونکہ ایم پی اے صاحب نے اس سکول کی سفارش نہیں کی لہذا اسے امسال پرائمری سے مڈل کا درجہ دیئے جانے والے سکولوں کی فہرست میں شامل نہیں کیا گیا۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ جناب وزیراعظم کے پانچ نکاتی پروگرام کے مطابق ایسی تمام یونین کونسلوں میں جہاں مڈل سکول نہیں ہیں۔ سب سے بڑے پرائمری سکول کو مڈل کا درجہ دیا جائے گا۔ بشرطیکہ وہاں زمین موجود ہو۔ اس پروگرام کے تحت اسی یونین کونسل میں باری آنے پر ایک گرلز پرائمری سکول آئندہ سالوں میں مڈل کا درجہ حاصل کرے گا۔

# پنجاب یونیورسٹی اور ملحقہ تعلیمی اداروں سے طلباء کا اخراج

★1430 جناب فضل حسین راہی ، کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ :-

(الف) ۱۹۸۵ء میں پنجاب یونیورسٹی اور اس کے ملحقہ تعلیمی اداروں سے کتنے طلباء کو خارج کیا گیا اور یہ کارروائی کن الزامات کے تحت اور کس اتھارٹی کے حکم پر عمل میں لائی گئی

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ۱۹۸۵ء میں پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن پنجاب یونیورسٹی کے صدر مسٹر انجم نسیم کو بھی ایف - ای - ایل کلاس پنجاب یونیورسٹی لاء کالج سے خارج کیا گیا اور ایسا کس اتھارٹی کے حکم پر کیا گیا۔

(ج) پنجاب یونیورسٹی اور اس سے ملحقہ تعلیمی اداروں سے طلباء کو کون کونسی صورت میں اور کس اتھارٹی کے حکم سے خارج کیا جا سکتا ہے۔

(د) کیا یہ درست ہے کہ مسٹر انجم نسیم کو خارج کرتے وقت انصاف کے معروف تقاضے پورے نہیں کیئے گئے اور یہ حکم کسی مجاز اتھارٹی کی جانب سے بھی جاری نہیں ہوا تو کیا یہ محض سیاسی مخالفت کی بناء پر تعلیمی اداروں میں جانبدارانہ مداخلت نہ ہے اور اگر مسٹر انجم نسیم کو کسی مارشل لاء اتھارٹی کی جانب سے مارشل لاء ضابطے کے تحت خارج کیا گیا تھا تو مارشل لاء کے خاتمے کے بعد ان احکامات کی قانونی حیثیت کیا ہے۔

(ہ) مسٹر انجم نسیم کو کتنے عرصہ کے لیئے یونیورسٹی لاء کالج سے خارج کیا گیا اور اگر یہ غیر معینہ عرصہ کے لیئے ہے تو کیا یہ ایک شہری کو تعلیم کے بنیادی حق سے محروم کر دینے اور اس طرح ایک قومی نقصان کرنے کے مترادف نہ ہے۔

(و) کیا مسٹر انجم نسیم کے ساتھ اور طالب علموں کو بھی تعلیمی اداروں سے خارج کیا گیا اور کیا ان میں سے بعض احکامات واپس بھی لیئے جا چکے ہیں اور ایسا کس بنیاد پر کیا گیا ہے۔

(ز) اگر ایک ہی نوعیت کے الزامات کے تحت خارج کیئے گئے بعض طلباء کو بحال کیا گیا ہے تو انجم نسیم کے ساتھ امتیازی سلوک کی وجہ کیا ہے؛

(ح) کیا مسٹر انجم نسیم کے امتحانات میں شامل ہونے پر بھی پابندی عائد کی گئی ہے ؛

(ط) کیا جمہوریت کی بحالی اور مارشل لاء کے خاتمے کے بعد مسٹر انجم نسیم کو خارج کرنے کا

فیصلہ نظر ثانی کا مستحق نہیں اور کیا سیاسی مخالفین کے خلاف اس نوعیت کی کارروائی کرنا یا اسے برقرار رکھنا جمہوریت کی بنیادی روح کے منافی نہ ہے؟

**وزیر تعلیم (چوہدری ممتاز حسین)**

(الف) ۱۹۸۵ء میں مارشل لاء ہیڈ کوارٹر زون "اے" کے حکم کے تحت یونیورسٹی لاء کالج لاہور اور گورنمنٹ کالج منڈی بہاؤالدین سے مندرجہ ذیل طلباء کو خارج کیا گیا تھا۔

۱۔ قمر انجم انقلابی ۲۔ الیاس نوید شہزاد ۳۔ انجم نسیم ۴۔ محمد رزاق

جہاں تک الزامات کا تعلق ہے پنجاب یونیورسٹی کو ان کے بارے میں کچھ نہیں بتایا۔

(ب) ۱۹۸۵ء میں انجم نسیم طالب علم ایف اے ایل کلاس پنجاب یونیورسٹی لاء کالج کو ہیڈ کوارٹر مارشل لاء زون اے کے حکم کے تحت خارج کیا گیا تھا۔

(ج) پنجاب یونیورسٹی اور اس کے ملحقہ کالجوں سے طلباء کو جن وجوہات کی بناء پر خارج کیا جاسکتا ہے۔ ان کی تفصیل میں درج ہے جو ملاحظہ ہوں۔

ملحقہ کالجوں میں پرنسپل صاحبان کالج کونسل کی سفارش پر اور جامعہ پنجاب میں سربراہ شعبہ یا پرنسپل انضباطی کمیٹی کی سفارش پر طالب علم کو خارج کر سکتے ہیں۔

جامعہ پنجاب کے پاس چونکہ اس سلسلے میں اخراجی حکم نامہ کے متعلق اور کوئی اطلاع مہیا نہیں ہے۔ لہذا اس ضمن میں کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

(د) اخراج کے متعلقہ قوانین کے تحت کسی بھی طالب علم کو ایک تعلیمی سال کے لیئے خارج کیا جاسکتا ہے۔ انجم نسیم کو ایک تعلیمی سال کے اخراج کے بعد پنجاب یونیورسٹی نے خط نمبری ۴۵۸۹ مورخہ ۲۶ جون ۱۹۸۶ء کے تحت دوبارہ کالج میں داخل ہونے اور آئندہ ایف اے ایل کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت دے دی ہے۔

(س) جیسا کہ سوال (الف) کے جواب میں بتایا جاچکا ہے کہ انجم نسیم کے علاوہ قمر انجم انقلابی الیاس نوید شہزاد اور محمد رزاق کو بھی خارج کیا گیا تھا قمر انجم انقلابی اور الیاس نوید شہزاد کو بھی ایک تعلیمی سال کے اخراج کے بعد دوبارہ کالج میں داخل ہونے اور آئندہ ایل ایل بی کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت دی جاچکی ہے محمد رزاق طالب علم گورنمنٹ ڈگری کالج منڈی بہاؤالدین کا اخراج بھی ایک تعلیمی سال کے لیئے ہوا تھا اور اس کی مدت اخراج ۲۳ جنوری ۱۹۸۶ء کو پوری ہو گئی تھی۔ البتہ اسے دوبارہ کالج میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی گئی اسکی

لیئے کہ اس نے بی اے کا امتحان بطور پرائیویٹ امیدوار دیا ہے۔

(ز) انجم نسیم کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا گیا۔ دوسرے طلباء کی طرح اس کو بھی اخراج کی مقررہ مدت کے اختتام پر دوبارہ کالج میں داخلے اور امتحان میں بیٹھنے کی اجازت دی جا چکی ہے۔

(ص) جواب اوپر دیا جا چکا ہے۔

(ط) انجم نسیم کو کالج میں دوبارہ داخلہ لینے اور امتحان میں بیٹھنے کی اجازت دی جا چکی ہے۔

**جناب سپیکر:** جناب میاں فضل حق صاحب۔

**میاں فضل حق:** جناب والا! ابھی یہ ایک مراسلہ تقسیم کیا گیا ہے جس پہ لکھا ہے "نہایت اہم" اور اس میں یہ لکھا ہوا ہے کہ یوم جمہوریہ پاکستان کے موقع پر پریڈ۔ یہ ممبران کو دعوت نامہ دیا گیا ہے کہ ہم پریڈ دیکھنے کے لیئے وہاں جائیں۔ اگر ہم یہی کاغذ اسی طرح وہاں لے جائیں تو کیا ہم اندر جا سکیں گے! کیونکہ پارس اینڈ کیٹل شو میں ہمارے ساتھ جو کچھ ہوا ہے وہ جب موضوع آئے گا تب بیان کریں گے کیا اس کا حال بھی اسی طرح سے تو نہیں ہونا ہے!

**جناب سپیکر:** کیا یہ آپ کو یہاں circulate کیئے گئے ہیں؟

**میاں فضل حق:** ابھی کوئی دس منٹ پہلے دیا گیا ہے۔ اس کے لیئے لفافہ بھی عنایت فرمائیں تاکہ اسے لفافے کے اندر رکھ کر لے جایا جائے۔

**جناب سپیکر:** میاں صاحب، پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ کو ایک چٹھی موصول ہوئی تھی کہ پاکستان ڈے کی اہمیت کے نقطہ نگاہ سے منتخب نمائندوں کو بھی اس میں شامل ہونا چاہیے انہوں نے یہ لکھا تھا۔ چنانچہ ہم نے آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے کہ آپ بھی وہاں تشریف لے جائیں یقیناً آپ کے وہاں بیٹھنے کا بندوبست ہو گا۔

**میاں فضل حق:** جناب والا جب ہم گیٹ پر جائیں گے تو گیٹ والے ہم سے پاس کے متعلق پوچھیں گے۔ وہ کونسی کلاس میں ہمیں بٹھائیں گے۔ تبھی تو ہم اندر جا سکتے ہیں۔ اس کے بغیر ہم کیسے جائیں گے information تو جناب اخباروں میں بھی آ رہی ہے اور ہر ایک کو پتہ ہے کہ ۲۳ مارچ کو فورٹریس سٹیڈیم میں ہر سال پریڈ ہوتی ہے۔

**جناب سپیکر:** ہمارے پاس اسی طرح سے یہ دعوت نامہ آیا ہے جو ہم نے circulate کر دیا ہے۔ اگر ہمارے پاس کارڈز آئے تو ہم کارڈ بھی آپ کی خدمت میں circulate کر دیں گے۔

میاں فضل حق ۔ جناب والا ۔ اگر یہ لے کر وہاں چلے جائیں تو کیا یہ قابل قبول ہوگا۔

جناب سپیکر ۔ میں سر دست اس بارے میں کچھ کہہ نہیں سکتا۔

میاں فضل حق ۔ جناب والا یہ تو بڑا ضروری ہے اور اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے آیا ہے۔ یا تو اسے withdraw کر لیا جائے اور نئے کارڈ جاری کئے جائیں ۔ یہ یہ صبح ۹ بجے ہے۔ کوشش کے بارے میں کیا عرض کیا جائے ۔

# مسئلہ استحقاق

جناب سپیکر ۔ ہم کوشش کرتے ہیں کہ آپ کو کارڈ مہیا کئے جائیں۔ اب ہم تحاریک استحقاق کو لیتے ہیں ۔

نمبرا تحریک استحقاق جناب فضل حسین راہی صاحب کی طرف سے اور جناب سید طاہر احمد شاہ صاحب کی طرف سے ہے۔ کل یہ دونوں صاحبان تشریف نہیں رکھتے تھے ۔ اس لیے ہم نے اسے التوا میں رکھ دیا تھا۔

## صوبائی اسمبلی پنجاب کی مجالس قائمہ کو توڑنے اور از سر نو تشکیل دینے کا مطالبہ

جناب فضل حسین راہی ۔ میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور مخصوص معاملہ کو زیر بحث لانے کے لیے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ اخبار نوائے وقت لاہور کی اشاعت مورخہ ۸۷/۱/۷ میں یہ خبر جلی سرخی کے ساتھ شائع ہوئی ہے کہ حکومت پنجاب نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ "پنجاب اسمبلی کی تمام سٹینڈنگ کمیٹیاں توڑ دی جائیں گی اور تمام مجالس قائمہ کی از سر نو تشکیل کی جائے گی "۔

صوبائی حکومت پنجاب کے مندرجہ بالا فیصلہ سے صوبائی اسمبلی پنجاب کے قواعد انضباط کار کے قاعدہ نمبر ۱۱۹ اور آئین پاکستان کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ جس سے نہ صرف میرا بلکہ معزز ایوان کا اور اس کے ارکان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اس لیے میری تحریک استحقاق کو باضابطہ قرار دے کر مجلس قائمہ برائے استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔ تاکہ وہ تین ماہ کے اندر غور و خوض کے ساتھ اپنی سفارشات

ایوان میں پیش کرے۔

جناب والا حکومت پنجاب کا یہ فیصلہ کہ پنجاب اسمبلی کی تمام سٹینڈنگ کمیٹیوں کو توڑ دیا جائے یہ آئین پاکستان اور رولز آف پروسیجر پنجاب اسمبلی کے قواعد و ضوابط کے خلاف ہے۔ حکومت پنجاب کا یہ فیصلہ ایسی خواہش کا مظہر ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حکومت پنجاب اسمبلیوں کو محدود کر دینا چاہتی ہے ان کے اختیارات کو ان سے چھین لینا چاہتی ہے اور اسمبلیوں پر اپنی آمریت کو نافذ کرنا چاہتی ہے۔ جناب والا ہماری اس اسمبلی کو قواعد انضباط کار کے تحت چلنا ہے اور رولز میں اس قسم کی کوئی گنجائش موجود نہیں ہے کہ جو کمیٹیاں اسمبلی ایک بار بنا دیتی ہے۔ تشکیل کر دیتی ہے ان کمیٹیوں کو توڑنے کی provision آئین پاکستان میں نہیں ہے۔

**سید اقبال احمد شاہ** ۔ جناب والا کیا اتنی لمبی تقریر ہو سکتی ہے؟

**جناب فضل حسین راہی**۔ اسے ہنی باروں آئے نیں، ایناں دے ہوندیاں میں ہی بولداآں۔

**جناب سپیکر** ۔ شاہ صاحب کی بات درست ہے کہ اس پہ مختصر بیان ہو سکتا ہے۔

**جناب فضل حسین راہی** ۔ جناب والا یہ تو ابھی پانچ چھ لائنیں ہی ہوں گی۔ آپ وہ کاغذ لے لیں۔ اگر میں اپنا مافی ضمیر بیان نہیں کر سکتا تو پھر میں اس کی کیسے وضاحت کروں گا۔ ابھی تو میرے دلائل دینے باقی ہیں۔ اگر آپ اگلے آدمی کی بات مان لیں گے تو پھر مجھے دوسرا آدمی بٹھا دے گا۔

**جناب سپیکر**۔ چوہدری صاحب آپ ارشاد فرمائیے لیکن اس پر مختصر بیان کر سکتے ہیں۔

**جناب فضل حسین راہی**۔ جناب والا قواعد انضباط کا قاعدہ نمبر ۱۱۹ میں یہ واضح طور پہ درج ہے کہ اسمبلی کی سٹینڈنگ کمیٹیاں اسمبلی کی تمام میعاد تک کے لیے بنائی جائیں گی اور اس میں کوئی ایسی provision نظر نہیں آئی جس میں یہ کہا گیا ہو کہ یہ کمیٹیاں کسی خاص صورتحال کے تحت یا کسی ایسی وجہ سے توڑی بھی جا سکتی ہیں۔ جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے فیصلے اگر حکومت پنجاب کرتی ہے جس کا اثر اسمبلی کے اختیارات پہ ہوتا ہے یا اسمبلی اس کی زد میں آتی ہے تو یہ اسمبلی کی توہین کے مترادف ہے۔ اس سے اسمبلی میں بیٹھنے والے قانون سازی کرنے والے ارکان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے۔ جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ حکومتیں جذباتی فیصلے نہیں کیا کرتیں اور حکومتیں فیصلہ کرنے سے پہلے ہی انکم ٹیکس

کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے لیا کرتی ہے کہ ہم آئینی طور پر یہ کام کر سکتے ہیں یا نہیں کر سکتے۔ ان حکمرانوں میں حکمران ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنی خواہشات کے تابع اس نظام کو چلانا چاہتے ہیں۔ ایک ملک کو چلانا چاہتے ہیں۔ ایک صوبے کو چلانا چاہتے ہیں۔

**رانا پھول محمد خاں** ۔ جناب والا، جناب راہی صاحب relevant نہیں ہیں کمیٹیاں توڑنے کا اختیار اور اس میں ترامیم کا اختیار جناب کو ہے اور گورنر صاحب کو ہے راہی صاحب کو نہیں ہے۔ راہی صاحب خود اس کمیٹی میں ہوں، اس ہاؤس میں ہوں گے، ہاؤس جو کچھ بھی منظور کرے گا۔ آپ custodian ہیں اور آپ کو اچھی طرح علم ہے کہ اس کے لیے اتنی لمبی چوڑی بحث کی ضرورت نہیں ہے۔ کوئی ایسا بیان جو کسی وقت کسی جگہ دے دیا گیا ہو۔ آئین کے تحت اس بیان کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی اور نہ ہی ایسا کوئی ارادہ ہے اور نہ ہی کوئی معاملہ زیر بحث ہے۔

**جناب سپیکر** ۔ آپ وزیر قانون کی حیثیت سے یہ بات کر رہے ہیں۔

**رانا پھول محمد خاں** ۔ جی نہیں میں تو ویسے ہی ایک ممبر کی حیثیت سے بات کر رہا ہوں کہ ہم اپنی استحقاق کمیٹی کو کیوں ٹوٹنے دیں گے جبکہ ہم یہاں پر موجود ہیں۔

**جناب سپیکر** ۔ جی ہاں رانا صاحب کی بات درست ہے اور relevant ہے کہ یہ ساری بات آپ ایک مفروضے پر کر رہے ہیں۔ اس میں بہتر یہ ہوگا کہ آپ کی تحریک استحقاق آگئی حکومت کو اس کا جواب دینے دیں۔ اس کے بعد اگر آپ کچھ محسوس کریں تو بات کر لیں۔

**جناب فضل حسین راہی** ۔ جناب والا میں نے ابھی تو اتنا کچھ کہا بھی نہیں یہ صرف دو منٹ ہیں۔ ویسے بھی ایک آدمی پانچ سات منٹ بات کر سکتا ہے۔

**جناب سپیکر** ۔ میں غلط precedent کیسے قائم کرنے دوں، اور یہ مختصر بیان کی تعریف نہیں ہے۔ یہ سب کچھ آپ ایک منٹ میں ختم کر لیں۔

**جناب فضل حسین راہی** ۔ جی ہاں میں ایک منٹ میں ختم کرتا ہوں لیکن اس سے پہلے میں رانا پھول محمد خاں صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ وہ وزیروں کے ترجمان بنے ہوتے ہیں اور کم از کم وزیروں کا دفاع تو وہ کر رہے ہیں۔ جناب والا میں عرض کر رہا تھا۔ جیسا کہ آپ جانتے

ہیں اور یہ سارا ہاؤس جانتا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنے قلم سے یہ کمیٹیاں تشکیل دی ہیں اور ہاؤس نے بظاہر ان کو اختیار دیا تھا کہ وہ ان کمیٹیوں کو بنا لیں۔ اپنے ہی ہاتھوں سے بنائی ہوئی کمیٹیوں پر، ہاؤس کی بنائی ہوئی کمیٹیوں پر اب ان کا اعتماد نہیں ہے۔ اب ان کا اعتماد ان پر سے متزلزل ہو چکا ہے۔ اب اس بات کی ضرورت ہے آ گئی ہے کہ آپ ان کمیٹیوں کو توڑ لیں۔ اب شاید یہ کمیٹیاں ان کی ہدایت کے مطابق کام نہیں کر رہی ہیں۔ جناب والا میں یہ کہنا چاہوں گا کہ آئندہ حکومت پنجاب جو بھی فیصلہ کرے تو یہ سوچ سمجھ کر کرے کہ اس کے اثرات آئین تک نہ پہنچیں، رولز تک نہ پہنچیں۔

**رانا پھول محمد خاں** ۔ پوائنٹ آف آرڈر، یہ اختیار اس ہاؤس کا ہے اور وزیر اعلیٰ کو اختیار بھی اس ہاؤس نے دیا ہے، کوئی بھی ترمیم اس ہاؤس کے بغیر نہیں آ سکتی تو پھر اس میں سر کھپانے کی ضرورت ہی کیا ہے۔

**جناب سپیکر** ۔ رانا پھول محمد خاں صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر جائز ہے۔ جی راہی صاحب فرمائیے۔ یہ اسمبلی کا اختیار ہے۔ اس میں کیا کوئی confusion ہے؟

**جناب فضل حسین راہی** ۔ جناب والا میں یہ آخری بات ہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ اسمبلی کا اختیار ہے اور اسمبلی کی بنائی ہوئی کمیٹیوں کو حکومت پنجاب نہیں توڑ سکتی اور یہ اس قسم کا کوئی فیصلہ نہیں کر سکتی جیسا کہ انھوں نے کیا ہے۔

**جناب سپیکر** ۔ وزیر قانون صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں۔

**جناب وزیر قانون** ۔ جناب والا میں آپ کی اجازت سے معزز رکن سے پوچھ سکتا ہوں کہ آیا کمیٹیاں ٹوٹ گئی ہیں؟ ان کا کوئی استحقاق مجروح ہوا ہے۔ جب تک سٹینڈنگ کمیٹیاں معرض وجود میں ہوں۔ اس وقت تک یہ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ یہ بات تو مفروضے پر قائم ہے۔

**جناب سپیکر** ۔ جی ہاں یہ بات مفروضے پر ہے صحیح ہے۔ ریاض حشمت جنجوعہ صاحب

آپ کی تحریک استحقاق IDENTICAL ہے۔آپ اس پر بات کرنا چاہیں گے۔ میں آپ کو عرض کروں کہ آپ اس پہ short statement دے دیجئے گا۔

**جناب فضل حسین راہی** ۔ جناب والا میں صرف ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وزیر صاحب نے بات کی ہے۔میں وضاحت کے ساتھ ان سے کچھ information چاہوں گا

**جناب سپیکر** ۔ راہی صاحب مجھے افسوس ہے کہ میں جنجوعہ صاحب کو بات کرنے کی اجازت دے چکا ہوں۔آپ جنجوعہ صاحب کو بات کرنے کا موقع دیجئے۔

**جناب محمد صدیق انصاری** ۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر کیا اس کو سینہ زوری کہا جاتا ہے جو جناب فضل حسین راہی صاحب کہہ رہے ہیں۔

**جناب سپیکر** ۔ آپ کا پوائنٹ آف آرڈر جائز ہے۔جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔

# جملہ مجالس قائمہ کی از سر نو تشکیل

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ** ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ! جناب صدر مکرم۔ میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک مخصوص اور ایک اہم معاملہ کو زیر بحث لانے کے لیے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔معاملہ یہ ہے کہ مورخہ ۶ جنوری ۱۹۸۷ء کو الحمرا آرٹ سنٹر لاہور میں منعقد ہونے والے پنجاب مسلم لیگ پارلیمانی گروپ کے اجلاس میں جو فیصلے ہوئے۔ان کی تفصیل پنجاب مسلم لیگ کے سیکرٹری کی پریس کانفرنس کے حوالے سے مورخہ ۷ جنوری ۱۹۸۷ء کے قومی اخبارات میں شائع ہوئی جس کے مطابق جناب سیکرٹری صاحب نے فرمایا کہ پنجاب اسمبلی کے ایوان میں قائم کی گئی۔تمام مجالس قائمہ کو توڑ کر ان کی از سر نو تشکیل کی جائے گی۔حالانکہ دستور پاکستان آرٹیکل نمبر ۶۷ کے تحت وضع کردہ قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب کی دفعہ ۱۱۹ کے تحت عام انتخابات کے بعد اسمبلی کی

میعاد تک کے لیے اسمبلی کی منتخب کردہ مجالس کا کام اپنے اپنے متعلقہ محکمہ جات سے متعلق قانون سازی و دیگر امور کے سلسلہ میں فرائض انجام دیتی رہیں گی۔ مگر پنجاب مسلم لیگ پارلیمانی گروپ کے متذکرہ بالا فیصلہ سے نہ صرف آئین پاکستان کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ بلکہ پنجاب اسمبلی کا قانونی و آئینی استحقاق بھی پامال ہوا ہے۔ نیز مجالس قائمہ کی آزادی و خود مختاری بھی متاثر ہوئی ہے۔ لہٰذا استدعا ہے کہ میری اس تحریک استحقاق کو مجالس قائمہ برائے استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

جناب میں اپنی اس تحریک استحقاق کے بارے میں گزارش کرنے سے پہلے۔۔

**جناب سپیکر**۔ پہلے آپ کیا فرما رہے تھے۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ**۔ میں جناب والا شارٹ سٹیٹمنٹ دے رہا ہوں۔ پہلے میں نے آپ کے حکم کے مطابق تحریک استحقاق پیش کی ہے اب اس کے بارے میں اپنا بیان اسمبلی میں دینا چاہتا ہوں۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ**۔ جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ موجودہ حکومت پنجاب جس نے صدیوں کے تجربے کے بعد اور اپنے بزرگوں کے تشکیل کردہ قواعد و ضوابط پہ ہاتھ صاف کرنے کے بعد اب آئین پاکستان پر بھی ہاتھ صاف کرنے شروع کر دیئے ہیں۔

جناب سپیکر آئین پاکستان کا آرٹیکل نمبر ۶۷ جس کے تحت قواعد انضباط کار پنجاب اسمبلی کی تشکیل کی گئی ہے۔ اس کی دفعہ 119 کے تحت صاف طور پہ لکھا ہوا ہے۔

**وزیر صنعت**۔ کیا یہ آئین کی دفعہ ہے۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ**۔ جناب والا یہ رولز کی دفعہ ہے۔ میں قواعد انضباط کار پنجاب کی دفعہ 119 کے متعلق عرض کر رہا ہوں جو کہ آئین کے تابع ہے اور آئین کے تحت یہ وضع کی گئی ہے۔ میرے خیال میں حکومتی پارٹی کے لوگوں کے لیے انکشاف ہو گا۔

کہ قواعد انضباط کار پنجاب اسمبلی آئین کے تحت وضع کردہ اختیارات کے تحت بنائے گئے ہیں۔

جناب سپیکر ابھی تک یہ کہا گیا ہے کہ بات مفروضے پر مبنی ہے۔ * * * *

* * * * * * *

* * * * * * *

(بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کر دی گئی)

**جناب سپیکر۔** یہ بات متعلقہ نہیں ہے۔ آپ کی بریولیج موشن میں مسلم لیگ کا کہیں ذکر نہیں۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔** جناب والا مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری کی سٹیٹمنٹ کا ذکر ہے۔ پارلیمانی پارٹی کے ہونے والے فیصلوں کا ذکر ہے۔ اس لیے مسلم لیگ کا کردار میری تحریک استحقاق میں آئے گا۔

**رانا پھول محمد خاں۔** پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کا سیکرٹری کوئی سرکاری ملازم نہیں ہے۔ مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کا سیکرٹری اس ہاؤس کا بھی ایک معزز رکن ہے اور مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے ارکان اس ہاؤس کے معزز ارکان ہیں۔ ان سب کے خلاف تحریک استحقاق پیش نہیں ہو سکتی۔ یہ کوئی طریقہ کار نہیں ہے۔ سیکرٹری صاحب کے خلاف نہیں ہو سکتی۔ کسی سیاسی جماعت کے خلاف نہیں ہو سکتی۔ ہاں البتہ وزیر صنعت ہوتے ہوئے اگر وہ کوئی ایسی بات کرتے ہیں تو پھر میرے فاضل دوست اور پیارے بھائی جنجوعہ صاحب کی یہ تحریک استحقاق بالکل ٹھیک ہے۔ اگر وہ کسی جماعت کو اس میں ملوث کریں تو سارے ہاؤس کو پامالیٔ استحقاق کا مجرم قرار دینا کوئی مناسب بات نہیں۔ میں اپنے محترم بھائی سے گذارش کروں گا کہ وہ ہمارے حال پر رحم کریں۔ ہمیں تو استحقاق مجروح کرنے والا قرار نہ دیں۔ ہم تو ان کے ساتھی ہیں۔ ہم تو ان کے بھائی ہیں۔ میری یہی گذارش ہے کہ جناب کو بھی اس پر غور کر لینا چاہیئے کہ آیا اس میں جناب وائیں صاحب کے ملوث ہوتے ہوئے بھی ساری جماعت ملوث ہوتی ہے۔

جناب سپیکر۔ آپ کا یہ پوائنٹ آف آرڈر valid نہیں ہے۔اس میں میں کوئی فیصلہ اس وقت ہی دے سکتا ہوں۔جب وہ اپنی بات ختم کریں گے اور گورنمنٹ کا نقطۂ نگاہ سامنے آئے گا۔ اس کے بعد ہی بات ہو سکتی ہے۔
جنجوعہ صاحب کیا آپ کی شارٹ سٹیٹمنٹ ختم ہو گئی ہے۔

جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔ جناب والا ایک منٹ کے لیے اجازت چاہتا ہوں۔
جناب والا وہ یہ فرما رہے ہیں کہ ہماری یہ تحریک استحقاق مفروضوں پر مبنی ہے جناب والا یہ مفروضوں پر مبنی نہیں ہے۔ ہاؤس کے اندر جو کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ ان کے بارے میں قواعد انضباط کار پنجاب اسمبلی واضح طور پر اس امر کی دلالت کرتے ہیں کہ وہ اسمبلی کی پوری میعاد کے لیے ہوں گی۔ ان کے بارے میں اگر کوئی فیصلہ کیا جاتا ہے یا کوئی بیان دیا جاتا ہے تو یہ کمیٹیاں چونکہ اب حکومت کی ہدایات پر کام کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ لہذا یہ بیان جاری کر کے ان کمیٹیوں کی آزادی کو ان کی خود مختاری کو اور ان کی آزادانہ رائے کو متاثر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور ان کو ایک قسم کی دھمکی دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ اگر انہوں نے حکومت کی صوابدید کے مطابق اگر انہوں نے حکومت کے اشاروں کے مطابق اپنا کام نہ کیا تو حکومت یہ اختیار رکھتی ہے کہ وہ اس طرح آئین کے تحت تشکیل دی گئی ان تمام کمیٹیوں کو توڑ سکتی ہے۔ جناب والا یہ کمیٹیوں کو ایک کھلی دھمکی دی گئی ہے۔ ان کی آزادی اور خود مختاری کو متاثر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس طرح نہ صرف ان کمیٹیوں کا بلکہ پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اسی بارے میں جناب سپیکر میں ایک شعر عرض کرتا ہوں ؎

خامشی گفتار بن جائے تو کوئی کیا کرے
آرزو آزار بن جائے تو کوئی کیا کرے
گھر ہی رفتار بن جائے تو کوئی کیا کرے
چور چوکیدار بن جائے تو کوئی کیا کرے

وزیر صنعت ۔ جناب والا اس پر میں بھی اظہار خیال کی اجازت چاہوں گا۔ کیونکہ اس میں میرا تذکرہ ہوا ہے۔

**جناب سپیکر۔** اس پر جناب وزیر قانون کچھ فرمانا چاہیں گے یا آپ۔

**وزیر صنعت۔** وہ بھی شاید کہیں میں بھی کچھ کہوں گا اس لیے مجھے بھی اظہار خیال کی اجازت دی جائے۔ جناب سپیکر میں بے حد شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اس تحریک استحقاق پر اظہار خیال کا موقع دیا۔ اس سلسلے میں میرے فاضل بھائی حشمت جنجوعہ صاحب نے جس قسم کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ اس پر میں بات کرنی چاہوں گا۔ جہاں تک اس تحریک استحقاق کے متن کا تعلق ہے۔ وہ صاف واضح ہے کہ حکومت نے آج تک مجالس قائمہ پنجاب اسمبلی توڑنے کا فیصلہ نہیں کیا ہے۔ میرے بھائی کی یہ بات کہ اس کی ابھی تک تردید نہیں آئی یہ پنجاب اسمبلی کی مجالس قائمہ آج تک اپنے وزائف کو سرانجام دیتا ہی اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ وہ اس وقت قائم ہیں اور میں پنجاب کی حکومت کی طرف سے یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ انشاء اللہ پنجاب کی حکومت نے آج تک نہ تو آئین کے خلاف کوئی بات کی ہے اور نہ آئندہ کرے گی۔ مجالس قائمہ کے متعلق کسی بات کا فیصلہ کرنا اس معزز ایوان کا حق ہے اور اس سلسلے میں اگر کوئی تجویز آئی تو اس کا فیصلہ یہ معزز ایوان ہی کرے گا۔ اس صورت میں بھی آئین اور قواعد کا مکمل طور پر احترام کیا جائے گا۔ اس لحاظ سے یہ بات محض مفروضے پر مبنی ہے کہ مجالس قائمہ توڑ دی گئی ہیں۔ کیونکہ ابھی تک استحقاق کی پامالی کا کوئی شائبہ تک سامنے نہیں آیا۔ اس لیے تحریک ضابطے کے لحاظ سے خارج از کار ہے اور پیش رفت کے قابل نہیں ہے۔ لہذا اسے خلاف ضابطہ قرار دیا جانا چاہیئے۔ لیکن جناب سپیکر میں نہایت افسوس کے ساتھ یہ گزارش کرنی چاہوں گا کہ میرے فاضل بھائی حشمت جنجوعہ صاحب نے اپنا اظہار خیال کرتے ہوئے مسلم لیگ کے متعلق یہ بات کہی ہے کہ

* * * * * *
* * * * * *
* * * * * *
* * * * * *
* * * * (بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کر دی گئی)

**جناب فضل حسین راہی۔** پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر، میرا خیال ہے کہ وزیر

موصوف بھی اپنے فیصلے کی طرح جذباتی ہو گئے ہیں۔ اس لیے کہ ان کی تقریر کا اس تحریک استحقاق سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ جناب سپیکر، میری درخواست یہ ہے کہ آپ انہیں سمجھائیں کہ یہ متعلقہ رہیں اور تحریک استحقاق کے متعلق بات کریں۔ اپنے آپ کو رولز آف پروسیجر تک رکھیں۔ یہ اب ایک پالیسی بیان جاری کرنے کا موقع سمجھ رہے ہیں۔ یہ یہاں ایک پالیسی بیان جاری کر رہے ہیں۔ اس کا تحریک استحقاق سے کوئی تعلق نہیں۔ اگر یہ مسلم لیگ کے بارے میں کچھ پریس کو بتانا چاہتے ہیں تو یہ علیحدہ پریس کانفرنس کر سکتے ہیں۔ وہ بتا سکتے ہیں کہ کتنی پرانی جماعت ہے اور آج تک کیا کیا کیا ہے۔ بتا دیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔

**جناب سپیکر۔** شکریہ۔ تشریف رکھیں۔

**رانا پھول محمد خان۔** پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر، گذارش یہ ہے کہ یہ بات کہتی درست نہیں ہے جو میرے پیارے بھائی نے کہا ہے کہ * * *

* * * * * *

* * * * * *

* * * * * *

* * * * * (بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کر دی گئی)

**جناب سپیکر۔** شکریہ۔ تشریف رکھیے۔

**سردار غلام عباس۔** پوائنٹ آف آرڈر۔ میں گذارش کرنا چاہوں گا کہ مجھے آج یہ دیکھ کر اور سن کر ازحد افسوس اور دکھ ہوا ہے کہ آج ہمارے بزرگ اور ہمارے محترم جناب رانا صاحب نے اس تصویر کی طرف اشارہ کیا ہے۔ * * *

* * * * * *

* * * * * *

* * * (بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کر دی گئی)

**جناب سپیکر** ۔ سردار صاحب ، یہ بات متعلقہ نہیں ہے ۔ اور اس کو میں آگے پڑھنے کی اجازت نہیں دیتا ۔ Wyne Sahib; Please confine yourself.

**وزیر صنعت** ۔ I shall confine myself.
میں صرف گذارش یہ کر رہا ہوں کہ میں استدعا کروں گا کہ یہاں پر فاضل اراکین جس وقت اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہیں ۔ وہ بڑی تلخی کے ساتھ دل آزاری کرتے ہیں ۔ اس سے انہیں باز رہنا چاہیئے ۔

**جناب سپیکر** ۔ قبل اس کے کہ آپ اپنی بات شروع کریں ۔ محترمہ فاطمہ جناح کے بارے میں جو الفاظ کہے گئے ہیں ۔ میں انہیں حذف کرتا ہوں (نعرہ ہائے تحسین)

**وزیر صنعت** ۔ جناب سپیکر ، میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ ہمیں اظہار خیال کرتے ہوئے دل آزاری کرنے سے باز رہنا چاہیئے ۔ میں اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے احباب سے بصد احترام عرض کروں گا کہ جب وہ کسی بات پر اظہار خیال کرتے ہیں تو اس میں آئندہ تلخی پیدا کرنے کی کوشش نہ فرمائیں ۔ اور اپنے آپ کو موضوع تک محدود رکھیں ۔ جہاں تک سیاسی جماعت مسلم لیگ کا تعلق ہے ، میں نے عرض کیا ہے کہ

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

(بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کر دی گئی)

**چوہدری فضل حسین راہی** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ، میں یہ درخواست کرنا چاہوں گا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ بات کرتے ہوئے منسٹر صاحب جذباتی ہو جاتے ہیں ۔ انہیں تھوڑا سا اپنے جذبات پر کنٹرول رکھنا چاہیئے اور اگر یہ سیاسی جماعتوں کا اور ان کے کردار کا موازنہ کرنا چاہتے ہیں ۔ تو اس کے لیے کوئی علیحدہ بندوبست کر لیا جائے ادہم کرنے کے لیے تیار ہیں ۔ ہم یہ ثابت کر دیں گے کہ

* * * * * * * * * * *

(بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کر دی گئی)

* * * * * * * * * * *

**جناب سپیکر۔** آرڈر پلیز۔ آرڈر پلیز

**چوہدری فضل حسین راہی۔**
* * * * * * * * * * *
* * * * * * * * * * * * * * * *
* * * * * * * * * * * * * * * *

**جناب سپیکر:** چوہدری صاحب، تشریف رکھیے۔ آرڈر پلیز، راہی صاحب اپنی سیٹ پر تشریف رکھیں، راہی صاحب، بیٹھ جائیے۔ آرڈر پلیز۔ آرڈر پلیز۔ رانا صاحب، بیٹھ جائیے چوہدری صاحب، اپنی سیٹ پر تشریف رکھیں۔ رانا صاحب، تشریف رکھیے گا۔ بیگم صاحبہ تشریف رکھیے۔ جناب لاء منسٹر صاحب۔

**وزیر قانون:** جناب سپیکر، میں فنی لحاظ سے اس تحریک کی مخالفت کرتا ہوں۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ اس کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا کہ مجالس قائمہ توڑ دی جائیں گی ۔
قطعی طور پر ایسا کوئی فیصلہ نہیں ہوا — پھر میں اپنے معزز رکن سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کسی پارٹی کی سوچ پر قدغن نہیں لگا سکتے ۔ وہ اس اسمبلی میں اکثریتی پارٹی ہے۔ وہ جس طرح کے قانون چاہے بنا سکتی ہے۔ وہ جس طرح کے رولز چاہے، فریم کر سکتی ہے۔ آپ کی تحریک استحقاق اس اسمبلی کے خلاف ہے کہ یہ اسمبلی بالکل بے اثر اور بے اختیار ہے۔ آپ نے خود ہی کہا ہے کہ آج سے ایک سال پہلے جناب وزیر اعلیٰ کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ سٹینڈنگ کمیٹیوں کو تشکیل دیں ۔ کس نے اختیار دیا تھا؟ اسی اسمبلی نے دیا تھا۔ یہ اسمبلی ان رولز کو بدل کر نئی سٹینڈنگ کمیٹیاں بنا سکتی ہے ہم جو کام کریں گے وہ قواعد وضوابط کے تحت کریں گے ۔ آئین کے تحت کریں گے۔ ہم ایسا کوئی قدم نہیں اٹھائیں گے وہ قواعد وضوابط کے خلاف ہو۔ جو آئین کے خلاف ہو۔ یہ میرا آپ سے وعدہ ہے۔ انشاء اللہ، اس ایوان کی مرضی کے مطابق ہمیں جو اختیار حاصل ہے۔ ہم اس کو استعمال کریں گے اور ہم کسی کی پرواہ نہیں کریں گے۔ بہت بہت شکریہ ۔

(قطع کلامیاں)

---

* * * * * * * * * * * (بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کر دی گئی)

**جناب سپیکر۔** آرڈر آرڈر آرڈر۔ مجوعہ صاحب چوہدری صاحب تشریف رکھیں۔ راجہ صاحب کیپٹول کے توڑنے کے بارہ میں کیا ارشاد فرمایا ہے۔

**وزیر قانون۔** جناب والا ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

**جناب سپیکر۔** یہ تحریک استحقاق جو ہے (قطع کلامیاں) آرڈر آرڈر۔ تشریف رکھیے۔

**چوہدری ارشاد علی۔** جناب سپیکر مجھے بڑے دکھ سے یہ کہنا پڑتا ہے۔ میرے فاضل دوست نے اس ہاؤس کے تقدس کو پامال کیا ہے۔ آپ کا احترام نہیں کیا ہے جب یہ سب باتیں کہتے ہیں کہ سپیکر صاحب سے رولنگ لینی ہے۔ جب آپ رولنگ دے دیتے ہیں کہ راہی صاحب تشریف رکھیں۔ اس کے بعد ان کو بولنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ اور آپ کا احترام نہ کرتے ہوئے انھوں نے سارے ہاؤس کا تقدس پامال کیا ہے۔ اور ہمارا سب کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ شکریہ۔

**جناب سپیکر۔** چوہدری ارشاد علی صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر جائز ہے اور نہ صرف یہ کہ رولز میں ہے۔ بلکہ صدیوں سے جو پارلیمنٹری پریکٹس ہے وہ اس بات کا تقاضا کرتی کہ چیئر جس وقت آپ کو یہ عرض کر دے کہ آپ تشریف رکھیں۔ اس وقت آپ کو اپنی بات ختم کر دینی چاہیئے اور اپنی سیٹ پر تشریف رکھنی چاہیئے۔ میں اس سلسلے میں معزز اراکین اسمبلی سے بشمول فضل حسین راہی صاحب کے یہ عرض کروں گا کہ وہ آئندہ اس سلسلے میں احتیاط برتیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔** جناب سپیکر میں تحریک کے فیصلے سے قبل اس بات پر بحث کروں گا جو انھوں نے بات کی ہے۔ وہ یہ کہا ہے کہ یہ ایک مفروضہ پر مبنی ہے۔ جناب والا میں ۔۔۔

**چوہدری ارشاد علی۔** جناب سپیکر اس پہ آپ نے رولنگ دے دی ہے۔

**جناب سپیکر۔** چوہدری صاحب اس پر ابھی رولنگ نہیں آئی ہے۔ ابھی اس پر فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ راہی صاحب آپ اپنی بات کو ختم کیجیے۔

**جناب فضل حسین راہی۔** ان کا بنیادی استدلال یہ ہے کہ یہ ایک مفروضہ پر مبنی ہے۔ جناب سپیکر حالانکہ بات یہ ہے کہ نیشنل پیپرز میں ۔۔۔۔۔۔

**جناب سپیکر۔** مسٹر انصاری پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

**بابو محمد صدیق انصاری۔** جناب سپیکر میرے فاضل دوست نے شارٹ سٹیٹمنٹ دے دی رولز کے مطابق آپ کی رائے آنے سے قبل دوبارہ سٹیٹمنٹ نہیں دے سکتے۔ اس سے قبل وہ شارٹ سٹیٹمنٹ دے چکے ہیں۔

**جناب سپیکر۔** جناب انصاری کا پوائنٹ آف آرڈر جائز ہے۔ آپ اپنے نکتہ کی وضاحت کیجئے۔

**جناب فضل حسین راہی۔** جناب سپیکر میری تحریک استحقاق ایک معروضے پر مبنی ہے۔ جناب سپیکر نیشنل پیپرز نے اور پاکستان کے تمام پریس میڈیا میں یہ خبر چھپی ہے اور یہ جلی سرخیوں کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ لیکن حکومت پنجاب نے آج تک اس کی تردید کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ جب ان کی طرف سے تردید نہیں آئی تو ہم نے یہ فرض کر لیا کہ ان کا یہ فیصلہ ہو چکا ہے۔ اگر انھوں نے یہ فیصلہ نہ کیا ہوتا تو اس کی تردید کر دی ہوتی۔ انھوں نے تردید نہیں کی اور آج اچانک اسمبلی میں آ کر یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے فیصلہ نہیں کیا حالانکہ الحمرا آرٹ سنٹر میں ان کا جو پارلیمانی اجلاس ہوا تھا۔ اس میں کرنل یامین صاحب نے تجویز کی تھی اور اس پر یہ فیصلہ ہوا تھا اور انھوں نے یہ کہہ دیا تھا کہ ہم ان کمیٹیوں کو توڑ دیں گے۔ اگر یہ آپ کی بات نہیں سنتے تو ہم ان کو توڑ دیں گے۔ جناب سپیکر بات تو ہوئی ہے جب بات ہوئی تو اخبارات میں آئی ہے اور اسکے بعد اسکی تردید نہیں ہوتی اور کسی بھی ذمہ دار آدمی نے اسکی تردید نہیں کی اور نہ ہی کسی منسٹر نے اور نہ ہی کسی پارلیمانی سیکرٹری کے منسٹر نے اس کی تردید کی اور اگر وائیں صاحب ہی اس کی تردید کر دیتے غفور صاحب اس کی تردید کر دیتے تو ہمیں بھی پتہ ہوتا کہ شاید اس کا فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ لیکن انھوں نے اس کی تردید نہیں کی۔ اگر ان کی تردید نہیں آئی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ فیصلہ ہو چکا ہے۔ اور ہمارے استحقاق کی تحریک جمع کرانے کا مقصد پورا ہو گیا ہے۔ ہم تو اس غیر قانونی فیصلہ سے حکومت پنجاب کو روکنا چاہتے تھے تاکہ حکومت پنجاب یہ کہتی ہے کہ ہم ایسا فیصلہ کرنے والے نہیں ہیں تو ہماری تحریک کا جو مقصد ہے۔ وہ پورا ہو گیا ہے ......

**رانا پھول محمد خان۔** جناب سپیکر اگر آپ اجازت بخشیں۔ جناب والا حکومت پنجاب اس کی تردید تب کر سکتی تھی۔ جب حکومت کے اختیار کی بات ہو کمیٹیوں کو توڑنا یا ترمیم کرنا حکومت

پنجاب کے اختیار کی بات نہیں ہے۔ وہ راہی صاحب اور ہمارے اختیار کی بات ہے۔ حکومت اس بات کی تردید کرے جس کا وہ اختیار رکھتی ہو ہم توڑنے کی اجازت نہیں دیتے۔ اگر راہی صاحب کی یہ خواہش ہے وہ یہاں پیش ہو اور ایوان اس کو توڑنا چاہیے وہ ان کی اپنی مرضی ہے حکومت تردید کس بات کی کرے کیونکہ حکومت کو تو اس کا اختیار نہیں ہے۔ جناب یہ قانونی نکتہ ہے۔ اس پر آپ اپنا فیصلہ فرمادیں۔ کچھ اور بھی کام ہو جائے گا۔

**چوہدری محمد صدیق انصاری۔** جناب سپیکر میں نے ایک پوائنٹ آف آرڈر کیا تھا۔ اور آپ نے اس کو درست قرار دیا ہے۔ اس کے بعد بھی میرے فاضل دوست کی تقریر جاری رہی ہے۔ کیا پنجاب اسمبلی کے متعلقہ قواعد کو معطل کیا گیا ہے۔

**جناب سپیکر۔** فیصلہ سے پہلے میرے پاس ایک تجویز آئی ہے۔ جناب جنجوعہ صاحب نے مسلم لیگ کے بارہ میں کچھ الفاظ استعمال کئے ہیں۔ ان کو حذف کیا جائے۔ کیا آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں کہ ان کو حذف کیا جائے۔ (قطع کلامیاں)

**جناب فضل حسین راہی۔** پاکستان پیپلز پارٹی کے بارہ میں جو کہا گیا ہے۔ وہ الفاظ بھی حذف ہونے چاہئیں۔

**وزیر صنعت و معدنیات۔** پہلی بات کے متعلق آپ نے فیصلہ دے دیا ہے اور ایوان نے بھی اپنا فیصلہ دے دیا کہ اسے حذف کیا جائے اس کو تو حذف کیا جائے لیکن دوسری بات جو یہ فرماتے ہیں اسے ہم سنتے ہیں اس کا ہاؤس جواب دے گا۔

**چوہدری فضل حسین راہی۔** جناب میری گذارش یہ ہے کہ جناب وائیں صاحب نے جو پیپلز پارٹی کے خلاف کلمات استعمال کئے ہیں۔ ان کو بھی حذف کیا جائے۔

**وزیر صنعت۔** جب جناب کی طرف سے ایک بات آئی ہے اور اس پر ایوان نے اپنی رائے دے دی ہے۔ میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ پہلے اس پر عملدرآمد کیا جائے اور اس کے علاوہ جو بات حذف کرنا چاہتے ہیں۔ آپ اس کو سنیں اور ہاؤس اس کا فیصلہ کرے گا۔

جناب سپیکر - پوائنٹ آف آرڈر جائز ہے۔

**میاں فضل حیات** - جناب سپیکر دونوں چیزیں اکٹھی آئی ہیں۔ اور یہ خیر سگالی کے لیے ہے۔ اور یہ ہاؤس کو بہتر فضا میں چلنے کے لیے ہے۔ یہ تمام جو بھی بحث ومباحثہ ہوا ہے۔ اس کو حذف کیا جائے۔

**وزیر صنعت** - جناب سپیکر آپ اپنا فیصلہ فرمائیں اور دوسری بات کو پیش کیا جائے۔ ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ لیکن پہلی پر عملدرآمد کیا جائے۔

**مولانا غیاث الدین احمد** - جناب سپیکر راہی صاحب جو کہہ رہے ہیں کیا یہ بتا سکتے ہیں کہ وائیں صاحب نے کس جماعت کا نام لیا تھا انھوں نے تو مطلق جماعت کہا ہے۔ یہ اس کو متعین کر رہے ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ یہ اپنا ذہن اور مافی ضمیر خود ادا کر رہے ہیں اور اگر مافی ضمیر ادا کر رہے ہیں تو پھر ہم یہ گذارش کریں جس جماعت کا مافی ضمیر یہ ادا کر سکتے ہیں۔ اس جماعت نے

* * * * * * * * * * * * * * *
* * * * * * * * * * * * * * *

**چوہدری فضل حسین راہی** - میں یہ بات انتہائی دکھ اور افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ یہ غیر ذمہ دارانہ رویہ جو یہاں اختیار کیا جا رہا ہے۔

**جناب سپیکر** - آرڈر پلیز، چوہدری صاحب تشریف رکھیے، راہی صاحب تشریف رکھیے، میں ہاؤس میں خیر سگالی کی فضا دیکھنے کے لیے جتنی جماعتوں کے بارے میں یہاں پر باتیں کی گئی ہیں، ان سب کو حذف کرتا ہوں۔

This is my previllage and I exercise my previllage.

**جناب غلام حیدر وائیں** - پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا میں یہ بات ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ ایک بات جناب سپیکر نے ارشاد فرمائی اور اس پر ہاؤس نے اپنا فیصلہ دیا اور ہم یہ گذارش

---

* * * * ( بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کر دی گئی )

کر رہے ہیں کہ وہ فیصلہ ریکارڈ پر ہے ، اس کو دیکھا جائے اور اس کے بعد جہاں تک خیر سگالی کی فضا کا تعلق ہے ، جذبات کا تعلق ہے ، میرے خیال میں دو سال کی اس ایوان کی کارروائی اس بات کی گواہ ہے کہ اس ہاؤس کی ۹۰ فیصد سے زیادہ اکثریتی مسلم لیگ پارلیمانی پارٹی نے اس ایوان کی اپوزیشن کے ساتھ جس قسم کا بردبارانہ سلوک کیا ہے ۔ اس کی مثال چالیس سالہ پارلیمانی تاریخ کی کوئی اسمبلی پیش نہیں کر سکتی ۔ اس کے ساتھ ہی میں یہ عرض کرنے کی اجازت بھی چاہوں گا کہ ہم اتنی بڑی اکثریتی پارٹی کی کردار کشی کی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دیں گے ۔

The decision of the House is on record and that should be kept intact.

**جناب سپیکر** ۔ اور اس میں کیا شک ہے کہ ہاؤس نے جو فیصلہ کیا ہے ۔ اس فیصلہ کے مطابق میں نے مسلم لیگ کے بارے میں جو الفاظ کہے گئے ہیں ۔ ان کو expunge کرنے کے آرڈرز کئے ہیں ۔ اور اس کے ساتھ میں نے باقی جماعتوں کے بارے میں بھی جو الفاظ کہے گئے ہیں ان کو expunge کرنے کے آرڈرز کئے ہیں ۔ expunge کے بارے میں ہاؤس کی رائے لے کر بھی فیصلہ کیا جا سکتا ہے اور سپیکر از خود بھی فیصلہ کر سکتا ہے ۔

**جناب غلام حیدر وائیں** ۔ بہرحال جناب والا ایوان اپنے ان خیالات پر بالکل پابند ہے اور ہم یہ گذارش کرتے ہیں کہ مسلم لیگ کے متعلق دل آزاری کے ریمارکس حذف کرنے کا ایوان میں فیصلہ کیا گیا ہے ۔ اور باقی جو بات کہی گئی ہے وہ حقیقت کی کہی گئی ہے ۔ صداقت کی کہی گئی ہے اور وہ بات ریکارڈ پر رہنی چاہیے ۔

**جناب فضل حسین راہی** ۔ جناب ہم بھی صداقت پر مبنی بات کرتے ہیں کہ مسلم لیگ کی حکومت میں اور اس سے پہلی حکومت ........

**جناب سپیکر** ۔ جناب راہی صاحب ، جناب وائیں صاحب ، اب میں آپ کو اس پر مزید بات کرنے کی اجازت نہیں دیتا Please take your seat Order please

Janjua Sahib, Please take your seat گوپانگ صاحب ، آپ اس بحث پر کوئی بات کرنا چاہتے ہیں یا پوائنٹ آف آرڈر پر کوئی بات کرنا چاہتے ہیں ۔ فرمائیے ۔

**جناب عاشق حسین گوپانگ** ۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ جناب حیدر وائیں صاحب نے آپ کے فیصلے کے بعد یہ جو فرمایا ہے کہ یہ بات ریکارڈ پر رہے گی یہ مناسب نہیں ہے ۔ بلکہ آپ نے فیصلہ دے دیا ہے کہ یہ بات ریکارڈ پر نہیں رہے گی ۔اب حیدر وائیں صاحب کو یہ الفاظ واپس لینے چاہئیں ۔ اور یہ بات طے کرنی چاہیئے کہ یہ الفاظ واپس لے گئے ۔آپ نے فیصلہ دے دیا ہے اور وزیر موصوف صاحب کو اس بات کی پابندی کرنی چاہیئے ۔اگر وہ خود خلاف ورزی کریں گے اور وہ اگر جناب سپیکر کے فیصلہ کا احترام نہیں کریں گے تو باقی ممبران صاحبان کس طرح سے اس کی پیروی کریں گے تو اس لیے میری یہ گزارش ہو گی کہ وائیں صاحب کو جذباتی ہونے کی بجائے جناب سپیکر کے فیصلے کا پابند ہونا چاہیئے اور انہیں اس کا برملا اعلان کرنا چاہیئے کہ ہم سپیکر صاحب کے فیصلے کی پابندی کرتے ہیں ۔

**رانا پھول محمد خان** ۔ جناب سپیکر ! مجھے افسوس ہے کہ میرے بھائی گوپانگ صاحب نے جس نام سے وائیں صاحب کو پکارا ہے ۔ اس اسمبلی میں حیدر وائیں نام کا کوئی رکن نہیں ہے ۔ان کا پورا نام ہے غلام حیدر وائیں ۔ اس لیے ان کو اپنی تقریر میں غلام حیدر وائیں کہنا چاہیئے

**جناب عاشق حسین گوپانگ** ۔ جناب والا میں معذرت خواہ ہوں کہ اگر مجھ سے نادانستہ طور پر ان کا نام غلط لیا گیا ہے ۔میرے دل میں ان کا احترام ہے ۔ اور اس احترام کی وجہ سے میں نے ان کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی سیٹ پر کھڑے ہو کر یہ اعلان کریں کہ وہ جناب سپیکر کے فیصلے کا احترام کرتے ہیں اور میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

**جناب غلام حیدر وائیں** ۔ جناب والا ۔جناب سپیکر کے فیصلہ کا احترام سب سے زیادہ خدا کے فضل و کرم سے ہم نے کیا ہے اور ہم آئندہ بھی کریں گے ۔ لیکن میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آئین کے اپنے تقاضے ہیں اور رولز کے اپنے تقاضے اور اس ایوان کے فیصلوں کے اپنے تقاضے ہیں ۔ ان کو پامال نہیں ہونے دیا جائے گا ۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ** ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ، جناب وائیں صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ قانون کے اپنے تقاضے ہیں ، آئین کے اپنے تقاضے ہیں ۔ یہی بات

تو صبح سے لے کر شام تک ہم کہتے ہیں کہ ان لوگوں کو نہ تو آئین کا کوئی پتا ہے اور نہ ہی قواعد و ضوابط کا پتا ہے۔ اگر انہیں قواعد وضوابط کا پتا ہوتا۔ جناب سپیکر، قواعد انضباط کار پنجاب اسمبلی کے دفعہ ۱۹۵ کے تحت آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ جن الفاظ کو آپ ہتک آمیز، ناشائستہ اور غیر پارلیمانی سمجھتے ہوں یا اس اسمبلی کے وقار کے منافی سمجھتے ہیں تو کسی وقت بھی آپ ان الفاظ کو کارروائی سے حذف کرنے کا حکم خود دے سکتے ہیں۔

**چوہدری گل نواز وڑائچ** ۔ جناب آپ نے فیصلہ دے دیا ہے۔ یہ ایوان کا وقت ضائع کر رہے ہیں۔ اور کچھ نہیں ہے۔

**جناب سپیکر** ۔ آپ تشریف رکھیں گے۔ وہ پوائنٹ آف آرڈر پر بات کر رہے ہیں۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ** ۔ جناب سپیکر۔ یہ آپ کا حق ہے۔ قاعدہ ۱۹۵ اور ۱۹۶ کے تحت یہ آپ کا حق ہے کہ جن الفاظ کو آپ غیر پارلیمانی، غیر مہذب، غیر شائستہ سمجھتے ہوں ان کو حذف کرنے کا حکم آپ دے سکتے ہیں۔

**جناب سپیکر** ۔ اس میں کوئی ابہام نہیں ہے۔ رولز واضح ہیں اور رولز کے مطابق میں نے اپنا فیصلہ دیا ہے۔ اس کے بعد جناب غلام حیدر وائیں نے جو بات کی ہے کہ وہ الفاظ اسی طرح قائم رہیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہ مناسب نہیں ہے۔ یہ پریویلج موشن ایک مفروضہ پر مبنی ہے۔ اس کے بارے میں گورنمنٹ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے۔ اس لیے میں اسے خلاف ضابطہ قرار دیتا ہوں۔ اس کے بعد جناب عثمان ابراہیم کی پریویلج موشن ہے۔ ہم اس کو لیتے ہیں۔

**جناب محمد صدیق انصاری** ۔ جناب سپیکر۔ محترم عثمان ابراہیم صاحب نے مجھے ٹیلیفون کیا تھا کہ یہ پریویلج موشن پینڈنگ کرنے کی گزارش کروں۔ لہٰذا اسے کل کے لیے پینڈنگ فرمالیں۔

**جناب سپیکر** ۔ اب نماز مغرب کے لیے وقفہ ہوتا ہے۔ ہم چھ بجکر ۲۵ منٹ پر دوبارہ یہاں اکٹھے ہوں گے۔

(ایوان کی کارروائی نماز مغرب کے لیے ملتوی ہوئی)

## وقفہ

(بعداز نماز مغرب)

(جناب سپیکر ۵۰ - ۶ پر کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب سپیکر۔** یہ جناب عثمان ابراہیم صاحب کی پریویلج موشن ہے۔

**جناب محمد صدیق انصاری۔** جناب سپیکر میں نے گزارش کی تھی کہ اس کو کل تک پینڈنگ کیا جائے۔

**جناب سپیکر۔** جی ٹھیک ہے۔ اس کو بھی پینڈنگ کرتے ہیں اور پریویلجز موشنز کو اب پینڈنگ کرتے ہیں اور تحاریک التوائے کار کو ٹیک اپ کرتے ہیں۔

**سیکرٹری اسمبلی۔** رخصت کی درخواستیں۔

# اراکین اسمبلی کی رخصت

**جناب سپیکر۔** اب اراکین کی رخصت کی درخواستیں لی جائیں گی۔

## سید محمد عظیم شاہ بخاری

**سیکرٹری اسمبلی۔** مندرجہ ذیل درخواست سید محمد عظیم شاہ بخاری صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

السلام علیکم۔ گزارش ہے کہ بندہ مورخہ ۸۷-۲-۲۶ سے عارضۂ قلب میں مبتلا ہے۔ لہٰذا بدیں حالات اس اجلاس صوبائی اسمبلی جو ۸۷-۳-۱۹ کو شروع ہو رہا ہے۔ میں شرکت کرنے سے بامر مجبوری قاصر ہوں۔ استدعا ہے کہ دوران ایام اجلاس میری رخصت منظور فرمائی جائے۔

**جناب سپیکر۔** اب سوال یہ ہے۔

کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

## اعجاز احمد شیخ

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست اعجاز احمد شیخ صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے :۔

Kindly grant me leave for 22nd to 24th December 1986 as I am unable to attend current session on said dates being extremely committed in Wedding of my near relative.

Teanks and regards.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے ۔
کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے ۔
(تحریک منظور کی گئی)

## ملک ممتاز احمد خان بھچر

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست ملک ممتاز احمد خان بھچر صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے :۔

As I am on visit of U.S.A it will be not possible for me to attend the Assambly Session which is due on 2nd or 3rd week of December, 1986. I may be given leave for entire session.

Thanks.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے ۔
کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے ۔
(تحریک منظور کی گئی)

## چوہدری ارشاد علی

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست چوہدری ارشاد علی صاحب رکن صوبائی اسمبلی

کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

Sir, I am alvoad it will not be possible for me to attend the session of the assembly which is cue in Decembez 1986. Kindly grant me leave for the entire session.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے۔
کہ مطلوبہ رخصت منظور کردی جائے ۔
( تحریک منظور کی گئی )

## سید طاہر احمد شاہ

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست سید طاہر احمد شاہ صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

As today, I am proceeding to U.K. and other countries on a private tour for a month or so, therefore, I will not be able to attend the next coming session of the Assembly

It is, therefore, requested that a motion may please be moved in the House for the grant of leave from 19.3.1987 to 31.5.1987 (45 day)

Thanks.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے ۔
کہ مطلوبہ رخصت منظور کردی جائے ۔
( تحریک منظور کی گئی )

## مسز خورشید بیگم

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست مسز خورشید بیگم صاحبہ رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے ۔

Mrs. Khurshid Begum, MPA, Faisalabad rang up this morning to inform that due to indisposition on account of cold and cough, she would not be able to attend sitting of the Assembly on date: The House may, therefore, be requested to grant her leave for 22-3-1987.

Submitted for information and necessary action.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے ۔
کہ مطلوبہ رخصت منظور کردی جائے ۔
(تحریک منظور کی گئی)

## شیخ شکیل اصغر

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست شیخ شکیل اصغر صاحب رکن صوبائی اسمبلی
کی طرف سے موصول ہوئی ہے :۔

It is stated that I can not attend today's session to a condolence visit to a friend of mine.

It is, therefore, requested your goodself that my leave for one day may please be sanctioned and oblige.

Thanking you.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے ۔
کہ مطلوبہ رخصت منظور کردی جائے ۔
(تحریک منظور کی گئی)

## کرنل محمد یامین

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست کرنل محمد یامین صاحب رکن صوبائی اسمبلی
کی طرف سے موصول ہوئی ہے :۔

Due to unavoidable circumstance I can not attend the Assembly Session on 22nd march, 1987.

You are requested to please excuse my leave of absence.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے ۔
کہ مطلوبہ رخصت منظور کردی جائے ۔

(تحریک منظور کی گئی)

## لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) نصیر احمد

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) نصیر احمد صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے ۔

I will not be able to attend the session on 22nd March 1987 due to some unavoidable reasons,

I, therefore, request that I should be granted leave of absence for one day on 22nd March, 1987.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے
کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے ۔
(تحریک منظور کر دی گئی)

## جناب عثمان ابراہیم

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست عثمان ابراہیم صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے ۔

I could not attend session on 19th March due to personal reasons.
Please approve leave.
Thank you.

جناب سپیکر ۔ اب سوال یہ ہے ۔
کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے ۔

(تحریک منظور کی گئی)

# تحاریک التوائے کار

جناب سرفراز نواز ۔ جناب سپیکر میری ایک تحریک استحقاق تھی چونکہ میں ۱۹ تاریخ کو لاہور میں نہیں تھا اس لیے مہربانی فرماکر مجھے آج پیش کرنے کی اجازت دی جائے ۔

جناب سپیکر ۔ آپ کی تحریک استحقاق ہم نے آپ کی عدم موجودگی کے باوجود اور آپ کی اطلاع نہ ہونے کے باوجود ملتوی رکھی ہوئی ہے ۔ اسے ہم نے نمٹایا نہیں ۔ اور اگلے یوم کار پر ہم اس کو ٹیک اپ کریں گے ۔

جناب سرفراز نواز ۔ مہربانی کرکے اسے آج ہی ٹیک اپ کر لیا جائے ۔

جناب سپیکر ۔ میں عرض کر چکا ہوں کہ ہم نے پریویلج موشنز کو کافی وقت دے دیا ہے ۔ لہذا اب تحاریک التوائے کار کو ٹیک اپ کرتے ہیں ۔ اگلے روز پریویلج موشنز ٹیک اپ کریں گے ۔

جناب سرفراز نواز ۔ جناب سپیکر میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا ۔ ہاؤس کی ووٹنگ کرلیں ۔

جناب سپیکر ۔ جناب میں سمجھتا ہوں کہ آپ اتنی سی بات ضرور گوارا فرمائیں گے کہ میں نے عرض کر دی ہے کہ اب ہم تحاریک التوائے کار کو ٹیک اپ کرتے ہیں ۔ آپ کی پریویلج موشن کو اگلے یوم کار پر ٹیک اپ کریں گے ۔

جناب سرفراز نواز ۔ جناب سب سے زیادہ مار بھی مجھے پڑی ہے اور باری بھی آخر میں ...... شکریہ

سردار عاشق حسین گوپانگ ۔ جناب سپیکر آپ کی وساطت سے میں ایک گذارش کرنا چاہتا ہوں ۔ چونکہ آج آپ خوشگوار موڈ میں ہیں اس لیے میری گزارش ہے کہ میری

ایک تحریک استحقاق پر آپ نے فیصلہ محفوظ رکھا ہوا ہے۔ اور اس میں جو داخلہ ہونے تھے ان کا تو آدھا کورس پٹواریوں نے مکمل کر لیا ہے تو ابھی تک اس تحریک استحقاق کے فیصلہ پر ہم آپ کے منتظر ہیں۔ نہ صرف میں منتظر ہوں بلکہ وہ ۹ ہزار بچے جنہوں نے درخواستیں دی تھیں وہ آپ کے فیصلے کے منتظر ہیں تو میں یہ گذارش کروں گا کہ اس سلسلے میں آپ مہربانی فرمائیں ان بچوں کے لیے کوئی اچھا فیصلہ سنائیں تاکہ ان کی حق رسی ہو۔ مہربانی ہوگی۔ آج موڈ آپ کا بہت اچھا ہے اور اس اچھے موڈ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں نے گذارش کی ہے۔

**جناب سپیکر۔** سردار صاحب یہ آپ کو کیسے اندازہ ہوا؟

**سردار عاشق حسین گوپانگ۔** آپ کی مسکراہٹ سے . . .

**جناب سپیکر۔** سردار صاحب آپ کی یہ پریولج موشن پر فیصلہ کریں گے۔ ابھی وہ پینڈنگ ہے۔ اس پر فیصلہ کریں گے۔ انشاء اللہ . . .

**سردار عاشق حسین گوپانگ۔** اس سیشن کے دوران فیصلہ ہوگا یا وہ کورس ختم ہونے کے بعد فیصلہ ہوگا۔

**جناب سپیکر۔** امید کی جا سکتی ہے۔

**سردار عاشق حسین گوپانگ۔** جناب شکریہ۔

**جناب سپیکر۔** جناب اصغر علی گوجر صاحب ایم پی اے کی تحریک التواء ہے . . .

**جناب فضل حسین راہی۔** شکر ہے وہ نہیں ہیں۔

**جناب سپیکر۔** یہ جناب اصغر علی گوجر صاحب کی تحریک التواء نمبر ۴ ہے۔

(معزز ممبر ہاؤس میں موجود نہ تھے)

**وزیر زراعت۔** جناب سپیکر اس کو پینڈنگ رکھنے کے لیے ان کی طرف سے کوئی درخواست ہی نہیں ہے۔

**جناب سپیکر** ۔ پہلے نمبر پر چوہدری اصغر علی گوجر کی طرف سے تحریک التوائے کار ہے ۔ چوہدری صاحب تشریف نہیں رکھتے اس لیے یہ infructuous ہو گی ۔ تحاریک التوائے کار نمبر ۴ ، ۵ ، ۶ ، ۷ ، ۸ ، ۹ ، ۱۰ بھی چوہدری اصغر علی گوجر کی طرف سے ہے اور نمبر ۱۱ پر میاں مختار احمد شیخ صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ تشریف نہیں لا سکتے ۔ وہ چاہتے ہیں کہ اسے التواء میں رکھ دیا جائے ۔

**جناب وزیر زراعت** باقی جو تحاریک التوائے کار نمبر ۹ تک ہیں ۔ ان کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں آئی ہے ۔

**جناب سپیکر** ۔ ان کی طرف سے اگر کوئی اطلاع نہیں آئی تو پھر جو یہ فیصلہ کیا گیا ہے اس کے مطابق یہ infructuous ہو جائیں گی ۔ میاں مختار احمد شیخ صاحب کی تحریک التوائے کار التواء میں رکھی جاتی ہے ۔ سردار حسن اختر موکل صاحب تشریف نہیں رکھتے ہیں اور آپ کو وہ اس تحریک التوائے کار کے بارے میں کچھ فرما گئے ہیں ۔

**جناب وزیر زراعت** ۔ نہیں جی ۔

**جناب سپیکر** ۔ نہیں فرما گئے ۔ تو پھر یہ بھی infructuous ہو جائے گی ۔ اور اس طرح سردار حسن اختر موکل صاحب کی تحریک التوائے کار نمبر ۱۳ ، ۱۴ بھی infructuous ہو گئی ۔ اور تحریک التوائے کار نمبر ۱۵ ، ۱۶ چوہدری اصغر علی گوجر صاحب کی طرف سے ہے ۔ لہذا وہ بھی infructuous ہو گئی ۔ جناب عثمان ابراہیم صاحب کی طرف سے تحریک التوائے کار نمبر ۱۷ ہے ۔ محمد صدیق انصاری صاحب کے کہنے کے مطابق اسے ملتوی کرتے ہیں ۔ اس طرح نمبر ۱۸ اور ۱۹ کو بھی التواء میں رکھتے ہیں ۔ اور تحریک التوائے کار نمبر ۲۰ مولانا منظور احمد چنیوٹی صاحب کی طرف سے ہے ۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی** ۔ تحریک التوائے کار نمبر ۲۰ کی کاپی مہیا کی جائے ۔

**جناب سپیکر** ۔ کاپی مہیا کی جائے ۔

# مسیحی اداروں کی واپسی پر اساتذہ میں تشویش کا اظہار

مولانا منظور احمد چنیوٹی ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ ۔ تحریک التوائے کار ۔
میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لیے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔
مسئلہ یہ ہے کہ مورخہ ۶ دسمبر ۱۹۸۶ء کے روزنامہ نوائے وقت لاہور اور ۸ دسمبر ۱۹۸۶ء کے روزنامہ نوائے وقت لاہور اور ۸ دسمبر ۱۹۸۶ء روزنامہ جنگ لاہور میں بالترتیب یہ خبریں شائع ہوئی ہیں۔

ا۔ مسیحی تعلیمی ادارے واپس کر دیئے جائیں گے (وزیر اعظم)

ب۔ مسیحوں کے تعلیمی ادارے واپس کرنے پر اساتذہ میں تشویش اور فیصلہ پر نظر ثانی کا مطالبہ۔ (اساتذہ کی تنظیمیں اور طلباء)

اس فیصلہ پر عملدرآمد سے تعلیمی بحران پیدا ہو جائے گا۔ جس سے بہت سے اساتذہ طلباء اور ان کے والدین متاثر ہوں گے۔ جو ملک میں امن عامہ کے خطرہ کا پیش خیمہ ہے۔ لہٰذا میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر کے اس مسئلہ پر بحث کی اجازت دی جائے۔

نوٹ۔ پچھلے اجلاس میں بھی یہ تحریک ارسال کی گئی تھی لیکن اس کی باری نہیں آئی تھی۔ اس لیے اب دوبارہ پیش خدمت ہے۔ جناب والا! میں اس پر اپنی مختصر گذارشات پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر۔ مولانا صاحب تحریک التوائے کار پہ short statement نہیں ہوتی۔ تحریک التوائے کار جو آپ نے پڑھ دی ہے۔ یہ بذات خود ایک ہے۔

مولانا منظور احمد چنیوٹی ۔ اس میں کچھ وضاحت کی ضرورت ہے۔

جناب سپیکر۔ اگر آپ ضروری سمجھتے ہیں تو پھر دو چار لفظوں میں اس

بات کو ختم کر دیں۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی۔** ہمارے وزیر اعظم صاحب اس کی وضاحت کر دیں۔ کیونکہ ان کی طرف سے اخبارات میں یہ خبر آئی ہے۔

**رانا پھول محمد خاں۔** نکتۂ وضاحت۔

**جناب سپیکر۔** جی رانا صاحب نکتۂ وضاحت پر فرمایئے۔

**رانا پھول محمد خان۔** جناب والا آج چونکہ یہ معاملہ زیر بحث آگیا ہے اور ہم آپ سے کچھ سیکھ رہے ہیں۔ اس لیے ہمارے لیے یہ ضروری ہے کہ اگر ایک تحریک التوائے کار اسمبلی کو بھیجنے کے بعد جو کہ چند دن پہلے بھیجی گئی ہو، اس معاملے میں تحریک التوائے کار پیش کرنے والے رکن کے علم میں ایسی باتیں آجائیں جن کا جناب کے سامنے بیان کرنا ضروری ہو تو پھر آپ کو short statement کی اجازت بخشنی پڑے گی۔

**جناب سپیکر۔** جی ہاں خاص حالات میں اجازت دی جاسکتی ہے۔ جی مولانا صاحب میں آپ کو خاص حالات کے تحت short statement کی اجازت دیتا ہوں۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی۔** جناب والا شکریہ ! اس سے پہلے کہ میں اس کے محرکات یا خطرات پر کچھ عرض کروں۔ اس کے بعد وزیر تعلیم کی طرف سے اخبار میں ایک خبر آئی ہے کہ یہ فیصلہ واپس لے لیا گیا ہے۔ اگر واقعی یہ فیصلہ واپس لے لیا گیا ہے۔ ان مسیحی اداروں کو واپس لینے کا تو میرے بحث کرنے یا وضاحت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر یہ جوں کا توں ہے تو اس پر چند گذارشات کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہ بہت سنگین مسئلہ ہے اگر یہ مسیحی ادارے واپس کیے جائیں تو اس کے کیا خطرناک نتائج برآمد ہوں گے۔ اخبار میں جو خبر آئی ہے اگر مجھے پہلے اس کا پتہ چل جائے تو پھر میں اس کی روشنی میں کچھ عرض کروں گا۔

**جناب وزیر قانون۔** جناب والا جیسا کہ میرے معزز رکن نے فرمایا ہے کہ اس

کی تردید اخبارات میں آ چکی ہے اور حکومت کا کوئی ارادہ نہیں ہے کہ ان مسیحی اداروں اور سکولوں کو واپس کیا جائے۔ یہ درست ہے کہ مسیحی اداروں کی واپسی سے متعلق خبریں جناب وزیر اعظم پاکستان سے منسوب کی گئی تھیں۔ لیکن صوبائی حکومت نے اپنے مخصوص حالات کے تحت مرکزی حکومت کو اپنے مؤقف سے آگاہ کر دیا ہے کہ ان اداروں کو سابقہ مالکان کو واپس کرنے کا فی الحال کوئی امکان نہیں۔ اور اس ضمن میں جو بھی خدشات ہیں وہ بلا جواز ہیں۔ لہٰذا تحریک استحقاق نہیں بنتی۔

**جناب سپیکر۔** اب مولانا صاحب آپ نے اس پر کوئی بات کرنی ہے۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹیؒ۔** لاء منسٹر صاحب کی وضاحت کے بعد اب اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

**جناب سپیکر۔** تو آپ اس کو پریس نہیں کرتے۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹیؒ۔** جی نہیں۔

**جناب سپیکر۔** اگلی تحریک التوائے کار نمبر ۲۱ بھی مولانا منظور احمد چنیوٹیؒ صاحب کی طرف سے ہے۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹیؒ۔** تحریک التوائے کار نمبر ۲۱ کی کاپی مہیا کی جائے۔ جناب والا اگر اجازت ہو تو میں اپنی تحریک التوائے کار پڑھ دوں۔

**جناب سپیکر۔** اجازت ہے۔

# کراچی کے فسادات کا معاملہ

**مولانا منظور احمد چنیوٹیؒ۔** میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عام رکھنے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لیے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ کراچی جو ہمارے ملک کا اہم ترین شہر، سب سے بڑی بندرگاہ، چاروں صوبوں کا مواصلاتی

رابطہ اس شہر سے ہے اور وہ آدمی اسٹیلو کا مرکز بھی وہی ہے۔ اس اہمیت کے حامل شہر میں اس وقت فسادات کی آگ بھڑک رہی ہے۔ بھائی بھائی کو قتل کر رہا ہے۔ جھگیوں کو آگ لگا کر معصوم بچوں اور عورتوں کو جلایا جا رہا ہے۔ سینکڑوں قیمتی جانیں تلف ہو چکی ہیں۔ سرکاری اور غیر سرکاری املاک نذر آتش ہو رہی ہیں۔ قیمتی جانوں کے علاوہ کروڑوں کا مالی نقصان ہو چکا ہے۔ مواصلات کا نظام درہم برہم ہے۔ کاروبار تباہ ہو چکے ہیں۔ پورے ملک میں سراسیمگی اور مایوسی پھیلی ہوئی ہے۔ جن کے عزیز و اقارب کراچی میں پھنسے ہوئے ہیں۔ وہ تو اور سخت پریشان ہیں۔ روزانہ کے قومی اخبارات ان واقعات پر شاہد ہیں۔

**چوہدری محمد صدیق سالار** - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر کل بھی اسمبلی میں غالباً یہ بات ہوئی تھی کہ دوسرے صوبوں کے متعلق بھی یہاں پر بحث نہیں کرنی چاہیئے۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ وہ اپنی تقریر میں ایسے الفاظ استعمال نہ کریں جو اخبارات کی سرخیاں بن کر آگ بن کر بھڑک اٹھے۔

**جناب سپیکر** - مولانا صاحب آپ اپنی تحریک التوا پڑھ دیں۔

**رانا پھول محمد خان** - جناب سپیکر اس معاملہ میں میں یہ وضاحت چاہوں گا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کسی دوسرے صوبے کے معاملہ میں تحریک التوا کار پیش کرنا ہمارے دائرہ اختیار سے باہر ہے اور قومی اسمبلی کے سپیکر صاحب بھی یہ رولنگ دے چکے ہیں لیکن وہ رولنگ پڑھنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں۔ اس رولنگ میں یا تو سہواً یا محرک اس پر زور نہ دے سکے۔ اگر پنجاب کے لوگوں کے ساتھ ظلم ہو رہا ہو اور سندھ صوبہ میں ہو رہا ہو اس لیے کہ وہ آدھے یہاں رہتے ہیں۔ آدھے وہاں رہتے ہیں۔ اس کو زیر بحث بھی لا سکتے ہیں۔ اس صوبہ کے لوگوں کے ساتھ زیادتی ہونے پر یا وہاں سے کوئی آدمی واردات کرنے کے لیے آئے یہ کہا کہ دوسرے صوبے کا معاملہ یہاں زیر بحث نہیں آ سکتا۔ قطعاً غلط ہے۔ اگر ہمارے صوبے کے کسی فرد کو نقصان پہنچتا ہے تو وہ معاملہ زیر بحث آ سکتا ہے۔ اس پر رولنگ آپ یہ نہ دیں ورنہ کل کو ہمارے بھائی وہاں ذبح ہو رہے ہوں اور ہم زبان بھی نہ کھول سکیں۔ میں یہ گذارش کروں گا۔

**جناب سپیکر**:۔ مولانا صاحب آپ اپنی تحریک التواء پڑھ دیں۔

**مولانا منظور احمد چنیوٹی**:۔ میں اسے پڑھ دیتا ہوں۔

روزنامہ کے قومی اخبارات ان واقعات پر شاہد ہیں جبکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ارشاد کے مطابق تمام مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں جب جسم کے ایک حصے کو تکلیف ہو تو سارا بدن اس سے متاثر ہوتا ہے اور تکلیف محسوس کرتا ہے اسی رشتہ اور نسبت سے امام کعبہ نے بھی کراچی کے بھائیوں سے اپیل کی ہے۔ لہذا میری استدعا ہے کہ مفاد عامہ سے تعلق رکھنے والے اس اہم مسئلہ کو زیر بحث لانے کیلئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔

میں اس کے متعلق کچھ گذارش کرنی چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر**:۔ یہ تو بڑی واضح ہے اس پر بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جناب وزیر زراعت اس پر کچھ فرمانا چاہتے ہیں۔

**وزیر زراعت** (چوہدری عبدالغفور) جناب سپیکر میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ جہاں تک اس تحریک التوار کار کا تعلق ہے اس بارے میں گذشتہ دن گذشتہ سے پیوستہ دن آپ اس پر رولنگ دے چکے ہیں۔ ایک بات تو یہ ہے کہ ہمارے اپنے صوبے سے متعلق نہیں ہے۔ جہاں تک اس بات کا اظہار کیا گیا ہے چونکہ اس میں پنجاب کے کچھ لوگ ملوث ہیں۔ ان کی جانوں کا کچھ نقصان ہوا ہے یا کوئی ایسی بات ہے۔ اس کے لیئے ہمارے پاس قومی اسمبلی کا فورم موجود ہے۔ وہاں پنجاب سے تعلق رکھنے والے اراکین اس کو لے سکتے ہیں۔ اگر اس بارے میں ایک دفعہ اجازت دی گئی اور رولنگ دی گئی تو جو محرکات ہیں اور اس بارے میں جو اثرات ہیں وہ جناب کے علم میں ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ ویسے بھی میں اپنے بھائی مولانا منظور احمد چنیوٹی صاحب سے گذارش کروں گا کہ جو واقعات اب اللہ کے فضل و کرم سے سلجھ گئے ہیں اور اب کافی امن و امان ہے اور یہ واقعہ بھی جنوری کا بیان کیا گیا ہے اب اس کو از سر نو زندہ کرنے کے لیئے کوشش نہیں کرنی چاہئیے۔ یہ بہت پرانا واقعہ ہے۔ کافی حد تک صورتِ حال سنبھل چکی ہے اور انشاء اللہ اس معاملہ میں کوششیں جاری ہیں۔ میں

یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ کسی صورت میں بھی نہ تو حالیہ واقعہ ہے اور نہ ہی پنجاب اسمبلی کے دائرہ کار میں آتا ہے۔ ویسے بھی اخلاقاً ہمیں اس مسئلے کو ہوا نہیں دینی چاہیے میں مولانا صاحب سے استدعا ہی کر سکتا ہوں کہ وہ اس کو پریس نہ کریں اور اس کو اپنی موت آپ ہی مر جانے دیں،

جناب سپیکر:۔ مولانا صاحب۔

مولانا منظور احمد چنیوٹی:۔ جناب سپیکر میں محترم وزیر صاحب کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں۔ جب یہ واقعات تھے اور جب یہ تحریک دی گئی ہے اس کی نسبت اب واقعات الحمدُللہ بہتر ہیں۔ لیکن اس بات سے مجھے اتفاق نہیں ہے کہ اگر اس صوبے کا مسئلہ ہے۔ ہمارے بھائی اگر وہاں قتل ہو رہے ہیں۔ ان کو نقصان ہو رہا ہے تو ہم ان کے متعلق یہاں کچھ سوچ بچار نہیں کر سکتے یا اس کے لئے کوئی آواز نہیں اٹھا سکتے۔ ہم اس سے متعلق ہیں مسلمان ہونے کی حیثیت سے بھی وہ ہمارے بھائی ہیں اور پنجاب کے اعتبار سے بھی۔ وہاں پنجاب کے ہزاروں لاکھوں انسان موجود ہیں۔ ان کے کاروبار ہیں، ان کے بچے یہاں رہتے ہیں اور اس سے وہ پریشان ہیں۔ اس لئے اس بات سے تو مجھے اتفاق نہیں ہے۔ البتہ اب حالات پہلے کی نسبت کچھ بہتر ہو چکے ہیں۔ اس لئے میں اسے پریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر:۔ ۲۲ نمبر جناب عثمان ابراہیم صاحب کی طرف سے ہے، وہ تشریف نہیں رکھتے ہیں۔ پینڈنگ ہو گئی۔ ۲۳ نمبر جناب حاجی جمشید عباس نعیم صاحب کی طرف سے ہے۔ وہ نہیں ہیں اور اس کی طرف سے ان کو پنڈنگ کرنے کی کوئی request نہیں ہے تو یہ infructuous ہوتی ہے۔ جناب میاں محمود احمد صاحب کی ۲۴ نمبر تحریک التوائے کار ہے۔ یہ میاں صاحب نے واپس لے لی ہے۔ ۲۵ نمبر سردار غلام عباس خان کی طرف سے ہے۔

## پیر پگارا شریف کی طرف سے پنجاب کے عوام کے بارے میں ریمارکس

سردار غلام عباس خان:۔ جناب سپیکر میں یہ تحریک پیش کرنے کی

اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کیلئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ آج کے اخبار یکم مارچ ۱۹۸۷ روزنامہ "جنگ" میں پیر صاحب پگارا شریف نے پنجاب کے غیور عوام کے متعلق جو گھوڑے اور خچر کا موازنہ کیا ہے۔ اس سے پنجاب میں شدید غم و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے۔ یہ امر اس بات کا متقاضی ہے کہ اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر کے اس اہم مسئلہ پر بحث کی اجازت دی جائے۔

اگر آپ اجازت دیں تو اس پر میں شارٹ سٹیٹمنٹ دینا چاہوں گا

**جناب سپیکر**: شارٹ سٹیٹمنٹ کی اس میں کوئی ضرورت ہے۔

**سردار غلام عباس خان**: جناب والا شارٹ سٹیٹمنٹ کی ضرورت ہے اس میں میں اتنی گذارش کروں گا کہ پنجاب کے ساتھ اتنی بڑی ستم ظریفی ہے یہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے ہم نے ہر قابل احترام شخصیت کو۔ ہم نے ہر اس شخص کو جو پنجاب میں تشریف لائے اپنی سر آنکھوں پر بٹھایا۔ لیکن ہماری بد بختی کا اندازہ لگایئے کہ جسے ہم نے عزت کا مقام دیا وہی ہم کو گالی دینے پر تل جاتا ہے۔

جناب والا، پیر صاحب کے متعلق تو میں کچھ کہنا نہیں چاہتا پنجاب کے متعلق صرف اتنی گذارش کروں گا کہ کیا پنجاب کا قصور یہی ہے کہ اس نے کوئی جی۔ ایم سید پیدا نہیں کیا۔ کیا پنجاب کا قصور یہی ہے کہ اس نے کوئی غفار خان پیدا نہیں کیا۔ پنجاب کا قصور یہی ہے کہ اس نے کوئی مجیب الرحمٰن پیدا نہیں کیا۔ جناب والا سب سے بڑی بات جو میں اعلان کر سکتا ہوں وہ یہ ہے کہ پنجاب ایسا خوش بخت صوبہ ہے کہ جس میں مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بھی کوئی نہیں لیکن اس مارشل لاء کی گالی بھی ہمیں دی جاتی ہے۔ جناب والا میں جناب سے استدعا کروں گا کہ اس مسئلہ کو زیر بحث لایا جائے اور اس میں ہماری دادرسی فرمائی جائے

**جناب سپیکر**: جناب لاء منسٹر صاحب کچھ کہنا چاہیں گے؟

**وزیر قانون**: جناب والا۔ جس خبر کا یہ حوالہ دے رہے ہیں۔ اس کے متعلق کوئی واضح ثبوت نہیں ہے۔ اخبار میں ایک بیان آیا ہے۔ وہ بھی متضاد

ہے۔ تحریک التواء کے ضمن میں قاعدہ ۶۷ واضح ہے۔

67. (e) The motion shall relate to a matter which is primarily the concern of Government or a statutory body under the control of Government of to a matter in which the Governments have a substantial financial in terest.

تو پیر صاحب ایک سیاسی شخصیت ہیں۔ لوگ مختلف انداز سے ان کے بیانات کی توضیح کرتے ہیں۔ اس کا اس اسمبلی سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ چاہتے تو اس کو ایک ریزولیوشن کی صورت میں دے سکتے تھے۔ تحریک التواء تو کسی بہت اہم مسئلے پر آتی ہے جو اسمبلی میں پیش ہو سکتی ہے۔ اس اسمبلی میں وہ بات پیش ہو سکتی ہے جو گورنمنٹ کے کنٹرول میں ہو۔ گورنمنٹ اس پر اثر انداز ہو سکتی ہو۔ اس معاملے سے گورنمنٹ کا مالی مفاد وابستہ ہو۔ اس میں یہ تینوں چیزیں نہیں ہیں اور ان پر گورنمنٹ کا کوئی کنٹرول نہیں۔ پیر صاحب پر گورنمنٹ کا کوئی کنٹرول نہیں ہے وہ اپنی ایک رائے رکھتے ہیں۔ ان کا اپنا ایک تشخص ہے۔ وہ ایک سیاسی لیڈر ہیں۔ اس بیان کا اس معاملے سے کوئی تعلق نہیں۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ یہ کسی طرح بھی تحریک التواء کا معاملہ نہیں۔ قانونی طور پر یہ اپنے استحقاق کے متعلق کوئی تحریک دے سکتے ہیں لیکن واقعات کے مطابق آپ ملاحظہ فرمائیں۔ قاعدے میں یہ ہے

The motion shall not relate to a matter of privilege.

اگر ان کا استحقاق مجروح ہوا ہے تو اس کو تحریک التواء کے ذریعے پیش نہیں کر سکتے تو میری گذارش یہ ہے کہ سب سے پہلے تو ہمارا پیر صاحب پر کوئی کنٹرول نہیں ہے۔ لہذا میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں کسی قسم کی تحریک التوا نہیں آسکتی

**جناب سپیکر:** تحریک التواء اس معاملے میں آسکتی ہے جس میں primarily گورنمنٹ کا concern ہو۔ کیا پیر صاحب کا سٹیٹمنٹ کوئی گورنمنٹ کا کنسرن ہے جس میں تحریک التواء آسکتی ہے؟ ایوان سے باہر کسی سیاسی لیڈر کی طرف سے کسی قسم کا کوئی سیاسی بیان کسی بھی موڈ میں اور کسی بھی انداز

میں لیا جا سکتا ہے۔ وہ پنجاب گورنمنٹ کا معاملہ نہیں ہو سکتا۔ پیر صاحب کی سٹیٹمنٹ پنجاب گورنمنٹ کا معاملہ نہیں ہے۔ تحریک خلاف ضابطہ قرار دی جاتی ہے۔

**سردار غلام عباس:** جناب سپیکر، مجھے آپ کے فیصلے پر کوئی اعتراض نہیں۔ میں اس کو قبول کرتا ہوں، لیکن اتنا ضرور کہوں گا۔

اے چشم اشک بار ذرا دیکھ تو سہی
یہ گھر جو جل رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

**جناب سپیکر:** آپ کے شعر کے لیئے شکریہ سردار صاحب۔ جناب رانا محمد خالد صاحب کی تحریک التواء identical ہے۔ یہ بھی خلاف ضابطہ تصور کی جائے گی۔ اب تحریک التواء کا وقت ختم ہوتا ہے۔

**جناب سپیکر:** اب امن عامہ کی صورت حال پر بحث کا وقت ہے اس سلسلے میں میرے پاس پچھلے اجلاس کے کچھ اسمائے گرامی ہیں جو اس بحث میں حصہ لینا چاہتے تھے، لیکن وقت کی کمی کی وجہ سے حصہ نہ لے سکے۔ تو کیا آپ مجھے نئے سرے سے اپنے نام دینا چاہتے ہیں یا میں انہی سے شروع کر دوں؟

**رانا پھول محمد خان:** جناب والا۔ شادیوں اور دعوتوں پر آپ کو بھی جانا ہے اور ہمیں بھی۔ اس لیئے اگر بحث کو پرسوں پر رکھ لیں تو زیادہ بہتر ہے۔

**جناب سپیکر:** میاں صاحب آپ کی کیا رائے ہے؟

**میاں محمد افضل حیات:** جناب والا، میرا تو خیال یہ ہے کہ یہ اتنا سنگین مسئلہ ہے کہ اس پر از سر نو بحث کا آغاز کیا جائے کیونکہ دو تین مہینے گذر چکے ہیں۔

**جناب سپیکر:** آپ کا خیال یہ ہے کہ جو صاحبان اس بحث میں حصہ لے چکے ہیں، انہیں بھی بات کرنے دی جائے؟

**میاں محمد افضل حیات:** کیونکہ اس کے بعد کئی ایسے واقعات ہو چکے ہیں، جنہیں زیر بحث لانا ضروری ہے۔ تحاریک التواء اسی لیئے ملتوی کی جاتی ہیں کیونکہ امن عامہ پر بحث ہونی ہوتی ہے اور اگر امن عامہ پر بحث جاری ہے تو پھر تحاریک التواء لینی چاہیئے۔ میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں۔

**جناب سپیکر:** یہ درست ہے۔ لیکن رانا پھول محمد خان صاحب کی طرف سے جو تجویز ہے کہ اس کو آج نہیں، اگلے روز لیا جائے۔ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

**میاں محمد افضل حیات:** یہ تو ایوان کی مرضی ہے۔ ویسے اس وقت بھی ایوان کورم میں نہیں ہے۔

**جناب سپیکر:** آپ کی ذاتی رائے کیا ہے؟

**میاں محمد افضل حیات:** جناب والا۔ میں یہی عرض کرنے لگا ہوں کہ اگر ایوان کا موڈ نہ ہو اور تقریر شروع ہو۔ لیکن سارا کورم ٹوٹ جائے تو پھر اس کا فائدہ کچھ نہیں ہوگا۔ کورم ضرور رہنا چاہیئے۔

**جناب سپیکر:** تو میاں صاحب بھی آپ کی تجویز سے اتفاق کرتے ہیں

**ڈاکٹر شیلا۔ بی۔ چارلس:** اگر آج امن عامہ کی صورت حال پر بحث نہ ہو تو کیا آج کے بعد آپ اس پر چار دن دیں گے؟ کیونکہ اس بحث کے لیئے چار دن ہیں۔ آج کا دن ہم نہیں لیں گے تو کیا آپ چار دن دیں گے؟

**جناب سپیکر:** دیکھیئے ناں۔ آپ آج کا دن لینا ہی نہیں چاہتے کیونکہ میرے پاس تو کسی کی طرف سے کوئی نام نہیں آیا کہ جو آج یہاں امن عامہ کی صورتِ حال پر بحث کرنا چاہتے ہوں۔

**رانا پھول محمد خان:** جناب والا۔ آپ کو حق تو ہے کہ آپ بیگم صاحبہ کو پہلے سے زیادہ وقت دیں۔

**جناب سپیکر:** جی ہاں۔ بیگم صاحبہ کو زیادہ وقت دیا جا سکتا ہے۔ یہ تو کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ لیکن یہ کہ اس کو چار دن کیا جائے۔ یہ لاء منسٹر صاحب کی مرضی سے ہو سکتا ہے۔

**میاں محمد افضل حیات:** میری عرض یہ ہے کہ اگر آج اس پر بحث نہ ہوئی تو پھر ۲۵ تاریخ کو صبح کے وقت سیمینار ہے۔ شام کو اجلاس ہو گا۔ اس دن بھی ایسی ہی صورتِ حال پھر پیش نہ ہو جائے۔

**جناب سپیکر:** مجھے کوئی اعتراض نہیں اگر آپ بحث کرنا چاہتے ہیں تو آئیے

**میاں محمد افضل حیات:** میں عرض کروں گا کہ کم از کم اس بحث کو کسی نتیجے پر لانے کے لئے زیادہ سے زیادہ وقت دیا جائے۔

**جناب سپیکر:** وقت تو آج ہے۔ اگر آپ نہیں چاہتے کہ اسکو آج ملتوی کیا جائے اور اس پر بحث کی جائے تو آئیے

**میاں محمد افضل حیات:** مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے جناب۔

**جناب سپیکر:** کیوں صاحبان کیا خیال ہے؟

**رانا پھول محمد خان:** جناب والا۔ میری تجویز تو آپ فرما چکے ہیں کہ قائد حزب اختلاف نے اس سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا یہ ٹھیک ہے۔ اب اس مسئلے کو دوبارہ چھیڑنا موزوں تو معلوم نہیں ہوتا۔

**جناب سپیکر:** میاں صاحب پہلے اتفاق کر چکے تھے۔

**رانا پھول محمد خان:** جی ہاں۔ اور زبان سے پھر جانا قائد حزب اختلاف کے لئے موت کے برابر ہے۔

**میاں محمد افضل حیات:** اس کے ساتھ میری یہ بھی عرض ہے کہ دن کم نہیں ہونے چاہیں۔ کیونکہ رانا صاحب کی طرف سے روز ہی ایسی تجویز آجائے گی تو پھر شاید امن عامہ پر ایک دن بھی بحث نہ ہو سکے گی۔ ل، منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہیں۔ وہ بھی فرمادیں کہ اس کے لئے مزید تین دن رکھے جائیں۔

**رانا پھول محمد خان:** جناب والا میری خواہش یہ تھی کہ کچھ دوستوں نے شادیوں پر جانا ہے دعوتوں میں جانا ہے، تھکے ہوئے بھی آئے ہیں تو اس کو پرسوں پر ملتوی کر دیا جائے

قائدِ حزبِ اختلاف نے اس سے اتفاق کیا۔ جناب نے اعلان فرمادیا۔ لیکن اس کے بعد پھر جناب قائدِ حزبِ اختلاف یہ کہتے ہیں کہ اس دن وقت نہیں ملے گا لہذا میں گذارش کروں گا کہ ہمارے ان

بھائیوں کو جنہوں نے حزبِ اختلاف نے ہماری ان غلطیوں کی نشاندہی کرنا ہے۔ اور ہمیشہ امن عامہ پر قائدِ حزبِ اختلاف کی طرف سے تقریر شروع کی جاتی ہے۔ ہمارا ابھی وقت ان کو دے دیا جائے اور ان کو پورا ایک گھنٹہ دے دیا جائے۔ کہ وہ اس پر روشنی ڈالیں۔

**چوہدری محمد اعظم چیمہ** :۔ جناب سپیکر میری عرض یہ ہے رانا صاحب نے جو تجویز دی تھی اس پر قائدِ حزبِ اختلاف اتفاق کر چکے ہیں۔

**میاں افضل حیات** :۔ میں رانا صاحب کے ساتھ کبھی اختلاف نہیں کر سکتا میرا کہنے کا مقصد یہ تھا کہ آج بھی شام کا سیشن ہے اور ۲۵ کو پھر شام کا سیشن ہونا ہے۔ ۲۴ کو پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے میں یہ عرض کروں گا کہ اس کے لیے وقت بڑھا دیا جائے۔

**چوہدری محمد اعظم** :۔ جناب سپیکر یہ ایک اہم موضوع ہے کہ یہ بحث صبح سے شروع کی جائے تو بہتر ہوگا۔ اندھیرے میں شروع کیا جائے تو اچھا نہیں ہوگا۔

**وزیرِ قانون** :۔ جناب سپیکر ایجنڈا قائدِ حزبِ اختلاف سے مل کر تیار کیا گیا تھا اور میں نہیں سمجھتا کہ اس میں توسیع کی ضرورت ہو وہ اپنی تقریر اب بھی کر سکتے ہیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ وقت کی کمی ہے۔ آپ کے پاس آج کے علاوہ تین دن ہیں۔ اور میرے خیال میں یہ کافی ہیں۔

**جناب فضل حسین راہی** :۔ جناب سپیکر پوائنٹ آف آرڈر۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر بہت ضروری اور قواعد کے مطابق ہے۔ جناب سپیکر چوہدری صدیق سالار صاحب اور اختر رسول صاحب تو موجود ہیں لیکن کورم پورا نہیں ہے۔ کورم نہیں ہے۔

**جناب سپیکر** :۔ آپ نے کیا ارشاد فرمایا ہے۔

**جناب فضل حسین راہی** ۔ جناب والا میں نے عرض کیا کہ کورم پورا رکھنے والے ہیں لیکن کورم نہیں ہے۔ تشریف رکھیے۔

**جناب سپیکر** :- گنتی کی جائے ۔ گھنٹیاں بجائی جائیں ۔
گھنٹیاں بجائی گئیں ۔کورم نہیں ہے ۔ ہاؤس ۲۴ مارچ ۱۹۸۷ء نو بجے صبح تک کے لیئے ملتوی کیا جاتا ہے ۔
(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی منگل ۲۴ مارچ ۱۹۸۷ء صبح نو بجے تک کے لیے ملتوی کی گئی)

# صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات

منگل 24 مارچ 1987ء

(سہ شنبہ 23 رجب 1407ھ)

جلد 9 شمارہ 3

## سرکاری رپورٹ

PROVINCIAL ASSEMBLY PUNJAB

## مندرجات

منگل 24 مارچ 1987

صفحہ نمبر


تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ ---------- 141

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات ---------- 146

### مسئلہ استحقاق :-

(I) اسرائیل کی طرف سے کنٹرول آف اسلامک انسٹی ٹیوشنز کا قیام ---------- 155

(II) حکمت عملی کے اصولوں پر عملدر آمد کے بارے میں رپورٹ پیش کرنے میں تاخیر (بحث جاری) ---------- 160

### تحاریک التوائے کار :-

(I) جمعیت علماء اہل حدیث کے جلسہ میں خوفناک دھماکے ---------- 176

(II) مجلس قائمہ برائے استحقاقات کی رپورٹوں کا پیش کیا جانا ---------- 201

(III) مجلس قائمہ برائے استحقاقات کی رپورٹیں پیش کرنے کی میعاد میں توسیع ---------- 202

(IV) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کی میعاد میں توسیع ---------- 205

(V) مجلس قائمہ برائے استحقاقات کی رپورٹ پر بحث ---------- 207

### مسودات قانون

(I) مسودہ قانون (ترمیم) صنعتی ترقیاتی بورڈ پنجاب مصدرہ 1986ء ---------- 212

(II) مسودہ قانون (ترمیم) صنعتی ترقیاتی بورڈ پنجاب مصدرہ 1987ء ---------- 216

(III) مسودہ قانون (ترمیم) ہنگامی قانون لوکل گورنمنٹ پنجاب مصدرہ 1987ء ---------- 218

(IV) مسودہ قانون (ترمیم) انہار و نکاسی آب مصدرہ 1987ء ---------- 223

(V) مسودہ قانون (ترمیم) حصول اراضی مصدرہ 1987ء ---------- 235

(VI) مسودہ قانون (ترمیم) ہنگامی قانون منڈیہا ئے زرعی پیداوار پنجاب مصدرہ 1987ء ---------- 237

### قراردادیں (مفاد عامہ سے متعلق)

(I) حکومت کی طرف پختہ کھالوں کی تعمیر میں استعمال ہونے والا میٹریل کاشتکاروں کو مفت فراہم کرنا ---------- 238

(II) عوام کو بہتر علاج و معالجہ کی سہولتوں کی فراہمی ---------- 247

(III) دیہی اور شہری علاقہ جات کی حد بندی میں رکن صوبائی اسمبلی کا مشورہ ---------- 250

(IV) میونسپلٹی کی حدود میں واقع قابضین کے نام الاٹ منٹ ---------- 253

(V) صوبے کی تمام ملازمتوں پر توسیع کے احکامات جاری نہ کرنا ---------- 258

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## صوبائی اسمبلی پنجاب کا نواں اجلاس

منگل ۲۴ مارچ ۱۹۸۷ء

(سہ شنبہ ۲۳ رجب ۱۴۰۷ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر لاہور میں صبح ۹ بجے منعقد ہوا
جناب سپیکر میاں منظور احمد وٹو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے
قاری علی حسین صدیقی نے تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ پیش کیا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ ۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌ ۢ بِالنَّهَارِ ۝

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ ۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝
هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝

(س رعد ۱۳ - آیات ۹ - ۸ - ۱۱ - ۱۲)

وہ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے سب سے بڑا عالی مرتبہ ہے کوئی تم میں سے بات کرے یا پکار کر یا رات کے وقت کہیں چھپ جائے یا دن کی روشنی میں کھلم کھلا چلے پھرے یہ سب اس کے نزدیک برابر ہے۔
ہر اک کے آگے پیچھے فرشتے اللہ کے چوکیدار مقرر ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔
اللہ کسی قوم کی حالت کو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک کہ وہ لوگ اپنی صلاحیت کے مطابق اپنی حالت کو خود نہیں بدلتے اور جب اللہ کسی قوم کے لئے برائی تجویز کر لیتا ہے تو پھر وہ برائی ٹل نہیں سکتی اور پھر اللہ کے سوا ان کا کوئی مددگار بھی نہیں ہوتا۔
اور وہی تو ہے جو تم کو ڈرانے اور امید دلانے کے لئے بجلی دکھاتا ہے اور بھاری بھاری بادل پیدا کرتا ہے

وما علینا الا البلاغ

رانا پھول محمد خان :

جناب سپیکر! پیشتر اس کے کہ وقفہ سوالات یا دیگر کوئی کارروائی شروع کی جائے، میں جناب کی اجازت سے جناب سے گذارش کروں گا کہ قاعدہ نمبر ۲۰۲ کے تحت قواعد کو معطل کر کے مجھے ایک اہم واقعے پر تحریک التوائے کار پیش کرنے کی اجازت دی جائے، کیونکہ میرا مطالبہ ہے کہ آج کے اجلاس کی تمام کارروائی معطل کر کے اس معاملے کو زیر بحث لا کر اجلاس ملتوی کر دیا جائے اور تمام کارروائی کل کے اجلاس میں تبدیل کر دی جائے

اجازت ہے؟

جناب سپیکر:

رانا صاحب، آپ نے اپنی بات کر دی ہے اب مجھے اجازت دیجیے کہ میں اس پر اپنا فیصلہ دوں اس کے بعد آپ شروع کر سکتے ہیں

آپ کی تحریک التوامیں نے دیکھی ہے بلاشبہ یہ بیحد اہمیت کی حامل ہے میں نے دفتر سے پتا کیا ہے اس کی کاپیاں ابھی تقسیم ہوئی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس پر تھوڑا سا موقع دیں تاکہ جو کاپیاں تقسیم ہوئی ہیں، گورنمنٹ ان کو ملاحظہ کر لے اور اس پر اپنا نقطہ نظر بنا لے، کیونکہ انہوں نے یہاں ایوان میں اپنا نقطہ نظر پیش کرنا ہے ہم وقفہ سوالات شروع کرتے ہیں اس کے بعد جب تحاریک التوائے کار آئیں گی، تو اس تحریک التوائے کار کو ہم دوسری تحاریک التوائے کار پر فوقیت دے دیں گے

رانا پھول محمد خان :

جو آپ نے فرمایا، بجا ہے لیکن وقفہ سوالات شروع ہونے سے ایوان کی کارروائی شروع ہو جائے گی میں نے اپنی تحریک التوائے کار میں استدعا کی ہے کہ ہم ایوان کی تمام کارروائی کو بمع سوالات معطل کر دیں یہ اتنا اندوہ ناک واقعہ ہے کہ اس سے ہمارے صوبے کے امن و امان کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے، ہمارے ملک کی سالمیت کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔

جناب سپیکر :

آپ کی بات میں وزن ہے

**رانا پھول محمد خان :**

میں اپنی تحریک پیش کر دوں حکومت کل جواب دے دے گی

**جناب سپیکر :**

میں عرض کر رہا ہوں کہ آپ کی بات میں وزن ہے لیکن میں نے جو عرض کی ہے، میں پھر اس پر اصرار کرتا ہوں کہ ہم وقفہ سوالات شروع کرتے ہیں اس دوران آپ موقع دیں کہ اس بارے میں حکومت اپنا نقطہ نظر بنا سکے

**رانا پھول محمد خان :**

سر تسلیم خم لیکن جناب والا، میں یہ عرض کروں کہ آج سوالات اور جوابات بھی ہمیں زیب نہیں دیتے کہ جن کے ۹ بھائی شہید ہو چکے ہیں، ۷۰ ہسپتال میں داخل ہیں، بموں کے دھماکے ہو رہے ہیں اس لئے سوالوں کے جوابات کی بجائے اس مسئلے کو زیادہ اہمیت دینی چاہیئے اور آج کی کارروائی معطل کرنی چاہیئے تاکہ حکومت اس کا جواب کل دینے کے لئے تیار بھی ہو سکے

**جناب سپیکر :**

آپ تشریف رکھیے جناب وزیر قانون کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

**وزیر قانون :**

جناب والا، ابھی تک ہمیں پورے واقعات کا علم نہیں ہوا ہم ہوم سیکرٹری صاحب کو تلاش کر رہے ہیں۔

**جناب سپیکر :**

رانا صاحب، آپ سنیے، جناب لاء منسٹر کیا فرما رہے ہیں اپنی بات دہرائیے گا

**وزیر قانون :**

ابھی تک پورے واقعات کا ہمیں علم نہیں ہوا۔

## جناب سپیکر :

راناصاحب، آپ متوجہ نہیں ہیں آپ ذرا سنیئے ، جناب وزیر قانون کیا فرما رہے ہیں ؟

## وزیر قانون :

میں عرض کر رہا تھا کہ ابھی پورے واقعات کا علم ہمیں نہیں ہوا ہم ہوم سیکرٹری صاحب کو تلاش کر رہے ہیں پورے واقعات ایوان کے سامنے رکھ دیئے جائیں گے ہمیں چند لمحوں کا موقع دیا جائے

## جناب سپیکر :

تو اس دوران ہم وقفہ سوالات شروع کرتے ہیں

## رانا پھول محمد خان :

تحریک التوائے کار پیش کرنے سے میرا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہم حکومت کو کچھ کہیں، یا اس پر کچھ تنقید کریں میرا مقصد تو یہ ہے کہ ان کے سوگ میں، جن کو ابھی تک دفنایا بھی نہیں گیا، آج کی ساری کارروائی کو معطل کر کے اس کو کل پر ملتوی کر دیا جائے تاکہ حکومت بھی اس بارے میں صحیح حالات کا جائزہ لے سکے اور اس ایوان میں وضاحت کر سکے کہ اس کی وجوہات کیا ہیں اگر ہم نے وقفہ سوالات شروع کیا تو ہم ان کے لواحقین کے شریک غم نہیں ہوں گے ۔

## جناب سپیکر :

آپ کی تجویز یہ ہے کہ آج کی ساری کارروائی ملتوی کر دی جائے ؟

## رانا پھول محمد خان :

جی ہاں میری یہ تجویز ہے ۔

## جناب سپیکر :

آج ایوان میں پرائیویٹ ممبرز ڈے ہے تو اس ساری کارروائی کو ملتوی کر دیا جائے ؟

## رانا پھول محمد خان :

پرائیویٹ ممبرز ڈے کو کل پر ملتوی کر دیا جائے ۔

## جناب سپیکر:

کل پہ کیسے ملتوی کیا جائے؟

## رانا پھول محمد خان:

اگر ملک اور صوبے میں ایسے حالات رونما ہوں تو جناب اپنے اختیارات خصوصی سے کارروائی کو ایک دن آگے لے جا سکتے ہیں۔

## جناب سپیکر:

رانا صاحب، تشریف رکھیے آپ کی اس بارے میں کیا رائے ہے؟

## وزیر زراعت:

میں عرض کرتا ہوں کہ جناب نے بالکل درست فرمایا تھا کہ اس کے لیے چند لمحات اور چاہئیں۔ ہمیں کچھ واقعات کا علم بھی ہے لیکن اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض کرنا چاہوں گا کہ اس کے متعلق باقی اعداد و شمار ہم لے لیتے ہیں اور اس کے لیے اس تحریک کے آنے کے بعد ہدایات دی جا چکی ہیں لیکن اس کا حل تو صرف یہ نہیں ہے کہ آج کا ہاؤس ملتوی کر دیا جائے۔ ہم ہر طرح ان کے دکھ میں شریک ہیں۔ ہم اس کو زیر بحث لانا چاہتے ہیں۔ اور اپنے دکھ کا اظہار کرنا چاہتے ہیں/ اس کے لیے یہی بہتر ہے کہ جو جناب نے رولنگ دی ہے کہ ابھی اس کے بعد اس کو زیر بحث لایا جائے اور اس کے تمام عوامل پر بحث کر لی جائے ہم اس کے لیے تیار ہیں۔ یہ کہنا ٹھیک نہ ہوگا کہ اس کو بالکل ہی ملتوی کر دیا جائے اور اس کو کل لیا جائے، بلکہ اس کو آج ہی لیا جانا چاہیے میں چاہتا ہوں کہ اس کو آج ہی جناب کے ارشاد کے مطابق لے لیا جائے۔

## جناب سپیکر:

یہ زیادہ مناسب ہے رانا صاحب۔

## رانا پھول محمد خان:

مجھے ان سے اتفاق ہے لیکن میں انسانیت کے نام پر ایک گزارش کروں گا وہ گزارش یہ ہے کہ ہمیں اس افسوس میں کم از کم ایک گھنٹے کے لیے اجلاس کی کارروائی بند کر دینی چاہئے کہ جس سے اس صوبے کو کراچی، ایران اور بیروت بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے

اگر ہم اس کارروائی سے چمٹے رہے تو یقین رکھیے کہ آپ کا یہ اسمبلی ہال بھی ان بموں کے دھماکوں سے محفوظ نہ رہ سکے گا انسانیت کا تقاضا ہے اس میں دو سیاسی رہنما مولانا احسان الٰہی ظہیر صاحب اور مولانا حبیب الرحمٰن صاحب زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں

**جناب سپیکر:**

اس پر یہ طے ہو چکا ہے کہ یہ انتہائی اندوہ ناک معاملہ ہے یہ انتہائی افسوس ناک معاملہ ہے۔ اس کو ملتوی کرنے کی بجائے اس پر آج ہی بحث ہونی چاہیئے۔ اور حکومت اس پر بحث کرنے کے لیے تیار ہے اور جواب دینے کے لیے تیار ہے۔

**جناب سپیکر:**

وقفہ سوالات شروع ہوتا ہے۔

# نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن

## چوبرجی کوارٹروں میں ناجائز قابضین

**۳۵۱۔ سید طاہر احمد شاہ۔**

کیا وزیر اعلیٰ ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ گورنمنٹ چوبرجی کوارٹر او۔۱۶ محمد اسلم جنجوعہ کے نام الاٹ ہوا تھا جو عرصہ قریباً ۲ سال سے سول جج ہو کر تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان میں تعینات ہے۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ مذکورہ الاٹی نے ابھی تک او۔۱۶ کوارٹر خالی نہیں کیا حالانکہ وہ لاہور سے باہر تعینات ہے بلکہ اس نے اپنے کسی عزیز کو مذکورہ کوارٹر کرایے پر دے رکھا ہے۔

(ج) اگر جزو (الف) و (ب) کا جواب اثبات میں ہے تو متذکرہ
الاٹی سے خالی نہ کرانے کی وجوہ کیا ہیں۔ نیز اسکا
کرایہ گزشتہ دو سال سے کس طرح اور کس کے ذریعے ادا
کیا جا رہا ہے؟

**وزیر امداد باہمی (ملک سلیم اقبال)**

(الف) درست ہے۔

(ب) سابق الاٹی مسٹر محمد اسلم جنجوعہ نے کوارٹر نمبر او-۱۶
خالی کر دیا ہے اور نئے الاٹی نے کوارٹر کا قبضہ لے لیا ہے

(ج) کوارٹر خالی کروایا جا چکا ہے۔ سابق الاٹی کو کوارٹر کا
کرایہ بذریعہ سٹیٹ بنک، نیشنل بنک جمع کروانے کی ہدایت کی گئی ہے

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ :**

ضمنی سوال۔ کیا جناب وزیر موصوف یہ بتانا پسند فرمائیں گے کہ کوارٹر او-۱۶ کے الاٹی کس تاریخ کو بطور سول جج صادق آباد تعینات ہوئے اور کس تاریخ کو انہوں نے کوارٹر مذکور کا قبضہ واگزار کیا اور غیر قانونی طور پر کوارٹر قبضے میں رکھنے پر ان کے خلاف کیا کارروائی ہوئی؟

**وزیر امداد باہمی :**

جناب والا! ۳۰-اکتوبر ۱۹۸۵ء کو یہ کوارٹر خالی ہوا ہے اور اسی دن کا قبضہ لیا گیا ہے۔ اسے ۹۰ فیصد جرمانہ ادا کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ :**

جناب سپیکر میں نے ان سے یہ دریافت کیا تھا کہ وہ کس تاریخ کو بطور سول جج صادق آباد میں تعینات ہوئے۔ انہوں نے کس تاریخ کو اس کوارٹر کا قبضہ واگزار کیا اور اس عرصہ کے دوران انہوں نے اس کوارٹر کو اپنے قبضہ میں غیر قانونی طور پر رکھا انکے خلاف کیا تادیبی کارروائی کی گئی؟

**وزیر امداد باہمی :**

اس کے لیے نیا سوال درکار ہے۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ:**

کیا وزیر موصوف صاحب کے علم میں یہ بات ہے کہ ایسے سرکاری ملازمین کی تعداد بہت زیادہ ہے جو اپنی جائے تعیناتی پر بھی سرکاری رہائش گاہوں میں رہائش رکھتے ہیں اور انہوں نے جی۔او۔آر میں بھی سرکاری کوارٹروں پر قبضہ کر رکھا ہے؟

**وزیر امداد باہمی:**

جناب والا آگے ایک تفصیلاً سوال ہے جسکا جواب جب دیا جائیگا تو انکی تسلی کرائی جائیگی۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ:**

کیا وزیر موصوف یہ بتانا پسند فرمائیں گے۔ کہ کوارٹر او-۱۶ کے سابقہ الاٹی سے کتنا کرایہ بذریعہ سٹیٹ بنک اور نیشنل بنک میں جمع کرایا گیا ہے؟

**وزیر امداد باہمی:**

سابقہ الاٹی کو کوارٹر کا کرایہ بذریعہ سٹیٹ بنک اور نیشنل بنک جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ جہاں تک پوری رقم کا تعلق ہے تو اسکے لیے نوٹس درکار ہے۔ وہ دفتر سے معلوم کر کے بتایا جاسکتا ہے۔ اور جہاں تک ۶۰ فیصد جرمانے کا تعلق ہے وہ بھی اس میں جمع کر کے سٹیٹ بنک کے ذریعے وصولی کی جارہی ہے۔

**رانا پھول محمد خان:**

جناب سپیکر! اس ہاؤس کا طریقہ کار یہ رہا ہے کہ پرائیویٹ ڈے میں اگر کام زیادہ ہو تو ارکان کی مرضی سے وقفہ سوالات کو معطل کر کے پرائیویٹ کارروائی کو پہلے لیا جاتا ہے کیونکہ وہ ممبران کی کارروائی ہوتی ہے اور اس میں ممبران کو دلچسپی ہوتی ہے اور انکے اپنے مسائل ہوتے ہیں اگر آپ اس طرح کر لیں تو پھر شاید قراردادیں زیر غور آسکیں اگر ایوان کی رضامندی اس پر ہو۔

**جناب سپیکر:**

ہاؤس کے ارکان کی کیا مرضی ہے کہ آیا وقفہ سوالات کو معطل کر دیا جائے؟ اس پر یہ ہاؤس کی عمومی رائے ہے کہ وقفہ سوالات کو معطل کر دیا جائے۔

**معزز ایوان :**

جی ہاں! وقفہ سوالات کو معطل کر دیا جائے۔

**وزیر امداد باہمی :**

میں بقیہ سوالات کے جوابات ایوان کی میز پر رکھتا ہوں۔

## مسئلہ استحقاق۔

**جناب سپیکر :**

سوالات کے جوابات میز پر رکھنے کی کوئی ضرورت ہی نہیں جب وقفہ سوالات ہی ختم ہو گیا ہے۔ اب ہم تحاریک استحقاقات کو لیتے ہیں۔ یہ عثمان ابراہیم صاحب کی تحریک استحقاق نمبر ۲ ہے وہ تشریف نہیں رکھتے اور انصاری صاحب کا بھی فون نہیں آیا INFRUCTIONS ہوتی ہے۔ اگلی تحریک استحقاق نمبر ۳ جناب سرفراز نواز صاحب کی ہے۔

**وزیر زراعت :**

جناب سپیکر معزز ممبر اس تحریک کو متواتر تین دن سے التوامیں کرواتے چلے آرہے ہیں اس کا مطلب ہے کہ یہ تحریک اتنی اہمیت کی حامل نہیں ہے تو اس کو INFRUCTIOUS INFRU کیا جائے۔

**جناب سپیکر :**

میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں سرفراز نواز صاحب نے اپنی تحریک استحقاق نمبر ۳ کے متعلق پرسوں بہت زور دیا تھا کہ آج اسکو TAKE UP کیا جائے اور میں نے انکو بالکل صاف صاف کہا تھا کہ اسکو اگلے یوم کار پر لیا جائیگا آج معزز رکن تشریف نہیں رکھتے یہ بھی INFRUCTIONS ہوتی ہے۔ نمبر ۴ بھی INFRUCTIONS ہوتی ہے۔

**میاں فضل حق :**

جناب والا وقفہ سوالات کو SUSPEND کیا ہے اس وجہ سے آپ TAKE UP نہیں کر رہے یہ ٹیک اپ ہونی چاہئے یہ تو کوئی بات نہیں۔

**حاجی محمد افضل چن :**

جناب سپیکر آپ اسکو PENDING کریں آپ اسطرح نہ کریں۔

**جناب سپیکر :**

اسکا فیصلہ ہو گیا ہے۔ اس پر کوئی بات نہیں ہو گی آپ تشریف رکھیں۔

**حاجی محمد افضل چن :**

آپ اسکو پینڈنگ کر دیں۔

**میاں فضل حق :**

جناب آپ اسکو پینڈنگ کر دیں۔

**حاجی محمد افضل چن :**

آپ اسطرح جانبداری کا ثبوت دے رہے ہیں اور جانبداری سے کارروائی کر رہے ہیں۔

**میاں مختار احمد شیخ :**

جناب والا یہ ایوان کی توہین کر رہے ہیں۔ اسکی سزا انکو ملنی چاہیئے۔

**حاجی محمد افضل چن :**

ہاؤس کی اور آپکی کونسی عزت ہے۔

**جناب سپیکر :**

حاجی صاحب آپکو علم ہے کہ آپ کیا فرما رہے ہیں؟
آپ تشریف رکھیں۔ میاں صاحب آپ بھی تشریف رکھیں۔ (قطع کلامیاں) آرڈر، آرڈر

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ :**

پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر :**

جی میاں ریاض حشمت جنجوعہ صاحب۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ :**

جناب سپیکر میرا نکتہ اعتراض یہ ہے کہ اسمبلی کے قواعد و انضباط کی شدید خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ حکمران پارٹی کے ممبران ایک دوسرے سے براہ راست الجھ رہے ہیں۔ اسلئے انکو ہدایت فرمائی جائے کہ قواعد و انضباط کار کا خیال رکھیں۔

**چوہدری گل نواز خان وڑائچ :**

جناب سپیکر اسطرح تمام ہاؤس کی بے عزتی ہے سپیکر کیونکہ تمام ہاؤس کا سپیکر ہے اور انہوں نے سپیکر کی بے عزتی کی ہے۔ سپیکر کی عزت ہماری عزت ہے۔ خدا کے لئے آپ ایسا نہ کیا کریں۔ آپ کوئی ڈسپلن کوئی اصول مد نظر رکھا کریں۔ یہ اچھی بات نہیں۔

**جناب سپیکر :**

آپکی بات درست ہے اور آپکا پوائنٹ آف آرڈر جائز ہے۔ میں جناب حاجی صاحب سے یہ کہونگا کہ وہ اپنے الفاظ واپس لیں۔

**حاجی محمد افضل چن :**

جناب مجھے بتائیں کہ میں کونسے الفاظ واپس لوں۔

**جناب سپیکر :**

جو الفاظ آپ نے استعمال کئے ہیں آپ جانتے ہیں آپ انکو واپس لے لیں۔

**حاجی محمد افضل چن :**

ایوان میں اس سے بھی زیادہ ثقیل الفاظ استعمال ہوتے رہے ہیں۔ مجھے کم از کم وہ الفاظ تو بتائیں کہ میں نے کونسے نازیبا الفاظ استعمال کئے ہیں۔

**جناب سپیکر:**

وہ آپ کے علم میں ہیں جو آپ نے استعمال کئے ہیں۔

**حاجی محمد افضل چن:**

جناب والا آپ مجھے یہ بتائیں ان ممبران کے لیے کوئی ضابطہ نہیں ہے یہ جسوقت چاہیں کھڑے ہو کر مخاطب ہو جائیں۔

**جناب سپیکر:**

حاجی صاحب آپ سب سے پہلے وہ الفاظ واپس لیں۔ جو چیئر کے متعلق کہے ہیں۔

**حاجی محمد افضل چن:**

میں نے چیئر کے متعلق جو الفاظ استعمال کئے ہیں وہ واپس لیتا ہوں میں نے جناب آپ جیسا سپیکر نہیں دیکھا لیکن دو تین اجلاسوں میں ایسا ہو رہا ہے کہ ان لوگوں کے لیے کوئی ضابطہ نہیں۔ اگر ہمارا اختلاف ہے تو وہ اصولی ہے اور اصولی رہیگا۔

**جناب سپیکر:**

آپ تشریف رکھیں۔

**جناب سپیکر:**

حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں، میں آپ کو عرض کرتا ہوں، یہ پریویلج موشن نمبر ۳ اور نمبر ۴، آپ کے علم میں ہے، کہ پہلے روز ان کو ٹیک اپ کیا گیا تھا اس روز جناب سرفراز نواز صاحب تشریف نہیں رکھتے تھے اور پہلے جیسا طریقہ کار چلا آ رہا تھا ہم نے اس کے مطابق اسے پینڈنگ کر دیا۔ کیونکہ ہم پہلے یہ رعایت دیتے چلے آ رہے ہیں کہ جو صاحبان تشریف نہیں رکھتے ہیں، ان کی تحریک کو ہم پینڈنگ کر دیتے ہیں، اس پر یہاں پر

یہ بات پوائنٹ آؤٹ کی گئی کہ جو صاحبان اپنے استحقاق کے معاملہ میں سنجیدہ نہیں ہیں، ان کے استحقاق کے معاملہ میں ایوان سنجیدہ کیوں ہو؟ اس لیے ان کو پینڈنگ نہ کیا جائے بلکہ ان کو OUT OF ORDER قرار دیا جائے۔ اس پر یہاں پر کافی بحث و تمحیص ہوئی اور یہاں متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ جن کی تحریک استحقاق یا تحریک التوائے کار یہاں ایوان میں آئے اور ان کے محرکین تشریف نہ رکھتے ہوں تو وہ لکھ کر دے دیں کہ وہ اس کو ٹیک اپ کرنا چاہتے ہیں اور اگلے روز آکر اس پر بات کرنا چاہتے ہیں ہم اس کو پینڈنگ کر لیں گے۔ اگر وہ خود نہیں کہہ سکتے اور ان کی طرف سے کوئی صاحب یہ پوائنٹ آؤٹ کر دیتے ہیں کہ انہوں نے انکو پیغام بھجوایا ہے کہ آپ میری طرف سے یہ گزارش کریں کہ مجھے فلاں مجبوری ہو گئی ہے تو بھی اس کو پینڈنگ کیا جا سکتا ہے۔ اور اگر کوئی ایسی صورت نہ ہو تو اس پریویلج موشن یا تحریک التوائے کار کو ہمیں اتنی اہمیت نہیں دینی چاہیے اور ایوان کا وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ اس بات کے پیش نظر یہ معاملہ جو ہے آپ کے علم میں ہے کہ اس کے بعد اگلے یوم کار یعنی پرسوں پیش ہوا۔ یہاں ہم اس سے پہلے والی پریویلج موشن پر کافی بحث و تمحیص کر چکے تھے اور

کافی وقت دے چکے تھے۔ مجھے جناب سرفراز نواز نے یہ فرمایا کہ میری پریویلج موشن کو آپ ٹیک اپ کریں۔ میں نے انکو یہ عرض کی کہ آج ہم پریویلج موشن پر کافی وقت لگا چکے ہیں۔ اس کو اگلے یوم کار یعنی آج کے لیے، میں نے خاص طور پر ان کو یہ کہا کہ آج اس کو ٹیک اپ کریں گے۔ چنانچہ آج آپ یہ دیکھ لیں کہ کیا وقفہ سوالات کو معطل کرنے میں کوئی گورنمنٹ کی

بدنیتی شامل ہے کہ وقفہ سوالات معطل ہو جائے اور جناب سرفراز نواز کی پریویلج موشن ٹیک اپ نہ ہو۔ اگر یہ گورنمنٹ نے موو کیا ہے تو یہ بات درست ہے اگر میں نے اپنے طور پر اس وقفہ سوالات کو معطل کیا ہے تو آپ یہ بات کر سکتے ہیں کہ میں نے اس کو اس لیے معطل کیا ہے کہ پریویلج موشن جو ہے اس میں گورنمنٹ کو رعایت دی جائے اور یہ وقفہ سوالات رانا پھول محمد خان کی تحریک پر معطل ہوا ہے اور یہ اسی انداز میں معطل ہوا ہے جیسا کہ یہ پہلے پرائیویٹ ممبرز ڈے کے موقع پر معطل ہوتا چلا آیا ہے اس پر سارے ایوان میں اتفاق رائے تھا اور کسی ایک ممبر صاحب نے اعتراض نہیں کیا کہ وقفہ سوالات معطل نہ ہو تو ہم نے اس کو معطل کر دیا۔ اب اس پریویلج موشن پر آج ان کے موجود نہ ہونے کا کوئی جواز نہیں ہے اس لیے میں نے جو فیصلہ کیا ہے وہ بالکل غیر جانبداری سے اور دیانتداری سے کیا ہے اور

میں اس کو قائم رکھتا ہوں۔

## میاں فضل حق :

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر، میں حاجی چن صاحب کی طرف سے معذرت چاہتا ہوں کہ چیئر کے متعلق جو انہوں نے جانبداری کا کہا۔ لیکن میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اختلافات کی بات اس ایوان میں بالکل نہیں ہونی چاہیئے۔ ہم ایک جماعت ہیں۔ میں نے گزشتہ اجلاس میں بھی یہی کہا تھا۔ لیکن جناب والا اگر آپ اس چیز پر غور کریں کہ ان کی جو پریولیج موشن نمبر ۳ اور نمبر ۴ تھی۔ جس تاریخ کو انہوں نے یہ پریولیج موشن دی تھی اگر اس کو دیکھا جائے تو ان کا نمبر پہلے دن ہی آ جانا چاہیئے تھا جو کہ نہیں آیا بلکہ اس کی بجائے دیگر پریولیج موشن ٹیک اپ ہوئیں۔ جس وقت آپ سے جناب سرفراز نواز نے ذکر کیا، اس سے پہلے جو آپ نے تحاریک استحقاق ٹیک اپ کیں وہ بعد کی تھیں، وہ ان سے پہلے کی نہیں تھیں، لیکن جب وہ دیگر ٹیک اپ ہوئیں تو اس دوران نماز کا وقفہ ہوا۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ آپ اگلے دن ٹیک اپ کریں گے۔ اب عام طور پر پہلا گھنٹہ وقفہ سوالات کا ہوتا ہے۔ یہ وقفہ سوالات معطل ہو سکتا ہے۔ مجھے اس سے اتفاق ہے۔ لیکن ہم نے اس دن آپ سے یہ گزارش کی تھی کہ انہوں نے کہا ہے کہ میں دس بجے اور ساڑھے دس بجے کے درمیان پہنچ جاؤں گا مجھے انہوں نے کہا تھا۔ اور میں نے آپ سے یہ گزارش کی تھی کہ اس کو ساڑھے دس بجے تک پینڈنگ کر دیا جائے اگر وہ ساڑھے دس بجے تک تشریف نہ لائے تو پھر بے شک آپ اس کو ختم کر سکتے ہیں۔

## وزیر زراعت :

جناب والا کی اجازت سے میں اس میں کچھ اضافہ کرنا چاہتا ہوں۔ جناب والا نے جو رولنگ دی ہے، اس میں تھوڑی سی بات چھوڑ گئے ہیں۔ اور جو میرے فاضل دوست نے کہا ہے کہ پرسوں جب جناب والا نے پہلے یہ موشن ٹیک اپ کیں تو پھر یہ دوبارہ ٹیک اپ ہوئیں اور پھر جناب نے دوبارہ ان کو پینڈنگ کر دیا اور جب یہ واقعی ٹیک اپ کی گئیں تو آخر میں جب وقت ختم ہو گیا تو جناب سرفراز نواز صاحب آئے اور انہوں نے کہا کہ میری تحریک بھی لے لی جائے تو ایک دفعہ جناب والا نے ۱۹ مارچ کو اور پھر ۲۲ مارچ کو دو دفعہ پینڈنگ فرمایا۔ ان کو آج پھر ۲۴ مارچ ۸۷ء کو لیا گیا، پھر یہ کہنا کہ اپنی باری پر ان کو

نہیں لیا گیا اور جناب نے کہا کہ وقت ختم ہے یہ غلط ہے، بلکہ ریکارڈ اس بات کا شاھد ہے کہ جناب نے اس کو باری پر لیا اور دوبارہ گزارش ہوئی کہ اسکو پینڈنگ کر دیا جائے اس لیے میں یہ بات عرض کروں کہ یہ غلط ہے کہ جناب والا نے اس کو آؤٹ آف ٹرن لیا۔

**جناب سپیکر:**

شکریہ چوہدری صاحب،

**رانا پھول محمد خان:**

جناب والا میں یہ عرض کئے بغیر نہیں رہ سکتا، کہ آپ نے دیانتداری کے ساتھ ہماری ان تحاریک ہائے استحقاق پر جس فراخدلی کا اور ایک اچھے جج ہونے کا ثبوت دیا ہے تو اس کے لیے تمام ہاؤس آپ کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ آپ نے ہمیں وقت دیا۔ لیکن مدعی سست اور گواہ چست والا معاملہ ہے۔ وقفہ سوالات کے بعد تحریک استحقاق کا وقت بھی دس بجے شروع ہوتا ہے۔ جب کوئی رکن یہاں تشریف نہ لائے، کبھی سپیکر ایک تحریک پر دو دو تین تین دن کی مہلت نہیں دیا کرتے، لیکن اس کے باوجود بھی اگر محرک اس کو پیش کرنا نہیں چاہتے ہیں تو پھر دوسرے دوستوں کو کیا تکلیف ہے۔ آپ کا فیصلہ درست ہے۔

# اسرائیل کی طرف سے کنٹرول آف اسلامک انسٹی ٹیوشنز کا قیام

**جناب سپیکر:**

شکریہ رانا صاحب، اگلی پریویلج موشن نمبر ۵ مولانا منظور احمد چنیوٹی کی ہے۔ مولانا صاحب، کیا آپ نے یہ واپس لے لی ہے؟۔ اگر نہیں تو پیش کیجیئے

**مولانا منظور احمد چنیوٹی:**

جناب والا، میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک اہم اور خصوص معاملہ کو زیر بحث لانے کے لیے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل

اندازی کا متقاضی ہے، معاملہ یہ ہے کہ روزنامہ "جنگ" لاھور مورخہ ۲۷ جنوری ۱۹۸۷ء کی اشاعت میں "اسرائیل کی طرف سے کنٹرول آف اسلامک انسٹی ٹیوشنز نامی ادارہ کے قیام پر علماء کا اظہار تشویش" کے عنوان سے یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ اسرائیل نے "کنٹرول آف دی اسلامک انسٹی ٹیوشنز" کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے۔ اس ادارہ کا سربراہ یہودی ہے جس کا مقصد مسلم ممالک میں دینی بیداری کے لیے کام کرنے والے اداروں اور تنظیموں کی سرگرمیوں پر نظر رکھنا ہے اور ان کی کوششوں کو ناکام بنانے کی سازشیں کرنا ہے۔ اس ادارہ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اپنے نمائندگان کی معرفت علماء اور ایسے افراد کو اپنا ہمنوا بنائیں جو دنیا میں اسلامی اتحاد کے لیے کام کر رہے ہوں۔ اگر وہ افراد ہمنوا یا بکنے پر تیار نہ ہوں تو ان کی کردار کشی کی جائے اور اگر اس سے کام نہ چلے تو پھر ادارہ اپنے ایجنٹوں کو ان افراد کے قتل کا پروانہ جاری کر دے گا۔

اس خبر کے مطابق اسرائیل اپنے مذموم ارادوں کی تکمیل کے لیے اپنے ایجنٹوں کی وساطت سے پاکستان کے داخلی مسائل میں دخل اندازی کر کے ملکی اتحاد و استحکام کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے۔ مولانا محمد اسلم قریشی، مولانا محمد اشرف ہاشمی کے اغواء اور مولانا احسان اللہ فاروقی کا قتل کہیں اسی ادارہ کی کارستانی کا نتیجہ تو نہیں! جن کا آج تک کوئی سراغ نہیں مل سکا ہے۔ چونکہ میں بھی ایک دینی ادارہ کا سربراہ ہوں اور پورا ایوان اتحاد ملی کا علمبردار ہے جس سے میرا اور میرے رفقاء کرام کا استحقاق مجروح ھوا ہے۔ لہذا استدعا ہے کہ اسمبلی کی کارروائی ملتوی فرما کر فوری اھمیت کے حامل اس مسئلہ کو زیر بحث لایا جائے کہ ملک میں اس ادارہ کا دفتر کہاں ہے؟ اور ان کی معاونت کون کر رہا ہے تاکہ دینی اداروں اور تنظیموں کے سربراہوں کے جان و مال کا متوقع خدشہ کے پیش نظر تحفظ کیا جا سکے۔

جناب سپیکر ہمارے ملک میں اور خاص کر پنجاب میں ایک عرصہ سے دینی رہنماؤں کے ساتھ اس قسم کے واقعات رونما ھو رہے ہیں جو کہ آپ سے مخفی نہیں ہیں۔ یہ خبر ایک نہایت اہم خبر ہے اور یہودیوں کے متعلق بھی آپ جانتے ہیں کہ ان کی تنظیم کس قسم کی ہے ان یہودیوں کی تنظیموں کی کیسی کیسی شاخیں دنیا کے اندر کام کر رہی ہیں۔ دہشت گردی ان کا سب سے بڑا پروگرام ہے۔ اس سلسلے میں ان کی یہ تنظیم ہے اور یہ

ایک ادارہ قائم ہوا ہے۔ اسلیے اس ادارے کا سراغ لگانا اور اس کا سد باب کرنا بہت ضروری ہے۔ ابھی رات کا جو وقوعہ ہوا ہے، ہوسکتا ہے کہ یہ وقوعہ بھی اسی ادارے اور اسی پروگرام کا حصہ ہو کہ ایک جلسے کے اندر ایک ٹائم بم رکھ دیا گیا جس سے کئی آدمی ہلاک ہوگئے اور کئی آدمی زخمی ہوگئے۔ یہ جلسہ ایک دینی جلسہ تھا۔ اس قسم کے واقعات پہلے بھی ہوچکے ہیں۔ مولانا اسلم قریشی کو آج چار سال ہوچکے ہیں ان کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ اشرف ہاشمی اس لاہور کے بھرے شہر میں اغواء ہوئے جن کا آج تک کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ مولانا حسان اللہ فاروقی یہاں قتل کر دیئے گئے ان کے قاتلوں کا آج تک کوئی سراغ نہیں ملا۔ لہذا

ادارے کا خادم ہوں اور ایک ادارے کا سربراہ ہوں اور دینی جماعت سے بھی تعلق رکھتا ہوں اور یہ ادارہ دینی اداروں کو کنٹرول کرنے کیلئے یہودی تنظیم کا ادارہ ہے۔ اس سے پہلے بھی آپ کے سامنے کئی واقعات ہوچکے ہیں۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ بڑے سنگین واقعات رونما ہوچکے ہیں۔

## جناب محمد صدیق انصاری:

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر تحریک استحقاق پڑھی جاچکی ہے اور اس پر شارٹ سٹیٹمنٹ بھی دی جاچکی ہے، اس کے بعد حکومت کی طرف سے جواب بھی آچکا ہے۔ اب محرک کو اس وقت تک کوئی جواب نہیں دینا چاہیے جب تک آپ اس پر کوئی فیصلہ نہ دے دیں۔

## جناب سپیکر:

میں آپ کے پوائنٹ آف آرڈر سے اتفاق کرتا ہوں، اور مجھے یہ بھی خوشی ہے کہ جناب انصاری صاحب ہمیشہ صحیح پوائنٹ آف آرڈر پیش کرتے ہیں۔ اس تحریک استحقاق میں مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ مولانا فاروقی کا قتل اور مولانا محمد اشرف ہاشمی کا اغواء یہ اس ادارے کی کارستانی کا نتیجہ تو نہیں۔؟ مولانا کی اس بات سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا خود بھی اس کے متعلق DEFINITE نہیں ہیں کہ یہ اس ادارے کی کارستانی کا نتیجہ ہے۔ دوسرے نمبر پر آپ فرماتے ہیں کہ اس مسئلے کو زیر بحث لایا جائے کہ ملک میں اس ادارے کا دفتر کہاں ہے؟۔ مولانا کو خود بھی اس بات کا علم نہیں ہے کہ اس ادارے کا دفتر اگر موجود ہے تو وہ ملک میں کہاں ہے۔؟ اس کے علاوہ یہ معاملہ حکومت

پنجاب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا، پھر یہ بھی ہے کہ آپ کا کہیں بھی استحقاق مجروح نہیں ہوا جو آپ کے آئین نے یا رولز نے مہیا کیا ہے۔ اسلئے مولانا یہ آپ کی تحریک استحقاق نہیں بنتی۔ IT IS RULED OUT OF ORDER

اس کے بعد اب میاں مختار احمد شیخ صاحب کی تحریک استحقاق نمبر ۸ ہے۔

**وزیر زراعت:**

میں یہ سمجھتا ہوں کہ محکمہ سراغ رسانی کا اس خفیہ ادارہ کا سراغ لگانا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ امن عامہ کو برقرار رکھنے کیلئے اور ہمارے ملک کے استحکام کیلئے، بقاء کیلئے، انتہائی ضروری ہے کہ ہمارا محکمہ سراغ رسانی ایسے اداروں کا سراغ لگائے۔ اسلئے میں اس تحریک استحقاق کے ذریعے حکومت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ وہ اس ادارے کے متعلق تحقیقات کریں اس کے دفتر کا معلوم کریں اور اس تنظیم کا سد باب کریں۔

**جناب سپیکر:**

کیا یہ مسئلہ صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں ہے؟

**وزیر زراعت:**

جناب والا ویسے بھی یہ مسئلہ تحریک استحقاق کے دائرہ کار میں نہیں آتا، کیونکہ اس سے استحقاق مجروح ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ البتہ یہ مسئلہ تحریک التواء کی صورت میں پیش کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ میں ویسے بھی اس کے متعلق مولانا کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس بارے میں ہم نے اپنے طور پر پتہ کرنے کی کوشش کی ہے کہ پنجاب کے اندر یا ملک کے کسی اور حصے میں اس قسم کا اگر کوئی ادارہ موجود ہے وہ اخباری اطلاع پر مبنی ہے یا تو وہ اس کی نشاندہی کریں۔ دوسری بات یہ ہے کہ مولانا کا یا کسی اور رکن کا اس سے کوئی استحقاق کم از کم مجروح نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی یہ معاملہ استحقاق مجروح ہونے کے زمرے میں آتا ہے۔ اسلیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر مولانا کو اس کے متعلق کوئی تشویش ہے تو وہ یہ مسئلہ تحریک التواء کی صورت میں پیش کر سکتے تھے۔ لیکن اس بارے میں بھی میں گورنمنٹ کا نقطہ نظر پیش کرتے ہوئے عرض کروں گا کہ تمام تر کوششوں کے باوجود ہمارے علم میں ایسا کوئی ادارہ نہیں ہے، اسلئے میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ ابہام کی شکل ہے اور صرف اس قسم کی بات کے اخبار میں چھپ جانے سے یہ مسئلہ اتنا

تشویش ناک نہیں ہوسکتا۔ شکریہ

## مولانا منظور احمد چنیوٹی:

جناب سپیکر میں اس سلسلے میں عرض کروں گا کہ میں بھی ایک دینی ادرے کا خادم ہوں اور ایک ادارے کا سربراہ ہوں اور دینی جماعت سے بھی تعلق رکھتا ہوں اور یہ ادارہ دینی اداروں کو کنٹرول کرنے کیلئے یہودی تنظیم کا ادارہ ہے اس سے پہلے بھی آپ کے سامنے کئی واقعات ہوچکے ہیں۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ بڑے سنگین واقعات رونما ہوچکے ہیں۔

جناب محمد صدیق انصاری۔ پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر تحریک استحقاق پڑھی جاچکی ہے اور اس پر شارٹ سٹیٹمنٹ بھی دی جاچکی ہے اس کے بعد حکومت کی طرف سے جواب بھی آچکا ہے۔ اب محرک کو اس وقت تک کوئی جواب نہیں دینا چاہیے جب تک آپ اس پر کوئی فیصلہ نہ دے دیں۔

جناب سپیکر۔ میں آپ کے پوائنٹ آف آرڈر سے اتفاق کرتا ہوں۔ اور مجھے یہ بھی خوشی ہے کہ جناب انصاری صاحب ہمیشہ صحیح پوائنٹ آف آرڈر پیش کرتے ہیں۔ اس تحریک استحقاق میں مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ مولانا فاروقی کا قتل اور مولانا محمد اشرف ھاشمی کا اغواء یہ اس ادارے کی کارستانی کا نتیجہ تو نہیں۔؟ مولانا اس بات سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا خود بھی اس کے متعلق DEFINITE نہیں ہیں کہ یہ اس ادارے کی کارستانی کا نتیجہ ہے۔ دوسرے نمبر پر آپ فرماتے ہیں کہ اس مسئلے کو زیر بحث لایا جائے کہ ملک میں اس ادارے کا دفتر کہاں ہے؟ مولانا کو خود بھی اس بات کا علم نہیں ہے کہ اس ادارے کا دفتر اگر موجود ہے تو وہ ملک میں کہاں ہے؟ اس کے علاوہ یہ معاملہ حکومت پنجاب کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا۔ پھر یہ بھی ہے کہ آپ کا کہیں بھی استحقاق مجروح نہیں ہوا جو آپ کے آئین نے یا رولز نے مہیا کیا ہے۔ اسلئے مولانا یہ آپ کی تحریک استحقاق نہیں بنتی۔ OUT OF ORDER ITISRULED

اس کے بعد اب میاں مختار احمد شیخ صاحب کی تحریک استحقاق نمبر ۸ ہے۔

جناب سپیکر ایک تحریک استحقاق نمبر ۷ ہے پہلے اس کو لے لیا جائے۔

# حکمت عملی کے اصولوں پر عملدرآمد کے بارے میں رپورٹ پیش کرنے میں تاخیر۔

**جناب سپیکر:**

اس پر فیصلہ PENDING ہے ویسے ہم اس کو TAKE UP کر چکے ہیں۔

MINIATER FOR AGRICULTURE: Not only the dicision but discussion is also pending.

اس دن چونکہ آپ سے مہلت لی گئی تھی اسلئے اس پر DISCUSSION بھی PENDING ہے۔

MR SPEAKER: Yes discussion is also pending.

تو اس پر اب آپ بات کرنا چاہتے ہیں۔؟

**وزیر قانون و پارلیمانی امور:**

جی ہاں۔

**جناب سپیکر:**

ٹھیک ہے پھر پہلے اس تحریک استحقاق کو لے لیتے ہیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور:**

جناب سپیکر اس روز بھی میں نے آپ سے یہی عرض کیا تھا کہ جو پرنسپل آف پالیسی پر عملدرآمد کے بارے میں رپورٹ ایوان میں پیش نہیں ہوئی، اس سے کسی قسم کی آئین کی خلاف ورزی نہیں ہوئی۔ اس کے ساتھ ساتھ میں نے یہ بھی کہا تھا کہ ہو

سکتا ہے کہ کوئی ٹیکنیکل OMISSION ہو۔ لیکن آج میں اس کے متعلق بھی چند گزارشات آپ کی خدمت میں پیش کروں گا۔ سب سے پہلے میرے فاضل دوست نے آئین کے آرٹیکل ۲۹(۳) کا حوالہ دیا ہے۔

Article 29 (3) In respect of each year, the president in relation to the affairs of the Federation, and the Governor of each province in relation to the affairs of the province, shall cause to be prepared and laid before the National Assembly or, as the cade may be, the Provincial Assembly, a report on the observance and implementation of the Principles of Policy, and provision shall be made in the rules of procedure of the National Assembly or, as the case may be, the Provincial Assembly, for discussion on such report.

توجناب اس کو آپ پڑھیں اس میں قطعی طور پر وقت کا تعین نہیں کیا گیا، صرف یہ کہا گیا ہے کہ یہ رپورٹ اسمبلی میں پیش ہوگی اس کی جو الفاظ ہیں وہ بہت واضح ہیں

IN RESPECT OF EACH YEAR

اس میں یہ نہیں کہا گیا کہ کس وقت یا کب پرنسپل آف پالیسی کی رپورٹ پیش کی جائے گی۔ اور اس کو میں FURTHER EXAMINE کرنے کے بعد مزید EXTEND کرتے ہوئے اپنے ARGUMENTS دوں۔ آپ کی توجہ آرٹیکل ۲۵۴ کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ اس کا HEADING ہے۔

Failure to comply with requirement as to time does not render an act invalid

Article 254. when any act or thing is required by the Constitution to be done within a Particular Period and it is not done within that period, the doing of the act or thing shall not be invalid or otherwise ineffective by reason only that it was not done within that period.

تو میرے کہنے کا مقصد ہے کہ پہلے تو سیکشن ۲۹ میں قطعی طور پر وقت کا تعین نہیں کیا گیا کہ کب گورنر صاحب اسمبلی میں اپنی رپورٹ پیش کریں گے۔ اگر آپ یہ سمجھیں کہ OBSERVATION میں کوئی ٹیکنیکل OMISSION ہو چکی ہے تو آرٹیکل ۲۵۴ جو ہے وہ آپ کے سامنے آجائے گا اور وہ وہی ہے جو میں نے آپ کے سامنے عرض کیا ہے۔ تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پہلے تو اس میں کوئی وقت کا تعین نہیں ہے لیکن ساتھ ہی اس ایکٹ کو آرٹیکل ۲۵۴ میں PROTECTION دی گئی ہے لہذا کسی قسم کی کوئی VIOLATION نہیں ہوئی۔

**وزیر زراعت:**

جناب والا اگر اجازت دیں تو

I would also like to support the argument already given by the Honourable Law Minister.

**جناب سپیکر:**

جی ارشاد فرمائیے۔

**وزیر زراعت:**

جیسا کہ جناب والا کو علم ہے کہ ...

MINISTER FOR LAW: Sir, as you know this actually is the responsibility of the Government to place before the House a report regarding implementation and the observance of the Principles of Policy as enumerated in Chapter 2 and under the rules as laid down in the Rules of Procedure of the Provincial Assembly. this being the most imprtant matter the constitutional requirement as laid down in Article 29of the Constitution is very clear. your honour observed on that day that the Gregorian Calender is to be kept in

mind when the timing of any act or any Proceedings of the Assembly is to be taken into consideration. The requirement of the Constitution is to take into xonsideration the Gregorian Xalender but still I

would respectfully submit before your honour that so far as the language of this Article 29 is concerned it is very clear that it relates to the financial year of the Government. If your honour take into consideration all

the Articles in respect of Principles of Policy as laid down under Chapter 2 you would like to appeciate that the Principles of Policy and all other principles enumerated under this Chapter are :-

(i) Responsibility with respect to Principles of Policy.
(ii) Islamic way of life.
(iii) Promotion of Local Government Institutions.
(iv) Parochial and other similar prejudices to be discouraged.
(v) Full participation of women in national life.
(vi) Protection of family.
(vii) Protection of minorities: &
(viii) Promotion of soceal justice and eradication of social evils.

These are some of the things which are enumerated in the Chapter. the requirement of this Chapter is that the Government is duty_ bound under this Article to place before the House ! in respect of each year whether the Government has acted upon ! in observxance and implementation of the Principles of policy! as laid down in Chapter 2 of the

constitution. I would also like to read
Article 29 (1)

Article 29 (1) The principles set in this Chapter shall be known as the principles of policy, and it is the responsibility of each organ and authority of the State, and of each person performing functions on behalf of an organ or authority of the State, to act in accordance with those principles in so far as they relate to the functions of the organ or authority

(2) In so far as the observance of any particular Principle of Policy may be dependent upon resources being available for the purpose, the Principle shall be regaret as being subject to the availability of resources.

If they are dependant upon the resources available at the disposal of the Provincial Government that will be subject to the availability. So my submission is that this purely telates to the financial responsibility of the Province. If any financial resources are required to be spent by implementing this Chapter then this may be dependant upon the resourcec. this is very much related to the financial year and as honour know even if...............

MR SPEAKER : You are supporting Chemma sahib,!s contention.

MINISTER FOR AGRICULTURE: I would l ike to wubmit that these Principles of policy are purely dependant and telated to the financial responsibility of the Government so for as they relate in the observance and implememtation of these policies because it is very much clear in

Article 29 (2). The most important point which I am going to submit before your honour is that on that day there was a misapprehension in the mind of the

Chair and also we were not actually prepared to take up this motion and so again Auticle 29 (3) is being taken up before the House. Sub Article (3) is most important. I will take your honour to Article 29 (3) : -

Article 29 (3) In respect of each year,........... Sir, your honour knows that this is "in respect of each year. May you regard it from January to december or may you regard it from July to June: -

29 (3) In respect of each year , the President in relation to the affairs of the Federation, and the

Governor of each Province in relation to the affairs of his Province, shall cause to be prepared and laid

before the National Assembly or, as the case may be, the Provincial Assembly, a report ........."
A report! Again these words are very important :-

" ........ a report on the observance and implementation of the Principles of Policy ......."

We can only lay before the Assembly after the year is over. We admit that the year 1985-86 is over but in respect of each year still the Government is bound to lay before the Assembly the report on the Principles of Policy, whether the Government is able to act upon those principles or not . So one thing Sir, is that the

Gevernment has already submitted before this House that it is actully preparing that report and it is very much prepared to place it before the House.

So far as the time limit is concerned that is not mentioned in this Article and that can be placed even after the closure of the year and that is going to be placed. So there is no violation of constitutional provision . There is no question of

breach of any privilege bnd further more in Article 2?4 as is referred by the honourable law minister the time limit is not mentioned . Even if time limit is specified for any Article, for any Act or thing to be done even then any violation of that particular period would not be regarded as a breach of any

Article of the Costitution. There are two submissions before your honour. One is that there is no time limit fixed under this Article, and that it relates ! respect of each year. That may be placed before the House by taking upon ourse lves .............

RANA PHOOL MUHAMMAD KHAN :Point of order Sir.

پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب سپیکر کی وساطت سے میں جناب وزیر زراعت سے یہ گزارش کروں گا کہ آج زراعت سے متعلقہ، عوامی مفاد سے ملعلقہ بہت سارے بل اور قراردادیں ہیں یا تو یہ ان کو نظر انداز کرنے کے لیے بحث کو لمبا کر رہے ہیں ورنہ ہم سب ان کے قائل ہیں اور سمجھتے ہیں کہ جس آرٹیکل کا اطلاق بھی نہیں ہوتا وہ اس کو بھی OPPOSE کر کے اس بحث کو لمبا کر رہے ہیں۔ میں ان سے گزارش کروں گا کہ وہ اس بحث کو سمیٹیں اور اراکین کے پرائیویٹ ڈے کو ضائع نہ ہونے دیں۔ ہمیں ان پر اعتراض ہے۔

**وزیر زراعت:**

میں رانا صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور مجھے بیحد خوشی ہوئی ہے کہ انہوں نے دستور کو سمجھنے میں ماشاء اللہ کافی مہارت حاصل کر لی ہے۔ جناب والا میں اس کو ختم کرتا ہوں۔ اس میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ اس آرٹیکل میں کوئی TIME LIMIT مقرر نہیں ہوئی۔

**جناب سپیکر:**

یہ آرٹیکل ۲۵۴ کی INTERPRETATION جو جناب لاء منسٹر نے کی ہے اس سے آپ اتفاق کرتے ہیں۔؟

**وزیر زراعت:**

میں اس سے اتفاق کرتا ہوں بلکہ FURTHER SUPPORT کرتا ہوں کہ اس کی ضرورت اس لیے پیش نہیں آئے گی کہ اگر کوئی TIME LIMIT اس آرٹیکل میں مقرر بھی ہوتا کہ اس پیریڈ کے دوران اس سال کی رپورٹ پیش کی جاتی ہے تو کتب بھی آرٹیکل ۲۵۴ کے تحت وہ خلاف ورزی تصور نہیں ہو گی اور کوئی ایسا کام یا فعل جو اس کے تحت TIME LIMIT کے بعد کیا گیا ہو وہ UNCONSTITUTIONAL CONSIDER نہیں ہوگا یہ آرٹیکل ۲۵۴ کی CONNOTATION ہے۔ لیکن اس آرٹیکل میں۔۔

I further strengthen the arguments of my learned friend the Honourable Law Minister.

کہ اس میں تو کوئی وقت کی حد مقرر ہی نہیں کی گئی کہ اس سال کے متعلق کب وہ رپورٹ پیش کرتی ہے۔ اب ہم اس رپورٹ کو تیار کر رہے ہیں اور بہت جلد ہاؤس کے سامنے رکھیں گے اس کے لیے کوئی وقت کی حد مقرر نہیں ہے۔ ہم اس کو آئینی ذمہ داری سمجھتے ہوئے ہاؤس کے سامنے رکھیں گے۔ اس لیے اس تحریک استحقاق کا کوئی جواز پیدا نہیں ہوتا۔

But still we are thankful to my honourable friends that they have rightly pointed out and we are also thankful that they are very vigilant so far as the performance..............

**جناب سپیکر:**

سردار نصراللہ خاں دریشک پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

**سردار نصراللہ خاں دریشک:**

جناب سپیکر، یہ کتنا اہم مسئلہ ہے اور جس کی رولنگ آپ نے التواء میں رکھی ہوئی تھی۔ یہ ساری ذمہ داری اپنے اوپر سے ہٹا کر آپ کے کندھوں پر ڈال رہے ہیں۔ یہ آئین کی صریحاً خلاف ورزی ہوئی ہے اور اس سلسلے میں، میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اس پر آپ ضرور رولنگ دیں۔ یہ معاملہ ایک سال سے نہیں دو سال سے التواء میں چلا آ رہا ہے۔ ہم اپنا قیمتی وقت ایسی چیزوں پر ضائع کر رہے ہیں جن کے لیے باہر لوگ ہم پر نکتہ چینی کرتے ہیں اور باتیں بناتے ہیں لیکن یہاں صورت حال یہ ہے کہ جو اہم آئینی امور ہیں اور جن کا آئین میں خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے ان کو بھی اسمبلی کے سامنے رکھنے سے گریز کیا جا رہا ہے۔ پھر بجائے اس کے کہ یہ مان جائیں کہ ٹھیک ہے غلطی ہو گئی ہے، ہم اسے فوری طور پر پیش کریں گے لیکن یہ ذمہ داری محسوس کرنے کی بجائے اسے ٹالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

**جناب سپیکر:**

یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں۔

**جناب وزیر زراعت:**

میں ان سے یہ کہوں گا کہ وقت ضائع کرنے کا یہ طریقہ ہے وہ طریقہ نہیں۔

**جناب سپیکر:**

چوہدری صاحب، آپ فرما چکے۔

MINISTER FOR AGRICULTURE.

Sir, we are thankful to the Honourable Members

that they have rightly pointed out and we are Insha Allah vigilant and will place report before the House for its cinsideration.

**میاں محمد افضل حیات:**

جناب سپیکر، اگر آپ تحریک استحقاق پر غور فرمائیں تو معلوم ہو گا کہ موجودہ اسمبلی کو معرض وجود میں آئے ہوئے تقریباً دو سال کا عرصہ ہونے کو ہے مگر ابھی تک مذکورہ بالا رپورٹ بحث کے لیے ایوان میں پیش نہیں کی گئی - جناب سپیکر، یہ صرف اس سال کے لیے نہیں کہا گیا بلکہ جب سے اسمبلی معرض وجود میں آئی ہے اور ایک سال سے یقیناً زیادہ عرصہ گزر چکا ہے - چاہے آپ اسے مالی سال سے گنیں یا گریگورین سال میں گنیں دونوں صورتوں میں یہ رپورٹ پیش ہو جانی چاہیئے تھی - اس لیے باوجود اس کوشش کے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں مالی سال لاگو نہیں ہوتا بلکہ GREGORIAN YEAR لاگو ہوتا ہے - اگر مالی سال کی بات بھی مان لیجائے جو کہ میرے خیال میں قطعاً غلط ہے، اس کے باوجود یہ رپورٹ پیش ہو جانی چاہیے تھی - اگر کسی چیز میں وقت کی حد مقرر نہ کی گئی ہو تو اس میں ایک چیز ضروری ہوتی ہے کہ IT SHOULD BE A REASONABLE TIME. کہ وہ چیز REASONABLE TIME میں پیش کی جانی چاہیئے - اب آپ خود ہی ملاحظہ فرمائیں کہ اسلامک آئیڈیالوجی کی رپورٹیں پیش ہوئی ہیں وہ چونکہ CONSTITUTIONAL QUIREMENT تھی اور انہوں نے ان کو پیش کیا ہے - ان کی تاخیر کے اوپر ہم نے کوئی اعتراض نہیں کیا - اسی طریقے سے پبلک سروس کمشن کی رپورٹ پیش ہوئی ہے - اس کے اوپر ابھی بحث ہوئی ہے - وہ بھی سال کے اندر پیش ہونی تھی اس پر بھی ہم نے کوئی اعتراض نہیں کیا -

**جناب وزیر قانون:**

وہ رپورٹ ہم نے وقت کے اندر پیش کر دی ہوئی ہے -

## میاں محمد افضل حیات:

لیکن یہ رپورٹ مقررہ میعاد کے اندر پیش نہیں ہوئی اور نہ PRINCIPLES POLICY OF جو پہلے پیش ہونی چاہئیے تھی وہ ہوئی ہے نہ ہی ان کی IMPLEMENTATION کو OBSERVE کیا گیا ہے تو اس لحاظ سے یقیناً یہ رپورٹ وقت پر پیش نہیں ہوئی جبکہ ہم اتنی زیادہ قانون سازی بھی نہیں کر رہے یہی ایک ایسی چیز ہے جس پر حکومت کی واضح پالیسی پیش ہونی چاہیے تھی PRINCIPLES LAY OUT ہونے چاہئیے تھے۔ ممبران کو اور عوام کو پتہ چلتا کہ حکومت کے کیا اصول ہیں جن پر یہ کار بند ہے۔ ابھی تک وہ اصول سامنے نہیں آئے اور نہ ہی ان پر بحث ہو سکی ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ واضح طور پر استحقاق مجروح ہوا ہے۔ اور اس کو مجلس استحقاقات کے کے سپرد کر دینا چاہئیے۔ اس کے ساتھ ہی جناب والا سیکشن ۲۵۴ کا حوالہ دیا گیا ہے وہ بھی اس کے متعلقہ نہں ہے کیونکہ وہ بالکل اور چیز بیان کرتا ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں پڑھ کر سناتا ہوں۔

Article 254. When any act or thing is reqired by the Constitution to be done within a particular period and it is not done within that period, the doing of the act or thing shall not be invalid or otherwise ineffective by reason only that it was not done within that period.

اگر دیکھا جائے تو پتہ چلے گا کہ جب بھی کوئی رپورٹ جو کہ STIPULATED PERIOD میں پیش ہونی چاہیے جیسے کہ اسلامی آئیڈیالوجی کونسل کی رپورٹیں دیر سے پیش ہوئی ہیں وہ بھی ADMISSIBLE تھیں۔ جب کسی ناگزیر حالات کی وجہ سے جیسے کہ ان کی رپورٹیں مارشل لاء کے دور میں تیار ہوتی رہی ہیں اور وہ ہاؤس میں پیش نہیں ہو سکیں۔ مگر وہ بعد میں کسی ناگزیر وجوہات کی بنا پر پیش ہوئی ہیں تو ان کو بھی زیر بحث لایا جاسکتا ہے اور ان کو بھی دیکھا جاسکتا ہے۔ مذکورہ سیکشن صرف ان حالات کے تحت دیا گیا ہے۔ یہ نہیں کہ عمداً تاخیر کی جائے۔ اس پر یہ لاگو نہیں ہوتا۔

**جناب سپیکر :-**

جناب ریاض حشمت جنجوعہ صاحب۔ آپ کچھ فرمانا چاہتے ہیں۔؟ ایسے کر لیتے ہیں۔ آپ اس کو مزید دیکھ لیں۔ ہم اس کو ۲۹ تاریخ کو ٹیک اپ کر لیں گے۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ :-**

جیسے آپ کی مرضی جناب والا۔

**جناب سپیکر :-**

میں اس کو ۲۹ تاریخ تک کے لیے مؤخر کرتا ہوں۔ اس کو آپ مزید دیکھ لیں۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ :-**

جناب سپیکر، میری یہ گزارش ہے کہ ۲۹ تاریخ سے پہلے میرا نقطہ نظر اس بارے میں ضرور سماعت فرمایا جائے۔

**جناب سپیکر :-**

جی ضرور۔ آپ کو موقع دیں گے۔

**سردار نصر اللہ خاں دریشک :-**

نکتہ ذاتی وضاحت

**جناب سپیکر :-**

جی سردار صاحب۔

**سردار نصر اللہ خاں دریشک :-**

جناب والا، جناب ہمارے استحقاق کے نگران ہیں۔ جناب والا کو یاد ہو گا کہ پرسوں جب وقفہ نماز مغرب کے بعد جناب سرفراز نواز نے اپنی تحریک استحقاق کے بارے میں اصرار کیا تھا اور انہوں نے یہ گزارش کی تھی کہ جناب والا، مجھے اتنی مار پڑی ہے۔ میں آپ کی اسمبلی کا ایک معزز رکن ہوں۔ اسمبلی کی تاریخ میں آج تک اس قسم کا واقع نہیں ہوا۔ مہربانی فرما کر میری تحریک استحقاق پر فوری طور بحث کی جائے۔ جناب والا نے کمال مہربانی

ے اس دن یہ فرمایا تھا کہ جناب والا آج وقفہ سوالات کو معطل کیا گیا۔ جن وجوہات کی وجہ سے معطل کیا گیا۔ اگرچہ وہ مسائل اہم مسائل ہیں لیکن اسمبلی کے باہر یہ تاثر ضرور ملے گا کہ یہ وقفہ سوالات بھی شائد اسی تحریک استحقاق کو آؤٹ کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ جناب والا میں آپ کی خدمت میں گزارش کرتا ہوں کہ آپ ہمارے استحقاق کے کسٹوڈین ہیں۔ اس دن آپ نے فرمایا تھا کہ جو ممبر صاحب نہیں آسکیں گے وہ اگر اپنے دوست کے ذریعے سے پیغام بھجوا دیں تو بھی ہم اس پر توجہ کریں گے۔ جناب والا، میں سمجھتا ہوں اس طریقے سے باہر لوگوں میں یہ تاثر ضرور پیدا ہوگا۔ اگرچہ ہاؤس میں یہ تاثر پیدا ہوگیا ہے کہ سرفراز نواز صاحب کی تحریک استحقاق ختم ہوگئی ہے لیکن اس سے بلاوجہ یہ تاثر ملے گا کہ واقعی وزیر اعلیٰ پنجاب اس میں ملوث ہیں۔ اس وجہ سے بہت غلط اثر پڑے گا۔ یہ افسوس ناک بات ہے۔ کتنا ہی اچھا ہوتا کہ یہ تحریک استحقاق پڑھی جاتی۔ گورنمنٹ کا نقطہ نظر پیش ہوتا اور ساری دنیا کے ذہن میں اگر کوئی غلط فہمی تھی تو وہ ختم ہو جاتی۔ اس طریقے سے اس تحریک کو آؤٹ آف آرڈر قرار دینے سے بہت غلط تاثر ملے گا۔ میں جناب والا کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ آپ اپنے خصوصی اختیارات استعمال کریں۔ آپ ہمارے ہاؤس کے کسٹوڈین ہیں۔ ہمارے استحقاق کے کسٹوڈین ہیں۔ آپ کی خدمت میں گزارش نہ کریں تو کس کے پاس جائیں پھر اگر ہم باہر کوئی بات کریں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**رانا پھول محمد خاں :۔**

جناب سپیکر، پوائنٹ آف آرڈر۔

**سردار نصر اللہ خاں دریشک :۔**

میں پہلے ہی پوائنٹ آف آرڈر پر بات کر رہا ہوں۔

**جناب سپیکر :۔**

آپ پوائنٹ آف آرڈر پر بات نہیں کر رہے۔ آپ پوائنٹ آف انفرمیشن پر بات کر رہے ہیں۔ اس لیے رانا پھول محمد خاں صاحب جو پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہتے ہیں وہ جائز ہے۔

رانا پھول محمد خاں :-

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ اس ہاؤس میں ہم نے ایک حلف اٹھایا ہوا ہے کہ ہم آئین اور قواعد و ضوابط کی پابندی کریں گے۔ جہاں تک تحریک استحقاق پیش کرنے کا تعلق ہے سردار صاحب نے فرمایا ہے کہ مجھے ان کے منہ سے نکلنے والی بات پر افسوس ہوا ہے کہ وہ شخص جو وزیر رہا ہو، جو اس ہاؤس کا قائد بننے کا خواہاں ہو، جس کی ہم امید بھی رکھتے ہیں اور دعاگو بھی ہیں۔ لیکن اگر وہ ایسی بات کریں کہ جس معاملے پر سپیکر صاحب نے فیصلہ دے دیا ہو اور وہ یہ کہیں کہ وقفہ سوالات انکی استحقاق کی تحریک معطل کیا جائے، تو یہ کوئی خاص اہمیت کی حامل تحریک نہیں۔ وقفہ سوالات صرف ممبران کے مفاد کیلئے عوامی قراردادیں اور پرائیویٹ بل پیش کرنے کے لیے معطل کیا گیا ہے یہ ایسا کر کے آپ کو آج بہت بڑا موقع میسر آیا ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی میری ایک درخواست پر، کہ تحریک استحقاق کی بجائے تحریک التوائے کار خاص اہمیت کی حامل ہے لیکن آپ اپنے ذاتی استحقاق پر زور دے رہے ہیں اُدھر لوگوں کی جانیں ضائع ہو رہی ہیں امن عامہ برباد ہو رہا ہے اور آپ اس التوکی تحریک کو پیش کرنے کی بجائے روڑے اٹکا رہے ہیں اگر سپیکر کی رولنگ کے بعد لوگوں کو یہ تاثر دینے کی کوشش فرمائیں کہ ممبران کو اپنا استحقاق عزیز ہے تو یہ غلط ہو گا۔ سپیکر کی رولنگ کے بعد میرے محترم بھائی دریشک صاحب کو یہ حق نہیں پہنچتا اور ان جیسے منجھے ہوئے پارلیمنٹرین جو وزیر بھی رہ چکے ہوں وہ مفاد عامہ کے اہم مسائل میں روڑے اٹکانے کی کوشش کریں۔

جناب سپیکر :-

رانا صاحب تشریف رکھئیے مجھے افسوس ہے کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں۔

سردار نصر اللہ خان دریشک :-

I AM ALREADY ON A POINT OF ORDER

جناب والا رانا صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ جو وقفہ سوالات کو ملتوی کیا گیا ہے میں نے یہ کہا ہے کہ اس تحریک کیلئے ملتوی کیا گیا ہے۔ جناب والا میں نے تو یہ گزارش کی تھی اگر آپ اسے دوبارہ ذہن میں دہرائیں تو پتا چلے گا کہ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ باہر یہ تاثر ملے گا کہ یہ سارا غیر معمولی اقدام اس لیے کیا گیا ہے تاکہ تحریک استحقاق کو لیا جائے۔ وقفہ سوالات بھی ملتوی ہو گیا، میاں فضل حق صاحب نے بھی گزارش کی تھی اور

سرفراز صاحب بھی تشریف لے آئے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ میں تو آپ کی بہتری کیلئے اس ہاؤس کی بہتری کیلئے اور چیف منسٹر صاحب کی بہتری کیلئے گزارش کر رہا ہوں، اس طریقے سے اس میں واقعی غلط تاثر پیدا ہو گا کہ واقعی دال میں کچھ کالا ہے۔ آگے آپ مالک ہیں آپ جیسے فیصلہ کریں۔

**جناب سپیکر :۔**

رانا صاحب تشریف رکھیئے۔ ملک صاحب تشریف رکھیئے۔ اب بات ختم ہو چکی ہے۔

**ملک طیب خان اعوان :۔**

جناب والا یہی تو میں عرض کر رہا ہوں کہ جو بات ختم ہو چکی ہو اس پر اب بحث کرنا غیر قانونی ہے۔

# تحاریک التوائے کار

**جناب سپیکر :۔**

آپ بجا فرماتے ہیں۔ تشریف رکھیئے۔ سردار نصر اللہ خان صاحب تشریف نہیں رکھتے تھے، اس پر فیصلہ ہو چکا ہے اگرچہ CHAIR IS NOT SUPPOSED TO EXPLAIN ITS CONDUCT اس کے باوجود میں نے یہاں ہاؤس میں اس کے بارے میں پوری وضاحت کی ہے کہ یہ کن حالات میں تحریک استحقاق INFRUCTUOUS ہوئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو صاحبان اس وقت یہاں پر موجود تھے وہ جانتے ہیں کہ اس بارے میں جو بات کی گئی ہے اس میں قطعی طور پر کسی قسم کا کوئی مؤقف نہ حکومت کی طرف سے تھا اور نہ ہی رانا پھول محمد خاں صاحب نے جس وقت یہ بات پیش کی کہ وقفہ سوالات کو ملتوی کر دیا جائے، مجھے یقین ہے کہ ان کے ذہن میں ایسی کوئی بات نہیں تھی۔ اس لیے یہ فیصلہ ہو چکا ہے۔ اس پر مزید بات نہیں ہو سکتی۔ اب ہم تحریک التوائے کار کو ٹیک اپ کرتے ہیں۔

رانا پھول محمد خاں :۔
جناب والا میں آپ کی خدمت میں کچھ گزارش کرنا چاہتا ہوں میری یہ ایک تحریک التوائے کار ہے جس پر میں نے آپ سے درخواست کی ہے کہ دیگر تحاریک التوائے کار پر اس کو فوقیت حاصل ہے۔ یہ ایک انسانی ہمدردی، ملک کی سلامتی اور اس صوبے کے امن وامان کیلئے ضروری ہے۔ میں جناب سے گزارش کروں گا کہ قاعدہ نمبر ۲۰۲ کے تحت آپ رولز معطل فرما کر مجھے یہ تحریک سب سے پہلے پیش کرنے کی اجازت بخشی جائے۔

جناب سپیکر :۔
جی ہاں میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں مگر اس سلسلے میں ایک اور تحریک التوائے کار IDENTICAL ہے جو آپ کی تحریک التوائے کار سے مشابہت رکھتی ہے وہ ملک اللہ یار خان صاحب اور سردار نصر اللہ خان دریشک صاحب کی طرف سے ہے۔

رانا پھول محمد خان :۔
جناب والا مجھ سے پہلے کسی کی تحریک التوائے کار نہیں۔

جناب سپیکر :۔
آپ سے پہلے نہیں ہے بلکہ آپ کی تحریک التوائے کار سب سے پہلے ہے۔ آپ کی تحریک التوائے کار پر میں رولز کو معطل کرتا ہوں اور آپ کو یہ تحریک التوائے کار پیش کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔

# جمعیت علماء اھل حدیث کے جلسہ میں خوفناک دھماکے

رانا پھول محمد خاں :۔
میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک واضح واقع پر جو حال ہی میں وقوع پذیر ہوا ہے اور جو کہ فوری اہمیت عامہ کا حامل ہے۔ تحریک التوائے کار پیش کرتا ہوں۔ اس لیے قاعدہ نمبر ۲۰۲ کے تحت اجلاس کی آج کی کارروائی بمعہ سوالات معطل کر کے اس معاملہ کو زیر بحث لایا جائے۔ اور اس کے بعد آج سارے دن کیلئے اس

افسوس ناک واقع کے رونما ہونے پر اجلاس ملتوی فرمایا جائے۔ تاکہ اصل حقائق سامنے آنے پر اس اسمبلی میں دوبارہ مکمل بحث ہوسکے واقع یہ ہے کہ ۲۴/۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء کی رات کو ۱۷/۴۰ بجے راوی روڈ لاہور میں جمعیت علماء اھل حدیث کا ایک جلسہ منعقد ہو رہا تھا جس میں دو خوفناک دھماکے ہوئے اور ۹ آدمی موقع پر ہی شہید ہو گئے۔ میری معلومات کے مطابق تقریباً ۷۰ افراد زخمی ہو گئے ہیں جن میں دو دینی اور سیاسی رہنما جو کہ نہایت محب وطن اور باوقار شخصیتیں ہیں یعنی مولانا احسان الٰہی ظہیر صاحب اور مولانا حبیب الرحمان صاحب شامل ہیں۔

اس مرحلہ پر ۱۰ بجکر ۷ ۳ منٹ پر بیگم شاہین منور احمد صاحبہ کرسی صدارت پر متمکن ہوئیں۔

## رانا پھول محمد خان صاحب :۔

جو کہ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ ایسی ہی غلطیاں درِیشک صاحب سے بہت زیادہ ہوئی ہیں جب وہ وزیر تھے تو میں ان کی غلطیوں کی اصلاح کیا کرتا تھا

MADAM CHAIRMAN : SILENT PLEASE

اس معاملہ کو زیر بحث لانے کی اجازت فرمائی جائے۔ اے قوم کے سپوتو مذاق اڑاتے ہو مرنے پر، آپ نے بھی مرنا ہے، اور آپ جلد مرنے والے ہیں، ہم جلد مرنے والے ہیں، ایک تباہی آنے والی ہے آپ کو الارم ہو چکا ہے اور آپ مذاق اڑاتے ہیں یہ تو شرم کا مقام ہے۔

## محترمہ چیئر پرسن صاحبہ۔

رانا صاحب آپ سے اور نصر اللہ دریشک صاحب سے میری درخواست ہے کہ آپ لوگ تو پہلے بھی اس ہاؤس کے ممبر رہ چکے ہیں، تھوڑا سا آپ کو بھی وقار کا خیال کرنا چاہیئے، نصر اللہ دریشک صاحب تو منسٹر بھی رہ چکے ہیں۔

## رانا پھول محمد خان :۔

نصر اللہ دریشک صاحب کو ابھی تک کوئی ٹکرا نہیں وہ کسی دوست کو ٹکرانا چاہتے ہیں، اگر وہ اس طرح کا رویہ رکھیں گے تو ہم ٹکر جائیں گے۔ ان کو یاد ہونا چاہیے کہ

میں ان کا ہمدرد اور حامی ہوں ہم نکریں گے ان کو کھیلنے نہیں دیں گے اگر وہ اسی طرح مذاق اڑائیں گے۔ بڑے شرم کا مقام ہے کہ تمام شہر غم میں ڈوبا ہوا ہے اس ہاؤس کے تمام ارکان رو رہے ہیں اور وہ مذاق اڑا رہے ہیں۔ یہ قوم کے لیڈر بننا چاہتے ہیں خدا معاف رکھے ایسے لیڈروں سے کہ جن کو احساس ذمہ داری بھی نہ ہو۔

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :۔**

رانا صاحب میاں فضل حق پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں۔

**میاں فضل حق :۔**

رانا صاحب آپ تشریف رکھیئے میں پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہوں۔

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :۔**

نصراللہ دریشک صاحب میری درخواست ہے کہ آپ بیٹھ جائیں۔

I would like to ask the Assembly Secretariat staff to advise you.

میاں فضل حق صاحب آپ بھی ذرا تشریف رکھیئے رانا صاحب کو اپنی بات ختم کر لینے دیں

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :۔**

رانا صاحب میری آپ سے درخواست ہے کہ آپ ایک منٹ کیلئے بیٹھ جایئے اور میاں فضل حق صاحب آپ بھی بیٹھ جائیں۔

I am surprissed you are all Members of this House whether you are opposing the Covernment or not opposing the Covernment. you are Members of this House. Rana Sahib has taken up the Adjournment Motion which is a very dellcate issue and I thind you should at least listen to him. Actually it gives a very bad impression as you were saying ! just now ! and ! outside! ............

## ملک طیب خان اعوان :-

جناب سپیکر ہماری درخواست ہے کہ اردو میں بتائیں تاکہ ہم بھی سمجھ سکیں۔ ہمیں پتہ نہیں چلتا کہ آپ کیا فرما رہی ہیں۔

## محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :-

آپ تشریف رکھیں میں آپکو اردو میں بتاتی ہوں۔ آپ اگر کہیں تو پنجابی میں بھی میں بول سکتی ہوں۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ یہ ایک بڑا سنگین اور نازک مسئلہ ہے جس کے متعلق رانا پھول محمد خان صاحب تحریک التواء پیش کر رہے ہیں جسے جناب سپیکر نے رول معطل کر کے پیش کرنے کی اجازت دی ہے۔ اس کے بعد میں سمجھتی ہوں کہ ہم لوگوں کیلئے جائز نہیں ہے کہ ہم اتنا شور مچائیں اور یہ بات نہ سنیں۔ جس بات کے متعلق ابھی آپ بات کر رہے تھے کہ باھر کے لوگوں کا کیا تاثر ہوتا ہے۔ کبھی آپ نے یہ سوچا ہے کہ اس شور کا تاثر لوگوں پر کیا ہوتا ہے۔ چاہے آپ گورنمنٹ کے یا حزب اختلاف کے ہوں لوگوں نے تو آپکو بطور ایک ممبر کے دیکھنا ہے۔ اگر آپ یہاں اس طرح کریں گے تو وہ آپکو غیر سنجیدہ لیں گے۔ آپ کی ان تقریروں کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔ رانا صاحب آپ اپنی تحریک التوا پیش کریں۔

## رانا پھول محمد خان :-

جناب سپیکرہ اس معاملہ کو زیر بحث لانے کی اجازت فرمائی جائے چونکہ اس اہم اور افسوس ناک واقع کے رونما ہونے پر سخت بے چینی اور خوف وھراس پھیل گیا ہے۔ بنا بریں عوام کو اطمینان اور سکون فراہم کرنے کیلئے اس اہم مسئلہ پر سنجیدگی اور متانت کے ساتھ ھمدردانہ غور فرمایا جائے۔

جناب سپیکرہ میں یہ گزارش کروں گا کہ رات ۱۱ بجکر ۴۰ منٹ پر اہل حدیث کے جلسہ میں دو دھماکے ہوئے۔ دو بم پھٹے جس سے ۹ مسلمان موقع پر شہید ہو گئے۔ اور ۷۰ آدمی اس میں زخمی ہیں۔ خدا جانتا ہے کہ اس میں سے کس کی زندگی محفوظ ہے کس کی خطرے میں ہے۔ جناب سپیکرہ اس معاملہ پر ــــــــــ

(قطع کلامیاں)

ملک ممتاز احمد خان بھچر :-

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر کیا چیئر مونث ہے یا مذکر۔ سپیکر جس وقت کرسی پر بیٹھتے ھیں یا بیٹھتی ہے وہ سپیکر ہوتی ہے۔ اس لئے رانا صاحب کو سپیکر کہنا چاہیئے۔

محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :-

آپ سب لوگ بڑے سمجھدار ہیں۔ کچھ لوگ بزرگ ہیں۔ یہ بات میں آپ پر چھوڑتی ہوں کہ آپ اسکو کس طرح سے کنڈکٹ کرتے ہیں۔ اگر ایک خاتون آپ کی سپیکر ہو تو کس طرح آپ اپنے آپ کو کنڈکٹ کرتے ہیں۔

رانا پھول محمد خان :-

جناب والا میری اصلاح ہوئی لیکن یہ لفظ "والا" "والی" آپکو سننا پڑے گا۔ لوگ یہ نہ کہیں کہ میں کیا کہہ رہا ہوں کیونکہ میں ان پڑھ ہوں۔

رائے سعید احمد :-

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا میں آپکی وساطت سے رانا صاحب کی خدمت میں بھی یہ عرض کروں گا اور باقی ہاؤس کی خدمت میں بھی عرض کروں گا کہ اس اندوہناک واقع کے پیش نظر اسکو سنجیدگی اور متانت سے لیا جائے چہ جائیکہ آپ نے ان حالات کو اس طریقے سے بحث میں شروع کر دیا ہے۔ کیا یہ کوئی مذاق ہے؟ قیمتی جانیں ضائع ہوئی ہیں۔ ان لوگوں کی محب الوطنی پر کوئی شبہ نہیں ہے۔ اسلام کیلئے انہوں نے اتنی قربانیاں دی ہیں۔ اسکو مذاق بنانے کی کوشش مت کریں اس کو سنجیدگی سے لیں۔

محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :-

آپ کا پوائنٹ آف آرڈر بالکل درست ہے۔

رانا پھول محمد خان :-

چلیں میں اپنا لفظ ہی بدل دیتا ہوں۔ جناب سپیکر اس صوبہ میں امن وامان کی حالت دوسرے صوبوں سے بہتر تھی۔

## بیگم نجمہ تابش الوری :۔

پوائنٹ آف آرڈر۔ میڈم سپیکر میں آپکی وساطت سے رانا صاحب سے یہ گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ وہ بار بار جناب سپیکرہ نہ کہیں بلکہ آپکو میڈم سپیکر کے نام سے پکاریں۔

## محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔

رانا صاحب آپ اپنا مؤقف بیان فرمائیں۔

## رانا پھول محمد خان :۔

میڈم سپیکر بھی وہی بات ہے۔ محترمہ سپیکر بھی وہی بات ہے۔ آپ اس کا ترجمہ فرمادیں آپ انگریزی جانتی ہیں۔ سپیکر صاحبہ میں نے پہلے کہا ہے۔ سپیکرہ بھی پھر آئے گا۔ سپیکرہ مونث ہے یا مذکر ہے آپ بتائیں۔

## محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔

رانا صاحب میری آپ سے درخواست ہے، آپ چیئر کو ایڈریس کریں۔
مولانا منظور احمد چنیوٹی صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں۔

## مولانا منظور احمد چنیوٹی :۔

جناب والا مجھے یہی بات کہنی ہے جس طرح رانا سعید صاحب نے اس امر کی طرف توجہ دلائی ہے کہ آپ نے رول معطل کرا کر ایک انتہائی اہم تحریک التوا پیش کی ہے۔ اس میں ۹ قیمتی جانیں تلف ہو چکی ہیں۔ کتنے آدمی زخمی ہو چکے ہیں۔ آج لاہور سارا سوگوار ہے۔ آپ نے اتنی سنجیدہ اور اتنی اہم تحریک التوا پیش کر کے اسکو مذاق میں بدل دیا ہے۔ یہ بہت ہی قابل افسوس مقام ہے۔ میں جناب سپیکر کی وساطت سے یہ عرض کروں گا کہ اس اہم تحریک پر بحث ہونی چاہئے۔ آپ اب اس مذاق کو ختم کریں۔ کیونکہ اس میں سنجیدگی ختم ہو رہی ہے۔ اس تحریک کی اہمیت فوت ہو رہی ہے۔

## محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔

رانا صاحب میری آپ سے درخواست ہے کہ براہ مہربانی مختصر عرض کریں

کیونکہ اس کے ساتھ دو اور تحاریک التوا بھی ہیں۔

## رانا پھول محمد خان :-

آپ کے کرسی پر تشریف لانے سے میں کچھ چونک ہی گیا ہوں۔ اس لئے شاید کوئی ایسی بات ہو گئی ہو۔ مجھ پر کچھ رعب پڑ گیا ہے۔
جناب سپیکر میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ معاملہ صرف چند افراد کے شہید ہونے تک ہی نہیں ..........

## جناب فضل حسین راہی :-

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر مجھے احساس ہے کہ رانا صاحب نے ایک انتہائی اہم تحریک التوا پیش کی ہے۔ اسکی اہمیت کو سامنے رکھتے ہوئے رول کو معطل کر کے پیش کی گئی ہے کم از کم ان کو احتیاط کرنی چاہیئے۔ یہ مذکر مونث کے چکر میں پڑے ہوئے ہیں۔ میں تو ان کو صرف یہ عرض کروں گا کہ ....

ان عقل کے اندھوں کو الٹا نظر آتا ہے
مجنوں نظر آتی ہے لیلےٰ نظر آتا ہے

## رانا پھول محمد خان :-

میں ان کے پوائنٹ آف آرڈر کا جواب نہیں دینا چاہتا کیونکہ وہ میرے دوست ہیں۔ چونکہ وہ پہلی مرتبہ اس اسمبلی میں آئے ہیں۔ میرے خیال میں ان کو آداب محفل کی اتنی واقفیت نہیں جتنی کہ ہونی چاہیئے۔
جناب والا میری گزارش یہ ہے کہ آج اس ماحول کو اس پنجاب کے امن کو ختم کرنے کیلئے سازشیں کی جا رہی ہیں اور وہ بات جو ہم کہتے تھے کہ پنجاب میں امن ہے پنجاب میں کنٹرول ہے اسکو برباد کرنے کیلئے یہ تخریب کاری کے حربے یا جمہوریت کو ختم کرنے کیلئے استعمال کئے جا رہے ہیں۔ میرے جو دوست آج میری بات کا مذاق اڑا رہے ہیں انہیں یہ پتا نہیں کہ یہ ان کی رخصتی کا سامان پیدا کیا جا رہا ہے۔ وزارتیں تو تب ملیں گی جب اسمبلی قائم رہے گی اس اسمبلی کے خاتمے کیلئے، جمہوریت کے خاتمے کیلئے، اس ملک کی

سالمیت کو خطرے میں ڈالنے کیلئے، یہ حربے استعمال کئے جا رہے ہیں اسلئے ہمیں اب جاگ جانا چاہئے کیونکہ خطرے کی گھنٹی بج چکی ہے اس مذاق اور قہقہہ کو چھوڑ کر آج ہم ... ہیں ڈوبے ہوئے ہیں۔

چونکہ اس وقت وہ شہید دفنائے نہیں گئے، ہم ان کے لیے فاتحہ خوانی تو نہیں کر سکتے۔ لیکن میں یہ مطالبہ کروں گا کہ آج کے اجلاس کی تمام کارروائی معطل کر دی جائے۔ چھٹی ہونے کی وجہ سے اخبارات نہ آسکے۔ پریس کے نمائندگان بھی اس چیز کو قوم کے سامنے نہ لاسکے۔ آج اس اجلاس کی کارروائی ختم کر کے پرائیویٹ ڈے کو کل پر ملتوی کر دیا جائے اور قوم کے اس اہم الم ناک واقعہ میں شریک غم ہو کر ہم یہ ثابت کر دیں کہ ہم قوم کے صحیح نمائندے ہیں۔ قوم کی بہتری، غم اور خوشی میں برابر کے شریک ہیں۔ اس لیے ایک دن کا اجلاس ملتوی کرنا کوئی بہت بڑی بات نہیں۔ ممکن ہے کہ آج کا اجلاس ملتوی کر کے ہماری حکومت ان چیزوں کا پتا چلا سکے کہ جو اس میں کارروائی کر رہی ہیں۔ اگر حکومت کو یہ موقع نہ ملا اور اجلاس میں الجھے رہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ راوی روڈ پر دھماکہ نہیں ہوا، جمہوری حکومت کی موجودگی میں اس ایوان پر دھماکہ ہوا ہے۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم بھی محفوظ نہ رہ سکیں گے۔ اگر ہم نے سنجیدگی سے کام نہ لیا۔ حکومت کو اس کا پتا چلانے کے لیے وقت دینا چاہیئے اور آج کی کارروائی کو ملتوی کرنا چاہیئے۔ ہم ان کے لواحقین کے ساتھ شریک غم ہیں جن کے لال، جن کے بھائی، جن کے باپ آج شہید ہو گئے ہیں۔ اس لیے میری یہی التجا ہے کہ آج کی کارروائی کو ملتوی کر دیا جائے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو یہ فعل یزیدی ہوگا۔ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس قوم کے نمائندے، جنہوں نے قوم سے بھیک مانگی ہے، قوم کے شہید ہونے پر اگر احتجاجاً اور اظہار غم کی شکل میں ایک دن کی کارروائی ملتوی نہیں کر سکتے تو پھر ان ارکان اور اس ایوان کو قوم سے امیدیں وابستہ نہیں کرنی چاہیئیں۔ اگر آج ہم نے کارروائی ملتوی نہ کی تو ہم قوم کو مایوس کریں گے۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اجازت چاہتا ہوں۔

**میاں محمود احمد:-**

جناب سپیکر، اسی ضمن میں میری بھی تحریک التواء ہے۔ وہ میرا حلقہ ہے جہاں یہ واقعہ رونما ہوا۔

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ:-** آپ بیٹھ جائیے۔ پہلے گورنمنٹ کو سن لیں۔

**میاں محمود احمد :۔**

پہلے میں تحریک پیش کرلوں۔

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :۔**

گورنمنٹ سائیڈ کو سننے کے بعد۔

**میاں محمود احمد :۔**

میں نے پیش کی ہوئی ہے۔

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :۔**

آپ نے کی ہوئی ہوگی۔ میں ابھی اس کو لیتی ہوں۔ لیکن قواعد کے مطابق آپ کی تحریک التواء ایک گھنٹہ پہلے آنی چاہیئے تھی۔ چونکہ راناصاحب کی تحریک التواء قواعد معطل کر کے پہلے لی گئی ہے۔

**میاں محمود احمد :۔**

جناب سپیکر، اسی ضمن میں میری تحریک التواء ہے۔

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :۔**

اسی ضمن میں اور بھی تحاریک التوائے کار ہیں۔ لیکن وہ وقت پر نہیں آئیں۔ آپ جانتے ہیں کہ یہاں کے قواعد انضباط کار ہیں۔ آپ کو اسمبلی سیشن شروع ہونے سے پہلے تحریک التواء جمع کروانی چاہیئے۔ آپ سننا چاہتے ہیں کہ حکومت کا مؤقف کیا ہے۔ ؟

**میاں محمود احمد :۔**

پہلے ہم بول لیں۔ اس کے بعد حکومت اپنا نقطہ نظر پیش کرے گی۔

MADAM CHAIRPERSON: I will not allow that. Minister for Agriculture.

## وزیر زراعت :۔

اگر آپ مناسب سمجھیں تو یہ آپ کی صوابدید پر ہے کہ آپ ان کو اجازت دے دیں۔ پھر ہم اکٹھا اپنا مؤقف بیان کریں گے۔

## محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔

میں آپ سے معلومات لینا چاہتی ہوں کہ اسی قسم کی ایک تحریک التواء جناب نصر اللہ دریشک صاحب کی میاں محمود احمد صاحب سے پہلے آئی ہوئی ہے۔ اگر ہم قواعد کو معطل کر کے ان کی تحریک التواء بھی لیں گےتو پھر ان سے پہلا نمبر ان کا ہے۔ تو پھر میں آپ سے درخواست کروں گی کہ کیا یہ ایوان اجازت دیتا ہے کہ نصر اللہ دریشک صاحب کی بھی اسی قسم کی تحریک التواء ہے اور ملک اللہ یار صاحب کی بھی ہے۔

## وزیر زراعت :۔

جب ایک ہی مضمون کی تحاریک التوائے کار آجائیں تو وہ ساری پیش کردہ تصور ہوتی ہیں۔

## محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔

اس میں ایک دشواری ہے کہ جس طرح سے آپ کے ایوان کے قواعد ہیں، وہ تحریکیں ایک گھنٹہ پہلے پیش نہیں ہوئیں۔

## وزیر زراعت :۔

میں یہ کہوں گا کہ چونکہ ایک سبجیکٹ میٹر پر ایک تحریک التواء آچکی ہے۔ جو قواعد معطل ہو کر پیش ہو چکی ہے۔ باقی اصحاب جو اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہیں تو وہ اس کی تائید میں بول سکتے ہیں۔ اگر کوئی تحاریک آ بھی گئی ہیں، تو وہ ایک موضوع پیش ہو چکا ہے۔

## محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر قواعد معطل کر کے دوسروں کو بھی اجازت دے دی جائے تو آپ کو کوئی اعتراض نہیں۔

## وزیر زراعت :۔

اس پر اعتراض اس طرح ہے کہ ایک تحریک التواء پیش ہو چکی ہے۔ اسی موضوع کے متعلق مزید قواعد معطل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہیں آزادی ہو گی کہ وہ اس پر بول سکیں۔ مزید تحاریک کو پیش کرنے کی بھی ضرورت نہیں۔

## میاں فضل حق :۔

پوائنٹ آف آرڈر۔

MADAM CHAIR PERSON

Mian Fazal Haq Sahib I would like to bring it to your notice the point that according to the Rules of procedure when the Speaker is talking to some body you are not supposed to interruat him. I am talking to him on a very important subject as you now. Can! t you please take your please take your seat for a little while.

MIAN FAZAL HAQ: I was referring to what the Menister has said. I was going to say .............

MADAM CHAIRPERSOH : But I don !t allow you to speak on this matter.

## رانا پھول محمد خان :۔

نکتہ وضاحت۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ ایک مضمون کی ایک تحریک التوائے کار پیش کرنے کی آپ اجازت بخش دیں تو اسی مضمون کی دوسری تحاریک التوائے کار یا تو اس میں ضم ہو جاتی ہیں یا پیش نہیں ہو سکتیں۔ میں یہ مطالبہ کرتا ہوں اور مقصد

ان بھائیوں کا بھی یہی ہے کہ میری تحریک التوائے کار پر آپ ایوان کی رائے لے لیں کہ آیا سالم دن کے لیے یا کچھ وقت کے لیے سوگ میں اجلاس ملتوی کیا جائے۔ اس سے پہلے کہ آپ میری تحریک پر کوئی فیصلہ نہ کریں، دوسری تحریکوں کو زیر بحث نہیں لایا جاسکتا۔

**محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔**

میاں محمود احمد صاحب، میں آپ سے گزارش کرتی ہوں کہ چونکہ نصر اللہ دریشک صاحب کی تحریک آپ سے پہلے موصول ہوئی ہے، اس لیے پہلے میں انہیں اجازت دیتی ہوں، اس کے بعد آپ کی تحریک پیش ہوگی۔ آپ کی بھی تحریک لی جائے گی، لیکن پہلے نصر اللہ دریشک صاحب اپنا مؤقف بیان کر لیں۔

**رانا پھول محمد خان :۔**

جب ایک مضمون کی ایک تحریک التوائے کار پیش ہو جائے تو اسی مضمون کی اور تحریک لینے کی ضرورت نہیں۔ ان سے پوچھ لیں۔ وہ سب اس پر متفق ہیں کہ آج ایوان کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔

**محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔**

رانا صاحب، میری دریشک صاحب سے یہ گزارش ہے کہ آپ اپنا مؤقف بتائیے۔

**رائے احمد سعید :۔**

جناب والا، یہ واقعہ رات کو ہوا۔ اخبارات کی آج ویسے کی چھٹی تھی تو اس حلقے کے جو ایم۔ پی۔ اے ہیں، وہ اس واقعے پر زیادہ بہتر روشنی ڈال سکتے ہیں۔ ویسے تو ہم سب حضرات کے جذبات زیادہ مجروح ہوئے ہیں۔ تو میرے خیال میں اس پر جو بھی اظہار خیال کرنا چاہیں، انہیں موقع دیا جائے۔

**سردار نصر اللہ خان دریشک :۔**

میں گزشتہ رات وقوع پذیر ہونے والے ایک انتہائی اہم اور افسوسناک واقعے

کے بارے میں جو اس ایوان کی فوری مداخلت کا متقاضی ہے زیر بحث لانے کی اجازت چاہتا ہوں ---

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :-**

دریشک صاحب، میں نے آپ سے یہ کہا ہے کہ تحریک پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ IDENTICAL ہی ہے۔ آپ صرف جو زبانی کہنا چاہتے ہیں، وہ ارشاد فرمائیں۔

**سردار نصر اللہ خان دریشک :-**

جناب سپیکر، میں آپ کی خدمت میں یہ گزارش پیش کرنا چاہتا ہوں کہ گزشتہ اجلاس میں بھی اس معزز ایوان میں امن عامہ پر بحث ہوئی۔ لیکن بہت قلیل مدت کے لیے۔ اس اجلاس کے شروع والے دن میں نے یہ گزارش کی تھی کہ ملک میں امن عامہ کی صورت حال انتہائی خطرناک صورت اختیار کر چکی ہے۔ اس معزز ایوان کے اوپر بھی حملہ ہوا، سیکرٹریٹ میں بھی حملہ ہوا اور اس قدر شدید حملہ ہوا کہ جناب چیف منسٹر صاحب کے گارڈز کو گولی چلا کر انہیں بچانا پڑا۔ ان حالات میں، میں نے یہ گزارش کی تھی کہ امن عامہ کی صورت حال کو زیر بحث لانے کے لیے زیادہ سے زیادہ وقت رکھا جائے تاکہ ہمیں پتا چل سکے۔

**محترمہ چیئرپرسن صاحبہ :-**

آپ اس تحریک پر کچھ کہنا چاہتے ہیں تو کہیں۔ امن عامہ کی صورت حال پر بات کرنے کے لیے آپ کے پاس بہت وقت ہے۔

But I would request you to please inform the House about this adjournment motion.

**رانا پھول محمد خان :-**

نکتہ قانون۔ جناب والا، گزارش یہ ہے کہ اس کا امن عامہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ میرا مطالبہ امن عامہ کی صورت حال کا نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو فیل کرنے کے لیے یہ کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ پہلے آپ کو میری تحریک التوائے کار پر یہ

فیصلہ کرنا ہو گا اور ایوان سے پوچھنا ہو گا کہ آیا آج کا اجلاس سوگ میں ملتوی کر دیا جائے، کیونکہ یہ المناک واقعہ ہے۔ میری تحریک التوائے کار پر ایوان کی رائے لینے سے پہلے آپ اس پر اب زیادہ بحث نہ کریں۔ اس کو تماشا نہ بنائیں۔ اس کو کھیل نہ سمجھیں۔ سبھی اس آگ میں جلنے والے ہیں۔ آپ ایوان کی رائے لیں۔ اس ایوان کے ارکان کے پہلو میں دل ہے۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ آج اجلاس کو ملتوی کر دیا جائے۔ اور حکومت کو فیل کرنے والوں کو کوئی موقع نہ دیا جائے۔ یہ حکومت کو فیل کرنے کی ایک سازش ہے۔

## سردار نصر اللہ خان دریشک :۔

جناب والا، میں یہ گزارش کرونگا کہ اگر یہ واقعہ کل ایک سیاسی پارٹی کے جلسے میں ہوا ہے تو اس قسم کا واقعہ کسی اور سیاسی جماعت کے جلسہ میں بھی ہو سکتا ہے۔ ہمارے جلسے میں بھی ہو سکتا ہے۔ اس واقعہ کے متعلق شدید قسم کا نوٹس لیا جائے۔

اصل واقعات کا ہمارے پاس اخبارات نہ آنے کی وجہ سے پورا علم نہیں ہے لیکن اس واقعہ کی سنگینی سے ظاہر ہے کہ نو قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ اور جو صدر مجلس تھے وہ بھی شہید ہو چکے ہیں اسکے علاوہ علامہ احسان الٰہی صاحب شدید زخمی ہیں میں یہی گزارش کرونگا کہ اس معاملہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے۔ اور اسکے جو عوامل ہیں ان پر نظر رکھی جائے۔ میں رانا صاحب سے بالکل اتفاق کرتا ہوں۔ کہ اسکے پیچھے بہت خطرناک سازش ہے، خطرناک ہاتھ ہے، یہ آغاز ہے انجام نہیں ہے۔ اسکا انجام شاید ہمارے ملک کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے کا ہو اس چیز کا ہمیں سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیئے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ جناب والا کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## محترمہ چیئر پرسن صاحبہ :۔

ملک اللہ یار خان صاحب آپ کچھ ارشاد کرنا چاہتے ہیں۔

## ملک اللہ یار خان :۔

جناب والا، میری تحریک بھی اسی قسم کی ہے جیسی کہ رانا صاحب اور نصر اللہ خان دریشک صاحب کی ہے یہ اسی واقعہ کے بارے میں ہے جو قلعہ لچھمن سنگھ راوی روڈ پر گزشتہ رات وقوع پذیر ہوا ہے۔ یہ افسوسناک واقعہ جمیعت اہلحدیث کے ایک اہم جلسہ

میں ہوا۔ جواس ملک کی ایک دینی اور سیاسی جماعت ہے۔ اسکے زیر اہتمام یہ جلسہ منعقد ہوا اس دوران جلسہ گاہ میں ہزاروں کی تعداد میں لوگ موجود تھے۔ اور یہ بم تقریباً ساڑھے گیارہ بجے سٹیج کے نزدیک یا نیچے پھٹا جس سے صدر جلسہ بھی ہلاک ہو گئے۔ ان کے علاوہ چند اور جمعیت کے عہدیدار بھی شہید ہوئے۔ اور ۷۰ کے قریب لوگ شدید زخمی ہوئے وہ اسوقت ہسپتال میں موجود ہیں۔ یہ واقعہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے اسلئے میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ اس اجلاس کی کارروائی ملتوی کی جائے اور اس اہم اور افسوسناک واقعہ پر بحث کرنے کے لئے اجلاس کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ اور ایک وقت مقرر کیا جائے۔ تاکہ تمام اراکین ایوان اس افسوسناک واقعہ پر بحث کر سکیں۔ شکریہ

(اس مرحلے پر جناب سپیکر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

## رانا پھول محمد خان :۔

جناب سپیکر آپ پہلے تشریف لے آتے تو کوئی حرج نہ تھا لیکن اب آپ تشریف لے آئے ہیں اور یہ واقعہ فیصلہ کن مرحلہ میں ہے جناب والا بہت سارے دوستوں نے ان شہیدوں کے جنازے میں شامل ہونا ہے۔ اگر اس اجلاس کو ملتوی نہ کیا گیا تو وہ نماز جنازہ سے محروم رہیں گے۔ اسلئے میں مطالبہ کرتا ہوں کہ تمام دوسرے حضرات نے بھی اتفاق کیا ہے۔ کہ یہ اجلاس ملتوی کیا جائے۔

## جناب سپیکر :۔

میاں محمود صاحب آپ ارشاد فرمائیے۔

## میاں محمود احمد :۔

جناب سپیکر مجھے بڑے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہ وقوعہ میرے حلقے میں رونما ہوا۔ جناب والا رات کو گیارہ بجے کے قریب قلعہ لچھمن سنگھ کے چوک میں یہ جلسہ ہو رہا تھا۔ اور اس میں ہزاروں کی تعداد میں لوگ جمع تھے۔ جناب والا جہاں ہم اس سیاسی جلسے کی بات کرتے ہیں تو وہاں میں یہ بھی عرض کروں کہ یہ جلسہ دینی نوعیت کا تھا اور وہاں علمائے کرام تشریف لائے تھے کیونکہ یہ دینی جلسہ تھا اسلئے اسمے کافی تعداد میں سب پارٹیوں کے اراکین سننے کیلئے وہاں آئے تھے۔ اس میں کسی ایک پارٹی کے ورکر نہیں تھے۔ جناب والا مجھے اس بات کا بہت افسوس ہے کہ جب علامہ احسان الٰہی ظہیر صاحب تقریر

کرنے کے لئے سٹیج پر تشریف لائے تو انہوں نے ابھی تقریباً ۱۵ منٹ تقریر کی کہ سٹیج کے ساتھ رکھا ہوا ایک ٹائم بم پھٹ گیا جس سے نہ صرف علامہ صاحب شدید زخمی ہو گئے بلکہ بیشمار معززین اور مہمان گرامی بھی زخمی ہوئے وہاں سینکڑوں کی تعداد میں لوگ زخمی ہوئے ۔ جنکی میں ذاتی طور پر ہسپتال میں جاکر عیادت کر کے آیا ہوں۔ کچھ شدید زخمیوں کو جنرل ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا ہے اور کچھ کو سروسز ہسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ علامہ احسان الہی ظہیر اسوقت موت و حیات کی کشمکش میں ہیں اور میو ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں پڑے ہوئے ہیں میں انکو ذاتی طور پر دیکھ کر آیا ہوں۔ جناب والا سب سے پہلے ہمیں ان کے لئے جو شدید زخمی ہوئے ہیں دعائے صحت کرنی چاہیئے۔ اسکے بعد میں اس ہاؤس سے پر زور اپیل کرونگا کہ اس قسم کی قرارداد منظور کی جائے۔ جس میں ملزمان کو فوری طور پر پکڑے جانے اور انکے خلاف سخت قسم کی کارروائی کرنے کا اعادہ کیا جائے۔ جناب والا میں یہ بھی عرض کرونگا کہ اس افسوس میں ہاؤس کو ملتوی کر دیا جائے اور اگر ایسا نہیں ہو سکتا تو کم از کم دس منٹ کے لئے اس ایوان کو ملتوی کر دیا جائے۔ تاکہ ہمارے بھائیوں کے لئے جذبات جو ہمارے علمائے کرام کے ساتھ ہیں اور انکے ساتھ یہ زیادتی ہوئی ہے اس کے پیش نظر اور جو لوگ شہید ہوئے ہیں انکے افسوس میں کم از کم ۱۰ منٹ کے لئے اس ہاؤس کو ملتوی کر دیا جائے۔

**جناب محمد سعید**

جناب والا میں بھی اسکی تائید کرتا ہوں۔

**میاں محمود احمد**

جناب والا میں اسکے بعد تمام ممبران سے گزارش کرونگا کہ ....

**رانا پھول محمد خان**

جناب سپیکر میری عرض ہے کہ انکی نماز جنازہ کا جو بھی وقت ہے اس وقت کے لئے ہاؤس کو ملتوی کیا جائے۔ تاکہ ہم انکی نماز جنازہ پڑھ سکیں۔

**میاں محمود احمد**

نماز جنازہ کا وقت ۵ بجے ہے۔ اور یہ نماز مینار پاکستان میں ہوگی۔ میں ارکان اسمبلی سے گزارش کرونگا کہ تمام اراکین اسمبلی انکی نماز جنازہ کے لئے پانچ بجے مینار پاکستان

پہنچ جائیں. یہی میری گزارش ہے کہ اگر ہاؤس کو تمام دن کے لئے نہیں تو کم از کم ۱۰ منٹ کے لئے ضرور ملتوی کر دیا جائے.

وزیر زراعت

جناب سپیکر ، اس اندوہناک اور المناک واقعہ پر جس قدر بھی افسوس کیا جائے کم ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ نہ صرف یہ پورا ایوان ، ہمارے لاہور کے عوام بلکہ پورے پنجاب کی عوام، پورے پاکستان کے عوام اس المناک واقعہ پر دکھ کا اظہار کرتے ہیں ہم اس سلسلہ میں یہ بھی گزارش کریں گے جیسا کہ آپکو علم ہے کہ ملک کی مشرق اور مغرب کی سرحدوں پر کچھ عرصہ سے جو واقعات رونما ہو رہے تھے اور کچھ بد طینت اور بری نگاہوں کی طرف سے ایسی کوششیں کہ جو ہمارے ملک کے باسی امن و امان کی زندگی بسر کر رہے ہیں ، نہ صرف یہ کہ ان کیا من و امان کو تہہ و بالا کیا جائے بلکہ اس ملک میں کافی عرصہ کے بعد جو یہ جمہوریت کی کونپلیں پھوٹ رہی ہیں اور جمہوری ادارے اپنے آپ کو مستحکم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ، کچھ بد طینت لوگوں کی نظروں نے یہ گوارا نہ کیا کہ یہ ملک پھلے پھولے اور وہ اس کوشش میں تھے کہ پاکستان میں ایسے حالات پیدا کئے جائیں کہ یہ جمہوری ادارے پھل پھول نہ سکیں ، آپ کو علم ہے کہ انہی واقعات کی کڑی کے نتیجہ میں صوبہ سرحد اور کراچی میں بھی ایسے واقعات رونما ہوئے لیکن اللہ تعالے کے فضل و کرم سے اور حکومت کی کوششوں سے اس پر کافی کنٹرول ھوا.

جناب فضل حسین راہی

جناب والا۔ میری گزارش یہ ہے کہ کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ یہ پوائنٹ آؤٹ کر دیں کہ ان کی ان لوگوں سے کیا مراد ہے جو ایسے عمل کو روکنا چاہتے ہیں . وہ کون لوگ ہیں . اس سے بہتر یہ تھا کہ حکومت اب تک ملزمان تک پہنچ چکی ہوتی ۔ اور یہ یہاں پر کھڑے ہو کر یہ بتاتے کہ جن لوگوں نے دھماکہ کیا ہے ہمارے صوبے کی پولیس نے ان ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے اور ان لوگوں کا تعلق ان لوگوں کے ساتھ ہے ۔ یہ مفروضہ پر باتیں کرنا کہ ان لوگوں نے کیا ہے درست نہ ہے۔

جناب سپیکر

یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔ راہی صاحب یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں.

ہے مجھے افسوس ہے۔ مقرر کی تقریر میں خلل انداز نہ ہوں۔

## وزیر زراعت

جناب والا۔ میں عرض کروں کہ کچھ لوگوں نے یہ کوشش کی کہ پنجاب میں بھی دوسرے صوبوں کی طرح امن و امان کو تہہ و بالا کیا جائے اور مختلف شکلوں میں یہ کوشش کی گئی اور حکومت پاکستان اور حکومت پنجاب کی دی گئی آزادیوں کو کچھ لوگوں نے غلط استعمال کرنا چاہا اور جب ان کی تمام تر کوششیں اس سلسلہ میں بار آور ثابت نہ ہو سکیں کہ پنجاب کی امن و امان کو تہہ و بالا کر کے یہاں پر کوئی تحریک جنم لے سکے تو انہوں نے مختلف ہتھکنڈے اپنائے اور وہ اس کوشش میں رہے کہ جب تک پاکستان کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں کوئی خلل واقع نہیں ہوتا اور امن و امان تہہ و بالا نہیں ہوتا ہے۔ وہ اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اور یہ پورا ایوان اور پورا پنجاب اور پورے ملک کے عوام اور حکومت پنجاب اس اندوہناک اور شرمناک واقعہ کی پر زور مزمت کرتے ہیں۔ جناب والا یہ کہنا کہ یہ واقعہ کتنی سنگین نوعیت کا حامل ہے۔ میں اور حکومت پنجاب اس غم میں پوری طرح شامل ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جب جناب وزیر اعظم اور جناب صدر پاکستان کی انتہائی انتھک کوششوں سے اور اعلیٰ پالیسی کے نتیجہ میں ملک کے حالات سدھرے تو پھر ان لوگوں نے اس بارے میں سوچنا شروع کیا کہ کسی طور پر بھی امن و امان تہہ و بالا نہیں ہو رہا ہے تو یہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی معلوم ہوتا ہے کہ اس صوبے کی امن و امان کو تہہ و بالا کر کے انکی مزموم کوششوں کو بار آور ثابت کرنے کے لئے کوشش کی جائے۔ اس لئے نہ صرف یہ پورا ایوان بلکہ پورا پنجاب نہ صرف اس غم میں شریک ہے بلکہ اس واقعہ کی مزمت کرتے ہوئے ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ حکومت پنجاب ان ملزمان کو جنہوں نے یہ بزدلانہ فعل کیا ہے یہ جو دھماکہ کیا گیا ہے، اس کا پتا چلانے کے لئے اور انکو گرفت میں لانے کیلئے ایسے تمام مشکوک افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھے ہوئے ہے اور انشاءاللہ ہم آپ کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان پر پوری طرح قابو پا کر اس صوبے کے امن و امان کی ذمہ داری جو کہ اس حکومت پر عائد ہوتی ہے، اس کو پورا کرنے کے لئے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے۔

## جناب فضل حسین راھی

جناب سپیکر، میں یہ دریافت کرنا چاہوں گا کہ ایسے مشکوک افراد سے ان کی

مراد کیا ہے اور کن مشکوک افراد کی یہ تفتیش کریں گے، یہ ایک دھماکہ ہوا ہے اور اس دھماکہ پر صدر اور وزیر اعظم کی پالیسیوں پر بحث کی جارہی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ آپ سپیکر کی تقریر میں مخل نہ ہوں ان کو اپنی بات مکمل کرنے دیں۔ آپ اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔

**وزیر زراعت۔**

جناب والا، میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ کو اپنی حیثیت خود اپنے طور پر مشکوک نظر آتی ہے تو میں اس میں کچھ کہنے کی پوزیشن میں نہیں ہوں، جناب والا۔ یہ بات جناب کے علم میں ہے کہ جب اس صوبے کے امن وامان کو تہہ وبالا کرنے کی کوشش ہوئی تو اس پورے ایوان کے علم میں ہے کہ جناب چیف منسٹر کی سرکردگی میں اور ان تمام حالات سے احسن طریقہ سے نپٹنے کے لئے جس خوش اسلوبی کا مظاہرہ کیا گیا، جس طرح سیاسی اور شخصی آزادیوں کو بحال کر کے پنجاب میں تمام سیاسی سرگرمیوں کی اجازت دی گئی۔ اور آج تک اس پر کوئی قدغن نہیں لگائی گئی۔ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس آزادی سے ناجائز فائدہ اٹھائے، اگر کوئی سیاسی قوت یا اس بزدلانہ فعل میں ملوث افراد یہ چاہتے ہیں کہ شاید یہ حکومت کی کمزوری ہو تو یہ ان کی غلطی ہے اور ایسے تمام حالات سے نپٹنے کے لئے حکومت پنجاب جناب چیف منسٹر کی سرکردگی میں انشاءاللہ ان سے پوری طرح عہدہ برآ ہونے کے لئے تیار ہے۔ اس لئے ایسے بزدلانہ حملوں، ایسے واقعات سے ہم گھبرانے والے نہیں ہیں۔

**جناب سرفراز نواز**

جناب سپیکر، چوہدری صاحب نے جو بات کی ہے، اس کے متعلق یہ عرض ہے کہ مجھ پر جو بزدلانہ حملہ کیا گیا، ان ملزمان کو تو آج تک گرفتار نہیں کیا گیا ہے

---------

**جناب سپیکر۔**

سرفراز نواز صاحب، یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ یہ آپ کی بات پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتی ہے مجھے افسوس ہے۔ آپ اپنی نشست پر تشریف رکھیں۔

## وزیر زراعت۔

جناب والا، آپ کی اجازت سے میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جہاں تک اس تحریک التوائے کار کا تعلق ہے۔ اس کے واقعات اور محرکات اور اس کے پیچھے کن مزموم سازشوں کا اس میں ہاتھ ہے، کن افراد اور کن سیاہ کاروں کا اس میں ہاتھ ہے، اس سلسلہ میں گورنمنٹ کے پاس ابھی تک پوری اطلاعات نہیں ہیں۔ رات کا جو وقوعہ جو کہ گیارہ بجکر چالیس منٹ پر ہوا اب تک جو معلومات موصول ہوئی ہیں۔ اس بارے میں، میں ایوان کو اعتماد میں لینے کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ واقعہ قلعہ لچھمن سنگھ، چوک فوارہ راوی روڈ، لاہور پر ہوا ہے۔ جسمیں اہل حدیث کانفرنس کی ایک کارنر میٹنگ ہو رہی تھی۔ جس میں لوگوں کی بہت بڑی تعداد موجود نہیں تھی۔ اڑھائی تین سو آدمیوں کے قریب ایک جلسہ تھا۔ یہ جلسہ نو بجکر چالیس منٹ پر شروع ہوا۔ اس میں مختلف افراد شامل تھے۔ اس کی صدارت شیخ احسان الحق صاحب نے کی۔ انور صادق، محمد خان نجیب، مولانا حبیب الرحمان یزدانی نے پہلے تقاریر کیں۔ اور آخر میں علامہ احسان الہی ظہیر صاحب نے جب تقریر شروع کی اور ان کی تقریر ابھی جاری تھی کہ گیارہ بج کر پینتیس منٹ پر رات کو سٹیج سے ایک دھماکہ ہوا جو کہ کافی زبردست تھا اس سے کافی لوگ زخمی ہوگئے نزدیکی عمارتوں کے شیشے بھی ٹوٹے اور جو افراد اس میں زخمی ہوئے ان کی تعداد ستر اسی کے قریب ہے ان کو فوری طور پر مختلف ہسپتالوں میں طبی امداد دی گئی۔ جن میں سروسز ہسپتال میو ہسپتال اور دیگر نزدیکی ہسپتالوں میں ان لوگوں کو منتقل کیا گیا۔ اب تک جو اطلاعات موصول ہوئی ہیں اس میں چھ افراد جس میں (۱) محمد خان نجیب صاحب (۲) شیخ احسان الحق صاحب جو توحید آباد راوی روڈ کے رہنے والے تھے اور نجیب صاحب جو مرکزی صدر اہل حدیث یوتھ فورس سیالکوٹ کے رہنے والے تھے۔ محمد عالم جو فوٹو گرافر تھے۔ عبدالسلام جو بیگم کوٹ کے رہنے والے تھے۔ سلیم فاروقی جو کہ فوٹو گرافر تھے اور عبدالخالق قدوسی ان چھ آدمیوں کے المناک وفات کی اطلاع ملی ہے اور زخمیوں میں سے دس آدمیوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ علامہ احسان الہی ظہیر صاحب کی حالت کے بارے میں بھی ابھی تک کچھ کہا نہیں جاسکتا۔ اس واقعہ کے فورا بعد جب ہمیں اطلاع ملی تو ڈاکٹروں کی ٹیمیں اسی وقت سے ان کو تمام تر طبی سہولتیں باہم پہنچانے کیلئے کوشاں ہیں۔ اس کے علاوہ کمشنر، ڈپٹی کمشنر، ڈی۔ آئی جی اور متعلقہ افسران رات کو اس وقت جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور ہسپتال میں بھی زخمیوں کی عیادت

اور طبی دیکھ بھال کے لئے ہسپتال میں موجود رہے اور تمام رات اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے رہے وہاں پر موقع سے جو بم کے ٹکڑے دوسری ایسی چیزیں جو EVIDENCE ہیں ان کو حاصل کرنے کیلئے تمام کوششیں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں عرض کرنا چاہوں گا کہ اس واقعہ کے بارے میں حکومت اپنی طرف سے پوری طرح کوشاں ہے کہ ان کے محرکات کا پتہ چلایا جائے اور ان بدنام زمانہ ہاتھوں کو اجاگر کیا جائے۔ اسلئے اس بارے میں کچھ وقت درکار ہے۔ جناب والا جہاں تک تحریک التواء کا تعلق ہے تو میں یہ عرض کروں گا کہ ابھی ابھی میاں محمود احمد صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ نماز جنازہ شام ۵ بجے ہو گی۔ اس اندوہناک واقعہ کے بعد ایوان میں کچھ عرصہ کیلئے خاموشی پر، یا کچھ دیر کیلئے اجلاس ملتوی کرنے پر حکومت کو یا ایوان کو اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ محض ایوان کو ملتوی کر کے اپنے اپنے گھروں میں جا کر آرام کرنے سے یہ کوئی لواحقین سے ہمدردی کا ذریعہ نہیں ہو سکتا۔ اس غم میں ہم اپنی ذمہ داریوں کو پوری طرح نبھاتے ہوئے ان کے ساتھ پوری طرح سے شریک ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی اگر ایوان چاہے کہ ایوان کو ملتوی کیا جائے اور ان کے ساتھ ان کے غم میں شریک ہوا جائے تو ہماری طرف سے حکومت کی طرف سے اسبارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ یہ ایوان کی اپنی صوابدید پر منحصر ہے۔ کیونکہ اگر ہم اپنی طرف سے حکومت کی طرف سے ایوان ملتوی کرنے کی بات کریں گے تو ہم پر یہ ذمہ داری عائد ہو گی کہ شاید ہم پرائیویٹ ممبرز ڈے کے کاروبار کو چلانے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ ہم اپنی طرف سے اس ایوان کی کارروائی کو سرانجام دینے کیلئے پوری طرح تیار ہیں اور اگر یہ ایوان چاہے کہ کچھ عرصے کیلئے کچھ وقفے کیلئے ایوان کو ملتوی کیا جائے تو ہم اس کیلئے تیار ہیں۔ اور اس کے بعد ایوان کی کارروائی کو جاری رکھا جائے ہم اس کیلئے تیار ہیں۔ اور جنازے کے ٹائم سے پہلے ایوان کو ملتوی کرنا انتہائی ضروری ہے تاکہ جنازے میں شامل ہو سکیں اور جیسا کہ نماز جنازہ شام کو پانچ بجے ہے۔ یہی ہو سکتا ہے کہ اس ایوان کے فاضل اراکین نماز جنازہ میں شرکت کریں اسلئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس تحریک التوائے کار کو ADMIT کر کے اگر آپ چاہیں تو اسے ابھی زیر بحث لے آئیں حکومت اس کیلئے بھی تیار ہے۔ اگر امن وعامہ پر عام بحث کے وقت میں اس کو بھی شامل کرنا چاہیں تو ہم اس کیلئے بھی تیار ہیں اسلئے میں یہ عرض کردوں کہ حکومت کے نقطہ نظر سے ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جناب سپیکر ہم جناب کی اور اس ایوان کی صوابدید پر چھوڑتے ہیں کہ اس کو ابھی اسی

وقت زیر بحث لایا جائے یا امن وعامہ کی بحث کے وقت اس کو TAKEUP کیا جائے حکومت اس فیصلے پر سر تسلیم خم کرے گی۔ اس کے ساتھ ہی ہم اس تمام غمگین حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے جو لوگ وفات پا گئے ہیں ان کے لواحقین سے اور جو لوگ زخمی ہو گئے ہیں ان کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اور اس افسوس ناک واقعہ کی مزمت کرتے ہیں۔ مہربانی اور شکریہ۔

**وزیر صنعت۔**

جناب والا میں جناب وزیر زراعت کے خیالات میں اپنے خیالات کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

جناب وائیں صاحب مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اس کیلئے طریقہ کار یہ ہے کہ اس تحریک کو ADMIT کرنے کے بعد تمام اراکین کو اس پر اظہار رائے کی اجازت دی جائے۔ I hold the motion in order. اور اس کیلئے اب میں یہ مسئلہ ایوان کے سامنے پیش کرتا ہوں کہ آپ اس بات کی اجازت دیتے ہیں۔

**آوازیں۔** اجازت ہے۔ (تحریک منظور کی گئی)۔

**جناب سپیکر۔**

اب بحث کیلئے آپ کیا مناسب سمجھتے ہیں کہ آج کا وقت مقرر کیا جائے؟

**آوازیں۔**

آج ہی بحث کی جائے۔

**جناب سپیکر۔**

آج اور اسی وقت۔

**آوازیں۔**

جی۔ ہاں۔

**جناب سپیکر۔** اور اب کتنا ٹائم اس پر مقرر کرنا چاہتے ہیں۔

## رانا پھول محمد خان۔

جناب والا اس مسئلے کی تہہ تک پہنچنے کیلئے حکومت کو وقت دینا چاہیئے اور اس کیلئے وقت درکار ہے کیونکہ یہ ایک سازش ہے ۔ اسلئے آج آپ صرف یہ فیصلہ کریں کہ اس ایوان کو کتنی دیر کیلئے ملتوی کرنا چاہیئے ۔ اور اس مسئلے پر اب کافی بحث ہو چکی ہے۔ اب آپ اس پر فیصلہ کر دیں کہ کتنی دیر کیلئے ایوان کو ملتوی کرنا ہے ۔۔

## جناب سپیکر۔

رانا صاحب آپ تشریف رکھیں۔

## میاں محمود احمد

جناب والا میری یہ گزارش ہے کہ اس ایوان کی کاروائی کو کچھ دیر کیلئے ضرور ملتوی کیا جائے۔ اس کے بعد جو بھی کارروائی کرنی ہے کریں ۔ لیکن مہربانی کر کے اس ایوان کی کارروائی کو کچھ دیر کیلئے ضرور ملتوی کیا جائے۔

## جناب سپیکر ۔

جناب وزیر قانون کی اس سلسلے میں کیا رائے ہے۔؟

## وزیر قانون و پارلیمانی امور۔

جناب سپیکر جناب وزیر اعلیٰ اس سلسلے میں کچھ فرمانا چاہینگے۔

## جناب سپیکر ۔

جناب وزیر اعلیٰ اس سلسلے میں بات کرنا چاہتے ہیں۔

## وزیر اعلیٰ پنجاب۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب سپیکر ابھی وزیر زراعت نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس مسئلے پر گفتگو کی ہے اور سارے حالات اور واقعات کا تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ حکومت پنجاب جو ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## جناب سپیکر ۔

I am sorry for the interruption. اس میں یہ کرنا ہو گا کہ ہم

اس پر ابھی سے بحث کا آغاز کرتے ہیں کیونکہ یہ تحریک ADMIT ہو چکی ہے اور اس پر مزید بات کرنے کیلئے ہم ٹائم مقرر کر لیتے ہیں اور پھر اس کے بعد آپ بات کریں۔

**وزیر زراعت۔**

جناب والا جو آپ نے دریافت کیا ہے اس سلسلے میں وہ بات کرنا چاہتے ہیں۔؟

**جناب سپیکر۔**

——— جو دریافت کیا گیا ہے اس سلسلے میں بات کرنا چاہتے ہیں؟ تو پھر ارشاد فرمائیں۔

**وزیر اعلیٰ پنجاب۔**

جناب والا میں مختصراً یہ عرض کروں گا کہ یہ ایک بہت افسوس ناک واقعہ ہے اور جیسا کہ آپ نے اس مسئلے پر بحث کی اجازت دی ہے اور ابھی آپ نے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ بحث ابھی کی جائے یا ایوان کو ملتوی کرنے کے بعد کی جائے یا اس کیلئے کوئی اور وقت مقرر کیا جائے۔ جو بھی آپ فیصلہ کریں گے اس کے مطابق عمل کیا جائے گا۔ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ واقعہ واقعی بہت افسوس ناک ہے اور پنجاب میں یہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہے۔ میرے خیال میں ابھی سب لوگ قیاس آرائیاں کر رہے ہیں کہ اس کا سبب کیا ہو سکتا ہے۔ کچھ لوگ یہ بھی محسوس کرتے ہیں کہ کراچی اور پشاور کے واقعات کے بعد اب تخریب کاروں نے پنجاب کا رخ کیا ہے کوئی اس میں فرقہ پرست لوگوں کے ہاتھ کی بات کرتا ہے لہذا میں یہ عرض کروں گا کہ جب تک کہ اصل ملزمان سامنے نہیں آجاتے۔ حکومت ملزمان کو اپنی گرفت میں نہیں لے لیتی۔ اس وقت تک اس پر کچھ کہنا قبل از وقت ہو گا۔ اگر آپ آج اس مسئلے پر بحث کرنا چاہتے ہیں تو معزز اراکین اس بحث میں حصہ لے سکتے ہیں ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں لیکن حکومت کی طرف سے حتمی بات اس وقت تک نہیں کہی جا سکتی جب تک اصل بات سامنے نہ آجائے اس لئے اس وقت تک کچھ کہنا مناسب نہ ہو گا۔ لیکن ہم سب اس واقعے کی شدید ترین مذمت کرتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کروں گا کہ جہاں تک حکومت کا اور انتظامیہ کا تعلق ہے میں نے آج صبح ہی بلکہ کل رات جب اس واقعے کا مجھے علم ہوا تو میں نے اس وقت انتظامیہ کو یہ ہدایات جاری کیں کہ جب تک اس واقعہ کی تہہ تک نہ پہنچ جائے جب تک کہ مجرموں کو پکڑ

نہ لیا جائے اس وقت تک آپ لوگ چین سے نہیں بیٹھیں گے (نعرہ ہائے تحسین) اس میں انشاءاللہ تعالیٰ ہماری کوشش یہی ہو گی کہ جلد از جلد حقائق کا پتہ کیا جائے اور اس بات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور تمام واقعات کی تہہ تک پہنچ کر اصل حقائق کو معلوم کیا جائے۔ اس لئے میری آپ سے اس سلسلے میں گزارش یہ ہے کہ جیسا کہ آپ ایوان کو ملتوی کرنے کیلئے ایوان کی رائے معلوم کر رہے تھے۔ میری بھی آپ سے یہ درخواست ہے کہ کچھ دیر کیلئے ایوان کو ملتوی کر دیا جائے۔ اب یہ فیصلہ آپ پر منحصر ہے کہ اس تحریک التوائے کار کو آج ہی TAKEUP کرنا چاہتے ہیں یا کل اور پرسوں کسی وقت TAKEUP کرنا چاہتے ہیں یہ آپ کی مرضی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

اس کے متعلق میں جو سمجھا ہوں اس پر مختلف آراء آئی ہیں۔ میرے خیال میں یہ بات زیادہ صائب ہے کہ آپ کے سامنے بھی جملہ حالات اور واقعات سامنے آنے چاہئیں۔ تاکہ آپ اس بحث میں حصہ لے سکیں اور گورنمنٹ کیسامنے بھی سارے حقائق آنے چاہئیں تاکہ وہ اس سلسلے میں آپ کے سامنے اپنا نقطہ نظر پیش کر سکے۔ اس لئے بہتر یہ ہے کہ ہم اس کے متعلق ٹائم مقرر کریں جو کہ کم از کم دو گھنٹے ہونا چاہیئے لیکن یہ ۲۶ تاریخ کیلئے کریں

۔ اب یہ طے ہوا کہ ۲۹ تاریخ کو دو گھنٹے ہم اس تحریک کیلئے مخصوص کریں گے۔ اب ہم اس اندوھناک واقعہ پر اس کے جو شہداء ہیں ان کے لواحقین کے غم میں شریک ہونے کیلئے پنجاب اسمبلی کا اجلاس دس منٹ کیلئے ملتوی کرتے ہیں۔

(اس کے بعد اجلاس کی کارروائی دس منٹ کیلئے ملتوی کر دی گئی)

(وقفہ کے گیارہ بجکر سینتالیس منٹ پر جناب سپیکر کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب سپیکر۔**

میاں مختار احمد شیخ صاحب کی طرف سے ایک تحریک ہے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

جناب والا میں درخواست کرتا ہوں کہ اسے اگلے منگل وار تک کیلئے ملتوی کر دیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

جی درست ہے، ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔ ریاض حشمت جنجوعہ صاحب کی طرف سے یہ دوسری تحریک ہے۔

**میاں محمود احمد۔**

جناب والا میرے پاس چند رپورٹیں ہیں میں چاہتا ہوں کہ یہ پہلے ہاؤس میں پیش کر دوں اس کے بعد آپ ہاؤس کی کارروائی جاری رکھ سکتے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

میاں صاحب یہ رپورٹیں کس چیز کی ہے۔

**میاں محمود احمد۔**

جناب والا یہ استحقاق کمیٹی کی رپورٹیں ہیں۔ ان کو پیش کرنا انتہائی ضروری ہے۔

**جناب سپیکر۔**

میں آپ کو رپورٹیں پیش کرنے کی اجازت دے دیتا ہوں مگر ذرا تشریف رکھیئے۔ ریاض حشمت جنجوعہ صاحب تشریف نہیں رکھتے ان کی تحریک تھوڑی دیر کیلئے التواء میں رکھ لیتے ہیں۔ جی میاں محمود احمد صاحب آپ اپنی تحریکیں پیش کرنا چاہتے ہیں،

# مجلس قائمہ برائے استحقاقات کی رپورٹوں کا پیش کیا جانا۔

**میاں محمود احمد۔**

جناب والا مَیں تحریک استحقاق نمبر ۱ پیش کردہ جناب پیر اللہ یار چشتی صاحب ایم پی اے کے بارے میں مجلس استحقاقات کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

(رپورٹ پیش کی گئی)

**میاں محمود احمد۔**

جناب والا۔ میں تحریک استحقاق نمبر ۲ پیش کردہ جناب سید طاہر احمد شاہ ایم پی اے کے بارے میں مجلس استحقاقات کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتا ہوں"۔

(رپورٹ پیش کی گئی)

**میاں محمود احمد۔**

جناب والامیں تحریک استحقاق نمبر ۱۷ پیش کردہ میاں محمد اسحاق صاحب ایم پی اے کے بارے میں مجلس استحقاقات کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

(رپورٹ پیش کی گئی)

# مجالس قائمہ برائے استحقاقات کی رپورٹیں پیش کرنے کی میعاد میں توسیع۔

**میاں محمود احمد۔**

جناب والا۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ تحریک استحقاق نمبر ۱۰ پیش کردہ جناب ملک محمد اشرف بارا صاحب ایم پی اے کے بارے میں مجلس استحقاقات کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی مدت میں ۳۰ جون تک کی توسیع کی جائے"

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔ کہ تحریک استحقاق نمبر ۱۰ پیش کردہ جناب ملک محمد اشرف بارا ایم پی اے کے بارے میں مجلس استحقاقات کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی مدت میں ۳۰ جون تک کے لئے توسیع کی جائے"

(تحریک منظور ہوئی)

**میاں محمود احمد۔**

جناب والا۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں۔

"کہ تحریک استحقاق نمبر ۲ پیش کردہ بیگم شاہین منور احمد صاحبہ ایم پی اے کے بارے میں مجلس استحقاقات کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی مدت میں ۳۰ جولائی تک توسیع فرمائی جائے۔"

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔
"کہ تحریک استحقاق نمبر ۲ پیش کردہ بیگم شاہین منور احمد ایم پی اے کے بارمیں مجلس استحقاقات کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی مدت میں ۳۰ جولائی تک توسیع کی جائے۔"

(تحریک منظور کی گئی۔)

**چوہدری گل نواز خان وڑائچ۔**

جناب والا اس پر ایک فیصلہ ہوچکا ہے اور اب پھر یہ نئی بن گئی ہے۔ پھر اس کو نئے سرے سے کیوں لے رہے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

تحریک استحقاق جس پر مدت درکار ہے بیگم شاہین منور احمد صاحبہ کی طرف سے ہے۔ آپ کے علم میں ہے کہ اس تحریک استحقاق پر پہلے غور ہوا پھر یہ ایوان میں آئی اور پھر یہ دوبارہ استحقاق کمیٹی کے پاس گئی ہے۔ یہ کیونکہ پچھلے دنوں استحقاق کمیٹی کے پاس گئی ہے اس لئے انہیں اس پہ مدت درکار ہے۔

**چوہدری گل نواز خان وڑائچ۔**

جناب والا وہ تو پچھلی رپورٹ پڑھ کر بھی اس کا فیصلہ کر سکتے ہیں، انہیں جون تک ایک ماہ دے دیا جائے میرے خیال میں کافی ہے۔

**میاں محمود احمد۔**

جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ اس کیلئے وقت کم ہے۔

**جناب سپیکر۔** میں سمجھتا ہوں چوہدری صاحب اس کیلئے یہ بات جائز ہے آپ ذرا غور تو فرمائیں۔

**چوہدری گل نواز خان وڑائچ۔** ٹھیک ہے سر جیسے آپ مناسب خیال فرمائیں۔

**جناب سپیکر۔** جی شکریہ، اجازت دی جاتی ہے۔ جی میاں صاحب اگلی تحریک پیش کریں۔

**میاں محمود احمد۔** بس جناب والا شکریہ،

**جناب سپیکر۔** ایک اور بھی ہے۔

**میاں محمود احمد۔** جناب والا یہ تحریک کس کی ہے ذرا وضاحت فرمائیں۔

**جناب سپیکر۔** ہاں یہ اور ہے، آپ سے متعلقہ نہیں ہے۔

**میاں محمود احمد۔** جناب والا شکریہ،

**جناب سپیکر۔** میاں محمود احمد صاحب کی طرف سے ایک تحریک ہے۔

**چوہدری گل نواز خان وڑائچ۔** جناب والا اگر اجازت ہو تو میں بھی ایک تحریک پیش کرنا چاہتا ہوں جو کہ

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نمبر ۲ کی طرف سے ہے۔

**جناب سپیکر۔**

چوہدری صاحب ذرا اس کا فیصلہ ہو جانے دیں۔ یہ تحریک استحقاق کمیٹی کے غور کیلئے ہے اس کو ملتوی کر دیتے ہیں ۔ جناب چوہدری صاحب۔

# پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کی میعاد میں توسیع۔

**چوہدری گل نواز خان وڑائچ۔**

جناب والا میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں۔ "کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نمبر ۲ جس کی رپورٹ مورخہ ۱۶/۰۲/۸۷ کو ایوان میں پیش کرنی تھی اسکی میعاد میں مورخہ ۳۱/۱۲/۸۷ تک کیلئے توسیع فرمائی جائے۔"

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

"کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نمبر ۲ جس کی رپورٹ مورخہ ۱۶/۰۲/۸۷ کو ایوان میں پیش کرنی تھی اسکی میعاد میں مورخہ ۳۱/۱۲/۸۷ تک کے لئے توسیع کی جائے۔"

(تحریک منظور کی گئی)

**ملک ممتاز احمد بھچر۔**

جناب والا مولانا منظور احمد چنیوٹی صاحب یہاں بیٹھے ہیں خدا نخواستہ کہیں یہ لیڈر آف دی ہاؤس تو نہیں بن گئے۔ (نعرہ ہائے تحسین۔)

**جناب سپیکر۔** جناب میاں محمود احمد کی طرف سے بل ہے۔ جناب میاں محمود احمد

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔** آج کے ایجنڈا کے حصہ اول کی آئٹم نمبر ۲ اور ۳ میں میری طرف سے تحریکیں تھیں۔

جناب سپیکر۔ آپکی طرف سے استحقاقات کمیٹی کی رپورٹوں پر غور سے متعلق تحریکیں تھیں۔ آپ تشریف نہیں رکھتے تھے۔ ہم نے ان کو پینڈنگ کر دیا ہے۔ کیا اب آپ ان کو پیش کرنا چاہتے ہیں۔؟

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

جناب والا میں ان کو پیش کرنا چاہتا ہوں۔

**چودہری غلام احمد خان۔**

جناب والا میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نمبر ۱ جس کی رپورٹ مورخہ ۱۶/۲/۸۷ کو ایوان میں پیش کرنا تھی اسکی میعاد میں مورخہ ۳۱/۱۲/۸۷ تک توسیع کر دی جائے۔

**جناب سپیکر۔**

صاحبان کی کیا رائے ہے۔؟

**چودہری گل نواز خان وڑائچ۔**

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نمبر ۱ نہیں لکھا ہوا یہ ساتھ لکھ دیں۔

**جناب سپیکر۔**

چودہری صاحب نمبر ۱ کر دیں۔

**چودہری غلام احمد خان۔**

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نمبر ۱ لکھا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

"کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نمبر ۱ جسکی رپورٹ مورخہ ۱۶ فروری ۱۹۸۷ء کو ایوان میں پیش کرنا تھی اسکی میعاد میں مورخہ ۳۱ دسمبر ۱۹۸۷ء تک توسیع کر دی جائے۔"

(تحریک منظور کی گئی)

# مجلس قائمہ برائے استحقاقات کی رپورٹ پر بحث۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

جناب سپیکر میں آپکی اجازت سے یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ تحریک استحقاق نمبر ۹ جو جناب محمد غیاث الدین صاحب کی طرف سے آر۔ایم شکر گڑھ کی طرف سے ان کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے کے بارے میں پیش کی گئی تھی اس پر مجلس استحقاقات کی رپورٹ اس ایوان میں پیش کر دی گئی ہے۔ میری گزارش ہے کہ اسے زیر غور لایا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے اور اس میں کوئی ترمیم نہیں آئی ہے اس لئے سوال یہ ہے۔ کہ تحریک استحقاق نمبر ۹ بابت آر ایم شکر گڑھ کی طرف سے جناب محمد غیاث الدین صاحب کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے کے بارے میں مجلس استحقاقات کی رپورٹ زیر غور لائی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

**وزیر صنعت۔**

معلوم ہوتا ہے یہ فیصلہ خاموش رہنے والوں کے حق میں ہے۔

**جناب سپیکر۔**

بات صحیح معلوم ہوتی ہے لیکن خاموش رہنے والوں کے حق میں رولز کے مطابق فیصلہ کیا نہیں جاسکتا۔ یہ تحریک منظور ہوئی۔ اب یہ رپورٹ زیر غور لائی جاتی ہے۔ جو صاحبان اس بحث میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ اپنے اپنے اسماء گرامی کی چٹیں میرے پاس بھیج دیں۔

**مولانا محمد غیاث الدین۔**

جناب سپیکر میں اس سلسلہ میں گزارش کروں گا کہ آر ایم شکر گڑھ نے میرے روحانی مرشد زیب سجادہ آستانہ عالیہ علی پور سیدان شریف کی وساطت سے معافی طلب کر لی تھی اور فریقین کی باہمی رضامندی سے وہ معافی تلافی ہو گئی ہے۔ لہذا میں اس تحریک کو واپس لیتا ہوں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا کمیٹی کی رپورٹ کے بعد مولانا صاحب کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنی اس تحریک کو واپس لے سکیں۔ اب یہ ہاؤس کی پراپرٹی ہے۔ جب جناب نے ہاؤس میں پیش کر دی ہاؤس کی رائے لیکر مولانا کی رائے کا احترام کرنا چاہیئے اور پھر واپس کر دینی چاہیئے۔

**مولانا محمد غیاث الدین۔**

جناب سپیکر میں پورے ایوان سے یہ گزارش کروں گا کہ اب وہ اس بحث میں حصہ نہ لیں کیونکہ معافی تلافی ہو گئی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

جناب لاء منسٹر صاحب اس سلسلے میں ارشاد فرمائیں گے کہ جو رانا پھول محمد خان صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ اب ہاؤس کی پراپرٹی ہے۔ اس پر کوئی فیصلہ کرنے کا ہاؤس مجاز ہے۔

**وزیر قانون۔**

اس پر ہاؤس فیصلہ کر سکتا ہے۔ یہ ہاؤس سے درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ پراپرٹی ہاؤس کی ہے۔ ہاؤس ہی اس پر کوئی فیصلہ کر سکتا ہے۔ میں ساتھ درخواست کرتا ہوں کہ مولانا صاحب کی بات کو مان لیں۔

**جناب سپیکر۔**

یہ بات جو رانا صاحب نے کی ہے اس پر یہ طے ہوا کہ یہ معاملہ اب مولانا غیاث الدین صاحب کا نہیں بلکہ یہ سارے ہاؤس کا معاملہ ہے۔ اس پر کوئی فیصلہ معزز

ایوان ہی کر سکتا ہے اس پر جناب مولانا غیاث الدین صاحب فیصلہ کرنے کے مجاز نہیں لیکن انہوں نے یہ فرمایا ہے جیساکہ آپ سن چکے ہیں اب اس بارے میں آپکی کیارائے ہے؟ اس تحریک کو مولانا صاحب واپس لیناچاہتے ہیں۔ اس پر ہاؤس کی کیارائے ہے؟ جوصاحبان اس کے حق میں ہیں وہ "ہاں" کہیں.....

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر مجلس استحقاقات نے مولاناصاحب کی تحریک استحقاق پر جو رپورٹ پیش کی ہے قواعد انضباط کار پنجاب اسمبلی کی روسے مجھے اس پر کچھ فنی اعتراضات ہیں۔ قبل اسکے کہ آپ اس ایوان کا کوئی فیصلہ حاصل کریں مجھے اس بات کا موقع دیاجائے کہ میں اس بارے میں کچھ گزارشات پیش کر سکوں۔

## وزیر زراعت۔

چونکہ جناب سوال PUT UP کر چکے ہیں۔ آپکا پوائنٹ آف آرڈر صرف اس بارے میں ہوسکتا ہے کہ جناب نے رائے لی ہے۔ رائے صحیح ہے یا نہیں۔ اسکے علاوہ اور کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہوسکتا۔

## جناب سپیکر۔

میں سمجھتا ہوں کہ جناب جنجوعہ صاحب آپ کا پوائنٹ آف آرڈر صرف اس معاملہ میں ہوسکتا ہے کہ یہ جو رائے لی جارہی ہے یا جو اسکے لئے طریقہ کار اختیار کیا جارہا ہے اس میں کوئی غلطی تو نہیں۔ اگر کوئی غلطی ہے تو آپ اسکی نشاندھی پوائنٹ آف آرڈر کے ذریعہ کر سکتے ہیں۔

## میاں محمد افضل حیات۔

جناب سپیکر۔ مجھے اس میں صرف اتنا عرض کرنا ہے کہ ایک موشن بحث کے لیے منظور ہو چکی ہے۔ اب پہلے اس کے اوپر بحث ہوگی۔ اس کے بعد یہ فیصلہ ہو گا کہ اس کو واپس لیناچاہیئے یا اس کے اوپر کیا ایکشن لیناچاہیئے۔ انھیں معاف کرنا ہے یا انھیں سزا دینی ہے۔ اب بحث کی بات ہے۔ آپ نے اس سے پہلے فرمایا ہے کہ جنھوں نے اس کے اوپر بحث کرنی ہے وہ اپنے نام آپ کو بھیج دیں۔ اب جب تک یہ بحث نہیں ہو جاتی، یا اگر کوئی اس پر بحث کرنے کے لیے ہی تیار نہیں تو اس کے بعد یہ ہاؤس فیصلہ کر سکتا ہے کہ اس کے اوپر

کیا کرنا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

بالکل آپ کے ارشاد کیمطابق یہ عمل ہو رہا ہے۔ اس کو ہاؤس نے زیر بحث لانے کی اجازت دی اور اس کے بعد مولانا غیاث الدین صاحب کی درخواست پر ہاؤس نے ہی اس کے حق میں فیصلہ کر دیا کہ اس تحریک کو واپس لینے کی اجازت دی جاتی ہے۔

**میاں محمد افضل حیات۔**

لیکن محرک کو موقع نہیں ملا کہ وہ اپنی بات کر سکیں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

محرک کا حق شفع نہیں ہوتا۔ جب محرک ایک تجویز پیش کرے اور ایوان کی اجازت ہو جائے تو محرک بیچ میں سے غائب ہو جاتا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ درست بات ہے۔ تو جو صاحبان اس کے خلاف ہیں وہ "نہ" کہیں گے۔ (نہ کی آوازیں)

**جناب سپیکر۔**

تو یہ باتفاق رائے فیصلہ ہو گیا کہ مولانا غیاث الدین صاحب کی جو تحریک استحقاق ہے، اس کو وہ واپس لیتے ہیں۔ اس کو آج زیر بحث نہیں لایا جاتا اور یہ ختم ہوتی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

میاں محمود احمد صاحب اور آپ دونوں کی طرف سے ایک تحریک ہے۔ میاں محمود احمد صاحب تشریف نہ رکھتے تھے۔ اب آپ اس کو پیش کرنا چاہتے ہیں؟

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

جی ہاں۔ جناب سپیکر، میں آپ کی اجازت سے یہ تحریک پیش کروں گا کہ تحریک استحقاق نمبر ۲، جو کہ اس اسمبلی کی معزز رکن بیگم نجمہ تابش الوری صاحبہ نے محکمہ پبلک ہیلتھ پنجاب کے ریسٹ ہاؤس واقعہ راولپنڈی اور مری میں قیام کی اجازت نہ دینے کے

بارے میں اس ایوان میں پیش کی تھی اور اس ایوان نے باتفاق رائے اسے مجلس قائمہ برائے استحقاقات کے سپرد کیا تھا اور اس پر مجلس قائمہ برائے استحقاقات کی رپورٹ اس ایوان میں پیش کر دی گئی ہے، اس رپورٹ کو فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے اور چونکہ اس میں ابھی تک کوئی ترمیم نہیں آئی، اس لیے سوال یہ ہے۔

"کہ تحریک استحقاق نمبر ۴ بابت بیگم نجمہ تابش الوری صاحبہ کو محکمہ پبلک ہیلتھ پنجاب کے ریسٹ ہاؤس واقعہ مری اور راولپنڈی میں قیام کی اجازت نہ دینے کے بارے میں مجلس استحقاقات کی رپورٹ زیر غور لائی جائے۔"

**جناب سپیکر۔**

میرے خیال میں فیصلہ "نہ" والوں کے حق میں ہے۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب سپیکر، یہ ایوان کی محترم رکن بیگم نجمہ تابش الوری صاحبہ کے استحقاق کا مسئلہ ہے۔ میری درخواست ہے کہ ذرا گنتی کروالی جائے۔

**جناب سپیکر۔**

فیصلہ کا حتمی اعلان نہیں کیا گیا۔ اس پر اعتراض کیا گیا ہے۔ جو صاحبان اس کے حق میں ہیں، وہ اپنی نشستوں پر کھڑے ہو جائیں۔ جو صاحبان اس کے خلاف ہیں وہ اپنی سیٹوں پر کھڑے ہو جائیں۔ فیصلہ نہ والوں کے حق میں ہے، فیصلہ نہ والوں کے حق میں ہے۔ (تحریک نامنظور کی گئی)

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر، گو آپ فیصلہ کر چکے ہیں، لیکن میں اس بارے میں ایک گزارش کرنا چاہوں گا۔ مجھے آپ کا فیصلہ صدق دل سے قبول ہے۔ لیکن کاش ہمارے ممبر حضرات کو اس بات کا احساس ہوتا کہ اس تحریک کے بارے میں مجلس استحقاقات نے کتنی زبردست قسم کی رپورٹ دی ہے۔ اور پنجاب پبلک ہیلتھ کے جن

افسران نے ہماری معزز رکن کے ساتھ انتہائی نازیبا رویہ اختیار کیا تھا، ان کے بارے میں مجلس نے یہ لکھا ہے کہ ان کو جبری ریٹائر کر دیا جائے۔ جب ہم مجلس استحقاق کی رپورٹ کا خود یہ حشر کریں گے۔

**جناب سپیکر۔**

فیصلہ ہو چکا ہے۔ اب اس پر بات کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

## مسودات قانون۔

**جناب سپیکر۔**

یہ ایک پرائیویٹ ممبرز بل ہے اور یہ میاں محمود احمد صاحب کی طرف سے ہے۔ جناب میاں محمود احمد صاحب تشریف نہیں رکھتے ہیں۔ ان کی طرف سے پرائیویٹ بل ہے۔ لہذا یہ لیپس ہوتا ہے۔ دوسرا بل بھی میاں محمود احمد صاحب کی طرف سے ہے۔ جناب میاں محمود احمد صاحب تشریف نہیں رکھتے ہیں۔ یہ بھی لیپس ہوتا ہے۔

## مسودہ قانون (ترمیم) صنعتی ترقیاتی بورڈ پنجاب مصدرہ ۱۹۸۶ء

**جناب سپیکر۔**

اگلا بل جناب حاجی محمد اصغر چودھری صاحب کی طرف سے ہے۔

**حاجی محمد اصغر چودھری۔**

جناب سپیکر، میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں۔ مسودہ قانون (ترمیم) صنعتی ترقیاتی بورڈ پنجاب مصدرہ ۱۹۸۶ء کو پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

"کہ مسودہ قانون (ترمیم) صنعتی ترقیاتی بورڈ پنجاب ۱۹۸۶ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**وزیر صنعت۔**

اس کی مخالفت کی جاتی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

حاجی صاحب، آپ اس پر کچھ فرمانا چاہیں گے؟

**حاجی محمد اصغر چودھری۔**

میں پیش کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

آپ نے پیش کرنے کے لیے اجازت مانگی ہے۔ جناب غلام حیدر وائیں صاحب وزیر متعلقہ نے اس کی مخالفت کی ہے۔ اب آپ اس پر کچھ فرمانا چاہتے ہیں تو فرمائیں۔

**حاجی محمد اصغر چودھری۔**

جناب سپیکر، میں نے جو بل پیش کیا ہے، اس میں میری رائے یہ ہے کہ جو صنعتی ترقیاتی بورڈ کسی انڈسٹری کی اجازت دیتا ہے۔ اس بورڈ میں کم از کم دو ایم پی اے صاحبان شامل کیے جائیں۔ جتنی بھی کمیٹیاں یہ تشکیل کرتے ہیں، جتنے بھی قرضے منظور کرتے ہیں یا کسی نئی انڈسٹری کی اجازت دیتے ہیں اس میں کم از کم ایم پی اے صاحبان کو بھی شامل کیا جائے۔ کیونکہ اس میں سب افسران ہی ہوتے ہیں۔ اس میں عوام کے نمائندے شامل نہیں ہوتے۔ مہربانی کر کے پبلک کے نمائندوں کو بھی شامل کیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

جی شکریہ۔ جناب غلام حیدر وائیں صاحب۔

**وزیر صنعت و معدنیات۔ (جناب غلام حیدر وائیں)**

جناب والا میں اپنے بھائی کے احساسات کا بڑا احترام کرتا ہوں لیکن میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ فاضل رکن پنجاب انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بورڈ ایکٹ کی دفعہ ۵ میں

اس بات کی ترمیم چاہتے ہیں کہ اس بورڈ میں کم از کم ۲ منتخب نمائندگان کو شامل کیا جائے میں یہ عرض کرنا چاہونگا کہ اسوقت بھی یہ ڈویولپمنگ بورڈ ایکٹ کی دفعہ ۵ کے مطابق ۸ ارکان پر مشتمل ہے۔ اور اس میں پہلے ہی دو منتخب نمائندگان شامل ہیں اسکے چیئرمین وزیر اعلیٰ پنجاب ہیں جو اس اسمبلی کے فاضل رکن ہیں۔ اور دوسرے اس بورڈ کے وائس چیئرمین بلحاظ عہدہ وزیر صنعت ہیں وہ بھی بنیادی طور پر اس اسمبلی کے منتخب نمائندے ہیں۔ اس لحاظ سے جو بات میرے بھائی چاہتے ہیں وہ تو پہلے ہی ایکٹ میں موجود ہیں لیکن اسکے ساتھ پھر میں آگے عرض کرنا چاہونگا کہ انڈسٹریل ڈویلپمنٹ بورڈ ایکٹ کے دفعہ ۵ کے مطابق اس ایکٹ میں اس بات کی پروویژن موجود ہےکہ اگر حکومت یہ چاہے کہ اس میں مزید نمائندگان کا اضافہ کیا جائے یا کمی کی جائے تو اس قانون میں اسکی گنجائش پہلے ہی موجود ہے۔ میں پنجاب انڈسٹریل بورڈ ایکٹ ۱۹۷۳ء کے قاعدہ ۵ کو پڑھتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Government may by notification in the Official Gazette regarding the membership of the Board may increase or decrease the number of directors as required....................

تو میں گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ میرے بھائی جسکا اشارہ کر رہے ہیں وہ پہلے ہی اس ایکٹ میں گنجائش موجود ہے۔ بورڈ میں اسوقت دو منتخب نمائندگان بھی موجود ہیں لیکن اگر دو سے زیادہ ضرورت محسوس ہو تو حکومت اس میں اضافہ کر سکتی ہے۔ میرے خیال میں جب قانون میں پہلے ہی گنجائش موجود ہو تو پھر مزید قانون میں ترمیم کے لئے یہ کہنا قانون سازی کی اعلیٰ روایات کے مطابق نہیں ہے۔ اس لحاظ سے میں فاضل بھائی کو یقین دلاتا ہوں کہ آپکے احساسات کا اس حکومت کو پورا علم ہے اور انشاءاللہ ہم اس پر قائم رہیں گے۔ اور اگر اس بورڈ میں مزید فاضل اراکین اسمبلی کی ضرورت کو آپ محسوس کرتے ہیں تو اس پر بھی غور کیا جاسکتا ہے۔ اسلیے یہ اس پر زیادہ پریس نہ کریں کیونکہ اس میں پہلے ہی گنجائش موجود ہے۔ شکریہ۔

**حاجی محمد اصغر چودھری۔**

جناب سپیکر جس بورڈ کا ذکر وائیں صاحب نے کیا ہے وہ ایگزیکٹو بورڈ ہے

میری رائے یہ تھی کہ جو سب کمیٹیاں بنتی ہیں ان میں کم از کم منتخب نمائندوں کو شامل کیا جائے اگر یہ یقین دہانی کرا دیں کہ پبلک کے نمائندوں کو ان کمیٹیوں میں شامل کر لیں گے تو میں اسے پریس نہیں کرتا۔

**وزیر صنعت۔**

جناب سپیکر ویسے تو جس ترمیم کیلئے یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔ اس میں میرے فاضل بھائی نے جس بات کا ذکر اب کیا ہے اس میں اسکا تذکرہ نہیں اور اسکے اغراض ومقاصد دئے ہیں اس میں بھی اسکا تذکرہ نہیں۔ اور درحقیقت جس بات کے لئے انہوں نے ترمیم تجویز کی ہے وہ پہلے ہی موجود ہے جس کے لئے میں نے گزارش کر دی ہے اس بورڈ میں کوئی سب کمیٹی اسوقت کام نہیں کر رہی ہے نہ ہی ایکٹ میں اسکی گنجائش ہے۔ آپکا ایک ہی بورڈ ہے اور یہ بورڈ سب سے اعلیٰ اختیار والا ادارہ ہے۔ یہ آپکا بورڈ آف ڈائریکٹرز ہے۔ اس میں اس وقت نمائندگی بھی موجود ہے اور اس میں مزید نمائندگی کی گنجائش بھی موجود ہے۔ بہرحال میں اپنے فاضل بھائی کو یقین دہانی کراتا ہوں اگر وہ یہ مناسب سمجھتے ہیں تو اس میں حکومت کو کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہوگی ہم اس میں مزید نمائندگان کو شامل کر سکتے ہیں اور اس سے آپ کا مقصد بھی پورا ہو جائیگا اسلئے آپ مہربانی کر کے اس پر زور نہ دیں۔

**حاجی محمد اصغر چودھری۔**

میں اس کو واپس لیتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

چودھری صاحب اپنا بل واپس لیتے ہیں۔ اگلا بل چودھری محمد اکرم صاحب کی طرف سے ہے وہ تشریف نہیں رکھتے ہیں اس لئے یہ لیپس ہوتا ہے۔ اس سے اگلا بل چوہدری خادم حسین صاحب کی طرف سے ہے۔

**چوہدری خادم حسین۔**

جناب سپیکر میں یہ بل پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہوں ---

**جناب سپیکر۔** چوہدری صاحب، حاجی صاحب اور آپکے بل کو جناب غلام حیدر وائیں صاحب اپوز کر چکے ہیں۔

# مسودہ قانون (ترمیم) صنعتی ترقیاتی بورڈ پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء

**چوہدری خادم حسین۔** جناب وہ دوسرا بل تھا۔

**جناب سپیکر۔** اس کو۔۔۔۔

**چوہدری خادم حسین۔** ان کا اور بل تھا میرا اور بل ہے۔ میں اسے پیش کرتا ہوں کہ متذکرہ قانون کی ضمن بارہ میں مندرجہ ذیل جملہ شرطیہ ایزاد کیا جائے۔ جو انہوں نے فرمایا ہے کہ کوئی دو آدمی یا اس سے زائد آدمی نامزد کئے جا سکتے ہیں لیکن وہاں یہ شرط نہیں کہ اسمبلی کے رکن ہونگے۔ میں اس میں شرطیہ یہ ترمیم کرانا چاہتا ہوں کہ وہ ارکان اسمبلی میں سے ہوں۔

**جناب سپیکر۔** حضور آپ میری بات پہلے سن لیں آپ نے بل پیش کرنے کی اجازت چاہی اس سے قبل کہ آپکو اجازت ملتی جناب وائیں صاحب نے اسکو اپوز کر دیا اب اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ آپ اپنے بل کو پیش کرنے کے حق میں مختصر بات اگر آپ کرنا چاہتے ہیں تو کیجئے اسکے بعد میں وزیر متعلقہ کو مختصر بات کرنے کی اجازت دونگا۔ اسکے بعد معاملہ ایوان کے سامنے پیش کر دونگا۔ کہ آیا آپکو یہ ایوان بل پیش کرنے کی اجازت دیتا ہے یا نہیں۔

**چوہدری خادم حسین۔** ٹھیک ہے میں اجازت چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔** اب آپ ارشاد فرمائیے۔ اب آپ نے بل نہیں پیش کرنا بلکہ مختصر بات کرنی ہے۔

**چوہدری خادم حسین۔**

جناب سپیکر ہم اس میں یہ چاہتے ہیں کہ ضمن ۱۲ میں سب کلاز کا اضافہ کیا جائے یہ شرطیہ طور پر اضافہ کیا جائے کہ وہ ارکان اسمبلی ہونگے۔

**وزیر صنعت۔**

جناب سپیکر میں چوہدری صاحب کی ترمیم کے بارے میں یہ گزارش کرونگا کہ بنیادی طور پر اس بل کا مقصد بھی وہی ہے جو پہلے ترمیمی بل آیا ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے بھی اس ایوان میں حکومت کی طرف سے یقین دہانی کرائی ہے۔ کہ اسوقت بھی اس بورڈ میں پرائیویٹ ممبرز میں سے دو اراکین ایسے ہیں جو کہ اس معزز ایوان کے ارکان ہیں۔ اور یہ بات درست ہے کہ آپکو لازمی طور پر نمائندگی ملنی چاہئیے۔ ہم اس سے اتفاق کرتے ہیں اور میں یہ گذارش کر رہا ہوں کہ اسکی پہلے ہی قانون میں گنجائش موجود ہے۔ اور اس گنجائش کے پیش نظر میں نے اس سے پہلے بھی یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ اس میں انشاءاللہ منتخب نمائندوں کی ہی نمائندگی ہوگی اور اگر اس میں مزید ضرورت سمجھیں گے تو وہ کر دیں گے۔ میری صرف یہ بات تھی کہ ایک قانون کے ہوتے ہوئے اس میں اس قسم کی ترمیم لانا یہ قانون سازی کی اعلیٰ روایات کے ہم آہنگ نہیں ہوتا اسلئے

میری چوہدری صاحب کو گذارش ہوگی کہ ہم آپکو حکومت کی جانب سے یہ یقین دہانی کراتے ہیں۔ جیسے میں نے پہلے اپنے بھائی حاجی صاحب کو یہ عرض کیا تھا اور اسوقت حکومت کی نیت عمل سے ثابت ہوتی ہے۔ اور اسوقت بھی اس میں اس ایوان کے دونوں نمائندے موجود ہیں اور اس میں مزید اضافہ معزز اراکین کا کرنے کے لئے تیار ہونگے۔ چونکہ اس بل میں گنجائش موجود ہے ورنہ میں اس کی مخالفت ہی نہ کرتا اسلئے آپ مہربانی کر کے اس پر زور نہ دیں اور اسکو واپس لے لیں میں آپکو یقین دہانی
کراتا ہوں کہ اس میں انشاءاللہ نمائندگی منتخب نمائندوں کو ہی ملے گی اور دوسروں کو نہیں ملے گی۔ شکریہ۔

**چوہدری خادم حسین۔**

ٹھیک ہے جناب والا، جناب غلام حیدر وائیں صاحب کی یقین دہانی کے پیش نظر میں اپنا بل واپس لیتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

جناب چوہدری خادم حسین صاحب اپنا بل واپس لیتے ہیں۔ اور یہ نمبر ۷ بھی جناب چوہدری خادم حسین کی طرف سے ہے۔

**چوہدری خادم حسین۔**

جناب والا۔ یہ بھی میں واپس لیتا ہوں۔

# مسودہ قانون (ترمیم) ہنگامی قانون لوکل گورنمنٹ پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء

**جناب سپیکر۔**

چوہدری صاحب اپنا یہ بل بھی واپس لیتے ہیں۔ نمبر ۸ پر جناب میاں مختار ۲
اے شیخ کی طرف سے بل ہے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

جناب سپیکر، اس سے قبل کہ میں یہ درخواست کروں میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ سیریل نمبر ۸ پر اور سیریل نمبر ۹ پر یہ دونوں اکٹھے ہیں یہ غلطی سے اسے نمبر ۹ دے دیا گیا ہے۔ حالانکہ یہ بل میں نے اور حاجی محمد بوٹا نے مل کر پیش کیا تھا۔

**جناب سپیکر۔**

یہ بات پہلے میرے نوٹس میں آئی ہے اور اس میں ہم نے یہ دیکھا ہے کہ کہیں اسمبلی سیکرٹریٹ نے یہ غلطی تو نہیں کی کہ آپ کا مشترکہ بل تھا اور نمبر علیحدہ علیحدہ دے دیا۔ اسمیں میرے علم میں جو بات ہے وہ یہ ہے کہ ایک بل ایک ہی ممبر موو کر سکتے ہیں۔ کیا دو ممبر صاحبان ایک بل موو کر سکتے ہیں؟ اس پر آپ کچھ کہنا چاہیں گے؟

**میاں مختار احمد شیخ۔**

جناب والا۔ گزشتہ اجلاس کے دوران بھی بل مشترکہ دئے گئے تھے اور ہمیشہ

یہاں پر مشترکہ بل پیش ہوتے رہے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

میری اطلاع اس کے برعکس ہے۔ کسی سیشن میں بھی ہمارے ہاں ایک سے زیادہ ممبران کی طرف سے ایک ہی بل نہیں دیا گیا ہے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

جناب والا، میں یہ گستاخی کروں گا۔ وہ جو ہاوسنگ ریپیل ایکٹ والا بل تھا۔ وہ ہم نے تین ممبران کی طرف سے پیش کیا تھا۔ اور اس کے ساتھ جو میں نے حق شفع کے بارے میں بل دیا تھا وہ بھی میں نے اور جناب حاجی محمد بوٹا نے مل کر دیا تھا۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا۔ اس میں صورت حال یہ تھی کہ شیخ صاحب نے بل پیش کیا تھا۔ وہ بل کمیٹی کو چلا گیا تھا۔ اس پر جناب وزیر قانون صاحب نے حکومت کی طرف سے ایک بل پیش کیا تو اس پر شیخ صاحب نے ایوان میں فرمایا کہ میرا یہ بل WITHDRAW تصور کیا جائے۔ اس شکل میں بل آسکتا ہے۔ ایک ہی مضمون کے دو بل اکٹھے پیش نہیں ہو سکتے ہیں۔ یا ان کی عبارت میں کچھ فرق ہو۔ ان کی ترمیم میں یا ان کی دفعات میں کچھ فرق ہو۔

**جناب سپیکر۔**

رانا صاحب، اب مسئلہ یہ ہے کہ کیا ایک بل دو ممبران صاحبان پیش کر سکتے ہیں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا، نہیں کر سکتے ہیں۔ ایک WITHDRAW کر لے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

میں یہ عرض کروں گا کہ اس سلسلہ میں پہلے PRECEDENTS موجود ہیں۔ اور یہ ایک الگ بات ہے کہ اسے WITHDRAW کر کے حکومت نے اپنا ایک بل پیش کیا۔ لیکن جب ایک بل پیش ہوا اور وہ سٹینڈنگ کمیٹی کو گیا تو وہ تینوں ممبران کی طرف سے ہی گیا تھا۔ اور تینوں ممبران اس سٹینڈنگ کمیٹی میں پیش ہوئے۔ اور اس کے بعد جو میں

نے شفیع کا بل پیش کیا تھا۔ اس میں بھی ہم دونوں مشترکہ محرک تھے اور آپ نے اسے ADMIT فرمایا تھا۔

**جناب سپیکر۔**

جناب میاں صاحب، ابھی تک سیکرٹریٹ کا یہ اصرار ہے کہ وہ ایک ہی ممبر کی طرف سے تھا۔ تین ممبران کی طرف سے نہیں تھا اور میں نے انہیں کہا ہے کہ وہ نکالیں۔ تو اس بارے میں پھر بات کر لیتے ہیں۔ آپ اپنا بل پیش کرنا چاہتے ہیں تو فرمائیں۔

**میاں مختار اے شیخ۔**

میں تحریک پیش کرتا ہوں۔

"کہ مسودہ قانون (ترمیم) ہنگامی قانون لوکل گورنمنٹ پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

"کہ مسودہ قانون (ترمیم) ہنگامی قانون، لوکل گورنمنٹ پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**وزیر قانون۔**

مجھے اس سے اختلاف ہے۔

**جناب سپیکر۔**

آپ اس کی مخالفت کرتے ہیں؟ میاں صاحب آپ کچھ فرمانا چاہیں گے؟

**میاں مختار احمد شیخ۔**

جناب والا۔ اس سے قبل بھی جب بلدیاتی انتخابات ہوا کرتے تھے اور بلدیاتی قوانین میں یہ بات موجود تھی کہ اگر ایک آدمی یا ایک ووٹر کا نام ایک یونین کونسل کے دائرہ کار میں ہے تو وہ اس یونین کونسل کے کسی بھی حلقہ انتخاب سے انتخاب لڑ سکتا تھا۔

اور اس طرح سے ٹاؤن کمیٹیز میونسپل کمیٹیز اور میونسپل کارپوریشن میں یہ قانون موجود تھا۔ جب ۱۹۷۹ء کا ایکٹ آیا تو اس میں یہ ترمیم کر دی گی کہ جہاں پر اس کا ووٹ ہو تو اسی حلقے سے ہی وہ انتخاب لڑسکتا ہے۔ تو میں نے اس میں یہ گزارش کی ہے کہ جمہوریت کو بحال کرنے کے لئے اور جمہوری تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے ایک آدمی یونین کونسل یا میونسپل کارپوریشن کی حدود میں کہیں بھی رہائش پزیر ہو تو وہ اپنی اس میونسپل کارپوریشن یا یونین کونسل کی اس حدود میں جہاں سے وہ چاہے انتخاب لڑسکتا ہے۔ میں اپنی اس ترمیم کے سلسلہ میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ ایک ایسی ترمیم ہے جس سے جمہوری تقاضے بھی پورے ہوتے ہیں اور اس سے لوگوں کو مواقع بھی مہیا ہوتے ہیں جیسے یہ کوشش کی جاتی ہے کہ ایک آدمی کا ووٹ فلاں جگہ سے کٹوا دیا پھر دوسری جگہ سے بھی کٹوا دیا اس طرح طریقہ کار بھی ختم ہو جائے گا اور اس طریقہ سے کوئی بھی یہ کوشش نہیں کرے گا کہ اس کا ووٹ کٹوایا جائے اس جمہوری طرز عمل کو بحال کرنے کے لئے اور اسے تقویت دینے لے لئے اگر یہ بل منظور فرمالیا جائے اور اس کی اجازت دے دی جائے تو میں یہ کہوں گا کہ ایوان کی اور میرے دوستوں کی بڑی مہربانی ہوگی۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب سپیکر۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ اس کی ترمیم مرکز میں ہو رہی ہے اس کے علاوہ صدر پاکستان کی طرف سے یہ آرڈیننس جاری ہوا تھا کہ ان شرائط کے تحت کوئی امیدوار۔۔۔۔۔۔

**جناب سپیکر۔**

جناب رانا صاحب، آپ بطور لاء منسٹر کے یہ سٹیٹمنٹ دے رہے ہیں؟

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب۔ وزیر قانون سے پہلے مجھے بھی تو حق ہے کہ میں یہ کہوں کہ یہ تجویز معقول نہیں ہے اور اس سے بڑی الجھنیں پیدا ہوں گی۔ اس لئے میں شیخ صاحب سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اپنا الجھاؤ والا بل واپس لے لیں تو یہ زیادہ بہتر ہوگا۔

**جناب سپیکر۔**

شکریہ۔ مگر میں آپ سے پہلے لاء منسٹر کو سننا چاہوں گا۔

**وزیر قانون۔**

جناب سپیکر۔ میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔ اس کی کئی وجوہات ہیں۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ جیسا میرے عزیز معزز رکن نے فرمایا کہ وہ سیکشن ۲۰ میں ترمیم کرنا چاہتے ہیں۔ وہ یہ چاہتے ہیں کہ کوئی شخص جس کا ووٹ ضلع کونسل میں بنا ہو، کسی میونسپل کمیٹی میں بنا ہو کارپوریشن میں بنا ہو یا کسی یونین کونسل میں بنا ہو تو وہ ہر جگہ سے الیکشن لڑ سکتا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہوا کہ ایک بااثر آدمی، ایک پیسے والا آدمی، ایک صنعتکار جب ایک جگہ سے ہار جائے گا تو وہ اپنے پیسے کے زور پر دوسری جگہ سے منتخب ہو جائے گا۔ اس سے لوکل باڈی والی سپرٹ ختم ہو جائے گی۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ جو شخص جس جگہ سے ووٹ لے، وہی اس کی نمائندگی کرے، جہاں اس کا ووٹ بنا ہو۔ تاکہ وہ اپنے مقامی مفادات کی حفاظت کرے۔ یہ قانون لوکل باڈیز کا ہے۔ ایم پی اے یا ایم این اے کا نہیں ہے اصل مقصد یہ ہے کہ لوکل معاملات کو ان کا صحیح طریقہ سے جائزہ لے کر وہ لوگوں کی نمائندگی کرے۔ لہذا میں پوری طرح سے اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

میاں صاحب، آپ بات کر چکے۔ لاء منسٹر بات کر چکے۔ اب مجھے یہ ایوان کے سامنے پیش کرنے کی اجازت دیں۔

**وزیر صنعت**

میں اپنے فاضل بھائی سے گزارش کروں گا کہ اسے پینڈنگ کروا لیں۔ اور اپنے پارلیمانی گروپ کی میٹنگ میں اس پر بحث کر لیں گے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

جناب والا۔ فی الحال اسکو اگلے منگل وار تک پینڈنگ کر دیں۔

**جناب سپیکر۔**

صاحبان آپ کو کوئی اعتراض نہیں ہے تو اسے پینڈنگ کیا جاتا ہے۔

# مسودہ قانون (ترمیم) انہار و نکاسی آب ۱۹۸۷ء

**جناب سپیکر۔**
بل نمبر ۱۰ جناب میاں مختار احمد شیخ کی طرف سے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**
جناب سپیکر۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ
"مسودہ قانون (ترمیم) انہار و نکاسی آب مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے"۔

**جناب سپیکر**
یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔
"کہ مسودہ قانون (ترمیم) انہار و نکاسی آب مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے"۔

MINISTER FOR IRRIGATION I OPPOSE IT

**جناب سپیکر۔**
میاں صاحب کچھ ارشاد فرمائیں گے۔؟

**میاں مختار احمد شیخ۔**
جناب والا۔ دی کینال اینڈ ڈرینیج (امنڈمنٹ) بل ۱۹۸۷ء اس سلسلے میں ہے کہ ہم غریب لوگ جو نہروں کے ساتھ بستے ہیں یا زمیندار لوگ جو نہروں کے ساتھ بستے ہیں اور اپنی فصلوں کو کاشت کرتے ہیں اگر کسی وجہ سے موگہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہر کا بند ٹوٹ جاتا ہے تو اس سے پانی کا جو بہاؤ ہوتا ہے۔ چاہے ہماری زمینوں پر فصلیں اگی ہوں یا کاشت

شدہ ہوں وہ ہماری فصلوں کو نقصان دیتا ہے اور وہی پانی ہماری فصلوں کو خراب بھی کرتا ہے۔ اس کے باوجود محکمہ انہار ہمیں تاوان لگا دیتا ہے اور وہ پانی جتنے لوگوں کی زمینوں پر جاتا ہے وہ سب کے سب تاوان کے مستوجب ہو جاتے ہیں اور ان پر تاوان لگا دیا جاتا ہے میں نے صرف اتنی ترمیم پیش کی ہے کہ وہ لوگ جو موگہ توڑنے والے ہیں یا نہر کا جب بند ٹوٹ جاتا ہے اور اس آدمی کا پتہ نہیں چلتا کہ یہ موگہ کس نے توڑا اور یہ پانی کس طرح سے آیا یا نہر کا بند کس طرح سے ٹوٹا۔ کیونکہ اس سے زمینداروں کو نقصان پہنچ رہا ہے چھ گنا تاوان پانی کی آب پاشی پر ہمیں لگا دیا جاتا ہے (قطع کلامیاں)

**جناب سپیکر۔**

آرڈر پلیز۔ آرڈر پلیز۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

جناب والا اس وقت ملک میں جمہوری حکومتیں ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

میاں صاحب میں آپ کی بات کاٹتا ہوں۔ میں آپ کی یاد دہانی کیلئے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج شام ۴ بجے الحمرا آرٹس کونسل میں ایک سیمینار منعقد ہو رہا ہے جس میں آپ سب حضرات میزبان کی حیثیت سے وہاں پر تشریف فرما ہونگے۔ مہمان کی حیثیت سے نہیں بلکہ میزبان کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ یہ آپ کا اپنا سیمینار ہے۔ ۴ بجے شام الحمرا آرٹس کونسل میں ضرور پہنچیں۔ میاں صاحب اب آپ فرمائیں۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

اسلئے میری یہ گزارش ہے کہ ہمارا جو زمیندار ہے جس کی اپنی فصلیں اس پانی کی وجہ سے برباد ہوئیں۔ موگہ ٹوٹنے سے یا نہر کا بند ٹوٹنے سے اس کی فصلیں برباد ہوئیں۔ حالانکہ ہماری فصلیں بھی کاشت شدہ ہوتی ہیں لیکن اس موگہ کے ٹوٹنے سے یا نہر ٹوٹنے سے اور آدمی کا بھی پتہ نہیں چلتا ہمیں چھ گنا تاوان دینا پڑتا ہے یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ اس لئے میں نے اس قانون پر معمولی سی ترمیم پیش کی ہے کہ جب اس قسم کا کوئی واقعہ پیش ہو جس سے کہ اصل آدمی کا پتہ نہ چل سکے جس نے کہ موگہ توڑا ہے تو یہ تاوان ہم غریبوں پر نہ لگایا جائے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا میں اس بات کی تشریح کئے دیتا ہوں کہ شیخ صاحب تو چھ گنا تاوان کو رو رہے ہیں۔ چھ گنا تاوان تو ۱۸۷۳ء سے لاگو ہے اب تو اس تاوان کو تیس گنا کر دیا گیا ہے اور ہمیں ایک ایسی کُند چھری پکڑا دی گئی ہے کہ ہم اپنی جھڑی ادھیڑ لیں۔ تو شیخ صاحب میں گزارش کروں گا کہ اس قانون میں ترمیم کروائیں۔

**جناب سپیکر۔**

جناب رانا صاحب یہ تیس گنا کے بارے میں نہیں ہے یہ چھ گنا کے بارے میں ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا اسوقت یہ تیس گنا ہو چکا ہے چھ گنا کب ہے۔

**جناب سپیکر۔**

جب آپ تیس گنا کی بات کریں گے تو اس وقت دیکھیں گے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا میں میاں صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ اسے PENDING کروالیں۔

**جناب سپیکر۔**

آپ اس میں ترمیم پیش کرنا چاہتے ہیں؟

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا میں معزز رکن سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس مسئلے کو PENDING کروالیں کیونکہ یہ معاملہ بڑی اہمیت کا حامل ہے ہمیں ۲۴۰۰ روپے ایکڑ گنے پر اور ۱۲۰۰ روپے ایکڑ گندم پر اور ۱۳۰۰ روپے ایکڑ مونجی پر تاوان لگا دیا گیا ہے۔ ہم جن لوگوں سے ووٹ لیکر آئے ہیں جب ان کے سامنے جائیں گے اور ووٹ کیلئے کشکول ان کے سامنے پیش کریں گے۔ خدا کی قسم ہمیں ووٹ دینے کی بجائے وہ لوگ ہمارے کشکول میں تھوک دیں گے کہ تم تیس گنا ہم پر تاوان لگوا آئے۔ اس لئے اس میں ترمیم کروائیں۔ اس سے

تمام زمینداروں کو جو کہ اس ایوان کا بہت بڑا حصہ ہیں ان کو کند چھری سے ذبح کر دیا گیا ہے۔

MR SPEAKER.

Minister for Irrigation is on a point of order.

وزیر آبپاشی۔

جناب سپیکر میں آپ کی خدمت میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ فاضل رکن ہمارے بزرگ رانا پھول محمد خان RELEVANT نہیں۔ وہ اس بل کے بارے میں بات کریں انہوں نے تو بالکل علیحدہ بات کرنی شروع کر دی ہے جو کہ اس بل سے متعلقہ نہیں ہے۔

جناب سپیکر۔

یہ بات صحیح ہے اور آپ کا پوائنٹ آف آرڈر جائز ہے۔

حاجی محمد افضل چن۔

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ یہ سارا ایوان کاشت کاروں کا ہے آپ بھی زمیندار ہیں ۳۰ گنا تاوان کون دے سکتا ہے۔

جناب سپیکر۔

حاجی صاحب آپ کی بات تو جائز ہے میں کب اس سے انکار کر رہا ہوں۔

حاجی محمد افضل چن۔

نہیں جناب اس کو اس بل میں ابھی شامل کیا جائے۔

جناب سپیکر۔

حاجی صاحب میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس کو شامل کرنے کا بھی ایک طریقہ کار ہے آپ تشریف رکھیں۔

جناب غلام حیدر خان کھچی (پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون)۔

جناب سپیکر میرے خیال کے مطابق جو لوگ موگے توڑتے ہیں اور پانی کی

چوری کرتے ہیں انکو پچاس گنا تاوان ہونا چاہیئے۔ کیونکہ جو لوگ TAIL پر ہیں ان کو پانی نہیں پہنچتا اور وہ تکلیف میں ہیں۔

**حاجی محمد افضل چن۔**

جناب والا میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ چور کو تلاش کون کرے گا۔ کیونکہ سو میں اسی فیصد موگے تو ٹوٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ جو لوگ بے گناہ ہیں ان کو آپ تیس فیصد تاوان لگا رہے ہیں۔

**جناب غلام حیدر خان سچی۔**

جناب والا میں بے گناہ لوگوں کی بات نہیں کر رہا۔۔۔۔

**حاجی محمد افضل چن:** خدا کیلئے کچھ سوچیں کاشت کار کو تو پہلے ہی کچھ نہیں بچتا۔ (قطع کلامیاں)

**جناب سپیکر۔**

آرڈر پلیز۔ آرڈر پلیز۔ توجہ فرمائیں۔ یہ بل جو میاں مختار احمد شیخ صاحب نے پیش کیا ہے۔ جناب وزیر آبپاشی اس کی مخالفت کر رہے ہیں۔ اب اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ اگر آپ میاں مختار احمد کے بل میں کوئی ترمیم پیش کرنا چاہتے ہیں تو آپ فوری طور پر بھی اس میں ترمیم پیش کر سکتے ہیں اور اس کی اجازت آپ چاہیں گے تو جب ترمیم پیش کی جائے گی تو اس کی اجازت پر غور کیا جاسکتا ہے۔ آپ اب بھی اسوقت اس میں ترمیم پیش کر سکتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر آپ اس معاملے کو AGITATE کرنا چاہتے ہیں تو اس کیلئے اور بہت سے فورم ہیں۔ بہت سے ذرائع ہیں۔ یہیں اسمبلی میں بھی اس کو AGITATE کیا جاسکتا ہے۔ جیسا کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ ۳۰ گنا تاوان کے بارے میں کوئی نوٹیفیکیشن ہوا ہے۔ اس کیلئے آپ کے پاس ہزاروں طریقے ہیں جس کے ذریعے آپ بات کر سکتے ہیں ضروری نہیں کہ میاں مختار احمد شیخ صاحب کے بل کے ضمن میں ہی بات کریں۔ اب آپ چاہیں تو اس میں ترمیم پیش کر سکتے ہیں اور اگر ترمیم پیش نہیں کرنا چاہتے تو اور بہت سے طریقے ہیں جس کے تحت آپ اس معاملے کو اس ایوان کے سامنے لا سکتے ہیں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا ترمیم کی شکل اس لئے نہیں بنتی کہ تیس گنا کا جو نوٹیفیکیشن

ہے۔ وہ ۱۸۷۳ء کے کینال ایکٹ میں جہاں پر چھ گنا تاوان درج ہے اور جب ایکٹ میں ایک چیز درج ہو تو پھر رولز کو معطل کرنے کا اختیار حکومت کو نہیں ہے۔ لیکن میرے خیال میں جناب وزیر آبپاشی نے اس کو پڑھا نہیں اس کو دیکھا نہیں۔ جلدی میں کہیں دستخط ہوگئے ورنہ وہ خود بھی ایک زمیندار ہیں، ایک کاشتکار ہیں۔ وہ اپنے گلے پر چھری نہ چلاتے۔ میں شیخ صاحب سے عرض کرتا ہوں کہ یہ اگر اپنا بل واپس لے لیں تو ہم دونوں اکٹھے مل کر اس کو پیش کر دیں گے اور ۶ گناہ سے بھی جان چھڑائیں گے۔ لیکن اگر یہ ترمیم چاہتے ہیں مجھے اس پر بھی اعتراض نہیں چونکہ میں نے میاں صاحب کو تحریک التوائے کار دے دی ہے۔ کل میری تحریک التوائے کار اس پر پیش ہوگی میں اس کے ذریعے سے جناب سے درخواست کر لوں گا۔

**جناب سپیکر۔**

جی تو بس پھر آپ تشریف رکھیے۔ چوہدری صاحب آپ پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہتے ہیں؟

**وزیر آبپاشی۔**

جناب سپیکر میں نکتہ ذاتی وضاحت پر بات کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

چوہدری محمد اقبال صاحب نکتہ ذاتی وضاحت پر بات کرنا چاہتے ہیں۔

**وزیر آبپاشی۔**

جناب سپیکر رانا صاحب نے جو ابھی اپنے علم کا اظہار کیا ہے اور انہوں نے فرمایا ہے کہ میں نے شاید اس کو پڑھا نہیں۔ ایسی کوئی بات نہیں۔ جناب والا بات یہ ہے کہ چیف منسٹر صاحب دورے پر گئے ہوئے تھے وہاں ٹیلز کے لوگ ان کے پاس پیش ہوئے کہ ایریگیشن میں ہمارے موگہ جات توڑے جاتے ہیں اور ہمارے ٹیلز پر پانی نہیں پہنچتا۔ راستے میں زمیندار پانی کی چوری کرتے ہیں۔ اس چوری کے خلاف چیف منسٹر صاحب نے ایک ڈائریکٹو دیا کہ جو شخص پانی کی چوری کرتا ہے اس کو لتنے گنا تاوان لگا دیا جائے۔ یہ ایک ڈائریکٹو کے تحت ہوا ہے۔ سارا کچھ اس اسمبلی میں ہو سکتا ہے۔ اس میں

ترمیم بھی ہو سکتی ہے۔ اس میں کمی بیشی بھی ہو سکتی ہے۔ جناب راناصاحب نے شاید وہ ڈائریکٹو نہیں پڑھا یا ان کی نظر سے نہیں گزرا۔ اگر یہ ایسی کوئی چیز پیش کرنا چاہتے ہیں تو یہ اس کو علیحدہ پیش کریں۔ یہ اس بل سے متعلقہ نہیں۔

**جناب سپیکر۔**

یہ صحیح ہے۔ تو اس بات پر فیصلہ ہو چکا ہے کہ وہ معاملہ تحریک التوائے کار کی شکل میں راناصاحب پیش کر رہے ہیں اور ہم اس کو اس صورت میں ٹیک اپ کریں گے۔ راناصاحب تشریف رکھیں۔ اور اب جناب میاں مختار احمد شیخ صاحب۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

جناب سپیکر میری یہ گذارش ہے کہ اس بل کو پیش کرنے میں یہ اس کو لفظ چوری دیا جا رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ایسے بیشمار بے گناہ لوگ موجود ہیں جو کہ اس کا نشانہ بن چکے ہیں۔ اور ہر بات کو اگر ہم اس طرف لوٹا دیں گے کہ ہمارے لوگ جو ہیں وہ چوری کرتے ہیں اور ہم اس بات کو AGITATE ہی کرتے رہیں گے تو یہ کوئی طریقہ کار نہیں ہے کہ چور پکڑا بھی نہ جائے اور چوری کی سزا کسی اور کو دے دی جائے اور ان تمام ملحقہ زمینداروں کو چور بنا دیا جائے۔ تو اس بات کی اجازت ہم کسی صورت میں نہیں دے سکتے۔ کہ ہم چور بھی بنیں اور ہمیں سزا بھی دی جائے اور چور پکڑا بھی نہ جائے۔ میں نے یہ کہا ہے کہ جب تک چور پکڑا نہ جائے آپ ان کو چھ گنا تاوان مت لگائیں لیکن اگر چور پکڑیں تو آپ بیشک ان کو ۵۰ گنا لگائیں۔ میں تو اس شکل کی ترمیم چاہتا ہوں۔ یہ تو کوئی طریقہ کار نہیں کہ ہم چوری بھی نہ کریں اور ہماری فصلیں بھی برباد ہوں اور ہم چور بھی کہلائیں۔ تو میری یہ گذارش ہے کہ مجھے اجازت دی جائے کہ میں یہ بل پیش کروں اور یہ مظالم جو ۱۸۷۳ء کے قانون کے زمینداروں پر جاری ہیں یہ ہم مزید زمینداروں پر جاری نہیں رہنے دیں گے۔

**جناب سپیکر۔**

جناب وزیر آبپاشی۔

**وزیر آبپاشی۔** جناب والا ترمیم یہ ہے کہ ایکٹ ۸۳ کی دفعہ ۳۳ میں اس امر کی انہوں نے

تجویز کی ہے کہ ---

"................. from the person on whose land the water is flowed and has derived benefit there from.

حذف کر کے درج ذیل الفاظ شامل کر دیئے جائیں۔ انہوں نے جو ترمیم تجویز کی ہے وہ یہ ہے کہ۔

"The occurrence shall be declared as breach"

جناب والا مجوزہ ترمیم کے ضمن میں فاضل محرک نے جو وجوہات بتائی ہیں وہ یہ ہیں کہ بے قصور مالکان اراضی کو بھی تاوان کی شکل میں نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ جناب والا ایسی بات نہیں ہے اگر کوئی شخص کسی دوسرے کی دشمنی کی بناء پر ذاتی مفاد کی خاطر کسی راجباہ یا موگہ کو توڑ کر عدم پتہ ہو جائے اور پانی دوسرے کی زمین میں چلا جائے تو وہ ناجائز طور پر ملوث کر لیا جاتا ہے یہ ان کا موقف ہے۔ جناب والا کینال ایکٹ دفعہ ۳۳ راجباہوں موگوں اور توڑ پھوڑ اور ناجائز آبپاشی کے سدباب کا ایک موثر قانون ہے اس سے نہ صرف لاقانونیت کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے بلکہ عام زمینداروں کو ان کے مقررہ حصے کا پانی بغیر رکاوٹ کے ٹیل تک پہنچنے کے لئے مدد دیتا ہے۔ اس علاوہ اگر قانون شکنی کے مرتکب حصہ داروں کی حوصلہ افزائی ہوئی اور بلا روک ٹوک ایسی حرکتوں کا اعادہ کرتے رہے تو اس سے نہ صرف حکومت کی پریشانیوں میں اضافہ ہو گا بلکہ عام زمیندار ان کے شر سے محفوظ نہیں رہ سکے گا۔ انہوں نے جو اتفاقیہ ناکہ کی بات فرمائی ہے کہ ایسے تاوان اور سزا سے بچنے کے لئے ان کا جو موقف ہے وہ اس لئے درست نہیں کہ ٹیل پر جو غریب زمیندار ہیں اگر راستے میں پانی کٹتا رہا اور ان کو اس قسم کی کوئی چھوٹیں دی جاتی رہیں تو اس سے پھر ٹیل کے زمیندار شور مچائیں گے اور حکومت کے لئے باعث سردردی بنیں گے۔ جناب والا میں ان سے یہ عرض کروں گا کہ اس معاملے میں اگر ان کو کوئی ایسی شکایت ہے کہ کسی زمیندار کو ناجائز طور پر ملوث کیا گیا ہے تو وہ میرے نوٹس میں لائیں۔ اس پر پوری کارروائی کی جائے گی۔ اگر اس میں کوئی ایسے خدشے کی بات ہے تو میں ان سے بیٹھ کر گفتگو کرنے کے لئے تیار ہوں لیکن ایسی کھلی چھٹی دے دینے سے جناب والا بہت مسائل بڑھیں گے۔ مسائل کم ہونے کی بجائے اور بڑھ جائیں گے۔

**جناب سپیکر۔**

میاں مختار احمد شیخ صاحب یہ بل پیش کرنا چاہتے ہیں اور جناب وزیر آبپاشی اس کی مخالفت کر رہے ہیں۔

**وزیر آبپاشی۔**

جناب والا میں نے ایک استدعا کی ہے کہ یہ اس پر غور کریں۔اس کو واپس لینے کے بارے میں ذرا سوچیں۔ میں اس بارے میں ان کا جواب چاہوں گا۔

**جناب سپیکر۔**

جی شیخ صاحب فرمائیے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

PUT IT TO VOTE

**جناب سپیکر۔**

آپ اس بل کو واپس نہیں لینا چاہئے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

نہیں سر۔ اگلے منگل پر رکھ لیں۔

**جناب سپیکر۔** یہ اگلے منگل کی تجویز آپ نے پیش کی تھی جسے سرکاری بنچوں نے قبول نہیں کیا ہے۔

**حاجی محمد افضل چن۔**

گنتی کروالیں۔

**جناب سپیکر۔**

اب سوال یہ ہے "کہ جو صاحبان میاں مختار محمد شیخ صاحب کے بل کے حق میں ہیں کہ وہ پیش ہو، وہ "ہاں" کہیں گے اور جو صاحبان اس بل کے خلاف ہیں کہ یہ بل پیش نہ ہو وہ "نہ" کہیں گے۔"

(تحریک نامنظور کی گئی)

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب سپیکر ہمیں گنتی پر اعتراض ہے۔ خفیہ ووٹنگ کروائی جائے جس سے واضح فیصلہ ہو جائے گا۔

**جناب وزیر زراعت۔**

معزز اراکین اپنے رائے کا اظہار کر چکے ہیں۔ اس کے بعد کوئی گنجائش نہیں ہے۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب سپیکر گنجائش ہے۔ یہ تو آپ نے اپنے خیال میں کہا ہے۔

**وزیر آبپاشی۔**

آپ کی رولنگ کے بعد کسی ممبر کا حق نہیں ہے کہ اعتراض کرے۔

**جناب سپیکر۔**

آرڈر پلیز، اس گنتی میں کوئی ابہام نہیں ہے یہ ۲۶ اور ۳۸ کی ریشو سے فیصلہ "نہ" والوں کے حق میں ہے۔ حاجی صاحب تشریف رکھیں۔

**وزیر صنعت۔**

حاجی افضل چن صاحب نے جو الفاظ کہے ہیں ان کو حذف کیا جائے۔ انہوں نے چور اور غاصب کہا ہے۔ نہ صرف حذف کیے جائیں بلکہ یہ واپس لیں۔

**جناب سپیکر۔**

حاجی صاحب تشریف رکھیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات ریکارڈ نہیں ہوئی ہے۔

**حاجی محمد افضل چن۔**

میں یہ الفاظ ہرگز واپس نہیں لوں گا۔ میرے حقوق غصب ہو رہے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

حاجی صاحب آپ تشریف رکھیں۔

---

×××××× بحکم جناب سپیکر کارروائی حذف کی گئی۔

**ملک طیب خان اعوان۔**

جناب والا، پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر۔**

جی جناب حاجی طیب صاحب۔

**ملک طیب خان اعوان۔**

میں معزز رکن سے درخواست کروں گا کہ ہاؤس میں مودبانہ شریفانہ رویہ اختیار کریں رعب سے تقریر نہ کریں۔ مہربانی کریں، ذرا آرام سے بات کریں۔

**جناب سپیکر۔**
جی میں بھی آپ کی بات میں بات ملاتے ہوئے کہ یہاں حاؤس کا کوئی DECUORUM ہے، ہاؤس کے کچھ آداب ہیں کہ جن کو ملحوظ خاطر رکھنا بہر صورت ضروری ہوتا ہے۔

**حاجی محمد افضل چن۔**

لیکن یہ سب کچھ مجھ پر ہی عائد ہوتا ہے یا سب پہ۔

**جناب سپیکر۔**

جی یہ سب ہاؤس پر عائد ہوتا ہے۔

**حاجی محمد افضل چن۔**

رانا صاحب کا جیسے جی چاہے وہ بولتے ہیں کسی اور ممبر کا جی چاہے وہ بولتا ہے۔ اب ملک صاحب کس پوائنٹ پر بولے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

یہ پوائنٹ آف آرڈر پہ بولے ہیں۔

**حاجی محمد افضل چن۔**

یہ کونسا پوائنٹ آف آرڈر ہے۔

**جناب سپیکر۔** حاجی صاحب اب آپ تشریف رکھیں۔ میں حاجی صاحب کے ان الفاظ کو حذف کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر** ۔ جناب جنجوعہ صاحب پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کرنا چاہتے ہیں۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ**۔

جناب سپیکر، میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ جناب شیخ صاحب نے پنجاب کے کاشتکاروں کے انتہائی اہم مسئلہ کی نشاندہی کی ہے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ CUT اور BREACH ان دو چیزوں کا بہانہ بنا کر محکمہ انہار کے افسران غریب کاشتکاروں کو لوٹتے ہیں اگر وہ رشوت حاصل کر لیں تو کہہ دیتے ہیں کہ CUT ہے اور اگر رشوت نہ ملے تو کہہ دیتے ہیں کہ BREACH ہے۔ جناب والا، اس بارے میں کاشتکاروں کے نمائندہ ایوان نے جو رویہ اختیار کیا ہے اس کے متعلق ایک شعر عرض ہے۔

رگ طاق منتظر ہے تیری بارش کرم کی
کہ عجم سے------------------

**وزیر زراعت**۔

یہ کس طرح بول رہے ہیں۔ یہ کوئی بات ہے۔ شعر و شاعری کرنی ہے تو کسی مشاعرے کا انتظام کریں۔

**جناب سپیکر**۔

مسئلہ یہ ہے کہ کیا پوائنٹ آف آرڈر پہ شعر ہو سکتا ہے یا نہیں۔

**وزیر رراعت**۔

انہوں نے طے شدہ بات کے بارے میں پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے۔ یہ اگر شعر و شاعری کرنا چاہتے ہیں تو ایک مشاعرہ منعقد کریں اس میں ہم سب شریک ہوں گے۔

**جناب فضل حسین راہی**۔

اگر پوائنٹ آف آرڈر پہ منسٹر جھوٹ بول سکتے ہیں تو ہم بھی شعر سنا سکتے ہیں۔

**وزیر زراعت۔**

میرا خیال ہے جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہو اور جو جھوٹ بولنے کے لیے اسمبلی میں آتے ہیں ان پر بھی خدا کی لعنت ہو۔

**جناب سپیکر۔**

بل نمبر ۱۲ جناب رانا پھول محمد خان کی طرف سے ہے۔

**ملک طیب خان اعوان۔**

میں نے ابھی عرض کی تھی کہ مہذبانہ الفاظ استعمال کریں۔ کیا مہذبانہ الفاظ یہی ہیں کہ منسٹر جھوٹ بولتے ہیں۔ دوبارہ ان کی منت کریں کہ یہ مہذبانہ الفاظ استعمال کریں۔

**جناب سپیکر۔**

جناب حاجی جمشید عباس تصیم صاحب پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کرنا چاہتے ہیں۔

**حاجی جمشید عباس تصیم۔**

میں فاضل اراکین اور خاص طور پر وزراء صاحبان سے کہوں گا کہ اچھے اچھے الفاظ استعمال کیا کریں اور خصوصاً" وزراء اور پارلیمانی سیکرٹری صاحبان سے کہوں گا کہ دو روزہ سیمینار میں شرکت کر کے کچھ اپنی اصلاح فرمائیں۔

# مسودہ قانون (ترمیم) حصول اراضی مصدرہ ۱۹۸۷ء

**جناب سپیکر۔**

رانا پھول محمد خان صاحب۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا، میں یہ تحریک پیش کرنیکی اجازت چاہتا ہوں کہ مجھے "مسودہ

قانون (ترمیم) حصول اراضی مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ "مسودہ قانون (ترمیم) حصول اراضی مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

**رانا پھول محمد خاں۔**

میں "مسودہ قانون (ترمیم) حصول اراضی مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

کیا کسی معزز رکن کو کوئی اعتراض ہے۔ سردار صاحب آپ کو کوئی اعتراض ہے؟

**وزیر مال**

مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

**جناب سپیکر۔**

مسودہ قانون (ترمیم) حصول اراضی مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کر دیا گیا ہے یہ متعلقہ مجلس قائمہ کے سپرد کیا جاتا ہے جو اپنی رپورٹ ۳۱ مئی ۱۹۸۷ء تک ایوان میں پیش کرے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

میں وزیر صاحب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے ایک اہم مسئلے پر میری مدد فرمائی۔

**چوہدری محمد اعظم چیمہ۔**

جناب سپیکر، میں یہ عرض کرنیکی جسارت کروں گا کہ رانا صاحب نے بھری محفل میں وزیر مال صاحب کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ہم رانا صاحب کے مشکور ہیں اور آئندہ رانا صاحب سے بھی استدعا کرتے ہیں کہ وزیر مال صاحب کے خلاف یا ان کی شان کے بارے میں کبھی کوئی بات نہ کریں۔

# مسودہ قانون (ترمیم) ہنگامی قانون منڈی ہائے زرعی پیداوار پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء

**جناب سپیکر۔**

جناب چوہدری ارشاد علی صاحب۔

**چوہدری ارشاد علی۔**

میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ مسودہ قانون (ترمیم) ہنگامی قانون منڈی ہائے زرعی پیداوار پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

"کہ مسودہ قانون (ترمیم) ہنگامی قانون منڈی ہائے زرعی پیداوار پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

(تحریک منظور کی گئی)

**جناب سپیکر۔**

چوہدری صاحب بل پیش کیجیئے۔

**چوہدری ارشاد علی۔**

میں مسودہ قانون ترمیم ہنگامی قانون منڈی ہائے زرعی پیداوار پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

مسودہ قانون ترمیم ہنگامی قانون منڈی ہائے زرعی پیداوار پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء پیش کر دیا گیا ہے یہ متعلقہ مجلس قائمہ کے سپرد کیا جاتا ہے جو اپنی رپورٹ ۳۱ مئی ۱۹۸۷ء تک ایوان میں پیش کرے گی۔

# قرار دادیں (مفاد عامہ سے متعلق)

جناب سپیکر۔

اب ہم قرار دادوں کو ٹیک اپ کرتے ہیں، پہلی قرارداد جناب رانا پھول محمد خاں صاحب کی طرف سے ہے۔

# حکومت کی طرف سے پختہ کھالوں کی تعمیر میں استعمال ہونے والا میٹریل کاشتکاروں کو مفت فراہم کرنا

رانا پھول محمد خان۔

جناب والا میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں۔ اس ایوان کی رائے ہے چونکہ پنجاب میں محکمہ اصلاح آبپاشی کے تحت مالکان اراضی کاشتکاروں کو کھالے کا ہیڈ بنانے، مزدور، مستری اور راج مہیا کرنے کا خرچہ جوکہ تقریباً پچاس فیصد سے زائد بنتا ہے برداشت کرنا پڑتا ہے۔ نیز محکمہ جو اینٹیں، سیمنٹ اور ریت مہیا کرتا ہے اس میٹریل کا بیس فیصد بھی مالکان اراضی کو اپنے حصے سے ادا کرنا ہوتا ہے لہذا جن مالکان اراضی، کاشتکاروں پر ان تعمیر شدہ پختہ کھالوں کی ۲۰ فیصد رقم واجب الادا ہو معاف کی جائے۔ اور آئندہ کاشتکاروں اور زمینداروں کو مفت مہیا کیے جائیں۔ مزید برآں جناب والا ابھی میں پڑھ رہا ہوں اس کے بعد کسی کو موقع دیجئے۔

جناب سپیکر۔

رانا صاحب فضل حسین راہی پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں۔

جناب فضل حسین راہی۔

جناب والا رانا صاحب انتہائی اہم قرار داد پیش کر رہے ہیں اور میاں فاروق

صاحب ہمارے لیڈر کی سیٹ پر بیٹھ کر کام کروا رہے ہیں۔ یہ اپوزیشن لیڈر کی سیٹ پر بیٹھے ہیں، جناب والا اگر یہ ان سیٹوں کو بخش دیا کریں تو ان کی مہربانی ہوگی۔ ان پر بیٹھ کر سرکاری کام نہ کروائیں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا میں گزارش کروں گا کہ وہ ان گناہگاروں میں شامل نہ ہوں۔ مزید برآں پرائیویٹ ٹیوب ویلوں کے کھالوں کو پختہ کرنا بھی محکمہ آبپاشی کی ذمہ داری میں دیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے چونکہ پنجاب میں محکمہ اصلاح آبپاشی کے تحت مالکان اراضی کاشتکاروں کو کھالے کا ہیڈ بنانے، مزدور، مستری اور راج مہیا کرنے کا خرچہ جو کہ تقریباً" پچاس فیصد سے زائد بنتا ہے۔ برداشت کرنا پڑتا ہے۔ نیز محکمہ جو اینٹیں، سیمنٹ، اور ریت مہیا کرتا ہے اس میٹریل کا ۲۰ فیصد بھی مالکان اراضی کو قسطوں میں ادا کرنا ہوتا ہے۔ چنانچہ مالکان اراضی کاشتکاروں پر ان تعمیر شدہ پختہ کھالوں کی ۲۰ فیصد رقم واجب الادا ہو معاف کی جائے اور آئندہ میٹریل وغیرہ زمینداروں اور کاشتکاروں کو مفت مہیا کیا جائے ۔مزید برآں پرائیویٹ ٹیوب ویلوں کے کھالوں کو پختہ کرنا بھی محکمہ اصلاح آبپاشی کی ذمہ داری میں دیا جائے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا مجھے کچھ گزارش کرنے کی اجازت ہے۔

**جناب وزیر زراعت۔**

جناب میں سمجھتا ہوں کہ اس میں ایک وضاحت کی ضرورت ہے وہ میری طرف سے بطور MINISTER CONCERNED کے نوٹ کرلی جائے۔ اس کے بعد اس کا فیصلہ کیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

آپ اس میں کوئی ترمیم پیش کرنا چاہتے ہیں؟

**جناب وزیر زراعت۔**

اس میں میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہوں گا۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا میرے مختصر بیان کے بعد ہی کوئی وضاحت آسکتی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

جی راناصاحب کہئیے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا میں عرض کرتا ہوں کہ اس ملک کا وہ کاشتکار جو اپنی محنت سے ملک کو خوراک کے مسئلہ میں خود کفیل ہی نہیں بنا رہا بلکہ ملک کو زر مبادلہ بھی زراعت کے محکمہ سے بہت زیادہ بچتا ہے۔ جناب والا جب ہم جھلساتی دھوپ میں مونجی لگاتے ہیں، ہماری بہن، بہو اور بیٹیاں ننگے سر یہ کام کرتی ہیں نیچے پانی تپتا ہے اوپر سورج تپتا ہے ایسی گرمی میں وہ مونجی لگاتے ہیں۔ ان کے ساتھ زیادتی کہ ایک معاہدہ کے تحت امریکن امداد جو کہ انہوں نے بخشیش کے طور پر، ایک دوستی کے طور پر ہمیں دی ہے اس پر بھی ۲۰ فیصد صرف اس محکمہ کی تنخواہ کیلئے ہم سے وصول کیا جارہا ہے۔ کچا کھال بنانے پر، مزدوروں اور راجوں کی مزدوری دینے پر جناب والا پچاس فیصد خرچ آتا ہے اب ۲۰ فیصد ہم سے وصول کیا جاتا ہے۔ میں ثبوت کے طور پر جناب کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

United States Agency for International development Mission to Pakistan.

یہ دوستی کے دونوں ہاتھ دئیے ہوئے ہیں میں جناب کے سامنے پیش کرتا ہوں اور معزز اراکین کو بھی دکھاتا ہوں کہ امریکہ اور پاکستان کی دوستی کا ہاتھ جہاں ملا ہوا ہو، وہاں یہ امداد دوستی کے تحت ایسے غریب ملکوں کو، پسماندہ ملکوں کو دی جاتی ہے یہ ناقابل واپس ہے۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے، میرا یہ تجربہ ہے کہ محکمہ اصلاح آبپاشی کے افسران نہایت دیانتداری کے ساتھ اس کام کو سرانجام دے رہے ہیں، میں ان کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا کیونکہ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ زمیندار کھالے پر

بیٹھا ہوتا ہے اس کو پتہ ہے کہ اگر ریت زیادہ اور سیمنٹ کم لگا تو کل کو یہ ہمارا کھالا ٹوٹ جائیگا اور ہمارا نقصان ہو جائے گا۔ جناب والا یہ کبھی نہیں دیکھا تھا کہ مفت ملی ہوئی ایک بخشیش اگر میں دوسرے لفظوں میں غریب ملکوں کیلئے اسے خیرات کہہ لوں تو یہ بے جا نہ ہوگا۔ کبھی کسی نے مفت دی ہوئی، خیرات کی ہوئی رقم واپس نہیں لی۔ لیکن حکومت ہوں کہ وہ زکوۃ تقسیم کر کے زکوۃ واپس لینے کے مترادف ہے جو کہ اسلامی رو سے کسی طرح بھی جائز نہیں ہے۔ جناب والا انہوں نے پہلے جھنگ، فیصل آباد اور ضلع سرگودہا میں مفت کھالے تعمیر کئے ہیں۔ لیکن جب لاہور ڈویژن میں کھالوں کا اثر ہوا، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہمارا پچیس، تیس فیصد پانی بڑھ جاتا ہے لیکن اس میں ایک کمی ہے اور وہ یہ ہے کہ

پاکستان یا حکومت پنجاب اگر مفت دی ہوئی رقم بھی ہیں معاف نہیں کرتی تو میں سمجھتا جتنا رقبہ نہروں سے کاشت ہو رہا ہے اس کے لگ بھگ رقبہ ٹیوب ویلوں سے بھی کاشت ہوتا ہے اور ٹیوب ویلوں میں پانی زیادہ ضائع ہو رہا ہے کیونکہ بجلی آئی اور ٹیوب ویل چلانے تک پانی پہنچا اور جناب والا بجلی بند ہو گئی اور وہ پانی ضائع ہو گیا۔ اس لئے میں یہ گزارش کروں گا کہ ٹیوب ویلوں کے کھالوں کو بھی پختہ کرنے کیلئے اس میں شامل کیا جائے اور ۲۰ فیصد کی بجائے ۵۰ فیصد کی حد مقرر کی جائے کہ اتنا کھالا زمیندار کو پکا کرنا ہوگا۔ اگر آپ اس کو ۵۰ فیصد کر دیں تو یقیناً جہاں ایک کیوسک پانی پہنچتا تھا وہاں ڈیڑھ کیوسک پانی جتنا رقبہ سیراب ہوگا۔ یہ رقم اگر معاف نہ کی گئی تو نمبرداروں، چپڑاسیوں اور باقیداروں میں جھگڑا ہوگا۔ ہر گاؤں میں مصیبت آئے گی۔ اور لوگ کہیں گے کہ حکومت پنجاب کاشتکاروں کو مراعات دینے کی بجائے۔ ان کی مدد کرنے کی بجائے ان سے خیراتی رقم بھی وصول کر رہی ہے۔ اور اسکا ثبوت امریکہ اور پاکستان کا ملا ہوا ہاتھ ہے۔ اگر رقم واپس کرنی ہو پھر ہم سے لیں لیکن محکمے کی تنخواہ اور گاڑیوں کا تیل پورا کرنے کیلئے ہمارے ساتھ یہ ظلم نہ کیا جائے۔ ہمارے ساتھ یہ زیادتی نہ کی جائے اور خدا کیلئے خیراتی رقم کیونکہ یہاں کا زمیندار اس خیرات کا مستحق ہے جو غیر ملک کے خزانے سے نکل کر ہمارے لئے آتی ہے۔

میاں عطا محمد قریشی۔

* * * * * * *

پوائنٹ آف آرڈر۔ رانا پھول محمد خان صاحب بار بار لفظ خیرات استعمال کر رہے ہیں۔ دوستی کے نام اگر امریکہ ہمیں کچھ امداد دیتا ہے تو اسے خیرات میں ہم خوددار قوم

---

* * * * * * بحکم سپیکر الفاظ حذف کئے گئے

کی حیثیت سے قبول نہیں کریں گے کہ ہمیں خیرات دی جائے مہربانی کر کے لفظ خیرات سے انہیں روکا جائے اسکو یہ استعمال نہ کریں یہ دوستی کے نام پر ہمیں خیرات نہیں ملتی ۔مجھے اس لفظ پر اعتراض ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

میں اپنے الفاظ میں ترمیم کر لیتا ہوں۔ دوستی میں جو بخشش دوست دوست کو کرتا ہے وہ کبھی واپس نہیں لی جاسکتی۔

**میاں عطا محمد قریشی۔**

جناب والا میں دوبارہ عرض کروں گا کہ آپ حکم فرمائیں اس سے ہماری خوددار قوم کی توہین ہوتی ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

* * * * *

ہم افغان مہاجرین کے نام پر بھیک کھا رہے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

رانا صاحب یہ متعلقہ بات نہیں ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں اگر قریشی صاحب کے جزبات مجروح ہوئے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

یہ الفاظ میں حذف کرتا ہوں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

بہت بہتر جناب۔ یہ دوستی ہے پاکستان اور امریکہ کے عوام کی۔ امریکہ کے عوام اپنی کمائی سے اپنے خزانے میں جو رقم جمع کراتے ہیں وہ ہمیں اپنا دوست سمجھکر دیتے ہیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ یہ اور زیادہ توہین کی جارہی ہے پاکستان کے عوام کی زا

---

* * * * بحکم جناب سپیکر الفاظ حذف کئے گئے

پھول خان صاحب کی طرف سے۔ جب یہ کہتے ہیں کہ امریکہ کے ساتھ پاکستان کے عوام کی دوستی ہے۔ جناب سپیکر یہ بات کھلی حقیقت ہے امریکہ کے کردار کو ساری دنیا جانتی ہے اور امریکہ جہاں بھی امداد دیتا ہے وہ اپنے مقاصد کے تحت دیتا ہے۔ ہمارے ساتھ ان کی کوئی دوستی نہیں ہے۔ عوام کے ساتھ ان کی کوئی دوستی نہیں ہے۔ اگر امریکہ کی دوستی ہے تو وہ حکمرانوں کے ساتھ ہے۔ حکمران بھی عوام کے خلاف ہیں۔ اور امریکہ بھی ہماری عوام کے خلاف ہے۔ جب تک ہم امریکہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ سے نہیں نکالتے تو ہم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتے یہ بات ایک کھلی حقیقت ہے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

میں کوئی اہمیت نہیں دے رہا کیونکہ یہ خود بھی امریکن ایمبیسی کی طرف دوستی کیلئے جوتیاں گھسا رہے ہیں۔

جناب والا میں یہ گزارش کروں گا اور اس سے اور زیادہ کیا کہوں کہ جب ہم کما کر دیتے ہیں۔ خوراک پیدا کرتے ہیں پھر بھی ۲۰ فیصد کی منفت رقم اگر محکمہ زراعت ہمیں معاف نہ کرے تو یہ بڑی ستم ظریفی ہے۔ یہ ہمارے ساتھ بڑی ناانصافی ہے۔ میری یہ قرارداد میری طرف سے نہیں بلکہ اس ہاؤس کے ۹۰ فیصد کاشتکاروں کا یہ ایک پر زور مطالبہ ہے۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ اس پر اب ہاؤس کی رائے معلوم کر لیں تاکہ اور دوستوں کی قراردادیں بھی پیش ہو سکیں۔

**جناب سپیکر۔**

شکریہ۔ وزیر زراعت۔

**وزیر زراعت (چودہری عبدالغفور)**

جناب سپیکر مہربانی۔ میں عرض کروں گا کہ اپنے فاضل دوست بھائی رانا پھول خان صاحب کی طرف سے جو قرارداد آئی ہے اس بارے میں جو حقائق ہیں جس طریقے سے یہ بنی وہ ہاؤس کے علم میں لانا ضروری ہے تاکہ اس کی روشنی میں یہ جتنی چاہیں

قرارداد پیش کریں اسکے کچھ عوامل ہیں جو ہمیں سامنے رکھنے چاہئیں۔

جناب والا بات یہ ہے کہ ورلڈ بنک کے تعاون سے یہ سکیم نہ صرف پاکستان میں بلکہ اور بھی کئی ممالک میں شروع کی گئی۔ اس بارے میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ جہاں تک اس امداد کا تعلق ہے اس کو بار بار بخشیش یا خیرات کہنا قطعی غیر مناسب ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں یہ صرف اپنی تقریر کو موثر بنانے کیلئے ایسے الفاظ بار بار ادا کرنا یا یہ بات کہنا کوئی اس میں اضافہ نہیں ہو جاتا۔ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ ایک سسٹم کے تحت تمام ورلڈ بنک کی امداد کے تحت اور اسکے تعاون کے تحت تمام ممالک کا ایک مشترکہ سرمایہ ہوتا ہے جس سے ایسی سکیموں کو فنانس کیا جاتا ہے۔ اور اس بارے میں کسی خیرات یا بخشیش کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔

جہاں تک اس سکیم کا تعلق ہے میں رانا صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس سکیم کی افادیت اور اسکی بہتر کارکردگی نہ صرف ہمارے اپنے ملک میں بلکہ میں یقین دلاتا ہوں امریکہ تک اور تمام ممالک تک جو وفود یہاں آتے ہیں اس میں پاکستان کی اس کارکردگی کو ہر سطح پر ہر ملک میں سراہا گیا ہے کہ یہ بہترین طریقے سے اور اچھے ہاتھوں میں یہ سرانجام دے رہی ہے اور یہ ایک ایسا سسٹم ہے جس سے جناب والا خود آگاہ ہیں۔ پورا ہاؤس آگاہ ہے کہ زمینداروں کے آپس کے تنازعات جھگڑے اور لڑائیاں اور پانی کے سلسلے میں جو اکثر ملوث ہوتے رہتے تھے وہ ناپید ہو گئے ہیں اور اکثر جو ایسے جھگڑے ہوتے تھے وہ ختم ہو گئے ہیں پانی کی نہ صرف سیپیج کی وجہ سے کمی واقع ہو گئی ہے بلکہ پانی کا جو مصرف ہے وہ ڈیڑھ گنا بڑھ گیا ہے۔

جہاں تک اس فنڈ کا تعلق ہے اس میں یہ درست ہے کہ لیبر زمیندار کے ذمے ہے۔ وہ اپنے طور پر اپنا مستری اور لیبر مہیا کرتا ہے باقی مٹیریل کی جتنی قیمت ہے ریت، بجری، اینٹیں اور سیمنٹ محکمہ کے توسط سے مفت مہیا کئے جاتے ہیں۔ ۱۹۸۵ء سے پہلے جو کھال بنے تھے اس پر ۲۰ فیصد اور ۱۹۸۵ء کے بعد جو بن رہے ہیں ان پر ۲۵ فیصد دو سال کا وقفہ درمیان میں پہلے چھوڑ کر آئندہ پانچ سالوں میں ۱۰ آسان قسطوں پر رقم وصول کی جاتی ہے اس میں جو باقی عملے کے اخراجات اور اس پروگرام کو آگے جاری رکھنے کیلئے یہ ضروری ہے۔ اسکے باوجود میں یہ عرض کرنی چاہتا ہوں کہ اسکی اتنی ڈیمانڈ ہے کہ ہمارا جو ۲۰۔ ۲۰۔ ۳۰ کروڑ روپیہ سالانہ اس مد خرچ آتا ہے کہ موجودہ انتظامات کے تحت بھی زمیندار ایک سے

ایک بڑھ کر اسکی ڈیمانڈ کر رہا ہے اور اس نظام سے قطعاً انحراف نہیں کرتے۔ اگر وہ صرف کرتے ہیں تو وہ یہ کرتے ہیں کہ ۳۰ فیصد سے بڑھا کر اسکو ۵۰۔ ۶۰ فیصد کیا جائے۔ جہاں تک ان کی مزدوری اور اخراجات کا تعلق ہے اس پر قطعاً وہ کوئی اعتراض نہیں کرتے۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہمیں یہ انتظامات منظور ہیں۔ اسکے علاوہ ہمیں اسکی فیصد بڑھائی جائے۔ اسکو ہم ورلڈ بنک کے تعاون سے TAKE UP کر رہے ہیں اور یہ سارے انتظامات ان کے تعاون سے ہوتے ہے۔ یہاں ریزولیوشن پاس کریں بڑی خوشی سے پاس کریں۔ لیکن ULTIMATELY یہ طے کر کے ریسرچ کر کے ARRANGEMENT کو اسکی فیصد بڑھانے والی بات ہے۔ کئی علاقوں میں جہاں آبپاشی کیلئے پانی نہیں ہے اور دوسرے علاقے میں ۱۵ فیصد ہے جو آبپاشی والے علاقے ہیں اور ان کا نچلا پانی کڑوا ہے اس میں ۲۰ فیصد بڑھاتے ہیں اسکی فیصد کو بڑھانے کیلئے ہم کوشش کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں اگر اس پروگرام کو ۳۰ فیصد یا ۲۵ فیصد جو وصول کرتے ہیں یہ نکال دیا گیا تو اس سے پھر ایک تو یہ ہے کہ گورنمنٹ کے اس مصرف کیلئے جو پیسے خرچ ہوتے ہیں محکمے کے لتنے اخراجات وہ اس میں کسی شکل میں پورے نہیں ہو سکیں گے۔ یہ پروگرام جاری نہیں رہ سکے گا۔ دوسرے اگر اس پروگرام کو اپنی طرف سے ہمیں پورا کرنا پڑا تو یہ بہت محدود ہو کر رہ جائیگا۔ جتنے زیادہ زمیندار اس سے استفادہ کر رہے ہیں وہ پھر اسکی افادیت سے بہرہ ور نہیں ہو سکیں گے۔ اس لئے میں رانا صاحب سے گزارش کروں گا کہ میں حکومت کیطرف سے ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم اسکی فیصد بڑھانے کیلئے وہاں ان سے ڈائیلاگ کر رہے ہیں اور ہم ان کے تعاون سے بات کر رہے ہیں کہ ۱۵ اور ۲۰ فیصد کو بڑھا کر اسکو کم از کم ۵۰ فیصد ضرور کیا جائے اور اسکی افادیت کے پیش نظر اسکی فیصد بڑھائی جائے۔

جہاں تک زمینداروں کی مزدوری کا تعلق ہے ایک تو ان کی نگرانی ہو جاتی ہے اور اس میں ان کی اپنی شمولیت اور تعاون سے اسکی جو کارکردگی ہے اسکی جو اچھی تکمیل ہے وہ ان کے سامنے ہوتی ہے۔ اس میں ان کی اپنی شمولیت ہوتی ہے۔ اگر ایسے تمام منصوبوں کیطرح جو گورنمنٹ اپنی طرف سے مکمل کرتی ہے زمینداروں کی شمولیت ختم ہو جائے گی۔ اسکا عمل دخل ختم ہو جائیگا اور اسکی جو اعلیٰ کارکردگی ہے وہ بھی ختم ہو جائے گی۔ اس لئے معمولی سا ۱۰ قسطوں میں ۲۰ یا ۲۵ فیصد ادا کر دیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں ایک زمیندار کیلئے یہ بہت ہی معمولی رقم ہے اور وہ تمام ادا کرنے کیلئے تیار ہیں اور اس موجودہ

انتظامات کے تحت اتنی زیادہ ڈیمانڈ ہے کہ وہ ہم پوری نہیں کر پا رہے۔ اس لئے اسکو جاری رہنے دیا جائے اگر ریزولیوشن پاس کرنا چاہتے ہیں بڑی خوشی سے پاس کریں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن ARRANGEMENT ورلڈ بنک کے تعاون سے ان سے گفت وشنید کر کے پھر ہی کیا جاسکتا ہے۔ جیسا کہ انہوں نے خود فرمایا رقم کا بندوبست باہر سے کرنا پڑتا ہے اور یہ ساری باتیں مد نظر رکھنی چاہیں۔

**جناب سپیکر۔**

تو اس بارے میں کیا طے ہوا کہ آپ اس کی مخالفت کرتے ہیں یا نہیں؟

**وزیر زراعت۔**

میں تو چاہتا ہوں کہ قرار داد پاس کر لیں لیکن اس سے مقصد حل نہیں ہو گا۔ دیکھنا یہ پڑے گا کہ آئندہ اس کا اثر کیا ہو گا۔ اگر پاس کرنا چاہتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔

**جناب سپیکر۔**

یہ قرارداد پیش کی گئی ہے اور سوال یہ ہے کہ۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ چونکہ پنجاب میں محکمہ اصلاح آبپاشی کے تحت مالکان اراضی / کاشتکاروں کو کھالے کا ہیڈ بنانے، مزدور اور مستری (راج) مہیا کرنے کا خرچہ جو کہ تقریباً ۵۰ فیصد سے زائد بنتا ہے برداشت کرنا پڑتا ہے۔ نیز محکمہ جو اینٹیں سیمنٹ اور ریت مہیا کرتا ہے اس مٹیریل کا ۲۰ فیصد بھی مالکان اراضی کو قسطوں میں ادا کرنا پڑتا ہے۔ لہذا جن مالکان اراضی / کاشتکاروں پر ان تعمیر شدہ پختہ کھالوں کی ۲۰ فیصد رقم واجب الادا ہو معاف کی جائے اور آئندہ مٹیریل وغیرہ زمینداروں اور کاشتکاروں کو مفت مہیا کیا جائے۔ مزید برآں پرائیویٹ ٹیوب ویلوں کے کھالوں کو پختہ کرنا بھی محکمہ اصلاح آبپاشی کی ذمہ داری میں دیا جائے۔"

(قرارداد منظور کی گئی)

**جناب سپیکر۔**

اگلی قرارداد بیگم شاہین منور احمد صاحبہ کی طرف سے ہے۔

**بیگم شاہین منور احمد۔**

آپ کی اجازت سے قرارداد پیش کرتی ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

ہمارے پاس اس قرارداد کا اردو متن ہے۔آپ کے پاس ہے؟

**بیگم شاہین منور احمد۔**

انگلش میں بھی ہے اور اردو میں بھی۔کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اردو میں پیش کروں؟

**جناب سپیکر۔**

میرے پاس انگلش میں نہیں، اس لئے میں دہرا نہیں سکوں گا۔

**بیگم شاہین منور احمد۔**

آپ چاہیں تو میں آپ کو انگلش کاپی دے دوں گی۔اگر آپ چاہیں تو میں اردو میں پیش کر دیتی ہوں۔

# عوام کو بہتر علاج معالجہ کی سہولتوں کی فراہمی

**جناب سپیکر۔**

اردو میں پڑھ دیں۔

**بیگم شاہین منور احمد۔**

لیکن جو کچھ میں کہنا چاہتی ہوں، وہ آپ مجھے انگلش میں کہنے کی اجازت دیں

**جناب سپیکر۔**

ٹھیک ہے۔آپ یہ فرمائیں۔آپ اپنی قرارداد اردو میں پڑھیں۔

**بیگم شاہین منور احمد۔**

جی۔ میں یہ قرار داد پیش کرتی ہوں "کہ اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت صوبے میں پرائیویٹ ہسپتالوں اور کلینیکل لیبارٹریوں کو منضبط کرنے کے لئے قانون وضع کرے جس سے ان اداروں کی درجہ بندی کی جائے اور ہر درجے کے ادارے کے لئے کم از کم عمارت، سازوسامان، عملہ کی تعداد اور عملے کی تعلیمی و پیشہ ورانہ قابلیت مقرر کی جائے نیز مریضوں سے وصول کیئے جانے والے زیادہ سے زیادہ اخراجات بھی مقرر کر دیئے جائیں تاکہ عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولتیں میسر آسکیں اور غیر سند یافتہ اور عطائی لوگوں سے اور ان لوگوں سے جو ان اداروں کو محض کاروبار سمجھ کر چلا رہے ہیں، عوام کو نجات مل سکے۔"

**جناب سپیکر۔**

یہ قرار داد پیش کی گئی ہے "کہ اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت صوبے میں پرائیویٹ ہسپتالوں اور کلینیکل لیبارٹریوں کو منضبط کرنے کے لئے قانون وضع کرے جس سے ان اداروں کی درجہ بندی کی جائے اور ہر درجے کے ادارے کے لئے کم از کم عمارت، سازوسامان، عملے کی تعداد اور عملے کی تعلیمی و پیشہ ورانہ قابلیت مقرر کی جائے نیز مریضوں سے وصول کئے جانے والے زیادہ سے زیادہ اخراجات بھی مقرر کر دیئے جائیں تاکہ عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولتیں میسر آسکیں اور غیر سند یافتہ اور عطائی لوگوں سے اور ان لوگوں سے جو ان اداروں کو محض کاروبار سمجھ کر چلا رہے ہیں، عوام کو نجات مل سکے۔"

**وزیر زراعت۔**

جناب والا، حکومت کو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ حکومت اس ضمن میں پہلے ہی کوشش کر رہی ہے بلکہ اس میں کچھ معاملہ زیر غور بھی لایا گیا ہے کہ ہسپتالوں کی بہتری کے لئے نہ صرف درجہ بندی کی جائے، بلکہ جو ضروری لوازمات اور ضروریات ہیں، اس کے مطابق دیکھا جائے تاکہ مریضوں کو لوٹنے کی بجائے کوئی ایسا قانون ہونا چاہیئے تاکہ ان کو کسی طریقہ کار کے تحت لایا جائے۔ اس بارے میں یہ بات بھی ہے کہ جتنا ایک سسٹم کنٹرولڈ ہوگا اس میں رشوت ستانی کے مواقع اور محکمانہ مداخلت کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ اس لئے کوشش یہ ہے کہ ایسا قانون بنایا جائے جس سے محکمانہ مداخلت کم سے کم ہو اور ضروریات بھی پوری ہوسکیں۔ ہم اس قرار داد کی مخالفت نہیں کریں گے۔

**جناب سپیکر۔**

بیگم صاحبہ، پھر تو آپ کو اس میں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ وہ مخالفت نہیں کر رہے۔

**بیگم شاہین منور احمد۔**

میری تو گذارش یہ بھی ہو گی کہ یہ ایک مفاد عامہ کے حق میں قرار داد ہے۔ اگر گورنمنٹ چاہے تو خود ایک بل بنائے۔

I have no objection and if they move this and the house approves it.

میری گذارش ہے کہ اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے

**جناب سپیکر۔**

وہ آپ کی قرار داد کی مخالفت نہیں کر رہے۔

(قرار داد منظور کی گئی)

**میاں عطا محمد قریشی۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا، تحریری طور پر تو نہیں، زبانی طور پر میں یہ عرض کروں گا کہ بیگم نجمہ حمید صاحبہ نے میرا استحقاق مجروح کیا ہے۔ میں نے ان سے وزیر صحت کے متعلق دریافت کیا ہے۔ میں نے ان سے پوچھا ہے کہ آپ کے وزیر صحت کہاں ہوں گے، تو پہلے تو وہ الجھ پڑیں۔ پھر کہنے لگیں کہ مجھے تو پتا نہیں۔ جب وزیر اعلیٰ صاحب بھی اور آپ بھی اکثر اسمبلی میں ان کی شکایت کرتے ہیں تو ہم اس میں کیا کریں۔ یہ انہوں نے میرا استحقاق مجروح کیا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

اس میں آپ کا کون سا استحقاق مجروح ہوا ہے؟

**میاں عطا محمد قریشی۔**

گذارش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ایک دفعہ آپ نے بھی فرمایا تھا کہ وزیر صحت اکثر اسمبلی میٹنگ میں نہیں آتے۔ کوئی ایسا ذریعہ مجھے بتا دیں کہ میں اس کو لکھ کر

یا زبانی کس طریقے سے پیش کروں - میرا گزارش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ وزیر صحت یہاں نہیں آتے۔

**جناب سپیکر۔**

بیگم نجمہ حمید صاحبہ جو وزارت صحت کی پارلیمانی سیکرٹری ہیں، ان سے یہ بات کی جا سکتی ہے کہ جناب، میاں عطا محمد قریشی صاحب بے حد اداس ہیں - وزیر صحت سے یہ گزارش کی جائے کہ وہ میاں عطا محمد قریشی صاحب کو اپنی ایک جھلک دکھائیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے صحت (بیگم نجمہ حمید)**

جناب سپیکر، میرا خیال ہے کہ کوئی اشتہار ہی دوں گی کیونکہ مجھے بھی ان کا پتا نہیں - میں انہیں کہوں گی کہ ایوان میں واپس آ جائیں انہیں کچھ نہیں کہا جائے گا۔

**رانا پھول محمد خان۔**

اس کا بڑا آسان علاج ہے - خدا کرے کہ ایسا نہ ہو کہ واقعی بیمار ہوں - اگر قریشی صاحب بیماری کا بہانہ بنا کر ہسپتال میں داخل ہو جائیں تو میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ وزیر صاحب ان کی تیمارداری کے لئے وہاں پہنچیں گے - ہاؤس میں ذرا مشکل سے ہی آئیں گے۔

# دیہی اور شہری علاقہ جات کی حد بندی میں رکن صوبائی اسمبلی کا مشورہ

**جناب سپیکر۔**

یہ جناب میاں مختار احمد شیخ صاحب کی قرارداد ہے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

اس ایوان کی رائے ہے "کہ صوبائی حکومت دیہی اور شہری علاقہ جات میں حلقوں کی حد بندی کرتے وقت متعلقہ حلقہ نیابت کے رکن صوبائی اسمبلی سے اس بارے میں مشورہ کرے۔"

جناب سپیکر۔

یہ قرارداد پیش کی گئی ہے "کہ اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبائی حکومت دیہی اور شہری علاقہ جات میں حلقوں کی حد بندی کرتے وقت متعلقہ حلقہ نیابت کے رکن صوبائی اسمبلی سے اس بارے میں مشورہ کرے"

رانا پھول محمد خان۔

اس میں میری ترمیم ہے کہ اس میں حلقہ گرداور قانون گوئی بھی شامل کر لیا جائے کہ وہ بھی ارکان اسمبلی کے مشورے اور اجازت سے کیا جائے۔ ایک پٹوار کو نکال کر کسی قانون گوئی میں پھینکنا، ایک کو کسی میں پھینکنا، وہ بھی اس حلقے کے ممبر کی مرضی کے خلاف نہ پھینکی جاسکیں۔ یہ الٹ پلٹ ہو رہی ہے۔

وزیر زراعت۔

یہ تو لوکل گورنمنٹ کی حلقہ بندی کا سوال ہے۔ یہ ریونیو کی حلقہ بندی کا سوال نہیں ہے۔

رانا پھول محمد خان۔

میں حلقہ بندیوں ہی کی بات کر رہا ہوں کہ اس میں شامل کر دیں۔ کوئی پٹوار سرکل کسی دوسری قانون گوئی میں اس حلقے کے منتخب نمائندے کی مرضی کے خلاف یا مشورے کے بغیر نہ کیا جائے۔

جناب سپیکر۔

رانا پھول محمد خان صاحب کی طرف سے یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ میاں مختار اے شیخ صاحب کی قرارداد میں یہ ترمیم کی جائے کہ ریونیو سٹیٹ میں پٹوار حلقہ یا قانون گو حلقہ کی تبدیلی کے وقت بھی متعلقہ رکن اسمبلی کو اعتماد میں لیا جائے۔

(ترمیم منظور کی گئی)

جناب سپیکر۔

اب یہ ترمیم شدہ قرارداد میں پیش کرتا ہوں۔ سوال یہ ہے کہ۔
"اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبائی حکومت دیہی اور شہری علاقہ جات میں

حلقوں کی حد بندی کرتے وقت متعلقہ حلقہ نیابت کے رکن صوبائی اسمبلی سے اس بارے میں مشورہ کرے۔ نیز ریونیو سٹیٹ میں پٹوار حلقہ یا قانون گو حلقہ کی تبدیلی کرتے وقت بھی متعلقہ رکن اسمبلی کو اعتماد میں لے۔"

(ترمیم شدہ قرارداد منظور کی گئی)

**وزیر قانون۔**

جناب والا، یہ دونوں ہدایتیں جاری ہو چکی ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

شکریہ۔

**چودھری غلام احمد خان۔**

آپ نے فرما دیا ہے کہ ہدایات جاری ہو چکی ہیں لیکن عملی طور پر ان پر کچھ نہیں ہو رہا بلکہ یہ تو اس طرح خفیہ رکھا جا رہا ہے جیسے یہ کوئی مقدس دستاویز ہے۔ یہ پبلک کا معاملہ ہے۔ لیکن اس کے متعلق کوئی تشہیر نہیں۔ کسی یونین کونسل میں نوٹس نہیں لگا۔ کسی پبلک ادارے میں اس کی ہدایات چسپاں نہیں بلکہ یہ اے۔ سی تک محدود ہے۔ اور اس سے آگے کسی کو یہ معلوم نہیں کہ کیا ہو رہا ہے اور کیا ہونے والا ہے۔

**وزیر قانون۔**

جناب شکایت کے پیش نظر ہم نے دوبارہ کہا ہے کہ وہ اپنے حلقے کے ایم پی اے اور ایم این اے سے مشورہ کریں۔ ہمیں یہ شکایت موصول ہوئی تھی اسکے پیش نظر ہم نے یہ بھیجی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

میں یہاں اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں جس وقت آج جب یہ سیشن ملتوی ہو گا اس وقت بھی اسکا بتایا جائیگا لیکن میں پہلے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کل کا اجلاس بعد دوپہر ہو گا۔ پہلے وقت دس بجے سیمینار ہو گا اور سیمینار کا دوسرا روز ہو گا۔ کل اجلاس شام چار بجے ہو گا۔

**چوھدری غلام محمد۔**

جناب سپیکر میں آپکی توجہ بڑے اہم معاملہ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں یہاں وزیر صاحب نے یہ فرمادیا ہے اور ترمیم بھی پاس ہوگئی ہے اس میں یہ کیوں نہیں ہوجاتا کہ اس میں جو بھی تبدیلی کی جائے اس پر حلقہ کے ممبر کے دستخط موجود ہوں۔

**ملک طیب خان اعوان۔**

جناب سپیکر یہ احکامات بھی پہنچ چکے ہیں اور دستخط بھی ہورہے ہیں اور میں اسکا خود شاہد ہوں اسی لئے میں یہ عرض کررہا ہوں۔

# میونسپلٹی کی حدود میں واقع قابضین کے نام الاٹمنٹ

**جناب سپیکر۔**

سردار الطاف حسین صاحب

**سردار الطاف حسین۔**

جناب سپیکر اس ایوان کی رائے ہے "کہ صوبائی حکومت سرکاری اراضی کے قابضین کو مالکانہ حقوق دے اور ہندو اوقاف کی اراضی جو کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی میونسپلٹی حدود سے باہر ۵ میل کے اندر واقع ہے وہ ان قابضین کے نام الاٹ کردے جو ۱۹۴۸ء سے اسے کاشت کر رہے ہیں۔

**چوھدری گل نواز خان وڑائچ۔**

جناب سپیکر اس میں ترمیم عرض کرنا چاہتا ہوں یہ بجائے کمالیہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کی میونسپلٹی کے تمام پنجاب کی میونسپلٹی کو اس میں شامل کیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

مجھے باضابطہ بنانے اور اسکو پڑھنے دیجیئے یہ قرارداد پیش کی گئی ہے "کہ صوبائی حکومت مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ حکومت ایسی تمام سرکاری زرعی اراضی یا ہندو اوقاف کی اراضی جو کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کی میونسپلٹی حدود سے باہر ۵ میل کے اندر واقع ہے وہ ان قابضین کے نام الاٹ کردے جو ۱۹۴۸ء سے اسے کاشت کر رہے ہیں۔"

اس میں جناب چوھدری گل نواز صاحب نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ " یہ صرف ٹوبہ ٹیک سنگھ کے لئے نہ ہو بلکہ سارے صوبہ پنجاب کے لئے ہو اس میں یہ ترمیم کی جائے ٹوبہ ٹیک سنگھ کی بجائے صوبہ پنجاب میں جہاں کہیں بھی ہندو اوقاف کی زرعی اراضی ہے اسکو حدود سے باہر ۵ میل کے اندر واقع ان قابضین کے نام الاٹ کر دی جائے جو ۱۹۴۸ء سے اسے کاشت کر رہے ہیں۔"

ایک ترمیم میاں مختار اے شیخ پیش کرنا چاہتے ہیں۔

**ملک طیب خان اعوان۔**

جناب سپیکر آپ یہ پاس تو کروا رہے ہیں لیکن جن لوگوں نے وہ زمین ملکیت میں لے لی ہے آپ اسطرح تمام حلقہ میں الجھن ڈالیں گے وہی زمینیں لوگوں نے کئی جگہ پر ملکیت لے لی ہیں الاٹ کرالی ہیں اب ان سے واپس لینے پر جھگڑے پیدا ہوں گے۔ ازراہ خدا آپ اسے پاس نہ کریں۔

**جناب سپیکر۔**

مسئلہ یہ نہیں ہے جو قرارداد سردار الطاف حسین صاحب نے پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ جو زرعی اراضی سرکاری یا غیر مسلم اوقاف کی ہو میونسپلٹی کمالیہ کی ۵ میل کی حدود میں ہو وہ ان قابضین کو منتقل کر دی جائے جو ۱۹۴۸ء سے اسکو کاشت کر رہے ہیں یا قابض ہیں اور اس میں چوھدری گل نواز صاحب نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اسے صرف ٹوبہ ٹیک سنگھ تک محدود نہ کیا جائے بلکہ سارے پنجاب پر لاگو کر لیا جائے کہ صوبہ پنجاب میں جو اراضی ۱۹۴۸ء سے لوگ کاشت کر رہے ہیں یا ان پر قابض ہیں چاہے وہ سرکاری اراضی ہے یا ہندو اوقاف کی اراضی ہے وہ ان قابضین کو منتقل کر دی جائے۔

**وزیر کالونیز۔**

جناب سپیکر میں اس کی مخالفت کرتا ہوں اور مجھے اسکے متعلق کچھ کہنے کی اجازت دیجیئے۔

**جناب سپیکر۔**

کیا آپ اس ترمیم کی بھی مخالفت کرتے ہیں؟ میں وزیر کالونی کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ عرض کریں۔

**وزیر کالونیز۔**

جناب سپیکر اس ریزولیوشن کے دو حصے ہیں ایک تو وفاق کی زمین ہے اور دوسری گورنمنٹ کی زمین ہے۔ جہاں تک ہندولوقاف کی زمین کا تعلق اس کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں اور جہاں تک حکومت کی اراضی کا تعلق ہے میں اسکے بارے میں یہ عرض کرونگا کہ جناب سردار صاحب نے اس اراضی کا ذکر کیا ہے جو میونسپل کمیٹی کی حدود کے اندر ہے۔ اس میں حکومت کی پالیسی بھی یہ ہے اور حکومت کے قواعد وضوابط میں بھی ہے اور گورنمنٹ کا نوٹیفیکیشن بھی ہے کہ ہم اس اراضی کو جو میونسپلٹی کے ۵ میل کے اندر ہے اور جو کارپوریشن کے ۱۰ میل کی حدود کے اندر ہے اور ٹاؤن کمیٹی کی تین میل کی حدود کے اندر ہے اس پر ہم مالکانہ حقوق اصولی طور پر نہیں دیتے انکی وجوہات یہ ہیں کہ شہروں میں توسیع ہورہی ہے آبادی بڑھ رہی ہے اسکے لئے گورنمنٹ کو زمین کی ضرورت ہوتی ہے۔ کالونیز بن رہی ہیں۔ کالجز بن رہے ہیں سکول بن رہے ہیں ویلفیئر ادارے بن رہے ہیں۔ ہسپتال بن رہے ہیں انکے لئے ہمیں زمین کی اشد ضرورت ہے ہم اصولی طور پر میونسپلٹی کی حدود کے اندر انکو مالکانہ حقوق نہیں دیتے۔ جہاں تک عارضی کاشت کا تعلق ہے ہم لوگوں کی سہولت کے لئے عارضی طور پر ٹھیکہ پر زمین دیتے ہیں اور ان سے اسوقت تک نہیں لیتے جسوقت تک حکومت کو ضرورت نہ ہو جب ہم لیز کا پٹہ دستخط کرتے ہیں انکو یہ شرط لکھ کر دینا پڑتی ہے کہ جب بھی حکومت کو ان مقاصد کے لئے زمین کی ضرورت ہوگی تو انکو خالی کرنا پڑیگی اس میں ایک اور بات ہے انکی سہولت کے لئے یہ بھی رکھا ہوا ہے کہ اگر کسی آدمی نے اس زمین کے مالکانہ حقوق لینے ہیں تو متبادل زمین کے لئے ہمیں درخواست دے اس زمین کو چھوڑ کر جو میونسپل کمیٹی سے باہر ہے اگر اسکے لئے

درخواست دے تو ہم اس کو مالکانہ حقوق دے دیتے ہیں۔ اس لئے میں سردار صاحب سے یہ عرض کروں گا کہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے تمام پنجاب کا مسئلہ ہے اس وقت آبادی میں توسیع ہو رہی ہے۔ ہمیں ویلفیئر اداروں کے لئے زمین کی ضرورت ہے۔ ان سے یہ گزارش کریں گے کہ وہ مہربانی کر کے اس کو واپس لے لیں، اگر ان مالکان نے گورنمنٹ سے اس کے عوض زمین لینی ہے تو میں تیار ہوں، وہ اس کے لئے درخواست دیں اور وہ سیلیکٹ کریں، ہم ان کو اس کے عوض زمین دے دیں گے۔

**جناب سپیکر۔**

جناب لودھی صاحب۔ آپ نے اس کی مخالفت کی ہے؟

**وزیر کالونیز۔**

جناب والا۔ میں اس کی مخالفت کر رہا ہوں، اگر سردار صاحب چاہیں تو وہ اسکو پینڈنگ کروانے کے بعد میرے ساتھ بیٹھ جائیں اور اس پر بات کر لیں، چونکہ یہ مسئلہ تمام پنجاب کا ہے۔ یہ پنجاب گورنمنٹ کا مسئلہ ہے۔ اب اگر یہ ہماری پالیسی سے متصادم ہو تو پھر میں سردار صاحب سے عرض کروں گا کہ وہ اسکو واپس لے لیں کیونکہ ایک طرف تو ہمیں کالونیز کے لئے اراضی کی ضرورت ہے، ان بے گھر افراد کو زمین دینے کی ضرورت ہے تو دوسری طرف ہمیں کالجز کے لئے ہسپتال کے لئے اراضی کی ضرورت ہے۔ اگر میونسپل حدود کے اندر زمین نہیں ہوگی تو پھر انکو گورنمنٹ کہاں سے زمین مہیا کرے گی۔

**رانا پھول محمد خان۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا۔ میں آپ کی وساطت سے جناب وزیر کالونیز سے یہ گزارش کروں گا کہ ٹاؤن کمیٹیوں یا میونسپل کمیٹیوں میں جہاں آپ کچی آبادیوں کے مکینوں کو مالکانہ حقوق دے رہے ہیں، وہاں متروکہ اوقاف کے متعلق آپ نے کوئی منظوری حاصل کر لی ہوئی ہے یا کہ نہیں اور جن ٹاؤن کمیٹیوں میں میونسپل کمیٹیوں میں کچی آبادیاں موجود ہیں، ان کو مالکانہ حقوق دینے کے لئے بھی آپ کو توجہ دینی چاہیے، اس سوال کا جواب میں ان سے بعد میں لوں گا۔ میں جناب والا، اس قرارداد کو واپس لینے سے پہلے اس میں ترمیم در ترمیم پیش کرتا ہوں کہ یہ شرط بھی ختم کر دی جائے۔ کہ چار ایکڑ یا اس سے زائد کا مالک اراضی پٹہ پر نیلام اراضی کی بولی نہیں دے سکتا ہے یا اس کو حقوق ملکیت

نہیں دیئے جاسکتے۔اس لئے ہر آدمی کو اجازت ہونی چاہیے اس سے محکمہ کو یا گورنمنٹ کو آمدنی ہوگی اور چار ایکڑ کا مالک، بیچارہ زیادہ بولی بھی نہیں دے سکتا ہے۔ اس سے کروڑوں روپے کی آمدنی ہوگی۔

**جناب سپیکر۔**

رانا صاحب آپ کی ترمیم کیا ہے؟ یہ جو پابندی ہے آپ اسے ختم کرانا چاہتے ہیں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا۔ چار ایکڑ اراضی تک کے مالک کو پٹہ پر اراضی کے لئے بولی کا حق ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ پابندی ختم کی جائے۔ عام آدمی جو بھی چاہے اس میں بولی دے۔ اس کے لئے چار ایکڑ اراضی کی ملکیت کی پابندی ختم ہونی چاہیئے۔

**جناب سپیکر۔**

شکریہ۔ آپ تشریف رکھیں۔ اب میں پہلے جناب چوھدری گل نواز صاحب کی ترمیم پر اور پھر اس کے بعد جناب رانا پھول محمد صاحب کی ترمیم پر رائے شماری کراؤں گا، اور اس کے بعد جو اصل قرارداد ہے اس پر رائے شماری کراؤں گا۔ اس میں جناب وزیر کالونیز نے آپ کو یہ تجویز پیش کی تھی کہ اسے آپ واپس لے لیں ہم ایک ساتھ بیٹھ کر اس پر گفتگو کر لیں گے۔ جناب سردار صاحب، اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے کہ پینڈنگ کر لیا جائے؟

**وزیر زراعت۔**

اس کو پینڈنگ کر دیا جائے۔

**سردار الطاف حسین۔**

جناب سپیکر۔ جو کچھ وزیر کالونیز نے فرمایا ہے۔ اس سے تو مجھے کوئی اختلاف نہیں ہے۔ میں ان کے نوٹس میں صرف ایک بات لانا چاہتا ہوں کہ جہاں تک گورنمنٹ کے اپنے مقاصد کا تعلق ہے کہ وہ اپنی کسی ضرورت کے تحت اس سرکاری رقبہ کو اپنے قبضہ میں لے۔ اس حد تک تو یہ درست ہے لیکن اس کے برعکس یہاں پر یہ ہو رہا ہے اور شاید یہ وزیر

کالونیز کے نوٹس میں نہ ہو کہ یہی اراضی جس کے لئے میں یہ مطالبہ کر رہا ہوں، یہی اراضی جو میرے چکوک ۷۰۷ اور ۷۰۶ میں ہے، ان کاشتکاروں کو جنہوں نے یہ رقبہ آباد کیا ہے۔ انہیں یہ رقبہ پٹہ پر دس سالہ اور پندرہ سالہ مختلف سکیموں میں الاٹ ہوا۔ جناب والا اس میں تربیلا ڈیم کے متاثرین کو یہ رقبہ الاٹ ہوا، بے دخل شدہ ملازمین کو یہ رقبہ الاٹ ہوا۔ اور "غلہ زیادہ اگاؤ" کے تحت یہ الاٹ ہوا، تو میں یہ گزارش کروں گا کہ اگر ۱۹۴۸ء کے قابضین کا اور بنجر رقبے کو آباد کرنے والے کاشتکاروں کا کوئی حق نہیں ہے تو دوسری سکیموں کے تحت یہ رقبہ گورنمنٹ کو کسی طرح بھی الاٹ نہیں کرنا چاہیئے اور جہاں تک اس کو پینڈنگ کرنے کا تعلق ہے، میں اس سے اتفاق کرتا ہوں اور اس کے متعلق لودھی صاحب سے بات کر لی جائے گی لیکن یہ اس وقت تک ہدایت فرمائیں کہ کسی بھی سکیم کے تحت وہ رقبہ مقبوضہ لوگوں سے واپس نہ لیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

جناب سردار صاحب، وہ ایک الگ بات ہے، آپ یہ فرمائیے کہ آپ اس کو پینڈنگ کرنے پر اتفاق فرماتے ہیں۔

**سردار الطاف حسین۔**

جی میں اس سے اتفاق کرتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

تو اس قرارداد کو پینڈنگ کیا جاتا ہے۔ جناب چوھدری فضل حسین راہی۔

# صوبے کی تمام ملازمتوں میں توسیع کے احکامات جاری نہ کرنا

**جناب فضل حسین راہی۔**

اس ایوان کی رائے ہے کہ آئندہ صوبے کی تمام ملازمتوں میں توسیع دینے کے احکامات جاری نہ کئے جائیں کیونکہ اس سے دفتری عملہ کی ترقیاں رک جاتی ہیں اور بے

روزگار نوجوانوں کے لئے ملازمت کے دروازے بھی بند ہو جاتے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ آئندہ صوبے کی تمام ملازمتوں میں توسیع دینے کے احکامات جاری نہ کئے جائیں کیونکہ اس سے دفتر عملہ کی ترقیاں رک جاتی ہیں اور بے روزگار نوجوانوں کے لئے ملازمت کے دروازے بھی بند ہو جاتے ہیں۔"

**وزیر زراعت۔**

جناب والا۔ اس سلسلہ میں پہلے ہی گورنمنٹ کی پالیسی یہی ہے کہ توسیع نہ کی جائے۔ ماسوائے بطور خاص کسی ایسی ضرورت کے تحت، ورنہ تو گورنمنٹ پہلے سے اسی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

تو آپ اس کی مخالفت نہیں کرتے ہیں؟

**وزیر زراعت۔**

نہیں جی، مگر اس کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ کیوں کہ اس ریزولیوشن سے پہلے ہی اس پر عمل ہو رہا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

تو آپ اس کی مخالفت کرتے ہیں یا نہیں کرتے ہیں۔

**وزیر زراعت۔**

جی میں عرض کروں کہ ہم اصولی طور پر اس سے اتفاق کرتے ہیں۔ اس پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ پہلے ہی ہم اس پر عمل کر رہے ہیں۔ ہم تو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ پہلے ہی اس پر عمل درآمد ہو رہا ہے۔

جناب فضل حسین راہی۔

جناب سپیکر، میں یہی جناب منسٹر صاحب کے اور پوری اسمبلی کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ اپنی جگہ پر یہ بات درست ہے کہ موجودہ ملازمین کے جو قواعد ہیں قوانین ہیں یا جو حکومت کی پالیسی ہے۔ اس میں توسیع کا تصور ممکن نہیں ہے لیکن جناب سپیکر، پنجاب سول سرونٹس ایکٹ کی دفعہ ۱۳ کے تحت مفاد عامہ کو مد نظر رکھتے ہوئے بہت ہی غیر معمولی قابلیت اور اعلیٰ سروس ریکارڈ رکھنے والے ریٹائرڈ شدہ ملازمین کو دوبارہ ملازمت میں مقررہ مدت کے لئے از سر نو رکھ لیا جاتا ہے لیکن جناب سپیکر بات یہ ہے کہ اس ملک میں یا اس صوبے میں جو بات چل رہی ہے، سب کو پتا ہے کہ جس کے تعلقات ہیں اور جس سطح پر ہیں، وہ اس سطح پر اپنے تعلقات کو استعمال کرتا ہے اور وہ آدمی چاہے ریکارڈ اچھا رکھتا ہے یا برا رکھتا ہے، میں ایسے سینکڑوں ملازمین پوائنٹ آوٹ کر سکتا ہوں جنہیں سروسز میں توسیع دی گئی ہے اور انکا سروس ریکارڈ اعلیٰ ترین نہیں ہے اور انکی توسیع مفاد عامہ کے پیش نظر نہیں ہے اور جناب سپیکر دیکھنے والی بات یہ ہے کہ مفاد عامہ کا تعلق صرف گریڈ ۱۸ اور ۱۹ اور ۲۰ کے ملازمین سے ہے۔ کبھی نچلے گریڈ کے ملازم کو توسیع نہیں دی جاتی، کبھی چپڑاسی کو یا پہلے دوسرے گریڈ کے ملازم کی توسیع نہیں کی جاتی، جتنی توسیع دیجاتی ہے وہ گریڈ ۱۷، ۱۸، ۱۹ اور ۲۰ میں دی جاتی ہے۔ دیکھنے والی بات جناب سپیکر یہ ہے کہ گریڈ ۲۰ کے ملازم کو توسیع دینے پر وہ جو ایک ماہ میں رقم وصول کرتا ہے یا اس ایک ماہ کی ملازمت کی توسیع میں جو وہ سرکاری گاڑی پر خرچ کرتا ہے یا اس کی رہائش پر جتنی رقم خرچ ہوتی ہے یا اس کے ٹیلیفون کے استعمال پر جو اس ایک ماہ میں رقم خرچ ہوتی ہے، اس سے آپ تقریباً ۲۰ کلرکوں کو یا ۳۰ کلرکوں کو روزگار فراہم کر سکتے ہیں۔ آپ ایک آدمی کو توسیع دے کر رکھ لیتے ہیں۔ اور جب ہم ملازمتیں دیتے ہیں نوجوانوں کو، تو ان کے لئے ہم CERTIFICATE FITNESS مانگتے ہیں کہ آیا یہ ملازمت کے لئے فٹ بھی ہے یا نہیں اور

۶۰ سال کی مدت تک پہنچتے پہنچتے آدمی کا کوئی نہ کوئی حصہ ضرور جواب دے جاتا ہے۔ اور یہ رانا پھول محمد خان بہتر جانتے ہیں۔ کہ ۶۰ سال کی عمر تک جاتے جاتے آدمی کا کوئی نہ کوئی حصہ ضرور جواب دے جاتا ہے اور وہ آدمی سروس کے قابل نہیں رہتا۔۔۔۔

**ایک آواز۔**

آپ یہ بات رانا صاحب کے متعلق کیوں کہہ رہے ہیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

نہیں وہ سب سے پرانے پارلیمنٹرین ہیں اسلئے میں اپنی قرار داد کیلئے ان سے تائید چاہتا ہوں اور وہ سب سے زیادہ بہتر سمجھتے ہیں اسلئے میں رانا صاحب کا نام لے رہا ہوں اور جناب سپیکر۔۔۔۔

**رانا پھول محمد خان۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر آپ کی وساطت سے میں راہی صاحب کو یہ عرض کئے دیتا ہوں کہ بوڑھوں کے کئی حصے بہت اچھے ہوتے ہیں اور جس میں ایک حصہ ان کی عبادت کا بھی ہے اور جوانوں میں کئی برائیاں بھی ہوتی ہیں جس کے وہ خود بھی گناہ گار ہیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

اس کا مطلب یہ ہوا کہ سارے وزیر جوان ہیں۔ جناب سپیکر! یہ ایک حقیقت ہے کہ اگر ہم کسی ایک شخص کو ملازمت میں توسیع دیتے ہیں تو نچلے گریڈ کے ملازمین کی ترقیاں رک جاتی ہیں۔

**چوھدری محمد اعظم چیمہ۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! راہی صاحب کی تقریر شاید لمبی ہوتی جا رہی ہے۔ ایجنڈے میں اگلے دو مسئلے بڑے اہم ہیں اسلئے میری آپ سے یہ گذارش ہوگی کہ

اجلاس کا وقت دس منٹ کیلئے بڑھا دیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

ہم نے چار بجے سیمینار میں بھی جانا ہے۔

**جناب فضل الحسین راہی۔**

جناب سپیکر مجھے صرف دو منٹ دے دیں باقی وقت ان کو دے دیں۔

**وزیر زراعت۔**

جناب والا سیمینار میں بھی جانا ہے۔ نماز بھی پڑھنی ہے اور کھانا بھی کھانا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

جناب فضل حسین راہی صاحب کی جو قرار داد ہے اس پر سوال یہ ہے کہ -----

**وزیر زراعت۔**

جناب سپیکر میں اس پر قانونی اعتراض کرنا چاہتا ہوں اس سے پہلے کہ یہ قرار داد ایوان کے سامنے پیش کی جائے۔ یہ ریزولیوشن قانونی طور پر اس طرح پیش نہیں ہوسکتا کیونکہ جناب فضل حسین راہی صاحب نے سول سروس ایکٹ ۱۹۷۴ء کی سیکشن (۴) کا حوالہ دیا ہے اور قانون اور رولز آف پروسیجر کے مطابق اگر قانون میں ترمیم درکار ہے تو اس پر صرف ریزولیوشن پیش نہیں ہوسکتا۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب والا میں اس کے متعلق عرض کرتا ہوں۔

**وزیر زراعت۔**

پہلے مجھے اپنی بات ختم کرنے دیں میں یہ عرض کروں گا کہ -----

Cimpl e resolution is simply ineffective Unless it is made in accordance with the provisions of Rules of Procedure.

**جناب سپیکر۔**

سوال یہ ہے کہ اس معاملے کو ریزولیوشن کی شکل میں قواعد و ضوابط کے تحت پیش کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

**وزیر زراعت۔**

میں بھی یہی عرض کر رہا ہوں کیونکہ

Amendment of the law is required.

اسلئے

Simple resolution will be ineffective.

اور ایسا کوئی ریزولیوشن پیش نہیں کرنا چاہیئے جو INEFFECTIVE ہو۔ اسلئے ان کیلئے صرف ایک ہی راستہ باقی رہ جاتا ہے اور ہم تو SIMPLY یہ کہیں گے کہ ریزولیوشن پاس کرنے کے باوجود بھی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کوئی EXTENSION نہیں کرینگے۔

Then again that provision of will come in the way.

اور اس کیلئے ان کے پاس اور کوئی چارہ نہیں رہ جاتا کہ وہ اس قانون کی دفعہ کی ترمیم کیلئے باقاعدہ ایک بل پیش کریں۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ فنی لحاظ سے یہ ریزولیوشن

MAINTAINABLE نہیں ہے اور جناب کو اس کے بارے میں فیصلہ کرنا چاہیئے، کیونکہ اس قانون میں ترمیم درکار ہے اور جہاں قانون میں ترمیم درکار ہو وہاں پر ریزولیوشن پیش نہیں ہونا چاہیئے بلکہ اس قانون میں ترمیم پیش ہونی چاہیئے۔

SIMPLE RESOLUTION IS INEFFECTIVE

**جناب سپیکر۔**

وزیر قانون و پارلیمانی امور۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور۔**

جناب سپیکر میں وزیر موصوف کے اس مؤقف کی تائید کرتا ہوں ۔ ریزولیوشن تو اسی صورت میں پیش ہوتا ہے اگر ہمارے پاس اختیار نہ ہو اور ہم اس میں صرف سفارش کر سکتے ہیں۔ لیکن انہوں نے جو ریزولیوشن پیش کیا ہے اس کے اختیارات تو اسمبلی کے پاس موجود ہیں ہم مذکورہ ایکٹ میں ترمیم کر سکتے ہیں، پھر ریزولیوشن کا فائدہ کیا ہے۔ میں بھی یہی کہوں گا کہ بجائے اس کے کہ ہم کوئی سفارش کریں، جب آپ خود صاحب اقتدار ہیں، صاحب اختیار ہیں تو آپ ان میں ترمیم کیوں پیش نہیں کرتے۔

**جناب سپیکر۔**

آپ اس سلسلے میں قواعد و ضوابط کی روشنی میں کونسے رولز کا حوالہ دیں گے؟

**وزیر قانون و پارلیمانی امور۔**

نہیں جناب میرا جو پوائنٹ ہے وہ الگ ہے۔ میرا پوائنٹ یہ ہے کہ ایسے ریزولیوشن جو سفارش کی شکل میں ہوں وہ INEFFECTIVE ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

یہ کوئی ٹیکنیکل بات تو نہیں ہے۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور۔**

ریزولیوشن ہے۔ ہم ریزولیوشن سے حکومت کو فورس نہیں کر سکتے لیکن اگر آپ اسے ترمیم کی شکل میں پیش کریں گے تو پھر یہ فورس کر سکیں گے کہ یہ ترمیم اس ایکٹ میں اس دفعہ میں کریں۔ جب اس کیلئے ہمارے پاس ایک فورم ہے تو ہم اس پر بھی APPLY کر سکتے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

اجلاس کا وقت پانچ منٹ کیلئے بڑھایا جاتا ہے۔

**وزیر زراعت۔**

جناب والا میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ اس تحریک کو آپ اگلی دفعہ تک کیلئے ملتوی کر دیں اور اگلی دفعہ اس تحریک کو آپ پہلے TAKE UP کر لیں۔

**جناب سپیکر۔**

راہی صاحب آپ اس سے اتفاق کرتے ہیں کہ اس کو PENDING کر لیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب سپیکر میں اس مسئلے پر صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر۔**

آپ دو منٹ میں اپنی بات ختم کریں گے۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جی۔ بالکل۔ جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ رولز بڑے واضح ہوتے

ہیں۔ اسی طرح ایک اختیار جو کہ ہمارے چیف ایگزیکٹیو کے پاس ہے کہ وہ تمام قواعد و ضوابط میں نرمی کر سکتے ہیں، حالانکہ یہ ایک انتہائی نازک موقع کیلئے ہوتا ہے جہاں پر حکومت پھنس جاتی ہے وہاں سے نہیں نکل سکتی اور اس کو اس کیلئے کوئی صورت نظر نہیں آتی وہاں پر قواعد میں نرمی کرنی چاہیئے۔ لیکن ہم نے یہ دیکھا ہے اور پریکٹس ہے کہ ہر دفتر میں سینکڑوں کی تعداد میں ایسے تقرری کے احکامات موجود ہیں جس میں لکھا ہوا ہے کہ

IN RELAXATION OF ALL RULES ANDREGULATIONS

ایسے موقع پر حکومت پھنسی ہوئی نہیں ہوتی لیکن جناب سپیکر بات ہے نیت کی کہ آرڈر کرنے والے کی نیت کیا ہے؟ اس کے حکم دینے میں اس کی نیت کا دخل کیا ہے؟ اگر آپ بغیر کسی وجہ کے رولز کو RELAX کر دیں گے تو آپ ایسی مثالیں قائم کریں گے جس سے نچلے طبقے کے لوگوں کو نقصان ہو گا جن پر ان کی پہنچ نہیں ہے، جو ایماندار ملازمین ہیں جو سفارش کو یا رشوت کو یا ایسی دوسری برائیوں کو حقیقی برائیاں سمجھتے ہیں ان کیلئے پھر آگے بڑھنے کے مواقع ختم ہو جاتے ہیں۔ اس وقت موجودہ ڈھانچے کے اندر جس آدمی کا کسی ایم۔این۔اے کے ساتھ تعلق ہے، کسی ایم۔پی۔اے کے ساتھ تعلق ہے، کسی وزیر کے ساتھ تعلق ہے وہ تو اپنی ملازمت میں توسیع لے لیتا ہے۔ جناب والا بنیادی بات یہ ہے کہ یہ حکومت کے مفاد کی بات ہے، پاکستان کے عوام کی حمایت کی بات ہے۔ ان کے اپنے دفتری نظام ٹھیک کرنے کی بات ہے۔

جناب سپیکر۔

جناب فضل حسین راہی صاحب میری بات سنیئے کہ اس قرار داد کو PENDING کرنے کے بارے میں تجویز آئی ہے میں اس قرار داد کو PENDING کرتا

ہوں اور اجلاس کی کارروائی کل شام ۴ بجے تک کیلئے ملتوی کی جاتی ہے۔

(اس مرحلہ پر اجلاس کی کارروائی ۲۵ مارچ ۱۹۸۷ء شام ۴ بجے تک ملتوی کر دی گئی۔)

صوبائی اسمبلی پنجاب

# مباحثات

بدھ ۲۵ مارچ ۱۹۸۷ء

(چہار شنبہ ۲۴ رجب ۱۴۰۷)

جلد ۹ —— شمارہ ۴

## سرکاری رپورٹ

## مندرجات

بدھ ۲۵ مارچ ۱۹۸۷


| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ | ۲۶۹ |
| نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات | ۲۷۰ |
| نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے | ۳۱۴ |
| **مسئلہ استحقاق —** | ۳۳۰ |
| (ا) گورنر نے دانشوروں کا اجلاس بلا کر پنجاب اسمبلی کی حیثیت کو اور اہلیت کو مشکوک کرنے کی کوشش کی ہے | ۳۳۱ |
| (اا) ٹیلی ویژن پر صوبائی اسمبلی پنجاب کی کارروائی کا نظر انداز کیا جانا | ۳۴۰ |
| **تحاریک التوائے کار —** | ۳۴۸ |
| سوت کی قیمت میں اضافہ | ۳۵۲ |
| مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور کی رپورٹ کا پیش کیا جانا | ۳۵۵ |

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## صوبائی اسمبلی پنجاب کا نواں اجلاس

بدھ ۲۵ مارچ ۱۹۸۷ء

(چہار شنبہ ۲۴ رجب ۱۴۰۷ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر لاہور میں شام ۴ بجے منعقد ہوا۔
جناب سپیکر میاں منظور احمد وٹو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے۔

**تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ قاری علی حسین صدیقی نے پیش کیا**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۙ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ
وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۗ وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ؕ
وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَ الْفُؤَادَ كُلُّ
اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ؕ وَ لَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ
الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ؕ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ
مَكْرُوْهًا ؕ
كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ؕ

(س احزاب - آیات ۷۰ - ۷۱ س بنی اسرائیل آیات ۳۶ - ۳۷ - ۳۸ - س صف آیت ۲ ۱)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرا کرو بات سیدھی کیا کرو۔ وہ تمہارے تمام اعمال درست کر دے گا اور تمہارے گناہ بھی بخش دے گا اور جو بھی اللہ اور اس کے رسول کے احکام پر چلتا رہے گا تو وہ زبردست کامیابی حاصل کرے گا۔

اور اے مخاطب جس چیز کا تجھے علم نہیں اس کے پیچھے مت پڑ کیونکہ کان آنکھ اور دل ان سب اعضاء سے باز پرس ہوگی۔ اور زمین پر اکڑ کر مت چل کیونکہ نہ تو زمین کو پھاڑ سکتا ہے اور نہ لمبا ہو کر پہاڑوں کی لمبی چوٹیوں تک پہنچ سکتا ہے۔ ان سب عادتوں کی برائی تیرے پروردگار کے نزدیک سخت ناپسند ہے۔

اور تم اپنے عہد کو ضرور پورا کیا کرو کیونکہ عہد کے بارے میں یقینی پوچھ گچھ ہوگی۔ اللہ اس بات سے سخت بیزار ہے کہ تم ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔

وما علینا الا البلاغ

# نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر۔

وقفہ سوالات شروع ہوتا ہے۔ میاں محمود احمد صاحب۔

## سپیڈ بریکروں کی وجہ سے حادثات کی روک تھام

*۷۹۲۔ میاں محمود احمد۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ لاہور میں حادثات کی بڑی وجہ لاہور کی سڑکوں پر بنائے گئے سپیڈ بریکر ہیں۔ جو بغیر قاعدہ اور قانون کے بنائے گئے ہیں اور اکثر لوگوں نے اپنے گھروں اور گلیوں کے سامنے بنائے ہوئے ہیں۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اکثر سڑکوں پر سپیڈ بریکر کے کوئی واضع اور نمایاں نشانات نہیں لگائے گئے۔

(ج) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ ان سپیڈ بریکروں کی وجہ سے اکثر گاڑیوں کو نقصان ہوتا ہے۔

(د) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اس سلسلہ میں کوئی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔ (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) جی ہاں یہ درست ہے مگر ایسے سپیڈ بریکروں کے متعلق جب بھی کوئی شکایت موصول ہوتی ہے تو انہیں فوراً ہٹا دیا جاتا ہے۔

(ب) جی نہیں۔ لاہور میونسپل کارپوریشن جب بھی عوام کے مطالبہ پر سکولوں وغیرہ کے سامنے سپیڈ بریکر تعمیر کرتی ہے۔ تو وہاں پر واضح اور نمایاں نشان لگائے جاتے ہیں البتہ جو سپیڈ بریکر عوام خود ہی غیر قانونی طور پر تعمیر کر لیتے ہیں۔ وہاں پر ایسے نشانات موجود نہیں ہوتے۔

(ج) منظور شدہ سپیڈ بریکروں سے گاڑیوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ نمایاں نشانات کی رہنمائی میں گاڑیوں کی سپیڈ کم کر لی جاتی ہے۔

(د) ضرورت نہیں۔

# ضمنی سوالات متعلقہ سوال نمبر ۷۹۲

## چودھری غلام احمد خان۔

جناب والا وزیر موصوف نے فرمایا ہے کہ جہاں سپیڈ بریکر میونسپل کارپوریشن کی حدود میں بنائے جاتے ہیں وہاں نشانات لگا دیئے جاتے ہیں۔ میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ شادمان میں جو نئی سڑک بنی ہے اس پر کتنے سپیڈ بریکر ہیں اور ان پر کیا نشانات موجود ہیں۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

کارپوریشن کے بنائے گئے تمام سپیڈ بریکروں پر نشانات موجود ہیں۔ اگر سپیڈ

بریکروں کی تعداد پوچھنا چاہتے ہیں تو اسکے لئے نیا نوٹس دے دیں تو ہم شہر کے تمام سپیڈ بریکرز کی تعداد دے دیں گے۔

**چودھری غلام احمد خان۔** جناب والا نشانات موجود نہیں ہیں۔

**جناب سپیکر۔** نیا نوٹس والی بات غالباً اس وجہ سے ہے کہ ملک صاحب سیمینار میں نہیں تھے۔

(قہقہہ)

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔** جناب والا آپ تو دوستوں کو سنبھالتے بھی نہیں ہیں میں تو بیمار تھا۔ آپ نے میری خبر بھی نہیں لی۔

**جناب سپیکر۔** اگلا سوال ------ جناب یہ بیماری بہت بری چیز ہے۔ بیماری کی صورت میں تو سپیڈ بریکر سے بھی نہیں گزرا جا سکتا۔

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔** جناب والا جیسے کہ آپ نے کسی سپیڈ بریکر کا ذکر فرمایا میں اسکو چیک بھی کرالوں گا۔ اگر کسی جگہ پر ایسی چیز ہے کہ نشانات نہیں ہیں تو وہاں پہ نشانات بھی لگائے جائیں گے اور باز پرس بھی کی جائے گی۔

## جناب سپیکر۔

اب چودھری صاحب مطمئن ہو گئے ہیں۔ اگلا سوال۔

# ضائع شدہ دوائیوں کا استعمال

## ×۸۰۱ میاں محمود احمد۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔
کیا یہ حقیقت ہے کہ گزشتہ دنوں بلدیہ لاہور نے بیماریوں کی روک تھام کے لئے جس دوائی کا چھڑکاؤ کیا وہ ناقابل استعمال تھی اور اس میں موبا آئیل ملایا گیا تھا ۔ اگر ایسا ہے تو اس دوائی کے سپلائی کرنے والوں کے خلاف کوئی کارروائی کی گئی اگر نہیں تو اسکی وجوہ کیا ہیں ؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

جی نہیں ۔ یہ حقیقت پر مبنی نہیں ۔ کہ جو دوائی چھڑکاؤ کے لئے استعمال کی گئی وہ ناقابل استعمال تھی دراصل فوگ مشینوں میں جو دوائی استعمال کی جاتی ہے۔
لاہور میونسپل کارپوریشن اس کی کوئی قیمت ادا نہیں کرتی ۔ اس دوائی میں عالمی ادارہ صحت کی ہدایات کے مطابق مٹی کا تیل یا ڈیزل ملایا جاتا ہے جو کہ کسی طریقہ سے بھی انسانی صحت کے لئے مضر نہیں ۔ ان مشینوں میں دوائی کے استعمال سے ہوا میں گندی کثافتیں دور کی جاتی ہیں ۔ چونکہ دوائی ناقص نہ تھی اس لئے کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی ۔

# چلڈرن پارک کی تعمیر مکمل کرنے کے لئے اقدامات

## × ۸۲۳ جناب ظفر اللہ خان۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ لاہور میونسپل کارپوریشن نے نیوشاد باغ اور محمدی محلہ دسن پورہ سے ملحق آبادی کے درمیان ایک عرصہ قبل چلڈرن پارک تعمیر کروایا تھا۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ لاہور میونسپل کارپوریشن مذکورہ چلڈرن پارک کے گرد چار دیواری اور جنگلا کئی بار تعمیر کر چکی ہے لیکن نامعلوم وجوہات کی بناء پر تعمیر ادھوری چھوڑ دی جاتی ہے۔

(ج) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ مذکورہ چلڈرن پارک کے ملحقہ بہنے والے گندے نالے کا گندا پانی اس میں جمع رہتا ہے جس کی وجہ سے بدبو پھیل جانے کے علاوہ مذکورہ علاقہ کے مکینوں کی صحت کے لئے خطرہ کا باعث بنتی ہے۔

(د) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ یہ صرف نام کا چلڈرن پارک ہے کیونکہ اس میں بچوں کی تفریح اور پودے گھاس وغیرہ کے نام کی کوئی چیز نہیں اور نہ ہی اس کی دیکھ بھال کے لئے کوئی عملہ متعین ہے۔

(ح) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اس نام نہاد چلڈرن پارک کو صحیح معنوں میں چلڈرن پارک بنانے کو تیار ہے اگر ہاں تو کب تک اور نہیں تو کیوں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) جی ہاں۔ درست ہے کہ نیو شاد باغ اور محمدی محلہ وسن پورہ سے ملحق آبادی کے درمیان ایک پارک موجود ہے۔

(ب) چلڈرن پارک کے ارد گرد چار دیواری اور جنگلا کارپوریشن نے تعمیر کرایا تھا۔ جواب بھی موجود ہے۔

(ج) جی نہیں۔ پارک میں جو پانی اکٹھا ہوتا ہے بہنے والے گندے نالے کا پانی نہیں ہوتا بلکہ پارک کی سطح زمین نیچی ہونے کی وجہ سے بارش کا پانی اندر ہی رک جاتا ہے اور اس کا نکاس نہیں ہوتا پارک میں مٹی ڈال کر اس کی سطح اونچی کی جا رہی ہے۔ تاکہ پارک میں پانی اکٹھا نہ ہو سکے۔

(د) دراصل پارک میں زمین کی سطح نیچی ہے اس لئے اس میں گھاس اور پودے نہیں لگائے جا سکتے اب پارک میں مٹی ڈالی جا رہی ہے اور اس کے بعد اس میں پودے اور گھاس لگا کر مکمل چلڈرن پارک بنا دیا جائے گا اور بعد ازاں اس کی دیکھ بھال کے لئے عملہ بھی متعین کیا جائے گا۔

(ح) پارک کی پوزیشن کی وضاحت پیش کر دی گئی ہے پارک کو جلد از جلد درست کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

## جناب محمد صدیق انصاری۔

جناب سپیکر جزو (د) میں جو جواب دیا گیا ہے کہ اس پر مٹی ڈالی جائے گی اس میں پودے اور گھاس لگا کر چلڈرن پارک بنا دیا جائیگا۔ کیا وزیر موصوف یہ بتا سکتے ہیں کہ یہ کام کتنے عرصے تک ہو جائیگا۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا وہاں پر مٹی ڈال دی گئی ہے یا ڈالی جائے گی والی جو بات ہے یہ سوال پہلے کا ہے۔ اب وہاں پر مٹی ڈال دی گئی ہے اور وہ کام مکمل ہو چکا ہے۔ مزید وہاں پر

کام جاری ہے۔ وہاں پانی کے کنکشن کیلئے درخواست دی ہوئی ہے۔ کنکشن ملنے کے ساتھ ہی وہاں پودوں وغیرہ کا کام بھی شروع کیا جائے گا۔

## جناب سپیکر۔

اگلا سوال۔

# ھنڈا موٹر سائیکل پر دوہرے برآمدی ٹیکس کی وصولی

## ×۱۱۸۸۔ جناب ایم جاوید اقبال چیمہ۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ھنڈا موٹر سائیکل ضلع شیخوپورہ میں اسمبل کیا جاتا ہے۔ اور تیاری کے بعد میکلوڈ روڈ لاہور میں بھیجا جاتا ہے جہاں سے پنجاب کے مختلف شہروں کو سپلائی کیا جاتا ہے۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ مذکرہ موٹر سائیکل پر ضلع شیخوپورہ کی حدود سے باہر لے جاتے وقت برآمدگی ٹیکس وصول کیا جاتا ہے اور پھر یہی موٹر سائیکل جب لاہور سے باہر مختلف شہروں کو سپلائی کیا جاتا ہے تو ضلع کونسل لاہور برآمدگی ٹیکس وصول کرتی ہے۔

(ج) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت دوہرا برآمدگی ٹیکس ختم کرنے کو تیار ہے۔ تاکہ عوام کو موٹر سائیکل سستے نرخوں پر دستیاب ہوسکے؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) جی ہاں۔ یہ درست ہے۔ تاہم یہ محکمہ کے علم میں نہیں کہ یہ صرف لاہور ہی

لایا جاتا ہے۔

(ب) جی ہاں۔ یہ درست ہے کہ ضلع کونسل شیخوپورہ اور لاہور اس موٹر سائیکل پر برآمدگی ٹیکس وصول کرتی ہیں۔

(ج) یہ ٹیکس ضلعی سطح پر لئے جاتے ہیں ہر ضلع کونسل کو منظور شدہ شیڈول کے مطابق مختلف اشیاء پر برآمدگی ٹیکس وصول کرنیکا قانونی حق ہے۔ لہذا اسے دوہرا ٹیکس کہنا درست نہ ہے کیونکہ ہر ضلع کونسل اپنی اپنی حدود کے اندر سے باہر جانے والی اشیاء پر برآمدگی ٹیکس وصول کرتی ہے۔

## جناب ایم جاوید اقبال چیمہ۔

کیا جناب وزیر موصوف فرمائیں گے کہ جس شہر میں پروڈکشن ہوتی ہے یا اسمبلنگ ہوتی ہے اسی ضلع سے باہر جاتے ہوئے برآمدگی ٹیکس وصول کیا جاتا ہے کسی دوسرے ضلع میں اسکا ٹیکس وصول نہیں کیا جاسکتا۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا یہی ایک ابہام ہے اور میں سوال سے یہی سمجھتا ہوں کہ فاضل رکن کا جو مدعا ہے۔ اس میں پروڈکشن کا کوئی سوال نہیں۔ یہ ایکسپورٹ ٹیکس ہے۔ کسی ضلع میں جہاں بھی اسکی پروڈکشن ہوتی ہو جب دوسرے ضلع میں آکر کسی جگہ سٹاک کیا جائے اور ۴۸ گھنٹے سے زیادہ کوئی چیز رکھی جائے تو وہاں سے جب باہر جائے گی اس پر یہ ٹیکس وصول ہوگا۔

## جناب سپیکر۔

لیکن اس میں قوانین غالباً یہ ہیں کہ ایک ہی دفعہ یہ ٹیکس وصول ہوسکتا ہے دوسری دفعہ تو ٹیکس وصول نہیں ہوسکتا۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا قوانین ایسے نہیں ہیں۔ اس میں قوانین بڑے واضح ہیں۔ اس

میں ایکسپورٹ کالفظ ہے۔ یہ ایکسپورٹ ٹیکس ہے اور قانون یہی ہے کہ جب کسی شہر میں سٹور کیاجائیگا وہاں سے پھر اسے آگے لیکر چلیں گے TRANSACTION کے دوران اس وقت نہیں لگتا۔ کسی ایک جگہ سے چلا ہے اور چل رہا ہے تو باقی اضلاع میں نہیں لگے گا۔ جب کسی جگہ یہ رک گیا اور وہاں سٹور کرایا گیا وہاں سے جب چلے گا تو پھر دوسرے ضلع میں ٹیکس لگے گا۔

## جناب محمد صدیق انصاری۔

جناب والا ایکسپورٹ ٹیکس کیلئے کوئی شیڈول بنا ہوا ہے جن پر ٹیکس لگتا ہے۔ کیا وزیر موصوف یہ بتا سکتے ہیں کہ یہ شیڈول پنجاب کیلئے ایک ہے یا ہر ضلع کیلئے علیحدہ علیحدہ ہے۔

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا شیڈول جو ہے یہ ضلع کونسلیں اشیا کیلئے بناتی ہیں۔ یہاں گورنمنٹ کی سطح پر شیڈول نہیں بنایا جاتا۔ ہر ایک کا اپنا ایک شیڈول ہے۔ شاید بعض چیزوں کے ریٹس بھی تھوڑے سے مختلف ہوں مگر وہاں پر ضلع کونسلیں خود اپنا شیڈول بناتی ہیں۔ اسکے مطابق اسکو آکشن کرتی ہیں۔

## جناب محمد صدیق انصاری۔

جناب والا میں اس جواب سے مطمئن نہیں ہوں۔ گورنمنٹ کے منشیر میں جو آیا تھا وہ یہ تھا کہ پنجاب بھر کیلئے اشیا کی ایک فہرست بنائی گئی ہے وہ شیڈول سب پر لاگو کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے جو وضاحت کی ہے یہ کچھ مختلف ہے۔ کیا وزیر موصوف اگلے کسی وقت میں اس شیڈول کے متعلق بتائیں گے۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا میں ان سے ضرور یہ عرض کروں گا مگر میری ان سے گزارش یہ ہے کہ اس میں بعض چیزیں تو ایک جیسی ہیں گورنمنٹ لیول پر ان کو دے دیا جاتا ہے مگر کچھ اشیا ایسی ہیں جو چند اضلاع میں ہیں ان کا ریٹ کچھ مختلف ہوتا ہے۔

## حاجی غلام صابر انصاری۔

جناب والا جب ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں مال جاتا ہے تو ایکسپورٹ ٹیکس لیا جاتا ہے۔ جب پاکستان کے کسی ضلع سے غیر ممالک میں مال بھیجا جاتا ہے اس پر کوئی ضلع ٹیکس نہیں ہے مگر یہ پھر بھی وصول کرتے ہیں وزیر موصوف اسکی وضاحت فرمائیں۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا ایکسپورٹ ٹیکس اپنا ہے اسکے حساب سے ہوتا ہے مگر ان کا فرمان یہ ہے کہ پھر بھی یہ وصول کرتے ہیں۔ اگر کسی جگہ پر ایسی کوئی بات ہے کہ وہاں وصول نہیں کیا جاتا وہاں وصول کرتے ہیں اسکی یہ شکایت فرمائیں ہم پوری طرح اس پر ایکشن لیں گے۔

## حاجی غلام صابر انصاری۔

جناب والا کئی دفعہ ہم نے شکایت کی ہے۔ یہ ضلع کے چیئرمین تو مانتے ہیں کہ ہم کوئی ٹیکس وصول نہیں کرتے مگر ان کے ٹھیکے دار ٹیکس وصول کرتے ہیں۔ جب ان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں وہ ٹیکس واپس لے کر دیں تو یہ کہتے ہیں کہ ہم واپس لیکر نہیں دے سکتے۔ آپ ان کو ٹیکس ہی نہ دیں۔ اگر ہم ان کو ٹیکس نہیں دیتے تو ہمارے ٹرکوں پر مال وہیں رکا رہتا ہے وہ کراچی ان کو جانے ہی نہیں دیتے۔ یہ ان کے شیڈول میں ہے جب غیر ممالک میں مال جائیگا تو اس پر کوئی ایکسپورٹ ٹیکس نہیں ہوگا مگر ان کے ٹھیکیدار صاحبان ہم سے ٹیکس وصول کرتے ہیں۔

## جناب سپیکر۔

اس بارے میں جناب وزیر لوکل گورنمنٹ فرما چکے ہیں کہ اگر کہیں کوئی شکایت ہے تو ہمارے نوٹس میں لائی جائے ہم اس کا ازالہ کرنے کیلئے تیار ہیں۔

## ملک طیب خان اعوان۔

عالی جاہ ضلع کونسل غریب ریڑھی والوں سے ٹیکس وصول کرتی ہے اور یونین کونسل بھی ٹیکس وصول کرتی ہے۔ یہ ایک ریڑھی والے کیلئے ٹیکس ڈبل ہو جاتا ہے

۔اس لئے وزیر موصوف یا تو ہدایت فرمائیں یا بتائیں کہ یہ ٹیکس ہوتا ہے یا نہیں۔ ہمارے ہاں تو ہوتا ہے۔ ایک ریڑھی والے سے دو دفعہ ٹیکس وصول ہوتا ہے۔

جناب سپیکر۔

یہ تو آپکی طرف سے ایک اطلاع ہو گئی۔ اب سوال کیا ہوا۔

ملک طیب خان اعوان۔

جناب والا ایسا کیوں کیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر۔

ہاں یہ سوال ہوا نا۔

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا انہوں نے ریڑھی والوں کا ذکر کیا ہے۔ یہ ضلع کونسل ایک ٹوکن جاری کرتی ہے مگر یہ بات کہ یونین کونسل بھی کوئی ٹیکس لگائے ہوئے ہے جو ملک صاحب فرما رہے ہیں۔ اگر اسکی نشاندہی یونین کونسل کے متعلق فرمائیں تو ہم پتہ کروا لیتے ہیں۔

جناب سپیکر۔

ملک صاحب کیا آپ مطمئن ہو گئے ہیں۔

ملک طیب خان اعوان۔

مطمئن تو نہیں ہوا۔ یہ ضلع کونسل کو ہدایت فرمائیں کہ یونین کونسل وہ ٹیکس وصول نہ کرے۔ ایسے ہوتا ہے۔ میں مثال دے سکتا ہوں۔

جناب سپیکر۔

وہ کہہ چکے ہیں کہ آپ ان کے علم میں لائیں وہ اسکا تدارک کرنے کو تیار ہیں۔

ملک طیب خان اعوان۔

اگر ضلع کونسل لے تو یونین کونسل نہ لے۔ اگر یونین کونسل لے تو ضلع کونسل نہ لے۔

**چودھری اکرام الحق۔**

پنجاب کے باقی اضلاع کی طرح اوکاڑہ ڈسٹرکٹ کونسل کے ٹھکیدار بھی ایکسپورٹ ٹیکس کی دھاندلی میں ملوث ہیں۔ کیا وزیر موصوف چیئرمین ضلع کونسل اوکاڑہ کو ہدایت فرمائیں گے کہ وہ اس بارے میں ضروری کارروائی کریں۔

**جناب سپیکر۔**

ایک انتہائی دلچسپ سوال ہے۔

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔**

جناب والا، اجازت ہو تو میں عرض کروں؟

**وزیر قانون۔**

وزیر موصوف کو چیئرمین کے خلاف کوئی شکایت موصول ہوئی ہے؟ وہ تب ہی کارروائی کر سکتے ہیں نہ کہ اگر شکایت آئی ہو۔

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔**

شکایتیں تو بہت ہیں، مگر کچھ کر نہیں سکتے۔

**جناب سپیکر۔**

کارروائی کرنے کا تو چودھری صاحب نے بھی نہیں فرمایا۔ انہوں نے تنبیہ کرنے کا، ہدایت کرنے کا فرمایا ہے۔

**جناب محمد صدیق انصاری۔**

جناب سپیکر، کیا وزیر موصوف ضلع ٹیکس کے ٹھکیداروں کو ہدایت کر سکتے ہیں کہ وہ اپنے اڈوں پر شیڈول آویزاں رکھیں؟

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔**

یہ بالکل پہلے سے ہدایت موجود ہے اور کافی جگہوں پر اس کے مطابق عمل بھی ہوتا ہے۔ اگر کسی جگہ ایسا نہیں ہے تو ہم اس پر ضرور عمل کروائیں گے۔

## جناب سپیکر۔

قبل اس کے کہ جناب ریاض حشمت جنجوعہ صاحب اپنا ضمنی سوال کریں اور جناب منسٹر لوکل گورنمنٹ اس کا جواب دیں۔ میں یہاں یہ اعلان کرنے میں انتہائی مسرت محسوس کرتا ہوں کہ جناب محترم راجہ امان اللہ خان صاحب، سپیکر، صوبائی اسمبلی، سرحد آج یہاں ہمارے پاس گیلری میں موجود ہیں۔ یہ ہماری انتہائی خوش قسمتی ہے کہ وہ آج یہاں پنجاب اسمبلی کی کارروائی کو دیکھنے کے لئے تشریف لائے ہیں۔ ہم ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ (نعرہ ہائے تحسین) اور ان کے ساتھ صوبائی اسمبلی سرحد کے معزز اراکین کو بھی ہم یہاں خوش آمدید کہتے ہیں (نعرہ ہائے تحسین) جناب جنجوعہ صاحب۔

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ پنجاب میں ضلع کونسلیں جو ایکسپورٹ ٹیکس نافذ کرتی ہیں، ضلع کونسلوں کو یہ اختیار پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کی کون سی دفعات کے تحت حاصل ہے؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

ان کا سوال بالکل بجا ہے، مگر میں اس کا جواب دینے سے قاصر ہوں۔ میں "تازہ سوال" والا اختیار بھی استعمال نہیں کرتا۔

# یاماھا موٹر سائیکل پر برآمدگی ٹیکس کی وصولی

## ×۱۱۸۹- جناب ایم جاوید اقبال چیمہ۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ جاپان سے اسمبل شدہ یاماھا موٹر سائیکل پاکستان درآمد کرنے کے بعد پہلے کراچی، یاماھا کے شوروم میں موصول کر کے پنجاب کے لئے ۔ ایمپرس

روڈ لاہور بھیجا جاتا ہے لاہور سے باہر سپلائی کے وقت برآمدگی ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ پاکستان میں یا ماحاالعقل صوبہ بلوچستان کے مقام پر اسمبلی کیا جاتا ہے پھر ے۔ ایمپریس روڈ لاہور کے شوروم میں برائے تقسیم پنجاب بھیجا جاتا ہے۔

(ج) کیا یہ درست ہے کہ برآمدگی ٹیکس کا اصول یہ ہے کہ جس ضلع میں کوئی چیز تیار کی جاتی ہو اس کو برآمدگی ٹیکس کی وصولی کا حق ہے۔

(د) اگر جزوہائے بالا کا جواب درست ہے تو کیا حکومت متذکرہ موٹر سائیکل جو کہ ضلع لاہور کی حدود میں اسمبل نہیں کیا جاتا اس پر برآمدگی ٹیکس وصول نہ کرنے کو تیار ہے اگر نہیں تو اسکی کیا وجوہات ہیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ۔ (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) محکمہ کو اس بارے میں کوئی علم نہیں ہے۔

(ب) ایضاً

(ج) جی نہیں ۔ جو اشیاء بھی ضلع کی حدود سے باہر جاتی ہیں ۔ ان پر برآمدگی ٹیکس لگایا جاسکتا ہے۔

(د) جی نہیں ۔ ضلع کونسلوں کو اشیاء پر برآمدگی ٹیکس لگانے کا قانونی حق ہے۔ اور اشیاء کی ضلع کی حدود میں تیار ہونے کی کوئی شرط نہیں ہے۔

## جناب ایم ۔ جاوید اقبال چیمہ ۔

کیا وزیر محترم فرمائیں گے کہ یہ جو ایک ہی چیز پر کئی ضلعوں میں ٹیکس لیا جاتا ہے، اگر اسی طرح کئی جگہ پر لیا جائے تو یہ بات قیمتیں بڑھانے کی مد میں نہیں آتی؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ۔

جناب والا، میں پہلے عرض کر چکا ہوں ۔ اس میں کئی اضلاع والی تو بات نہیں بنتی ۔ آپ نے سوال فرمایا ہے کہ وہ ایک جگہ اسمبل ہوتا ہے اور وہاں سے جب لاہور آتا ہے تو یہاں پر پھر ٹیکس وصول کیا جاتا ہے ۔ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ جہاں بھی ان کو سٹور کیا جائے گا، وہاں سے باہر جائے گا تو اس پر ٹیکس لگایا جاسکتا ہے ۔ جہاں تک قیمتوں میں اضافے کا تعلق ہے، تو آپ کے یہ سوال موٹر سائیکلوں کے متعلق ہیں اور جیسے

صاحب نے جو نشان دہی فرمائی ہے تو دو اضلاع کا ٹیکس ملا کر تیس روپے بنتے ہیں، پندرہ روپے فی موٹر سائیکل۔ اس میں قیمتوں میں اضافے والی بات بھی نہیں آتی۔ جیسے میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ یہ ضلع کونسلوں کو حق بھی ہے اور وہ لیتی ہے۔

**جناب ایم جاوید اقبال چیمہ۔**

جناب والا، ایکسپورٹ ٹیکس صرف موٹر سائیکلوں پر ہی نہیں، کئی چیزوں پر لگتا ہے اور یہ کافی لمبی لسٹ ہے۔ کیا یہ ممکن نہیں کہ اس پر اس طرح کی پابندی لگائی جائے کہ صرف ایک جگہ اس پر ٹیکس لیا جائے اور دوسری جگہ اگر سٹور کیا جائے تو وہاں پر نہ لیا جائے۔ اس طرح تو یہ کئی جگہ پر جائے گا، تو ٹیکس زیادہ ہو جائے گا۔

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔**

میں نے موٹر سائیکل کی گزارش اس لئے کی کہ ان کے دونوں سوالوں میں موٹر سائیکلوں کا ذکر ہے۔ یہ جو ان کی تجویز ہے اس پر غور کیا جائے گا کہ ایک ہی جگہ پر ٹیکس لیا جائے، یہ قانون اور پالیسی کی بات ہے۔ اس ضمن میں اگر وہ ہماری رہنمائی فرمائیں۔ اور اس پر کوئی مزید بہتر چیز ہو سکے تو ہم اس پر بھی غور کر لیں گے۔

**چودھری فضل حسین راھی۔**

جناب والا، بڑی خوبصورت بات ہوئی ہے۔ کل محترمہ نجمہ حمید صاحبہ نے یہاں ایک اشتہار جاری کیا تھا جسے پڑھ کر میرا خیال ہے ہیلتھ منسٹر صاحب واپس آگئے ہیں۔ اب وعدے کے مطابق انہیں بالکل کچھ نہ کہا جائے۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

ضمنی سوال۔ کیا وزیر موصوف یہ بتانا پسند فرمائیں گے کہ برآمدگی ٹیکس کی وصولی کا کام عام طور پر ٹھیکے پر دیا جاتا ہے اور ٹھیکیدار جب برآمدگی ٹیکس وصول کرتے ہیں تو وہ ان ٹھیکیداروں کے خلاف تادیبی کارروائی کر سکیں؟ اگر وہ کر سکتے ہیں تو لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کی کون سی دفعہ کے تحت انہیں یہ اختیار حاصل ہے؟

**جناب ریاض حسین پیر زادہ۔**

جناب سپیکر! ایسے لگ رہا ہے کہ جیسے ریاض حشمت جنجوعہ صاحب وزیر

موصوف کا انٹرویو لے رہے ہوں۔ جب کہ قواعد موجود ہیں اور وہ خود بھی ان کو پڑھ سکتے ہیں۔ ہمارے وزیر صاحب قواعد کے حافظ نہیں ہیں کہ وہ ان کا یہاں حوالہ دیتے رہیں۔

جناب سپیکر۔

آپ کا مطلب یہ ہے کہ

MINISTER IS NOT SUPPOSED TO KNOW THE RULES

جناب ریاض حسین پیرزادہ۔

بڑے سے بڑا وکیل بھی اپنی کتابوں کو CONSULT کر کے عدالت میں جاتا ہے۔

وزیر بلدیات۔

میں پیرزادہ صاحب کے شکریہ کے علاوہ اور کچھ عرض نہیں کر سکتا۔ ضلع کونسل کے پاس اختیارات تو موجود ہیں اور وہ استعمال بھی کرتی رہتی ہیں اور رولز جنجوعہ صاحب کو بعد میں عرض کر دونگا۔

سید اقبال احمد شاہ۔

کیا وزیر موصوف ازراہ کرم بتائیں گے ضلع کونسل جن اشیاء کا ٹیکس وصول کرتی ہے انکا ریٹ مقرر ہے پھر کیوں ٹھکیدار من مانی کرتے ہیں اور وہ جو جی چاہے لگالیتے ہیں۔

جناب سپیکر۔

اس میں کیا شک ہے کہ ضلع کونسلیں ریٹ مقرر کرتی ہیں۔

سید اقبال احمد شاہ۔

میرے خیال میں ایسا نہیں ہے۔

وزیر بلدیات۔

ریٹس مقرر ہیں اگر ایسی بے ضابطگی ہوتی ہے اور ضلع کونسل کے نوٹس

میں آتی ہے تو وہ اس پر کارروائی بھی کرتے ہیں۔ اگر شاہ صاحب کوئی ایسی شکایت پیش کریں تو اس پر بھی کارروائی کی جائیگی۔

میاں محمد اسحاق۔

میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہونگا کہ کچھ ایسی اشیاء ہیں جن پر ٹیکس نہیں لیا جاتا وہ مستثنےٰ ہیں لیکن ٹھیکیدار اپنی من مانی کر کے ٹیکس اپنی طرف سے مقرر کر کے وصول کرتے ہیں اور اپنی خود ساختہ فہرست کے مطابق ٹیکس وصول کرتے ہیں۔ کیا وزیر موصوف عوام کی فلاح و بہبود کے لئے وہ اشیاء جن پر ٹیکس عائد ہوتا ہے اخبار میں انکی پبلسٹی کرنے کے لئے تیار ہیں تاکہ عوام کو یہ معلوم ہو سکے کہ اس چیز پر ٹیکس لیا جاتا ہے اور ان پر نہیں لیا جاتا۔

وزیر بلدیات

میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ بعض چیزیں بعض اضلاع سے آتی ہیں اور ان چیزوں پر ٹیکس ہوتا ہے۔ اور بعض چیزوں پر ٹیکس نہیں لیتے لیکن جو میاں صاحب نے فرمایا ہے ہم اسکے لئے بالکل تیار ہیں۔ جو اشیا ہمارے شیڈول میں ہیں ہم انکو مشتہر کر دیں گے۔

میاں محمد اسحاق

اکثر یہ ہوتا ہے کہ پورے ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں لے جانے کے لئے ٹیکس نہیں لیا جاتا لیکن دھاندلی سے اور اپنی مرضی سے جو لوگ ٹھیکیدار ہیں وہ ٹیکس لے رہے ہیں اگر ہم آپکو اسکا ثبوت مہیا کریں تو کیا آپ ان میونسپل کمیٹیوں کے خلاف ایکشن لینے کے لئے تیار ہیں۔

## وزیر بلدیات

جناب والا جہاں پر ایسی بے ضابطگی ہوتی ہے وہاں ہم ایسی کارروائی کرنے کے لئے تیار ہیں۔ اس میں ضلع کونسل یا میونسپل کمیٹی کا تو قصور نہیں ہے ہاں ٹھیکیدار کا سلسلہ اس میں آتا ہے ہم اسکے خلاف بالکل تادیبی کارروائی کریں گے۔

## چوہدری محمد رفیق

لوکل کونسل جن میں یونین کونسل میونسپل کمیٹی اور ضلع کونسل آتی ہیں۔ ٹیکس کی وصولی کو ٹھیکہ پر کیوں دیتے ہیں جبکہ اپنا سٹاف بھی موجود ہوتا ہے۔

## وزیر بلدیات۔

یہ تجربہ جہاں بھی ضلع کونسل نے کیا ہے کہ انکا سٹاف وہاں پر بیٹھے اور یہ ٹیکس وصول کرے تو اسطرح آمدنی میں کچھ کمی واقع ہوئی اور نیلام کر کے وہ اپنی آمدنی بڑھاتے ہیں اور ضلع میں اپنے ترقیاتی کاموں پر یہ رقم خرچ کرتے ہیں۔ یہ صرف آمدنی بڑھانے کے لئے نیلام کیا جاتا ہے۔

## چوھدری محمد رفیق۔

جناب وزیر صاحب کے اپنے بیان سے یہ بات صاف نظر آتی ہے لوکل گورنمنٹ یا لوکل کونسلوں کا عملہ بد دیانت ہے انہوں نے آمدنی میں اضافہ کا یہ جواز پیش کیا ہے۔

## وزیر بلدیات۔

جناب والا۔ صرف یہی نہیں ہے جیسے چوھدری صاحب نے فرمایا کہ عملاہ کی بد دیانتی ہے بلکہ معاملہ اسکے برعکس ہے جب یہ نیلام کیا جاتا ہے وھاں پارٹیاں مقابلہ میں آتی ہیں اور اسطرح نرخ بڑھ جاتے ہیں اور آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔

# میچنگ گرانٹ سکیم کے تحت سڑک کی تعمیر

## ×۱۲۵۹۔ چوھدری محمد عبداللہ ورک۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) آیا یہ حقیقت ہے کہ ضلع گوجرانوالہ میں میچنگ گرانٹ سکیم کے تحت نہر اپر چناب سے گاؤں چک خضر تک لنک روڈ کی پختہ تعمیر ایک جاری منصوبہ ہے اور لنک روڈ کی پختہ تعمیر کا دو تہائی کام اب تک مکمل ہو چکا ہے۔

(ب) آیا یہ بھی حقیقت ہے کہ چک خضر کے باشندوں نے سال ۱۹۸۵ء میں اس لنک روڈ کے باقی ماندہ ایک تہائی حصہ پر مٹی ڈالنے کا کام اپنی مدد آپ کے تحت مکمل کر لیا تھا۔

(ج) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو متذکرہ لنک روڈ کی سولنگ کی تکمیل کے لئے تقریباً ۳۰۰۰۰۰ روپیہ کی میچنگ گرانٹ کی تشخیص کب تک متوقع ہے؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔ (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) جی ہاں دو تہائی سولنگ کا کام مکمل ہو گیا ہے۔

(ب) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ج) مذکورہ سکیم سال ۸۷-۱۹۸۶ء کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں میچنگ گرانٹ سکیم کے تحت برائے تکمیل شامل کر لی جائیگی۔

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

جناب والا میں آپکی وساطت سے ایک ضمنی سوال وزیر موصوف سے پوچھنا چاہونگا کہ میچنگ گرانٹس کے تحت جو سڑکیں تعمیر کی جاتی ہیں کیا عوامی حصہ میں اس زمین کی قیمت شامل کر لی جاتی ہے۔ جس پر یہ سڑکیں تعمیر کی جاتی ہیں جو زمین مقامی آبادی مہیا کرتی ہے۔

## وزیر بلدیات۔

جناب والا سڑکیں ایسی جگہ پر بنائی جاتی ہیں۔ جہاں پر یہ الاٹمنٹ موجود ہوتی

ہے۔ اس میں زمین کی قیمت کا کوئی سوال نہیں ہے اور نہ ہی شامل کی جاتی ہے اس میں مٹی وغیرہ کو شامل کیا جاتا ہے۔

**چوہدری محمد رفیق۔**

میچنگ گرانٹس کے تحت جو سڑکات پختہ تعمیر کی جاتی ہیں اور تعمیر ہو جانے کے بعد ان سڑکوں کی کوئی ٹوٹ پھوٹ کے لئے کوئی وارث نہیں بنتا۔ ان سڑکات کی ٹوٹ پھوٹ کے بعد انکی کون دیکھ بھال کرتا ہے۔ یہ کس کی ذمہ داری ہے۔

**وزیر بلدیات۔**

انکی MAINTENANCE ضلع کونسل کرتی ہیں

# سٹیل ری رولنگ ملز باغبانپورہ کی بندش

**×۱۲۹۷۔ جناب ظفر اللہ خان۔**

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ سٹیل ری رولنگ ملز باغبانپورہ لاہور کے گنجان ترین علاقے شالیمار لنک روڈ عقب انگوری سینما میں واقع ہے جو شفٹوں کے ساتھ دن رات چلتی ہے جس سے علاقے کے نہ صرف عوام نالاں ہیں بلکہ طالب علم بھی اپنی پڑھائی جاری رکھنے سے قاصر ہیں

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اس مل میں ہونے والے متعدد بار دھماکوں کی وجہ سے نہ صرف جانی بلکہ اس علاقے کے رہنے والوں کے مکانوں کی بنیادوں اور دیواروں میں شگاف پڑھ چکے ہیں۔

(ج) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اہل علاقہ کی تحریری شکایت کی وجہ سے احکام بالا نے اس مل کو جاری رکھنے کا لائسنس منسوخ کر دیا تھا۔ لیکن مل کے مالک کا بااثر ہونے کی وجہ سے لاہور میونسپل کارپوریشن نے مل کو بند کرنے میں کوئی کاروائی نہیں کی۔

(د) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ سٹیل ری رولنگ ملز جس کا لائسنس منسوخ ہو چکا ہے کو بند کر کے اس علاقے کے عوام کو ذہنی اور مالی نقصان سے بچانے کو تیار ہے اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) حفیظ رولنگ ورکس ملز لاہور میونسپل کارپوریشن سے نقشہ منظور کروانے کے بعد ۱۹۷۴ء میں قائم ہوئی جس کے مالک نے اسی سال لائسنس حاصل کرنے کے بعد اپنا کاروبار شروع کیا۔ اس کے بعد اہل محلہ کی طرف سے شکایات کا سلسلہ شروع ہو گیا کہ مل کے شور کی وجہ سے اہل محلہ پریشان ہیں اور طلبہ کی پڑھائی متاثر ہوتی ہے۔ لہذا اس کو فوراً بند کروایا جائے۔

(ب) اس بنا پر کارپوریشن نے ۸۰-۷-۱ء کے بعد مل کا لائسنس (تجدید) نہ کیا۔ مالک مل نے اس کارروائی کے خلاف سینئر سول جج صاحب لاہور کی عدالت سے رجوع کر کے ۸۰-۷-۱۷ کو حکم امتناعی حاصل کر لیا۔ جس کی وجہ سے مل کے مالک کے خلاف کارروائی رد کنا پڑی۔

(ج) کیس عدالت میں زیر کارروائی رہا اور مورخہ ۸۴-۴-۶ء کو کارپوریشن کے خلاف ڈگری ہوا لاہور میونسپل کارپوریشن نے مذکورہ بالا حکم ڈگری کے خلاف جناب ڈسٹرکٹ جج صاحب لاہور کی عدالت میں اپیل کی گئی۔ جو کہ زیر سماعت ہے۔

(د) جی ہاں لیکن عدالت کے فیصلہ کے بعد۔

# لنک سڑکات کی چوڑائی میں اضافہ کے لئے اقدامات

### ×۱۴۹۳۔ دیوان سید عاشق حسین بخاری۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ دیہات کو مین سڑکات سے ملانے کے لئے لنک روڈز دی جاتی ہیں جن کی پہلے چوڑائی سولہ فٹ ہوتی تھی۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ ان لنک روڈز کی چوڑائی اب چوبیس فٹ کرنے کا حکومت نے حکم جاری کیا ہے جب کہ اشتمال کے کاغذات میں اس وقت بھی سڑکات کا رقبہ سولہ فٹ چوڑا رکھا گیا ہے۔

(ج) کیا یہ درست ہے کہ دیہات میں رقبے نابالغ بچوں کے نام بھی ہوتے ہیں۔ اور کئی رقبہ جات کاشتکاروں نے مختلف بینکوں کے پاس رہن رکھے ہوئے ہیں۔

(د) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو متذکرہ سڑکات کو سولہ فٹ سے بڑھا کر چوبیس فٹ چوڑا کرنے کے لئے ضلع کونسل کس طرح رقبہ حاصل کرے گی۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) عام طور پر راستہ جات عام مطابق محکمہ مال کے کاغذات ۳ کرم یعنی ساڑھے سولہ فٹ ہوتا ہے۔ ویسے لنک روڈ کم از کم ۲۴ فٹ فارمیشن کے مطابق تعمیر کیا جانا فنی طور پر موزوں ہوتا ہے۔

(ب) درست ہے محکمہ اشتمال میں چونکہ سڑکات یعنی لنک روڈ اگر پہلے تعمیر نہ ہوئی ہوں تو ۳ کرم یعنی ساڑھے سولہ فٹ رکھی جاتی ہیں۔ مگر اگر سڑکات پہلے تعمیر ہو جائیں تو موقعہ کے مطابق ۲۴ فٹ ہی محکمہ مال و اشتمال کے کاغذات میں لکھا جاتا ہے۔

(ج) درست ہے مگر جب ایسا مسئلہ آئے تو نابالغ بچوں کے وارثوں سے CERSTIFICATE SUCCESSION (سکسیشن سرٹیفکیٹ) حاصل کئے جاتے ہیں۔ اور اگر بنکوں کے پاس رہن ہے تو اسے آزاد کر لیا جاتا ہے۔

(د) ساڑھے سولہ فٹ سڑک / راستہ کی چوڑائی پر پختہ سڑک تعمیر کرنے کی صورت میں ۱۲ فٹ روڈ فارمیشن حاصل ہو سکتی ہے۔ جس پر دو طرفہ ٹریفک کا گزر ممکن نہ ہے۔ اس لئے کم از کم ۲۴ فٹ فارمیشن کی پختہ سڑک تعمیر کرنا ہی مناسب ہوتا ہے۔ اگر موقعہ پر راستہ جات جو کہ عام طور پر گاؤں میں زمیندار چھوڑتے نہیں صرف ساڑھے سولہ فٹ ہی موجود ہو تو بقایا رقبہ حاصل کرنے کے لئے عام زمینداروں سے مفت حاصل کر لیا جاتا ہے۔ اگر کسی حصہ میں ایسا ممکن نہ ہو تو ایکوائر کیا جا سکتا ہے۔

## دیوان سید عاشق حسین بخاری۔

جناب سپیکر، میرا کوئی ضمنی سوال نہیں ہے بلکہ جب سے وہاں پر ۲۴ فٹ فارمیشن کے مطابق سڑکیں بنی ہیں۔ لوگ وہاں پر خوش ہوئے ہیں کہ یہ سڑکیں ۲۴ فٹ ہی ہونی چاہیئیں۔ تو اس پر میں جناب وزیر موصوف کو مبارکباد دیتا ہوں کہ یہ صحیح قدم ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

# چیئرمین ضلع کونسل گوجرانوالہ کے خلاف کارروائی

*۱۵۸۸- چوھدری ظفراللہ چیمہ۔

کیاوزیر مقامی حکومت ودیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) آیا یہ حقیقت ہے کہ ہنگامی قانون مقامی حکومت پنجاب مجریہ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۲۹ کے تحت چیئرمین ضلع کونسل گوجرانوالہ کے غلط رویہ کے باعث اسکی برطرفی کے لئے ایک درخواست محکمہ مقامی حکومت ودیہی ترقی کے پاس زیر غور ہے۔

(ب) جزو (الف) بالامیں مزکورہ درخواست پر حکومت نے اب تک کیا کارروائی کی ہے اور کب تک حتمی کارروائی کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

**وزیر مقامی حکومت ودیہی ترقی (ملک خدابخش ٹوانہ)**

(الف) یہ درست ہے کہ چوھدری رحمت علی باگڑی چیئرمین ضلع کونسل گوجرانوالہ کے خلاف پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈی ننس مجریہ۱۹۷۹ء کی دفعہ۲۹ کے تحت کارروائی زیر غور رہی ہے۔

(ب) چوھدری رحمت علی باگڑی چیئرمین ضلع کونسل گوجرانوالہ کے کار کے حادثہ میں جان بحق ہوجانے کی بناء پر کارروادی ختم کر دی گئی ہے۔

**جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔**

ضمنی سوال۔ کیاوزیر موصوف یہ بتاناپسند فرمائیں گے کہ اگر کسی شخص کے خلاف کوئی کارروائی ہورہی ہواور وہ وفات پاجائے توآیالوکل گورنمنٹ آرڈیننس میں کوئی ایسی دفعہ شامل ہے کہ جواس بات کاتقاضہ کرتی ہوکہ اس کارروائی کوختم کر دیاجائے۔

**وزیر مقامی حکومت ودیہی ترقی۔**

جناب والامیں لوکل گورنمنٹ آرڈیننس توان کی خدمت میں پیش کر دوں گاویسے جوآدمی وفات پاجائے اس کے خلاف عام طور پر بلکہ ہمیشہ یہی ہوتا ہے کہ اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جاتی ہے۔ اور وہ ختم ہوجاتی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

اگلا سوال۔

## میونسپل کارپوریشن کے سینٹری ملازمین کی مستقلی

**×۱۶۳۵۔ ڈاکٹر شیلہ بی چارلیس۔**

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ ہر ضلع کی میونسپل کارپوریشن کے سینٹری ملازمین مستقل آسامیوں پر تعینات ہیں۔

(ب) اگر جزو (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو گوجرانوالہ میونسپل کارپوریشن کے سینٹری ملازمین کو مستقل کیوں نہیں کیا گیا اور حکومت انکو کب تک مستقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)**

(الف) ہر میونسپل کارپوریشن کے سینٹری ملازمین مستقل آسامیوں پر تعینات نہ ہیں۔

(ب) جز (الف) کا جواب اثبات میں نہ ہے۔ کیونکہ ہر ضلع کی میونسپل کارپوریشن اپنے مالی وسائل کو ملحوظ رکھتے ہوئے اور حکومت کی اجازت کے بعد سینٹری ملازمین کو مستقل کرنے کی مجاز ہے۔ جناب والا۔ میں اس سوال نمبر ۱۶۳۵ کے جواب میں مزید یہ اضافہ کروں گا۔ میں بیگم شیلہ بی چارلس کی اطلاع کے لئے عرض کروں کہ چونکہ ان کا تعلق گوجرانوالہ سے ہے اور یہ سوال انہوں نے گوجرانوالہ کارپوریشن کے متعلق ہی کیا تھا۔ تو ۲۴ مارچ ۱۹۸۷ء سے یعنی کل سے گوجرانوالہ کارپوریشن کے سینٹری ملازمین کو مستقل کر دیا گیا ہے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**ڈاکٹر شیلہ بی چارلس۔**

جناب والا، متعلقہ منسٹر نے جو یہ اطلاع دی ہے۔ یہ اطلاع ابھی میرے تک نہیں پہنچی

ہے۔ لیکن اگر یہ درست ہے تو میں انکو مبارکباد پیش کرتی ہوں کیونکہ یہ گوجرانوالہ کا بہت بڑا مسئلہ تھا۔

جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔

جناب والا۔ سوال کے جواب میں جناب وزیر موصوف نے یہ فرمایا ہے کہ ہر میونسپل کارپوریشن کے سینٹری ملازمین مستقل آسامیوں پر تعینات نہیں ہیں میں ان سے یہ دریافت کروں گا کہ صوبہ پنجاب میں کتنی میونسپل کمیٹیاں اور کارپوریشنیں ایسی ہیں جن کے سینٹری ملازمین مستقل بنیادوں پر تعینات ہیں اور کتنی ایسی ہیں جن کے سینٹری ملازمین عارضی بنیادوں پر تعینات ہیں۔

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا گوجرانوالہ اور سیالکوٹ دو ایسی کارپوریشنیں تھیں، جہاں پر یہ ملازم مستقل نہ تھے اور اب صرف سیالکوٹ باقی ہے۔

جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔

ضمنی سوال۔ کیا وزیر موصوف یہ بتانا پسند فرمائیں گے کہ کیا حکومت پنجاب تمام میونسپل کمیٹیوں اور تمام میونسپل کارپوریشنوں کے سینٹری ملازمین کی شرائط ملازمت میں یکسانیت پیدا کرنے کے لئے کوئی سوچ بچار کر رہی ہے یا نہیں۔

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا یہ کارپوریشنوں کے متعلق سوال تھا اور اس میں بالکل یہی خیال ہے کہ اس میں یکسانیت پیدا کی جائے اور میں نے جیسا کہ پہلے عرض کیا ہے کہ وہ اپنے وسائل کے مطابق گورنمنٹ سے اس کی منظوری حاصل کرتے ہیں اور جب بھی کوئی ایسی چیز گورنمنٹ کے پاس آتی ہے تو ہم اس کی منظوری دے دیتے ہیں۔

ڈاکٹر شیلہ بی چارلیس۔

ضمنی سوال۔ میں وزیر موصوف سے یہ پوچھنا چاہوں گی کہ کیا گوجرانوالہ کارپوریشن لوکل گورنمنٹ کے تحت آتی ہے۔

جناب سپیکر۔

اگر آتی ہے تو پھر اگلا سوال ساتھ ہی کر لیجیئے۔

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

جناب والا۔ مجھے اجازت ہو تو میں عرض کر دوں۔ اس ایوان کے تمام حضرات منتخب نمائندے ہیں اور ان میں بیشتر حضرات ان لوکل کونسلوں کے بھی ممبر ہیں۔ یہ لوکل گورنمنٹ کے ماتحت ضرور آتی ہیں۔ مگر ایک چیز ذھن میں ضرور رکھنی چاہیے کہ یہ ادارے خود مختار ادارے ہیں وہاں ان کی ایک اپنی باڈی ہوتی ہے اور وہ وہاں پر میجارٹی سے اپنے فیصلے کرتے ہیں۔ اس کا یہ مقصد نہیں لیا جاسکتا کہ اگر ماتحت آتی ہیں تو ہر وقت ہم انہیں یہاں سے کوئی ڈائرکٹیو بھیجتے ہیں اور ہم نے ہی اگر وہ ادارے چلانے ہیں تو پھر ان باڈیز کا کوئی جواز نہیں ہے۔ وہ لوکل گورنمنٹ کے ماتحت آتی ہیں مگر ایک خاص حد تک۔ انکا فنکشن انکا ایوان خود چلاتا ہے۔

# لوکل کونسل سروس کے گریڈ گیارہ تا اٹھارہ تک اھلکاران /افسران کی تین سال سے زائد ایک ہی سیٹ پر تیعناتی

×۱۶۳۸۔ چوھدری محمد اصغر۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) پنجاب بھر میں لوکل کونسل سروس کے گریڈ گیارہ تا اٹھارہ تک کے تمام اہلکاران /افسران کی تعداد کیا ہے جنہیں تین سال سے زائد عرصہ ایک ہی سیٹ پر کام کرتے ہو گیا ہے خصوصی طور پر گریڈ سولہ سے اٹھارہ گریڈ تک کے ایسے افسران لوکل کونسل کی کتنی تعداد ہے۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ تین سال سے زائد ایک ہی لوکل کونسل اور ایک ہی سیٹ

پر تعینات ایسے افسران کو قواعد کے مطابق تبدیل کیا جانا چاہیے تھا اگر جواب ہاں میں ہو تو ایسا کیوں نہ کیا گیا۔

(ج) لوکل کونسل کے ایسے افسران جن کا ایک ہی لوکل کونسل میں اور ایک ہی سیٹ پر فرائض سرانجام دیتے ہوئے تین سال سے زائد اور لاہور میں خصوصی طور پر چار سال سے زائد کا عرصہ ہو گیا ہے تو ایسے افسران کو کب تبدیل کیا جائے۔

(د) لوکل کونسل سروس کے گریڈ سولہ تا گریڈ انیس کے کل کتنے افسران ہیں جنہیں عمر ریٹائرمنٹ یعنی ساٹھ سال کے بعد بھی دوبارہ سروس میں رکھا گیا ہے اور اگر ایسا کیا گیا ہے تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔

(ہ) کیا یہ بھی درست ہے کہ لوکل کونسل سروس کے ایسے افسران بھی ہیں جو اعلیٰ گریڈ کی پوسٹ سے کم گریڈ کی پوسٹ پر فرائض سرانجام دے رہے ہیں اگر ایسا ہے تو کیوں ایسا کیا گیا ہے اور کیا یہ چھوٹے گریڈ کے افسران کی حق تلفی نہ ہے ایسی حق تلفی کب دور ہو گی؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) پنجاب بھر میں گریڈ ۱۱ تا گریڈ ۱۸ کے افسران کی مجموعی تعداد ۲۷۰ ہے۔ جنہیں تین سال سے زائد عرصہ ایک لوکل کونسل میں ایک آسامی پر ہو گیا ہے۔ ان میں سے گریڈ ۱۶ تا گریڈ ۱۸ کے افسران کی تعداد ۲۱۱ ہے۔

(ب) تین سال سے زائد عرصہ کی تعیناتی کے بارے میں لوکل کونسل سروس رولز میں صریحاً ممانعت درج نہیں۔ بالعموم تین سال سے زائد عرصہ تعیناتی کے بعد افسران اہلکاران کو تبدیل کر دیا جاتا ہے لیکن منتخب سربراہان لوکل کونسل کی صوابدید اور مفاد عامہ کے تقاضوں کے پیش نظر بعض اوقات ایسا کیا جانا انتظامی طور پر ممکن نہیں ہوتا۔

(ج) لاہور میں چار سال سے زائد و بیرون لاہور تین سال سے زائد عرصہ تعیناتی والے افسران کی تبدیلی عمل جاریہ ہے۔ جس پر حسب ضرورت عمل درآمد کیا جاتا ہے۔ جس تاریخ یا عرصہ متعین کرنا انتظامی نقطہ نظر سے ممکن نہیں۔

(د) لوکل کونسل سروس میں صرف ایک افسر لاہور میونسپل کارپوریشن میں ہے جسے RE EMPLOYMENT دی گئی ہے۔

(ہ) یہ درست ہے کہ چند اعلیٰ گریڈ کے افسران ادنیٰ گریڈ کی آسامیوں پر متعین ہیں ۔ ان کی کل تعداد سات ہے ۔ جو برائے نام ہے ۔ اس صورت حال کے ضمن میں بعض اوقات انتظامی مجبوریاں حائل ہوتی ہیں ۔ اسے حق تلفی تو قرار نہیں دیا جاسکتا۔ کیونکہ بروئے استحقاق افسران وہی تنخواہ و الاؤنسز وصول کرتے ہیں جو ان کے اصل گریڈ کے عین مطابق ہوں ۔ تاہم یہ مسئلہ زیر غور ہے کہ ایسے افسران کو ان کے عہدہ کے مطابق آسامی پر ہی متعین کیا جائے۔

# چیئرمین یونین کونسل نمبر ۴۳ تحصیل فیصل آباد کی بدعنوانیوں کے خلاف کارروائی

*۱۶۶۴۔ سردار الطاف حسین۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ عبدالحمید نامی ساکن چک نمبر ۱۰۲ آر۔ بی نے دوسری شادی کی اجازت کے لئے چیئرمین یونین کونسل نمبر ۴۵ چک نمبر ۱۰۳ ر۔ب کو حسب ضابطہ درخواست دی تھی جو مورخہ ۲۵ مارچ ۱۹۸۵ء کو بوجہ عدم پیروی داخل دفتر ہوئی۔؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مسمی عبدالحمید نے پھر اپنی فرضی رہائش کی بناء پر چیئرمین کے ساتھ ہم مشورہ ہو کر یونین کونسل نمبر ۴۳ چک نمبر ۷۶ ر۔ب میں مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۸۵ء کو ایک درخواست دائر کی اور اس پر چیئرمین یونین کونسل نے مورخہ ۲۹ اپریل ۱۹۸۵ء کو دوسری شادی کی اجازت یکطرفہ دے دی حالانکہ فریق دوئم کی عدم حاضری کی بناء پر بذریعہ رجسٹرڈ اطلاع یا اخبار میں اشتہار آنا ضروری تھا اس کے علاوہ چیئرمین نے چک نمبر ۷۷ ر۔ب کے کسی ممبر یا نمبردار سے اس کی رہائشی تصدیق نہ کرائی جبکہ ممبران نے اس درخواست کو فیصلہ سے قبل ہی جعلی بتایا تھا۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ چک نمبر ۷۷ ر۔ب کے کسی فرد نے جناب ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کو اس خلاف ورزی اور اپنے اختیارات کے ناجائز استعمال کرنے کے خلاف کارروائی کرنے کی درخواست دی جس پر جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ فیصل

آباد نے حسب ضابطہ انکوائری کی۔
(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ عبدالحمید نے اپنی دوسری شادی مورخہ ۲۹۔اپریل ۱۹۸۵ء کو تحصیل فیصل آباد کے چک نمبر ۱۸۹ر۔ب کی یونین کونسل کے رجسٹرار سے درج کرائی۔
(ہ) کیا یہ بھی درست ہے کہ عبدالحمید کی دوسری بیوی سے بچہ پیدا ہوا جو چک نمبر ۱۰۲ آر۔بی تحصیل جڑانوالہ میں مورخہ ۳۰ جولائی ۱۹۸۵ء کو درج رجسٹر ہوا جبکہ اجازت ۲۹۔اپریل ۱۹۸۵ء کو ہوئی۔
(ھ) اگر جزوہائے (الف) تا (د) کے جواب اثبات میں ہوں تو بیان کیا جائے کہ چیئرمین یونین کونسل نمبر ۴۳ کے خلاف کیا کارروائی ہوئی اگر کوئی کارروائی نہیں ہوئی تو اس کی وجہ بیان کی جائے اور ساتھ ہی یہ بھی بتایا جائے کہ کارروائی کی جائے گی یا نہیں۔

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)**

(الف) درست ہے۔
(ب) اس حد تک درست ہے کہ چیئرمین یونین کونسل نمبر ۴۳ چک نمبر ۶۷ ر۔ب نے یکطرفہ دوسری شادی کی اجازت عبدالحمید کو دی ہے اس ضمن میں کہ ممبران چیئرمین یونین کونسل کو درخواست دھندہ کی رہائش کے جعلی ہونے کے متعلق پہلے ہی بتا دیا تھا۔ ریکارڈ میں نہ ہے۔
(ج) درست ہے۔
(د) یہ واقعی درست ہے کہ عبدالحمید نے دوسری شادی چک نمبر ۱۸۹۔ر۔ب کی یونین کونسل کے نکاح رجسٹرار سے رجسٹرڈ کرائی۔ مگر تاریخ شادی مورخہ ۲۹ اپریل ۱۹۸۵ء کی بجائے ۱۵ اکتوبر ۱۹۸۴ء درست ہے۔
(ہ) یہ درست ہے کہ عبدالحمید کا بچہ پیدا ہوا جسکا اندراج چک نمبر ۱۰۲ ر۔ب میں مورخہ ۳۰ جولائی ۱۹۸۵ء کو ہوا اور یہ بھی درست ہے کہ اجازت ۲۹۔اپریل ۱۹۸۵ء کو ہوئی مگر اندراج سے یہ ظاہر نہ ہے کہ پہلی بیوی کا بچہ ہے یا دوسری بیوی کا۔ چونکہ اندراج کرتے وقت صرف باپ کا نام لکھا جاتا ہے۔ والدہ کے نام اندراج نہیں ہوتا۔
(ی) چیئرمین یونین کونسل نمبر ۴۳ چک نمبر ۶۷ ر۔ب کے خلاف پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس مجریہ ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۲۹ کے تحت کارروائی ہو رہی ہے۔

بیگم نجمہ حمید۔

ضمنی سوال۔ کیا وزیر موصوف یہ وضاحت فرماسکینگے کہ کیا شادی کروانا بھی انہیں کا کام ہے یعنی لوکل گورنمنٹ کا۔ آیا انہوں نے کوئی آفس کھولا ہوا ہے جسمیں اندراج کرانا اور اجازت لینا ضروری ہے۔

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی۔

فی الحال تو ہمارا حصہ ہے۔

میاں ریاض حسین پیرزادہ۔

کیا وزیر موصوف یہ بتاسکیں گے کہ کیا سردار الطاف حسین نے انہیں دوسری شادی کی باضابطہ درخواست دی ہے۔

جناب سپیکر۔

پیرزادہ صاحب ذرا اپنا سوال دھرائیے گا۔

جناب ریاض حسین پیرزادہ۔

جناب والا کیا وزیر موصوف یہ فرمائیں گے کہ سردار الطاف حسین صاحب نے ان کو کوئی باضابطہ درخواست دوسری شادی کیلئے دی ہے۔

( قہقہے )

جناب سپیکر چوھدری گل نواز صاحب

چوھدری گل نواز خان وڑائچ جناب والا کیا وزیر موصوف یہ بتاسکیں گے کہ آیا نکاح رجسٹر ممبر صاحب کے پاس ھوتا ھے یا رجسٹرار کے پاس ھے

وزیر اوقاف جناب والا یہ رجسٹرار کے پاس ھوتا ھے

جناب سپیکر اگلا سوال جناب سید افتخار الحسن

## زیر کارروائی مقدمات کا غیر ضروری التواء

## ۱۶۷۸ سید افتخار الحسن

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ حکومت کے پاس دفعہ ۲۹ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس کے تحت کتنی امثلہ جات زیر کارروائی ھوں اور بلدیاتی اداروں کے نمائندوں /اھلکاروں کے خلاف محکمانہ انکوائری کے سلسلہ میں ذاتی سماعت کے بعد کتنے عرصہ سے کتنی امثلہ جات التواء میں چلی آرھی ھیں اور اس غیر ضروری التواء کا کیا جواز ہے؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

حکومت کے پاس اس وقت دفعہ ۲۹ لوکل گورنمنٹ آرڈینیس کے تحت ۱۰۵ مقدمات زیر کارروائیں ھیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے

(۱) زیر تحقیقات ۶۰

(۲) زیر تبصرہ ۳۰

(۳) اجرا نوٹس اظہار وجوہ ۱۳

(۴) برائے فیصلہ ۲

کسی بلدیاتی اھلکار کے خلاف محکمانہ کاروائی کے سلسلہ میں ذاتی سماعت کے بعد کوئی مثل زیر التوا نہ ہے تاھم بلدیاتی نمائندں سے متعلقہ دو مقدمات جن میں کارروائی برخلاف سابق میئر میونسپل کارپوریشن فیصل آباد راجہ محمد صفدر اور محمد اختر چیئرمین یونین کونسل پیروچک ضلع سیالکوٹ شامل ذاتی سماعت کے بعد مزید کارروائی ان کے ناموں کے سامنے درج وجوھات کی بناء پر روک دی گئی ہے

راجہ محمد صفدر کونسلر فیصل آباد میونسپل کارپوریشن سابق میئر

عدالت عالیہ پنجاب میں راجہ صفدر کی رٹ پر بعد سماعت مقدمہ محکمہ مقامی حکومت کو حتمی فیصلہ کرنے سے روک دیا گیا ہے

محمد اختر چیئرمین یونین کونسل پیروچک

مثل مقدمہ وزیر بلدیات کے حکم پر ان کو برائے ملاحظہ ارسال کی گئی تھی جو تاحال واپس

موصول نہ ھوئی ہے مقدمہ کا فیصلہ مثل کی واپسی پر کر دیا جائیگا
۱۵ جون ۱۹۸۶ء تک کی صورت حال
(۱) دائر شدہ مقدمات ۱۸۰
(۲) فیصل شدہ مقدمات ۲۵ (جن میں ۶ کونسلر علیحدہ ھوئے)
(۳) زیر تحقیقات مقدمات ۶۰
(۴) زیر تبصرہ مقدمات ۳۰
(۵) اجرا نوٹس اظہار وجوہ ۱۵
(۶) نامکمل دعوی جات بوجہ ۵۰
عدم فراھمی بیان حلفی
ذاتی سماعت کے ۴ مقدمات ھیں جن میں مدعا علیہان نے طبی وجدہ و دیگر ذاتی وجوہ کی بناء پر مہلت طلب کی ہے ان کی استدعا پر مہات دی گئی ہے جو کہ چند ایام پر محیط ہے

جناب سید اقبال احمد شاہ (سیالکوٹ) جناب والا کیا وزیر موصوف بتائیں گے کہ دفعہ ۲۹ کے تحت جو کاروائی کی جاتی ہے اس پر چار سے پانچ سال لگ جاتے ھیں کیا حکومت اس میں ترمیم کرنا پسند کرے گی؟

وزیر اوقاف جناب والا معزز رکن کا یہ فرمانا درست ھے کہ بعض دفعہ اس میں کافی دیر ھو جاتی ھے مگر جب کوئی انکوائری آفیسر اس کیلئے مقرر کیا جاتا ھے اور رپورٹ مانگی جاتی ہے تو اس کیلئے ۴۵ دن مقرر ھیں

سید اقبال احمد شاہ (سیالکوٹ) جناب والا یہ تو ۴۵ دن کا کہہ رھے ھیں اور میں چار پانچ سال کی بات کر رھا ھوں

وزیر اوقاف جناب والا میں نے یہ عرض کیا ھے کہ جب کوئی انکوائری آفیسر مقرر کیا جاتا ھے اور اس کیلئے رپورٹ مانگی جاتی ھے تو اس کیلئے پہلے سے ۴۵ دن مقرر ھیں، مگر بعض وجوہ کی بناء پر اس میں تھوڑی سی تاخیر ھو جاتی ھے اور اس میں جو چیز مد نظر رکھی جاتی ھے وہ یہ ھے کہ لوکل کونسلیں بڑی مدت کے بعد وجود میں آئی ھیں گورنمنٹ کے ذھن میں یہ بات ھر وقت رھی کہ اس پر اتنی جلدی نہ کی جائے کہ دفعہ ۲۹ کے تحت فورا انہیں برطرف کر دیا جائے شفقت اور نرمی کا پہلو ضرور حکومت کی طرف سے رھا ھے

سید اقبال احمد شاہ جناب والا وقت کم کرنے کے بارے میں کیا آپ قانون میں کوئی ترمیم کر رہے ھیں

وزیر اوقاف جناب والا میں نے یہ عرض کیا ھے کہ اس کیلئے نیچے سے جو رپورٹ آتی ھے اس کیلئے ۴۵ دن کا وقت مقرر ھے، اس سے مزید کم وقت مقرر کرنا میرے خیال میں تو مناسب نہیں ھے، اس پر وقت ضرور لگتا ھے، البتہ اس مقررہ وقت میں کیس نہ نپٹاتے یا تھوڑی سی ڈھیل دینے کی جو وجہ ھے وہ بھی میں نے عرض کی ھے کہ گورنمنٹ اس پہلو سے بھی سوچ رھی ھے کہ جب یہ لوکل کونسلیں اتنی مدت کے بعد دوبارہ بحال ھوئی ھیں ان کے معاملہ میں بہت جلدی نہ کی جائے اسلئے گورنمنٹ کی طرف سے ھمیشہ شفقت اور نرمی کا پہلو رھا ھے

سید اقبال احمد شاہ جناب والا جب ایک آدمی کوئی غبن کرتا ھے یا ناجائز طریقے سے وہ چیئرمین بن جاتا ھے، یا ناجائز طریقے سے وہ چیئرمین بن جاتا ھے یا ناجائز طریقے سے ممبر یونین کونسل بن جاتا ھے تو کیا وہ چار سال تک ناجائز طریقے سے کام کرے گا

جناب سپیکر اگلا سوال سید طاھر احمد شاہ

# فلتھ ڈپو ختم کرنے کے لئے اقدامات

## ۱۷۰۲ جناب طاھر احمد شاہ

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ فیصل آباد شہر کے محلہ جناح کالونی میں گورنمنٹ اسلامیہ ھائی سکول اور گورنمنٹ ڈگری کالج جھنگ روڈ کے درمیان ایک فلتھ ڈپو قائم کر دیا گیا ہے

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ فلتھ ڈپو کے ارد گرد سڑک پر ھر وقت گندگی کے ڈھیر لگے رھتے ھیں جس سے علاقہ میں سخت بدبو اور تعفن پھیل رہا ہے

(ج) کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ فلتھ ڈپو میں صرف جناح کالونی کے مکینوں کا کوڑا کرکٹ ھی نہیں ڈالا جاتا بلکہ اس میں محلہ گورو فانک پورہ اور دھوبی گھاٹ کے علاقہ جات کا کوڑا کرکٹ اور گندگی بھی ڈالی جاتی ہے

(د) کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ بالا فلتھ ڈپو کو وھاں سے ھٹانے کے لئے جناح کالونی کے مکینوں نے متعدد مرتبہ میونسپل کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کیونکہ اس

فلتھ ڈپو میں گندگی کی بدبو اور تعفن کی وجہ سے وہاں کے لوگوں کا جینا محال اور چین وسکون برباد ہو گیا ہے:
(ہ) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ فلتھ ڈپو کو فوری طور پر ختم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) جی ہاں درست ہے۔
(ب) کوڑا کرکٹ کوڑا سٹینڈ کے اندر جمع کیا جاتا ہے کوڑا جمع ہونے کے ساتھ ہی کوڑا بذریعہ ٹرک اٹھوالیا جاتا ہے۔ اور باقاعدگی سے کوڑا صاف کروایا جاتا ہے۔ کوڑا اسٹینڈ کے باہر سڑک پر کوڑا نہیں بکھرتا جس سے گندگی اور تعفن نہیں پھیلتا۔
(ج) شہر میں جہاں کہیں بھی کوڑا سٹینڈ بنایا جاتا ہے۔ وہ کسی خاص محلہ کیلئے مخصوص نہیں کیا جاتا۔ کوڑا اسٹینڈ پر اردگرد کے تمام محلہ جات کا کوڑا اکٹھا ہوتا ہے۔

(د) جی ہاں۔ اس بارے میں درخواستیں موصول ہوئیں تھیں چونکہ اس کوڑا سٹینڈ کیلئے متبادل آج تک کوئی جگہ نہیں ملی۔ اس لئے اس کا ختم کیا جانا بہت ہی مشکل ہے۔
(ہ) گندگی کوڑا سٹینڈ کے اندر جمع کر کے روزانہ باقاعدگی سے اٹھائی جاتی ہے۔ اور کوڑا سٹینڈ صاف رکھا جاتا ہے۔ متبادل انتظام کے بغیر اگر کوڑا سٹینڈ ختم کر دیا جائے تو جناح کالونی اور اردگرد کے تمام محلہ جات متاثر ہونگے۔ اور ان محلوں کی گلیوں میں جابجا کوڑا اکٹھا کرنے سے کوڑے کی برداشت کا کام احسن طریقہ سے انجام نہ دیا جاسکے گا۔
جناب سپیکر۔

اگلا سوال۔ سید طاہر احمد شاہ۔

# فیصل آباد میں شہری بنیادی سہولتوں کا فقدان

**×۱۷۰۵- جناب طاہر احمد شاہ-**

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ فیصل آباد شہر کی آبادیوں میں موصومہ صدیق آباد امین پارک بسم اللہ پارک، مدینہ آباد، گلزار کالونی، منیر آباد، نعمت آباد، شاداب کالونی، سیف آباد، نواز پارک، جمیل پارک، ارشد ٹاؤن، احسان ٹاؤن آبادی کوکیانوالہ، ذوالفقار کالونی، طارق کالونی، الطاف گنج میں ابھی تک وہاں کے مکینوں کی شہری بنیادی سہولتوں کے لئے گندے پانی کے نکاس کے لئے نالیوں کی تعمیر گلیوں میں فرش بندی اور سڑکات کی تعمیر بہت ہی کم علاقہ جات میں کی گئی ہے جس سے علاقہ کے مکین شہری بنیادی سہولتوں کے فقدان کی وجہ سے محرومیوں اور پریشانیوں کا شکار ہیں-

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ جزو (الف) بالا میں متذکرہ آبادیوں میں جو تعمیر کی گئی ہیں اور جن گلیوں کی فرش بندی کی گئی ہے اور سڑکات تعمیر کی گئی ہیں ان کی حالت ٹوٹ پھوٹ کی وجہ سے بہت خراب ہو چکی ہے- جس کی دوبارہ مرمت و تعمیر پر میونسپل کارپوریشن نے کوئی توجہ نہیں دی ہے-

(ج) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت فیصل آباد میونسپل کارپوریشن کو احکامات صادر کرنے کے لئے تیار ہے کہ متذکرہ بالا آبادیوں میں واقع جن گلیوں کی فرش بندی نالوں کی تعمیر اور سڑکوں کی تعمیر نہیں ہو سکی ہے- وہاں کے مکینوں کو سہولتیں فراہم کرنے کے لئے آئندہ مالی سال میں رقوم فراہم کر کے مذکورہ تعمیرات کو عملی جامہ پہنائے- اگر جواب ہاں میں ہے تو کب تک اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں ؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) یہ درست ہے کہ آبادیوں میں جو جزو (الف) میں تحریر کی گئی ہیں ان شہری سہولتوں کا فقدان ہے۔ میونسپل کارپوریشن فیصل آباد کے وسائل بہت محدود ہیں اور اپنے ذرائع کے اندر رہتے ہوئے کارپوریشن ہر سال ان آبادیوں کی گلیاں، نالیاں، سڑکوں کی تعمیر کرتی رہتی ہے۔

(ب) یہ اس حد تک درست ہے کہ سڑکوں کی گاہے بگاہے توڑ پھوڑ ہوتی ہے اور کارپوریشن ان کی مرمت کرتی رہتی ہے۔

(ج) ۱۹۸۶-۸۷ء میں مبلغ نو لاکھ روپے کی رقم ترقیاتی پروگرام کیلئے مختص کی گئی ہے۔ جلد ہی کام شروع ہو جائیگا۔

جناب سپیکر۔

اگلا سوال۔ بیگم فرحت رفیق خواجہ

# اندرون شہر لاہور جنج گھر کی تعمیر

## ×۱۷۲۷۔ بیگم فرحت رفیق خواجہ۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ اندرون شہر لاہور اکثر مکانات ایک ایک دو دو منزلہ پر تعمیر کئے گئے ہیں جسکی وجہ سے شادی اور اموات کے موقعوں پر اندروں شہر کے لوگوں کو بہت زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(ب) اگر جز (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اندرون شہر لوگوں کو شادی اور اموات کے موقعوں پر سہولت بہم پہنچانے کی خاطر کم از کم دو جنج گھر / سینٹر قائم کرنے کو تیار ہے اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اسکی وجوہ کیا ہیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) درست ہے۔

(ب) کمیونسپل انجینئر زون نمبر ا کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ جلد از جلد اندرون شہر سروے کر کے مناسب جگہ برائے جنج گھر تلاش کر کے رپورٹ کریں جونہی موزوں جگہ دستیاب ہوئی فوراً تعمیر کا پروگرام تیار کر لیا جائے گا۔

**بیگم فرحت رفیق خواجہ۔**

جناب سپیکر میں وزیر موصوف سے ایک سوال کرنے کی جسارت کروں گی کہ اگر ہم گورنمنٹ کو جگہ مہیا کر دیں تو کیا وہ وہاں پر جنج گھر تعمیر کرنے کیلئے تیار ہیں۔

**وزیر اوقاف۔**

جی ہاں جناب والا بالکل تیار ہیں اور اگلے پروگرام میں انشاء اللہ کارپوریشن اسے شامل کرے گی اور کیمونٹی ہال بنائے گی۔

**بیگم فرحت رفیق خواجہ۔**

حکومت کب تک اس پر تعمیر شروع کرے گی۔

**وزیر اوقاف۔**

جب یہ جگہ کی نشاندہی فرمادیں گی اور جگہ عنایت فرمادیں گی تو اس کے فوراً بعد یہ کام انشاء اللہ شروع ہو جائے گا۔

**جناب سپیکر۔**

اگلا سوال بیگم فرحت رفیق خواجہ

## شاہ عالمی لاہور میں کار پارکنگ سٹینڈ کی تعمیر

**۱۷۲۸*۔ بیگم فرحت رفیق خواجہ۔**

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ شاہ عالمی لاہور ایک کاروباری سنٹر ہے اور اکثر دوکانوں

کے سامنے دوکانداروں کے گاہکوں یا ملنے والے لوگوں کی کاروں کی پارکنگ کی وجہ سے ٹریفک جام ہوجاتی ہے اکور بازار سے گزرنے کے لئے کم از کم پون گھنٹہ صرف ہوتا ہے۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اگر شاہ عالمی مارکیٹ میں ڈی پوائنٹ پر کار پارکنگ سٹینڈ بنادیا جائے تو ٹریفک کا مسئلہ کافی حد تک حل ہوسکتا ہے۔

(ج) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ بالا جگہ پر کار پارکنگ سٹینڈ تعمیر کر کے ٹریفک کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے تیار ہے۔ اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اسکی وجوہ کیا ہیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) درست ہے۔ (ب) اس جگہ شاہ عالمی مارکیٹ میں ڈی پوائنٹ پر کار پارکنگ منصوبہ کے تحت تعمیر کیا جاسکتا ہے۔

(ج) اس جگہ کار پارکنگ کی تعمیر کرنے کے لئے تخمینہ مبلغ ۳،۰۲۱۲۵ روپے تیار کیا جا سکتا ہے۔ لیکن بجٹ میں گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے یہ منصوبہ تاحال پایہ تکمیل کو نہ پہنچ سکا ہے۔

**بیگم فرحت رفیق خواجہ۔**

جناب والا اگر لاہور کی اضافی بستیوں کیلئے بجٹ میں گنجائش ہے تو میں یہ پوچھنے کی جسارت کروں گی کہ اندرون شہر کیلئے بجٹ میں کمی کیوں ہے؟

**وزیر اوقاف۔**

جناب والا میں نے جیسے پہلے عرض کیا ہے پھر عرض کردوں کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے کہ اندرون شہر کیلئے بجٹ میں کوئی کمی ہے، بڑا شہر ہے اور بجٹ محدود ہوتا ہے اور ہر ادارے کا محدود ہوتا ہے انہوں نے جو جگہ کی نشاندہی فرمائی ہے اور ان کی جو تجویز ہے یہ ایک اچھی تجویز ہے۔ انشاء اللہ اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔

**جناب سپیکر۔**

میاں مختار احمد شیخ

# ٹاؤن کمیٹیوں، میونسپل کمیٹیوں اور میونسپل کارپوریشنوں کے انتخابات

## *۱۷۵۹- میاں مختار احمد شیخ۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔ کیا یہ درست ہے کہ حکومت اس بات پر غور و خوض کر رہی ہے کہ ٹاؤن کمیٹیوں۔ میونسپل کمیٹیوں اور میونسپل کارپوریشنوں کو انتخابات سے کم از کم چھ ماہ قبل برخاست کر دیا جائے تاکہ ان اداروں میں غیر جانبدارانہ اور منصفانہ انتخاب منعقد کروائے جاسکیں۔ اگر ایسا ہی ہے تو کب اور اگر ایسا نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

یہ درست نہ ہے کہ حکومت اس معاملہ پر غور کر رہی ہے کہ موجودہ لوکل کونسلوں کو انتخابات سے چھ ماہ قبل برخاست کر دیا جائے۔ پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۲۶ کے تحت لوکل کونسل کے پہلے اجلاس کے انعقاد سے چار سال تک لوکل کونسل کی معیاد مقرر کی گئی ہے۔

## میاں مختار احمد شیخ۔

جناب والا پچھلی دفعہ جب آخری بار الیکشن ہوئے تھے ۱۹۸۳ء میں تو اسوقت بھی میونسپل کارپوریشنوں کے میئرز کی جگہ ایڈمنسٹریٹر مقرر کئے گئے تھے۔ کیا وزیر موصوف یہ وضاحت فرمائیں گے کہ میونسپل کارپوریشنیں یا ضلع کونسلوں میں جہاں جمہوری ادارے قائم کئے جانے مقصود ہیں اور اسوقت بجٹ بھی قریب ہے تو کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ چھ ماہ نہیں تو کم از کم تین ماہ پہلے انہیں ان عہدوں سے ہٹا دیا جائے اور وہاں پر ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیئے جائیں۔

**وزیر اوقاف۔**

جناب والا میں بڑا کھل کر اس سے اختلاف کروں گا جیسا کہ معزز رکن نے فرمایا ہے کہ یہ جمہوری ادارے ہیں اور جمہوریت کی یہ روایت نہیں ہے کہ ان اداروں کو اپنی میعاد بھی پوری نہ کرنے دی جائے اور ان کو برطرف کر دیا جائے۔ جو لوگ ضلع کونسل کے چیئرمین ہیں یا کارپوریشنوں کے چیئرمین ہیں جو بھی منتخب نمائندگان ہیں ان پر لوگوں نے اعتماد کا اظہار کیا ہے لہذا ان کو پورا موقع ملنا چاہیے اور جس روایت کا انہوں نے زکر کیا ہے کہ پہلے ایسا ہوا ہے ہمیں ان روایات کو توڑنا چاہیے تاکہ منتخب اراکین ہی ان سے آکر چارج لیں۔

**جناب سپیکر۔**

جناب فضل حسین راھی۔

**جناب فضل حسین راھی۔**

جناب والا کیا یہ لوکل کونسلیں الیکشن کی تاریخ تک کام کریں گی۔

**وزیر اوقاف۔**

جناب والا اس معاملے پر جناب وزیر اعلی نے ایک کمیٹی تشکیل دے رکھی ہے جو کہ بلدیاتی انتخابات سے متعلق معاملات پر غور کر رہی ہے اسلئے یہ معاملہ زیر غور ہے مگر میں یہ بات پھر عرض کروں گا کہ صرف الیکشن کی تاریخ تک ہی نہیں بلکہ الیکشن ہو جائیں اور اس کے بعد جو آدمی منتخب ہو جائیں وہی آدمی ان سے چارج لیں۔ میں تو یہی سمجھتا ہوں۔ (نعرہ ہائے تحسین)

**جناب فضل حسین راھی۔**

جناب والا میرا دوسرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس طرح کیا اس بات کا احتمال نہیں ہے کہ اپنے عہدوں پر موجود میئرز، یا ضلع کونسلوں کے چیئرمین یا وہ بااثر شخصیتیں انتظامیہ کو استعمال نہیں کریں گے اور دھاندلیوں کا موقع میسر نہیں آئے گا، وہ لوگ میونسپل کارپوریشنوں اور ضلع کونسل کی گاڑیوں کو استعمال نہیں کریں گے۔

جناب سپیکر۔

میں اس سوال کی اجازت نہیں دیتا۔

جناب سپیکر۔

اگلا سوال۔ میاں مختار احمد شیخ۔

# میونسپل کارپوریشن ملتان کے سالانہ بجٹ کی غیر قانونی منظوری

×۱۷۶۰۔ میاں مختار احمد شیخ۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ میونسپل کارپوریشن ملتان کا بجٹ ۸۷-۱۹۸۶ء بنانے سے قبل اے۔ڈی۔پی کی تفصیل ساتھ شامل نہیں تھی اور جب بجٹ اجلاس ہوا تو اس وقت بھی سال ۸۷-۱۹۸۶ء کے اے۔ڈی۔پی کی نقل کونسلر صاحبان کو نہیں بھجوائی گئی اور اس طرح جب بجٹ منظوری کے لئے کنٹرولنگ اتھارٹی میونسپل کارپوریشن کمشنر ملتان کو بھیجا گیا تو اس کے ساتھ بھی اے۔ڈی۔پی ۸۷-۱۹۸۶ء کی تفصیل نہیں بھیجی گئی۔

(ب) کیا یہ درست ہے کہ میئر میونسپل کارپوریشن ملتان کی کارکردگی شہر میں مایوس کن ہے اور وہاں پر گندگی کے ڈھیر جگہ جگہ لگے ہوئے ہیں جس سے یہ شہر جو کہ اولیاء کرام کا شہر کہلاتا ہے فلتھ ڈپوؤں کی شکل اختیار کر چکا ہے جس سے ملتان کے بارہ لاکھ شہری تکلیف دہ دن گزار رہے ہیں اور کسی لمحہ بھی متعدی وباء پھیلنے کا خطرہ ہے۔

(ج) اگر جزو (ب) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت میونسپل کارپوریشن ملتان کو توڑ کے اس کا انتظام کسی اچھے ایڈمنسٹریٹر کے سپرد کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ ملتان شہر کے حالات کو بہتر بنایا جاسکے جو کہ حکومت کی نیک نامی کا باعث بنے اگر نہیں تو اسکی کیا وجوہات ہیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) میئر میونسپل کارپوریشن ملتان کی طرف سے بھیجی گئی رپورٹ کے مطابق یہ بات درست نہیں ہے۔

(ب) ملتان میں صحت و صفائی کی حالت تسلی بخش نہیں ہے لیکن اسکے لئے صرف میئر ملتان کو ہی ذمہ دار قرار نہیں دیا جاسکتا۔ اصلاح احوال کے لئے ضروری اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

(ج) حکومت بلدیہ ملتان کو توڑنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی کیونکہ یہ ایک غیر جمہوری کارروائی ہوگی۔ مزید براں اسلئے بھی کہ بلدیاتی انتخابات اس سال ہونے والے ہیں۔

## میاں مختار احمد شیخ۔

ضمنی سوال، کیا وزیر موصوف یہ وضاحت فرمائیں گے کہ۔

## جناب سپیکر۔

معزز حضرات، یہ آپ چاہتے ہیں کہ وزیر صحت ایوان میں آتے رہیں ۔۔۔

## معزز اراکین ایوان۔

جی ہاں (آوازیں)

## جناب سپیکر۔

اگر آپ چاہتے ہیں تو پھر ان پر رحم کیا جائے۔

## بیگم نجمہ حمید، پارلیمانی سیکرٹری۔

جناب سپیکر میرا وعدہ تھا کہ انہیں کچھ نہیں کہا جائے گا لیکن جب سے یہ آکر بیٹھے ہیں سارا ہاؤس ان کے ارد گرد جمع ہے۔ (قہقہے)

## وزیر قانون۔

جناب سپیکر سیمینار میں جتنی محنت ہوئی ہے اس کا اثر آپ نے دیکھ لیا۔
کوئی اثر نہیں ہوا۔

**جناب غلام حیدر وائیں (وزیر صنعت)**

جناب سپیکر وزیر صحت کے آنے کی وجہ سے بارش ہو رہی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

ماشاء اللہ، ماشاء اللہ

**ملک خدا بخش خان ٹوانہ۔ (وزیر اوقاف/وزیر بلدیات)**

جناب سپیکر ہم وزیر صحت کی پٹی بھی چیک کروانا چاہتے ہیں۔ ذرا ایک دفعہ اتار لیں۔

(قطع کلامیاں)

**جناب سپیکر۔**

آرڈر پلیز۔ میاں مختار احمد شیخ ضمنی سوال۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

کیا وزیر موصوف یہ وضاحت فرمائیں گے کہ انہوں نے کمشنر ملتان ڈویژن سے اس سلسلے میں رپورٹ حاصل کی ہے۔

**وزیر بلدیات۔**

جناب سپیکر کمشنر ملتان ڈویژن سے بھی رپورٹ حاصل کی ہے اور آپ جس طریقے سے پوچھنا چاہتے ہیں کہ وہ کنٹرولنگ اتھارٹی نہیں ہیں مگر ان سے پھر بھی پوچھا گیا ہے اور ہم نے ان سے رپورٹ حاصل کی ہے۔

**میاں مختار احمد شیخ۔**

ضمنی سوال۔ کیا وزیر موصوف یہ وضاحت فرمائیں گے کہ کمشنر صاحب نے اپنی رپورٹ میں کیا لکھا ہے؟

**وزیر بلدیات۔**

جناب والا وہ رپورٹ ہم نے اپنے طور پر محکمے کے لئے منگوائی ہے اور اگر مختار

احمد شیخ صاحب چاہیں گے تو میں انہیں دکھادوں گا۔ وہ ہماری اپنی معلومات کے لئے ہے ۔ وہ نہ تو کنٹرولنگ اتھارٹی ہیں کہ انہیں اس میں شامل کیا جائے اس لئے میں ان کی رپورٹ یہاں ظاہر نہیں کر سکتا۔

میاں مختار احمد شیخ۔

جناب میں اس سلسلے میں گزارش کروں گا کہ وزیر موصوف یہ وضاحت فرمائیں کہ میٹر میونسپل کارپوریشن نے جو جواب دیا ہے وہ بلکل غلط ہے اور حقائق کے منافی ہے اور کمشنر صاحب کی جو رپورٹ ہے وہ اس سلسلے میں تفصیلاً دی گئی ہے اور اگر وزیر موصوف یہ چاہیں تو میں یہ بتاسکتا ہوں کہ انہوں نے واضح طور پر یہ لکھا ہے کہ انہوں نے اس سلسلے میں واضح دھاندلیاں کی ہیں اور جمہوری تقاضوں کو انہوں نے پامال کیا ہے۔ نہ صرف ان کی ہدایات کے منافی کام کیا ہے جو وزیر بلدیات کی ہدایات ہیں کہ۔۔

No victimization against the Opposition Members.

۔ تو واضح طور پر انہوں نے VICTIMIZATION کی ہے اور میرے پاس ثبوت وجود ہیں کہ بجٹ میں نہ صرف انہوں نے ترقیاتی منصوبے درج کئے بلکہ اپنی من مانی کرتے ہوئے اپنے گروپ کے ممبروں کو زیادہ سے زیادہ ترقیاتی منصوبوں سے نوازا ہے۔ یہ وضاحت بہت لازمی ہے۔ میں اس سلسلے میں وزیر موصوف سے یہ گزارش کروں گا کہ اسکی وضاحت ضرور کریں

وزیر بلدیات۔

جناب والا گزارش یہ ہے کہ مختار احمد شیخ صاحب نے بجٹ کے متعلق ذکر فرمایا ہے۔ یہ جمہوری ادارے ہیں اور ان میں جو طریقہ کار رائج ہے وہ یہ ہے کہ اکثریت رائے سے ان میں فیصلے ہوتے ہیں اور ہمارے قوانین یا ہمارے ضابطے کے مطابق وہاں پر کوئی ایسی دھاندلی نہیں ہوئی۔ اکثریت رائے سے وہاں پر اگر کوئی منصوبے بنائے گئے ہیں یا کوئی چیز کی گئی ہے۔۔۔

جناب سپیکر۔

یہ غالباً ان وزراء صاحبان کو درخواستوں کی تکلیف دی جارہی ہے جو آج

سیمینار میں تشریف نہیں لے گئے کیونکہ جو وزراء اور جو اراکین اسمبلی سیمینار میں موجود تھے وہ یقیناً یہ بات ذہن میں بٹھا کر آئے ہیں کہ یہاں یہ کام نہیں کرنا ہے جو ہو رہا ہے۔

**میاں ریاض حسین پیرزادہ۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر میں پوائنٹ آؤٹ کرنا چاہتا ہوں کہ وقفہ سوالات ختم ہو گیا ہے۔ ایک گھنٹہ ہو گیا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

جی آپ نے درست یاد دلایا۔ وقفہ سوالات ختم ہوتا ہے۔

**وزیر بلدیات۔**

باقی سوالوں کے جوابات میں ایوان کی میز پر رکھتا ہوں۔

# نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے۔)

## ریسٹ ہاؤس چکری کی عمارت کی مرمت کے لئے اقدامات

***۱۷۶۹۔ چوہدری محمد اسلم۔**

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ ضلع کونسل راولپنڈی کا ایک ریسٹ ہاؤس موضع چکری ضلع راولپنڈی میں تقریباً سات کینال رقبہ پر قائم ہے۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ ریسٹ ہاؤس کی عمارت نہایت مخدوش اور ناقابل استعمال ہے۔

(ج) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ اسسٹنٹ کمشنر (صدر) راولپنڈی نے اپنے مراسلہ نمبر AC/۱۹۸۵ مورخہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۸۵ء کے ذریعے ضلع کونسل کی توجہ اس طرف مبذول کرائی تھی کہ متذکرہ ریسٹ ہاؤس کی فوری مرمت اور تعمیر شروع کی جائے۔ اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو حکومت کب تک اس کی عمارت تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)**

(الف) ریسٹ ہاؤس چکری تحصیل راولپنڈی ضلع کونسل راولپنڈی کی ملکیت نہیں ہے۔ رجسٹر حقداران زمین سال ۶۳-۱۹۶۲ء کے مطابق یہ ریسٹ ہاؤس سرکار دولتمدار کی ملکیت اور مقبوضہ ڈپٹی کمشنر ہے۔ اس کی تائید ڈپٹی کمشنر نے بھی کی ہے۔

(ب) یہ درست ہے کہ ریسٹ ہاؤس کی عمارت مخدوش حالت میں ہے۔

(ج) ہاں، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے مرمت کے لئے حکومت سے فنڈز مانگے ہیں۔ فنڈز ملتے ہی مرمت کا کام شروع کر دیا جائے گا۔

# ضلع ملتان کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے رقوم کی غیر منصفانہ تقسیم کی تحقیقات

*۱۷۹۸۔ حاجی محمد بوٹا۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ سال ۸۵-۸۴-۸۶-۸۵- اور ۸۷-۱۹۸۶ء میں فنانس سب کمیٹی میونسپل کارپوریشن ملتان نے بجٹ بناتے وقت اندرون شہر کے ساتھ اور بیرون شہر کے پینتالیس حلقوں کے لئے ترقیاتی منصوبوں اور پانی کی سپلائی اور سٹریٹ لائٹ کے

کیلئے مساوی رقوم فراہم کیں۔

(ب) کیا یہ حقیقت ہے کہ سال ۸۷-۱۹۸۶ء میں میئر میونسپل کارپوریشن ملتان نے اپنے حامی کونسلرز کے حلقوں میں ترقیاتی منصوبوں اور پانی کی سپلائی اور سٹریٹ لائٹ کے لئے تین لاکھ روپے سے آٹھ لاکھ روپے مختص کر دیئے ہیں جب کہ اپنے مخالف کونسلرز کے حلقوں کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے صرف ۳۰،۰۰۰ (تیس ہزار) روپے سے پچاس ہزار روپے تک مختص کئے ہیں۔ یہ منصوبے بھی کونسلرز سے نہیں لئے گئے بلکہ وہاں بھی اپنے گروپ سے بنوائے گئے ہیں۔ ۵۹ حلقوں کے ترقیاتی منصوبوں کی تفصیل ایوان کے سامنے پیش کی جائے۔

(ج) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ میونسپل کارپوریشن ملتان نے ایک خط کے ذریعے کونسلرز سے سال ۸۷-۱۹۸۶ء کے لئے ترقیاتی منصوبے طلب کئے اور اندرون شہر سات حلقوں سے ڈیڑھ لاکھ روپے تک اور بیرون شہر کے ۴۳ حلقوں سے تین لاکھ تک بجٹ ۸۷-۱۹۸۶ء سے بہت پہلے کارپوریشن ملتان کے دفتر میں کونسلرز نے منصوبوں کی تفصیل داخل کرا کر رسیدات بھی لے لیں۔

(د) کیا یہ حقیقت ہے کہ حکومت نے اپنے دو خطوں میں کارپوریشن کو ہدایات جاری کیں کہ میئر گروپ یا مخالف گروپ میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے رقومات فراہم کی جائینگی مگر میئر کارپوریشن ملتان نے اپنے حامی کونسلرز کو دل کھول کر ترقیاتی منصوبوں کے لئے رقوم فراہم کیں اور مخالف فریق کو ترقیاتی منصوبوں سے دیدہ دانستہ محروم کر دیا۔

(ہ) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت متذکرہ میئر کے ایسے غلط اقدام اٹھانے کے خلاف کوئی کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک، اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)**

(الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔ میونسپل کارپوریشن ملتان کے ۵۹ حلقوں کے ترقیاتی منصوبوں کی تفصیلات ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں۔

(ج) جی هاں
(د) جی هاں
(ہ) یہ معاملہ حکومت کے زیر غور ہے

# رسول نگر گوجرانوالہ سڑک کی ناقص تعمیر کی تحقیقات

## ۱۸۱۸ جناب شوکت حیات چٹھہ

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ
(الف) کیا یہ امر واقع ہے کہ ضلع گوجرانوالہ میں رسول نگر اور کوٹ هرائے کے درمیان سڑک کی تعمیر حال هی میں مکمل هوئی تھی
(ب) کیا یہ امر واقع ہے کہ مذکورہ سڑک ٹریفک کے لئے کھلنے سے پہلے هی ٹوٹ پھوٹ گئی ہے اور ناقابل استعمال هو گئی ہے
(ج) اگر جزو هائے بالا کا جواب اثبات میں هو تو مذکورہ سڑک کی تعمیر کب مکمل هوئی تھی اس کی اوسط عمر کیا مقرر کی گئی تھی ٹریفک کے چلنے سے پہلے هی سڑک کے ٹوٹ پھوٹ جانے کی وجوهات کیا هیں حکومت نے متعلقہ اهلکاران افسران و ٹھیکیداروں کے خلاف کیا کارروائی کی ہے اگر نہیں کی گئی تو اس کی وجوهات هیں

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی

(الف) رسول نگر کوٹ هرائے کے درمیان سڑک کی تعمیر تین حصوں میں مکمل هوئی تھی حصہ اول اور سوئم کی تکمیل جون ۱۹۸۴ء اور حصہ دوم کی تکمیل نومبر ۱۹۸۴ء میں هوئی
(ب) سڑک هذا جون ۱۹۸۵ء تک ٹریفک کے استعمال میں رهی ۱۹۸۵ء کے موسم برسات میں زیادہ بارشوں کے دوران حصہ سوئم بطرف کوٹ هرائے جو کہ نشیبی اور تھور زدہ علاقہ، بری طرح متاثر هوا اور ٹریفک کے قابل نہ رها

(ج) جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ مذکورہ سڑک جون ۱۹۸۴ء میں مکمل ھوئی اور فنی طور پر سڑک کی عمر اوسط تین سال ھوئی تھی حکومت اس سڑک کا معائنہ کرائے گی تاکہ اس ٹوٹنے کا حقیقی سبب معلوم ھو سکے ، جونہی یہ رپورٹ موصول ھوئی اس کی روشنی میں مناسب کارروائی کی جائے گی

## جامکے چٹھہ پنڈ وان کلاں کے درمیان سڑک کی ناقص تعمیر کی تحقیقات

### ۱۸۱۹ جناب شوکت حیات چٹھہ

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں کہ

(الف) آیا یہ امر واقع ہے کہ ضلع گوجرانوالہ تحصیل وزیر آباد میں جامکے چٹھہ اور پنڈواں کلاں کے درمیان سڑک کی تعمیر حال ھی میں مکمل ھوئی تھی

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ سڑک ٹریفک کے لیے کھولنے سے پہلے ھی ٹوٹ پھوٹ گئی ہے اور ناقابل استعمال ھو گئی ہے

(ج) اگر جز ھائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو مذکورہ سڑک کی تعمیر کب مکمل ھوئی اس کی اوسط عمر کیا مقرر کی گئی ٹریفک کے چلنے سے پہلے ھی سڑک کے ٹوٹ پھوٹ جانے کی وجوھات کیا ھیں حکومت نے ذمہ دار اھلکاران افسران اور ٹھیکیداروں کے خلاف کیا کارروائی کی ہے اگر نہیں کی تو اس کی وجوھات کی ھیں ؟

### وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) یہ درست نہ ہے کہ سڑک ہذا حال ہی میں تعمیر ہوئی ہے۔ اس سڑک کی تعمیر تین مراحل میں طے پائی۔ پہلا حصہ مئی ۱۹۸۱ء دوسرا حصہ اگست ۱۹۸۳ء اور تیسرا حصہ اکتوبر ۱۹۸۵ء میں تعمیر ہوا۔

(ب) یہ درست نہ ہے کہ سڑک ہذا ٹریفک کیلئے کھولنے سے پہلے ہی ٹوٹ گئی بلکہ دوران تعمیر صرف ایک پلی کی سلیب ٹوٹی تھی جو ٹھیکیدار سے فوری طور پر درست کروا دی گئی تھی۔

(ج) جیساکہ پیرا الف میں تحریر کیا گیا ہے کہ سڑک تین حصوں میں مکمل ہوئی اور اس کی تعمیر اور حالت درست ہے اور ٹریفک آتی جاتی ہے مگر پھر بھی حکومت اس سڑک کا معائنہ کرائے گی اور رپورٹ کی روشنی میں مناسب کارروائی کی جائے گی۔

# برآمدگی ٹیکس میں بے قاعدگیوں کا سدباب

*۱۸۲۶۔ بیگم شاہدہ ملک۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع کونسلوں کی طرف سے تاجروں نے برآمدگی ٹیکس ملک کی ترقی کے لئے قبول کیا لیکن ٹھیکیدار صاحبان اس پر عمل نہیں کر رہے۔

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ پنجاب کے اکثر ٹھیکیداران شیڈول سے زائد برآمدگی ٹیکس وصول کر رہے ہیں جس سے پورے پنجاب کے تاجروں میں برآمدگی ٹیکس کی لوٹ کھسوٹ پر سخت بیچینی و تشویش پائی جاتی ہے۔

(ج) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت اس برائے کا سدباب اور تاجروں کو اس پریشانی سے نجات دلانے کی خاطر ہر ضلع کونسل میں ایک ایسا شعبہ بنانے پر غور کر رہی ہے کہ جہاں پر تاجر حضرات اپنا دعوی پیش کر سکیں کہ اس سے کتنا زائد برآمدگی ٹیکس وصول کیا گیا ہے اور دعوی ثابت ہونے پر تاجر کو گیارہ گنا زائد واپس دیا جائے۔ جیساکہ ٹھیکیدار کو غلطی یا سستی سے اگر تاجران کی جانب سے ٹیکس نہ ادا کیا جائے تو وہ گیارہ گنا زائد وصول کر لیتے ہیں اگر نہیں تو اسکی کیا وجوہات ہیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) یہ درست ہے کہ برآمدگی ٹیکس کی وصول شدہ رقم کو ضلع کی ترقی پر خرچ کیا جاتا ہے۔ جن ٹھیکیداروں کے متعلق شکایات ملتی ہیں۔ ان کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے

(ب) ایسی ہی کچھ شکایات ملی تھیں جن پر حکومت پنجاب کے تمام کمشنروں، ڈپٹی کمشنروں اور ضلع کونسل کے چیئرمینوں کو احکامات جاری کر دیئے ہیں کہ ایسے

ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور انہیں عبرت ناک سزا دی جائے۔
(ج) فی الحال ایسی کوئی تجویز زیر غور نہیں تاجر حضرات اپنی شکایات متعلقہ ضلع کونسل کے چیئرمینوں ڈپٹی کمشنروں اور کمشنروں کو کر سکتے ہیں۔ جنہیں ایسے معاملات سے نپٹنے کا پورا اختیار ہے۔

# محصول چونگیوں کے ٹیکسوں میں بیقاعدگیوں کی تحقیقات

×۱۸۳۲- حاجی محمد بوٹا۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔
(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ راولپنڈی، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور لاہور کی میونسپل کارپوریشنوں نے سال ۸۷-۱۹۸۶ء کے دوران محصول چونگی و دیگر ٹیکسوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا اور نہ ہی کوئی نیا ٹیکس تجویز کیا ہے۔
(ب) کیا یہ حقیقت ہے کہ میونسپل کارپوریشن ملتان نے سال ۸۷-۱۹۸۶ء میں محصول چونگی میں بہت زیادہ اضافہ تجویز کیا ہے اور نئے ٹیکس بھی تجویز کئے ہیں جسے بذریعہ کمشنر ملتان اور چیف منسٹر منع کر دیا گیا تھا کہ ٹیکسوں میں اضافہ یا نئے ٹیکس قبل از منظوری ازاں چیف منسٹر نہیں لائے جائیں گے۔
(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ میونسپل کارپوریشن ملتان نے چیف منسٹر سے ٹیکسوں میں اضافہ یا نئے ٹیکسوں کی منظوری لیے بغیر ان کی مشتہری ۱۹ ستمبر ۱۹۸۶ء کے اخبارات میں کی ہے جس کے سبب ملتان کے شہریوں میں غم و غصہ کی فضا پیدا ہو گئی ہے۔
(د) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے مذکورہ بیضابطگیوں کے بارہ میں کیا کارروائی کی ہے۔ اگر کوئی کارروائی نہیں کی گئی تو کیا وجہ ہے؟

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)**

(الف) یہ درست ہے کہ راولپنڈی، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور لاہور میونسپل

کارپوریشنوں نے سال ۸۷-۱۹۸۶ء کے دوران محصول چونگی یا دیگر ٹیکس میں کوئی اضافہ نہیں کیا اور نہ ہی کوئی نیا ٹیکس تجویز کیا ہے۔

(ب) یہ درست ہے کہ ملتان کارپوریشن نے ۸۷-۱۹۸۶ء کے دوران کچھ اشیاء پر محصول چونگی کی شرح میں اضافہ تجویز کیا ہے۔ فیس آب رسانی اور تہہ بازاری میں بھی اضافہ کی تجویز ہے۔ یہ تمام کارروائی ضابطہ کے تحت کی گئی ہے مگر کمشنر ملتان کے حکم سے یہ کارروائی روک دی گئی ہے۔

(ج) ٹیکسوں میں اضافے یا نئے ٹیکسوں کی تجویز کی تشہیر کیلئے چیف منسٹر صاحب کی منظوری کی ضرورت نہیں۔ ٹیکسوں کی شرح میں اضافہ یا نئے ٹیکس لگانیکی کارروائی پنجاب لوکل کونسلز ٹیکسیشن رولز کے تحت کی جاتی ہے۔ جیسے لوکل کونسل کو اکثریتی رائے سے منظور کرنے یا نہ کرنے کا پورا اختیار ہے۔ تاہم لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۱۳۹ کے تحت حکومت پنجاب کو ٹیکس لگانے، بڑھانے یا معطل کرنے یا بالکل ختم کرنیکا اختیار حاصل ہے۔

(د) کارپوریشن ملتان نے کوئی کارروائی خلاف ضابطہ نہیں کی۔

# ڈونگہ بونگہ ٹاؤن کمیٹی کے محصول چونگی میں خورد برد کی تحقیقات

*۱۸۹۵- راؤ مراتب علی خان۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ ٹاؤن کمیٹی ڈونگہ بونگہ ضلع بہاولنگر کے فراہمی محصول چونگی کے ٹھیکہ کا نیلام عام برائے مالی سال ۸۶-۱۹۸۵ء و ۸۷-۱۹۸۶ء نہیں کیا گیا ہے۔

(ب) کیا یہ امر واقع ہے کہ ضلع بہاولنگر میں مذکورہ ٹاؤن کمیٹی واحد بلدیاتی ادارہ ہے جس کے ٹھیکہ کا نیلام عام نہیں کیا جا رہا ہے۔ جس کے نتیجہ میں ۸۶-۱۹۸۵ء میں مبلغ ۸۵۶۵۵ روپے کی خالص آمدنی کی خورد برد کی گئی ہے جبکہ ۸۵-۱۹۸۴ء میں فراہمی محصول چونگی کا ٹھیکہ نیلام عام کیا گیا تو ۵،۹۴،۰۰۰ روپے کی خالص آمدنی ہوئی تھی۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ بلدیہ کے چار ممبران نے مورخہ ۹ فروری ۱۹۸۶ء کو ایسی بدعنوانی اور خورد برد کے بارے میں ایک درخواست بنام وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی بھجوائی تھی۔ جس کی نقول کمشنر، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاولپور ڈویژن، ڈپٹی کمشنر و کنٹرولنگ اتھارٹی بہاولنگر اور فنانس سب کمیٹی کے کنوینز کو ارسال کی گئی تھی لیکن ایسی واضح درخواست پر کوئی اقدام نہ کیا گیا اور سال ۸۶-۱۹۸۵ء میں ادارہ مذکور کو مبلغ ۸۵،۶۵۵ روپے کا نقصان پہنچایا گیا۔

(د) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو مبلغ ۸۵،۶۵۵ روپے کی کمی و نقصان کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے اور بروقت آگاہ کرنے کے باوجود افسران مجاز نے کیا اقدام کیا ہے اور اگر کوئی کارروائی نہیں کی گئی تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔ کیا حکومت ادارہ مذکورہ کو مزید نقصان سے بچانے کی خاطر سال رواں ۸۷-۱۹۸۶ء کے بقایا عرصہ کے لئے علاقہ مجسٹریٹ کی نگرانی میں فراہمی محصول چونگی کے ٹھیکہ کا نیلام عام کرنے کا حکم صادر فرمانے کو تیار ہے اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ۔ (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) جی ہاں یہ درست ہے۔

(ب) یہ درست نہ ہے بلدیہ بہاولنگر بھی سال ۸۶-۱۹۸۵ء میں ٹھیکہ وصولی آمدن محصول چونگی نیلام نہیں کر سکی۔ بلدیہ ڈونگہ بونگہ کو سال ۸۵-۱۹۸۴ء میں اتنی خالص آمدن محصول چونگی کی مد میں نہ ہوئی ہے جتنی کہ کہی گئی ہے اور نہ ہی بلدیہ مذکور کی خالص آمدنی برائے سال ۸۶-۱۹۸۵ء میں خرد برد کی گئی ہے۔

(ج) یہ درست ہے اس ضمن میں مسٹر محمد ستار مجسٹریٹ درجہ اول بہاولنگر نے تحقیقات کیں۔ تحقیقاتی رپورٹ موصول ہونے پر ضروری کارروائی کی جائے گی۔

(د) اس کا جواب جز (ب) اور جز (ج) میں دیا جا چکا ہے بلدیہ ڈونگہ بونگہ کے ٹھیکہ وصولی آمدن محصول چونگی برائے سال ۸۶-۱۹۸۵ء و ۸۷-۱۹۸۶ء کو متعدد بار نیلام کرنے کی کوشش کی گئیں مگر کسی نے نیلامی میں حصہ نہ لیا چنانچہ ایسی غیر یقینی صورت حال میں حکومت کسی قسم کی کارروائی کو لاحاصل سمجھتی ہے۔

# ٹاؤن کمیٹی ڈونگہ بونگہ سے غبن کی گئی رقوم کی وصول یابی

*۱۸۹۶۔ راؤ مراتب علی خان۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ امر واقع ہے کہ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے مورخہ ۲ جولائی ۱۹۸۵ء کو ٹاؤن کمیٹی ڈونگہ بونگہ ضلع بہاولنگر ۱۹۸۵ء کے حسابات کی جانچ پڑتال کے لئے ایک تحقیقاتی ٹیم تین ذمہ دار افسران پر مشتمل مقرر کی تھی۔ متذکرہ تحقیقاتی ٹیم نے ماہ جولائی ۱۹۸۵ء کے آخری عشرہ میں ادارہ مذکور کے حسابات کی سرسری طور پر تحقیقات اور جانچ پڑتال کی تھی اور مورخہ ۸ اگست ۱۹۸۵ء کو ۲۹ صفحات پر مشتمل ایک مفصل رپورٹ کے روشنی میں ادارہ مذکور میں دو لاکھ آٹھ سو اکتیس روپے بیس پیسے کی واضح خرد برد فرض کاری اور جعلسازی پائی گئی تھی۔ جس پر کمشنر بہاولپور ڈویژن نے انضباطی کارروائی کرنے کی بجائے مبلغ ۲۰۰۸۳۱/۲۰ روپے سرچارج عائد کر کے وصولی رقم کا حکم صادر کیا تھا۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ کمشنر بہاولپور ڈویژن کے متذکرہ حکم کے تابع جناب ڈپٹی کمشنر و کنٹرولنگ اتھارٹی بہاولنگر نے قواعد و ضوابط کو بروئے کار لاتے ہوئے مورخہ ۳۱ ستمبر ۱۹۸۵ء کو بذریعہ مراسلہ جات نمبری ۲۵۷۱ تا ۲۵۷۵ تا ۲۵۷۷، ۲۵۷۹ صوبائی سیکرٹری مقامی حکومت و دیہی ترقی لاہور کی خدمت میں وصول رقم کی تحریک کی تھی۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ متعدد درخواستوں کے ذریعہ اور موصوف کی خدمت میں خود حاضر ہو کر ایسی بھاری رقم کی وصولی کی جانب توجہ مبذول کروائی جا چکی ہے لیکن تاحال کوئی اقدام نہ کیا گیا ہے۔

(د) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو اتنی بھاری رقم کی وصولی کو معرض التواء میں ڈالنے اور ایسی تحاریک کو بھی معرض التواء میں ڈالنے کی کیا وجوہات ہیں کیا حکومت اب عرصہ ایک سال گزر جانے کے بعد مذکورہ رقم کی وصولی کے لئے خصوصی حکم صادر فرمانے کو تیار ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) یہ درست ہے۔

(ب) یہ درست ہے۔

(ج) حکومت قوائد کے مطابق کارروائی کر رہی ہے۔ ڈائریکٹر، محکمہ مقامی حکومت و دیہی ترقی، بہاولپور قسمت بہاولپور کو تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق شکایت میں لگائے گئے اکثر مبینہ الزامات درست ثابت ہوئے۔ چنانچہ تمام متعلقہ افراد کو اظہار وجوہ کے نوٹس بھیج دیئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں ڈپٹی کمشنر بہاولنگر سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ متعلقہ اہل کاران بلدیہ کے خلاف تادیبی کارروائی کریں۔ مزید براں صوبائی ناظم، لوکل فنڈ آڈٹ پنجاب سے درخواست کی گئی ہے کہ ٹاؤن کمیٹی ڈونگہ بونگہ کا سپیشل آڈٹ کرائیں۔ سپیشل آڈٹ رپورٹ تاحال موصول نہ ہوئی ہے۔

(د) حکومت پنجاب اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہے اور قواعد کے مطابق کارروائی جاری ہے۔ سپیشل آڈٹ رپورٹ موصول ہونے پر نقصان کی تلافی ذمہ دار اشخاص سے کرائی جائے گی۔

# میونسپل کمیٹی لیہ میں غبن، بے قاعدگیوں اور بد عنوانیوں کی تحقیقات میں تاخیر کے اسباب

×۱۹۰۰۔ ملک غلام حیدر تھند۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ایک درخواست برخلاف چیئرمین میونسپل کمیٹی لیہ و چند ممبران جس میں بددیانتی لاکھوں روپے کا غبن اختیارات کا ناجائز استعمال اور کافی بیقاعدگیوں بیضابطگیوں اور بد عنوانیوں کی نشاندہی کی گئی تھی پر جناب وزیر اعلیٰ کے حکم سے اعلیٰ افسران کی ایک ٹیم نے موقع پر جا کر بعد ملاحظہ ریکارڈ تحقیق کی جن کی رپورٹ

کے مطابق تقریباً تمام الزامات صحیح ثابت ہوئے اور لاکھوں روپے کی ہیرا پھیری غبن، فنڈز کا ناجائز استعمال اندھادھند بیقاعدگیوں بے ضابطگیوں اور اختیارات کا ناجائز استعمال ثابت ہوا۔

(ب) اس رپورٹ کی روشنی محکمہ لوکل گورنمنٹ کی تجویز پر وزیر اعلیٰ نے حکم صادر فرمایا تھا کہ قصورواران کے خلاف دفعہ ۲۹ کے تحت کارروائی کی جائے۔ ناجائز صرف شدہ رقم کو واپس مع سرچارج وصول کیا جائے۔ قصوروار عملہ کو معطل کیا جائے۔ میونسپل کمیٹی کا سپیشل آڈٹ کیا جائے اور رپورٹ کی روشنی میں انٹی کرپشن میں مقدمہ درج کرایا جائے۔

(ج) اگر جزوہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو وزیر اعلیٰ کے اتنے واضح احکامات کے باوجود آج تک کوئی کارروائی کیوں نہیں کی گئی اور کئی ماہ سے وزیر اعلیٰ کے احکامات کو سردخانہ میں رکھ دیا گیا ہے۔

(د) کیا حکومت ایسے بددیانت اہلکاران کے خلاف فوری کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) یہ درست ہے۔

(ب) یہ درست ہے۔

(ج) طریقہ کار کے مطابق کارروائی جاری ہے۔ چند ناگزیر وجوہات کی بناء پر معاملہ دوبارہ وزیر اعلیٰ پنجاب کو برائے توثیق احکامات پیش کیا گیا تھا۔ حتمی فیصلہ ہونے پر ذمہ دار اشخاص کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

(د) حکومت پنجاب اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہے اور مبینہ بدعنوانیوں کے مرتکب اشخاص کے خلاف ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

# ضلع کونسل لیہ کے سپیشل آڈٹ پر تحقیقات میں تاخیر کے اسباب

×۱۹۰۱۔ ملک غلام حیدر تھند۔

کیاوزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم میرے نشان زدہ سوال نمبر ۱۵۶۳ کے جز (ب) کے جواب کی روشنی میں بیان فرمائیں گے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر محکمہ آڈٹ نے ضلع کونسل لیہ کا جو سپیشل آڈٹ کیا تھا اس پر اس وقت تک کیا کارروائی ہوئی ہے اگر کوئی کارروائی نہیں ہوئی تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)**

حکومت پنجاب کی ہدایت پر ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ ڈیرہ غازی خاں نے ضلع کونسل لیہ کا سپیشل آڈٹ کیا تھا۔ سپیشل آڈٹ رپورٹ میں ضلع کونسل لیہ کے حسابات اور معاملات میں چند مبینہ بیضابطگیوں خرابیوں کی نشاندھی کی گئی تھی۔ وضاحت کی جاتی ہے کہ حکومت پنجاب سپیشل آڈٹ رپورٹ پر قواعد کے مطابق کارروائی کر رہی ہے۔

## شادمان میں سٹریٹ لائٹ کی فراہمی

×۱۹۱۸۔ ڈاکٹر شیلہ بی چارلس۔

کیاوزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ شادمان مارکیٹ لاہور میں سٹریٹ لائٹ کافی عرصہ سے خراب ہے جس سے تاجر پیشہ افراد کو کاروباری نقصان پہنچ رہا ہے۔

(ب) کیا یہ بھی حقیقت ہے کہ شادمان مارکیٹ لاہور کے قریب باغ کا فوارہ بھی کافی عرصہ سے فنی نقائص کی بناء پر خراب ہے جس کی وجہ سے مذکورہ باغ کی شادمانی میں فرق آرہا ہے۔

(ج) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت فیالفور سٹریٹ لائٹ اور فوارہ کی مرمت کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اس کی وجوہ کیا ہیں؟

**وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)**

(الف) یہ درست ہے کہ شادمان مارکیٹ میں سٹریٹ لائٹ جزوی طور پر بند تھی جس کو بعد میں درست کر دیا گیا تھا اب مکمل سٹریٹ لائٹ روشن ہے۔

(ب) جہاں تک شادمان مارکیٹ کے قریب باغ کے فوارہ کا تعلق ہے موقع پر کوئی فوارہ موجود نہیں ہے۔

(ج) جواب مندرجہ بالا پیرا الف، ب میں دیا جا چکا ہے۔

# غیر قانونی منڈی مویشیاں کا انعقاد کرنے والی یونین کونسلوں کے خلاف کارروائی

## ×۱۹۴۳۔ جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی از راہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) پنجاب میں کتنی یونین کونسلیں منڈی مویشیاں کا انعقاد کر رہی ہیں۔

(ب) کیا منڈی مویشیاں کا انعقاد زیر دفعہ ۱۳۷ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس ۱۹۷۹ء سیکنڈ شیڈول پارٹ اشق نمبر ۱۰ یونین کونسلوں کا اختیار نہ ہے۔

(ج) اگر جز (ب) کا جواب اثبات میں ہو تو جو یونین کونسلیں منڈی مویشیاں کا انعقاد کر رہی ہیں ان کے خلاف اب تک کیا کارروائی کی گئی ہے اگر نہیں تو اس کی کیا وجوہات ہیں۔؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) کوئی نہیں۔

(ب) نہیں ہے۔

(ج) پورے پنجاب میں کوئی بھی یونین کونسل منڈی مویشیاں کا انعقاد نہیں کر رہی ہے لہذا جواب نفی میں تصور فرمایا جائے۔

# یونین کونسلوں کے دفاتر تک پختہ سڑکوں کی تعمیر

## ×۱۹۴۶۔ حاجی ملک سکندر حیات خان بوسن۔

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ حکومت کی واضح پالیسی کے تحت ہر یونین کونسل کے دفتر تک پختہ سڑک تعمیر کی جارہی ہے۔

(ب) اگر جز (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو میرے حلقہ پی پی ۱۶۲ میں ایسے مراکز کونسل کی تعداد بتائی جائے۔ جن تک ابھی تک پختہ سڑکیں تعمیر نہیں کی گئیں اور حکومت مذکورہ مراکز کونسل تک پختہ سڑکیں بنانے کو تیار ہے اگر ہاں تو کب تک اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں۔

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) ہاں

(ب) حلقہ پی پی ۱۶۲ میں آٹھ یونین کونسلیں ایسی ہیں جن تک پکی سڑکیں نہیں پہنچی اس ضمن میں ایک پانچ سالہ ماسٹر پلان تیار کیا گیا تھا جو کہ محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کو منظوری کے لئے بھیجا گیا ہے جونہی اس منصوبے کی منظوری اور فنڈ ملے تو اس منصوبے کو شروع کیا جائے گا

## توحید پارک گلشن راوی میں صفائی کا انتظام

## ۱۹۷۱ جناب رائے شفقت عباس

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ حقیقت ہے کہ محمود سٹریٹ توحید پارک گلشن راوی لاھور میں لاھور میونسپل کی طرف سے کوئی خاکروب صفائی کے لئے مقرر نہیں

(ب) کیا یہ حقیقت ہے کہ صفائی کا عملہ نہ ھونے کی وجہ سے محمود سٹریٹ اور اس کے ارد گرد گندگی کے ڈھیر لگے ھوئے ھیں جو اس علاقے کے مکینوں کی صحت کے لئے خطرہ بنے ھوئے ھیں (ج) اگر جزو ھائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا لاھور میونسپل کارپوریشن محمود سٹریٹ کے علاقے میں صفائی کا عملہ متعین کرنے کو تیار ہے اگر ھاں تو کب تک اگر نہیں

تو اسکی کیا وجوھات ھیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) درست ہے
(ب) درست نہیں کیونکہ اس علاقہ میں اگرچہ باقاعدہ سینٹری ورکرز متعین نہیں تاھم سپیشل سکویڈ کے ذریعے ھفتہ وار باقاعدگی سے صفائی کرائی جاتی ہے اور کوڑا کرکٹ بھی اٹھایا جاتا ہے نیز توحید پارک کی آبادی میں دو سینٹری ورکرز تعینات ھیں جو کہ آبادی کے لحاظ سے ناکافی ھیں اس لئے دو مزید سینٹری ورکرز جلد ھی متعین کر دیئے جائیں گے
(ج) لاھور میونسپل کارپوریشن کے علاقہ محمود سٹریٹ میں بھی صفائی کا عملہ متعین کیا جا رھا ہے مزید برآں محمود سٹریٹ توحید پارک کے علاقہ میں روزانہ صفائی کا کام شروع کرا دیا گیا ہے

## شام نگر لاھور سے آئس فیکٹری کی منتقلی

### ۱۹۷۷ خان غلام سرور خان

کیا وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ
(الف) کیا یہ درست ہے کہ رھائشی علاقہ شام نگر چوبرجی لاھور میں آئس فیکٹری ناجائز طور پر چل رھی ہے
(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس یونٹ میں ایک نیا یونٹ بغیر اجازت تعمیر ھو چکا ہے
(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ آئس فیکٹری کے چلنے سے اور ایمونیا گیس کے خارج ھونے سے اھل محلہ تنگ ھیں اور انکی صحت پر برا اثر پڑ رھا ہے
(د) کیا حکومت اس فیکٹری کو بند کرنے اور رھائشی علاقہ سے باھر منتقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر رکھتی ہے تو کب تک اور اگر نہیں تو اس کی کیا وجوھات ھیں؟

## وزیر مقامی حکومت و دیہی ترقی (ملک خدا بخش ٹوانہ)

(الف) درست ہے

(ب) درست ہے

(ج) درست ہے

(د) اس ناجائز فیکٹری کے خلاف بر وقت حسب ضابطہ نوٹس جاری کئے گئے ھیں بند معیاد نوٹس مسماری کا عمل درآمد ھونے ھی والا تھا کہ فاضل عدالت سے حکم امتناعی موصول ھو گیا جس کی وجہ سے کارروائی روک دی گئی تاحال عدالت میں زیر سماعت ہے جبکہ موقع پر فیکٹری کا الیکٹرک کنکشن منقطع کرا دیا جا چکا ہے حکم امتناعی خارج کرانے کی کوشش کی جارھی ہے جونہی حکم امتناعی خارج ھوا فوری طور پر کارروائی عمل میں لا کر ناجائز فیکٹری مسمار کر دی جائیگی

## مسئلہ استحقاق

جناب سپیکر اب ھم پریویلج موشنز ٹیک اپ کرتے ھیں جناب عثمان ابراھیم صاحب کی پریویلج موشن ھے

جناب محمد رفیق، ٹوبہ ٹیک سنگھ جناب سپیکر عثمان ابراھیم صاحب نماز پڑھنے گئے ھیں اور مجھے کہہ گئے ھیں کہ میں ابھی واپس آ رھا ھوں

جناب سپیکر آپ کو بتا کر گئے ھیں

جناب محمد رفیق جی ھاں مجھے بتا کر گئے ھیں

جناب سپیکر ٹھیک ھے میاں مختار احمد شیخ صاحب کی پریویلج موشن ھے

میاں مختار احمد شیخ جناب سپیکر وزیر بلدیات کی اس یقین دھانی پر کہ اسے آئندہ نہیں ھو گا میں اپنی پریویلج موشن کو واپس لیتا ھوں

جناب سپیکر جی شکریہ، تشریف رکھیے (قطع کلامیاں) آرڈر پلیز حضرات آپ تشریف رکھیئے گا میاں مختار احمد شیخ صاحب اپنی پریویلج موشن واپس لیتے ھیں اگلی پریویلج موشن نمبر ۱۰ جناب ریاض حشمت جنجوعہ

(قطع کلامیاں)

**جناب سپیکر۔**

آرڈر پلیز۔ آرڈر پلیز۔ میں جناب چوہدری ممتاز حسین اور جناب سید افضال علی شاہ کی طرف سے یہ اعلان کرتا ہوں کہ وہ سیشن ختم ہونے کے بعد اسمبلی چیمبرز میں

اپنے دفاتر میں پورے ایک ایک گھنٹہ کے لئے بیٹھیں گے ــــــــ (نعرہ ہائے تحسین)
اور اب براہ مہربانی اس اجلاس کی کارروائی کو روانی سے چلنے دیا جائے اور اراکین اپنی اپنی نشستوں پر تشریف رکھیں۔

# گورنر نے دانشوروں کا اجلاس بلا کر پنجاب اسمبلی کی حیثیت کو اور اہلیت کو مشکوک کرنے کی کوشش کی ہے۔

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جناب سپیکر، میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک مخصوص اور اہم معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ گورنر ہاؤس لاہور میں مورخہ ۲۴۔ دسمبر ۱۹۸۶ء اہل علم و دانش کو صوبہ کے عوام کو درپیش مسائل کا حل تلاش کرنے کے لئے طلب کیا گیا۔ ذرائع ابلاغ کے توسط سے اس اجتماع کی بھرپور پبلسٹی کی گئی اور اس طرح لاکھوں روپے کے خرچے سے ایک سیمینار منعقد کر کے پنجاب اسمبلی کی حیثیت کو کم کرنے اور اہلیت کو مشکوک کرنے کی کوشش کی گئی۔ ۲۳۔ دسمبر کو ختم ہونے والے پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں تو صوبے کے عوام کے منتخب نمائندوں کو امن و امان کی تشویش ناک صورت حال پر بحث کرنے کے لئے مناسب وقت فراہم نہ کیا گیا مگر ۲۴۔ دسمبر کو حکومت کے نامزد کردہ دانشوروں کو صوبہ کے عوام کو درپیش مسائل پر مشورہ کرنے کے لئے جمع کیا گیا جو منتخب نمائندوں کے مقابلہ میں نامزد لوگوں کی فوقیت و اہمیت دینے کے فلسفہ کی بحالی کی ایک سازش ہے اور اس سے یہ تاثر پیدا ہوا ہے کہ حکومت موجودہ اسمبلیوں کی اہلیت و کارکردگی اور موجودہ سیاسی ڈھانچے سے خود بھی مطمئن نہیں ہے اس لئے اسمبلی سے باہر مشورہ کی ضرورت محسوس کی گئی۔ حالانکہ گورنر آئینی طور پر صوبہ کو درپیش مسائل پر کابینہ سے مشورہ کرنے کا پابند ہے

اور کابینہ اسمبلی کے سامنے جوابدہ ہے مگر کابینہ اور منتخب اسمبلی کے موجود ہوتے ہوئے بھی عوامی مسائل پر دانشوروں کا مشورہ نامزد شورئی سسٹم کی طرف مراجعت کی ایک ایسی کوشش ہے جس سے پنجاب اسمبلی کے منتخب ارکان کے وقار کو ٹھیس پہنچی ہے لہذا استدعا ہے کہ اسمبلی کے اجلاس کے اختتام کے اگلے روز گورنر ہاؤس میں دانشوروں کی مشاورت ایک ایسا معاملہ ہے جو اسمبلی کے آئینی و قانونی استحقاق کی پامالی کا باعث بنا ہے۔ اسے تحقیقات کے لئے مجلس قائمہ برائے استحقاقات کے سپرد کیا جائے۔

تو جناب سپیکر میری یہ تحریک استحقاق اس بات کا تقاضا کرتی ہے۔۔۔۔۔

MINISTER FOR AGRICULTURE: This does not fall under the purview of any privilege Motion.

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

جناب وزیر زراعت کو پہلے آج سارا دن آداب و روایات کے لیکچر سننے کے بعد بھی ایوان کے آداب کا احساس نہیں ہے۔ جناب والا میں نے تحریک استحقاق پیش کی ہے۔ ان کی بات کے بعد میں اپنی تحریک استحقاق پر بات کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔

## وزیر زراعت۔

جناب والا میں نے یہ جسارت اسی لئے کی ہے کہ ہمارے ان فاضل ممبران کو اس دو دن کے سیمینار کے بعد پتہ چل جانا چاہیے کہ کس چیز کو استحقاق بولتے ہیں اور کس چیز پر استحقاق کا نکتہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ کسی قانون کی رو سے اور اس تحریک استحقاق کو پڑھنے کے بعد جناب والا خود ہی فرمائیں گے کہ ان کے کون سے استحقاق کے مجروح ہونے کا سوال پیدا ہوتا ہے۔ ہاؤس کا وقت ضائع کرنے کی بجائے ان کو سمجھ لینا چاہیے کہ ان کے استحقاق کے مجروح ہونے والی کوئی چیز موجود نہیں ہے۔ یہ گورنر کے CONDUCT کو یہاں زیر بحث نہیں لاسکتے۔ اور نہ ہی ایسا کوئی خطرہ ہے کہ ان کے منتخب ہونے کے بعد پورے پاکستان یا پورے پنجاب میں کوئی دانشور نہیں رہا اور کوئی بھی فرد ملک کی سلامتی کے لئے سوچ بھی نہیں سکتا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس تحریک استحقاق کو یہیں PEIC کرنا مناسب ہوگا۔

## جناب سپیکر۔

میرے خیال میں جنجوعہ صاحب کا نقطۂ نظر سن لینا چاہیے۔ اس کے بعد اس پہ آپ کی بات سننے کے بعد فیصلہ کیا جائے گا۔

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

جناب سپیکر۔ صوبائی اسمبلی پنجاب کا گزشتہ اجلاس ۲۳۔ دسمبر ۱۹۸۶ء کو اختتام پذیر ہوا۔ ہمارے اس احتجاج کے ساتھ کہ ہمیں امن و امان پہ بحث و تمحیص کے لئے مناسب وقت نہیں دیا گیا لیکن اس سے اگلے روز ۲۴۔ دسمبر ۸۶ء کو گورنر ہاؤس میں حکومت کے نامزد کردہ اور حکومت کے منظور نظر دانشوروں کا اجلاس طلب کیا گیا۔ اگر حکومت کے ارباب بست و کشاد یہ بات سمجھتے ہیں کہ اسمبلی جو ایک خود مختار ادارہ ہے اور اس کی بالادستی قائم نہیں ہے جیسا کہ ابھی چوہدری صاحب یہ فرما رہے تھے کہ اس اسمبلی کے منتخب ہونے کے بعد یہ نہیں سمجھا جا سکتا کہ جتنے بھی دانشور ہیں اور جتنے بھی صحیح سوچ رکھنے والے لوگ اس اسمبلی میں آ گئے ہیں۔ اسمبلی کے باہر بھی لوگ ایسے موجود ہیں جو علم و دانش رکھتے ہیں۔ مجھے اس چیز کا اعتراف ہے، مجھے اس بات کا اقبال ہے لیکن اگر حکومت اس اجتماع کو منعقد کرنے میں مخلص تھی تو اس اجتماع نے حکومت کو جو مشورے دیے تھے ان پر عمل کیوں نہیں کیا گیا۔ اس اجتماع نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ جماعتی بنیادوں پر دوبارہ انتخابات کروائے جائیں۔ اس اجتماع نے صوبے میں امن و امان کی صورت حال پہ شدید تنقید کی تھی۔ ان کی ان باتوں پر عمل کیوں نہیں کیا گیا۔ غریب عوام کے لاکھوں روپے جو صوبہ کے اس اجتماع پہ خرچ کیے گئے جناب سپیکر ان کو خرچ کرنے کا کیا جواز تھا۔ اگر حکومت ان کو منتخب اسمبلیوں کے [illegible] میں اتنی ہی اہمیت دینا چاہتی ہے۔ اب جناب والا، میں اس استحقاق کا ذکر کرتا ہوں جو آئینی طور پر مجھے حاصل ہے۔

## جناب سپیکر۔

مختصر بیان دیں۔

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

میں مختصر بیان ہی دے رہا ہوں۔ میں آئینی حوالوں کا ذکر کروں گا۔ تو

جناب سپیکر، گورنر پنجاب آئین کی دفعہ ۱۰۵ کی رو سے ------

**جناب سپیکر -**

میاں صاحب یہ بتائیے کہ آپ کا استحقاق کیا تھا اور وہ کیسے مجروح ہو گیا -

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ -**

جناب سپیکر، آئین کے آرٹیکل نمبر (۱)۱۰۵ میں درج ہے کہ

Governor to act on advice etc.
" Subject to the Constitution, in the performance of his functions , the Governor shall act in accordance with the advice of the Cabinet,...."

یہ ہے جناب والا آئین کا تقاضا کہ اگر کوئی مسائل پیش آتے ہیں، اگر صوبہ کے لئے کوئی پالیسی تیار کرنی ہے تو گورنر صاحب آئینی طور پر اس بات کے پابند ہیں کہ وہ کابینہ سے مشورہ کریں اور اسی طرح جناب والا جو میرے استحقاق کا تعین کرتا ہے وہ ہے آئین کا آرٹیکل ۱۳۰ - اس میں ہے کہ کیبنٹ جس کے ساتھ گورنر مشورہ کرنے کے پابند ہیں - اس کیبنٹ کے ساتھ صوبائی اسمبلی کا رکن ہونے کی حیثیت سے اور اس ہاؤس کا آئینی طور پر جو استحقاق ہے وہ یہ ہے کیبنٹ کیا ہے -

The Cabinet. Article 130 (1) There shall be a Cabinet of Ministers, with the Chief Minister at its head; to aid and advise the Governor in exercise of his functions.

(4) The Cabinet shall be collectively responsible to the Provincial Assembly.

کابینہ اجتماعی طور پر صوبائی اسمبلی کے سامنے جوابدہ ہے اور گورنر صاحب اس بات کے پابند ہیں کہ وہ ایسے مسائل پر صرف کابینہ سے مشورہ کر سکتے ہیں - جناب سپیکر، گورنر صاحب نے اسمبلی سے باہر نامزد دانشوروں سے مشورہ کر کے ہمارے اسمبلی کے آئینی استحقاق کو پامال کیا

ہے اور انہیں الفاظ کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں اس کے بعد ان کے جواب کا جواب دینے کے لئے میں خود اپنا حق محفوظ رکھتا ہوں۔

**وزیر زراعت۔**

جناب سپیکر۔ علم و دانش کے ان بے بہا خزانے کے بعد مجھے کوئی ضرورت محسوس نہیں ہوتی کہ جواب دوں لیکن میں بڑی مخلصانہ اور مؤدبانہ عرض کرنے کی جسارت کروں گا کہ اگر آئین کی یہی CONNOTATION ہے کہ اس آئین کی دفعہ ۱۰۵ کے بعد پاکستان اور پنجاب کے تمام ادارے بند کر دیئے جائیں اور تمام کاروبار بند کر دیا جائے اور صرف اور صرف اس دفعہ پر انحصار کرتے ہوئے کاروبار زندگی چلایا جائے۔ بات یہ ہے کہ دو دن کے سیمینار کے بعد ہماری کچھ اصلاح ہو جانی چاہیے تھی اور ہمیں یہ سمجھ لینا چاہیے کہ کس بارے میں ہمارا استحقاق موجود ہے اور کس بارے میں ہمارا استحقاق موجود نہیں ہے میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ جہاں تک رول ۵۵ کا تعلق ہے اس میں ہے کہ۔

Rule 55 (i) the question shall relate to a privilege granted by the Constitution, any law or rules made under any law;

ایک تو یہ بات اور دوسری بات سب رول ۵ کے تحت ہے کہ

(v) The question shall not reflect on the personal conduct of the Governor.

جہاں تک اس تحریک استحقاق کی عبارت کا تعلق ہے یہ۔۔۔۔ ہے۔ میرے خیال میں اس بارے میں اگر مزید کچھ نہ بھی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بے شک اسمبلیاں جس مقصد کے لئے معرض وجود میں آئی ہیں اور LEGISLATERS بولتے ہیں اور اس میں اپنی پالیسی LAY DOWN کرتے ہیں۔ آئین کے تحت ان کے اپنے اختیارات اور صوابدید موجود ہے۔ ہمیں نہ تو اس پر کوئی اعتراض ہے اور نہ ہی کوئی نکتہ اٹھا سکتے ہیں لیکن یہ بات کہنا کہ اسمبلیوں کے منتخب ہونے کے بعد ملک میں تمام دانشور ختم ہو گئے ہیں یا ملک میں کسی اور آدمی کو ملک کی سلامتی کے لئے سوچنے کا اختیار نہیں رہا یا

ملک کا کوئی اور شہری ملکی سلامتی کے لئے سوچے تو اس سے ہمارے فاضل ممبر کا استحقاق مجروح ہو جائے گا کہ کسی اور نے پاکستان کی سلامتی کے لئے کیوں سوچا۔ میرے خیال میں یہ تمام عبارت اس بات کی غماز ہے کہ اس میں کوئی ایسا استحقاق موجود نہیں ہے جس بارے میں میرے فاضل دوست یہ سوال اٹھائیں۔ رول ۱۰۵ جس کے بارے میں میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے۔۔۔۔۔۔ گورنر کی جو آئینی ضرورت ہے۔

Vis-a-Vis the discharge of his duties to the Administration within the framework of the Constitution.

لیکن گورنر صاحب کی کس گرفت پر، ان کی کس سوچ پر، یا کس مشاورت پر یا کسی اور آدمی سے مشورہ کرنے پر، یا اس کو بلا کر اس سے کوئی بات پوچھنے پر اس بات کا اطلاق دفعہ ۱۰۵ پر قطعاً نہیں ہوتا اور جو ۱۰۵ کی ہے
اس کیلئے

Governor to act on advice etc.

Article 105 (1) Subject to the Constitution, in the performance of his functions, the Governor shall act in accordance with the advice of the Cabinet, or of the Chief Minister......

یہ ان کی حکومت کے FRAMEWORK کے تحت آتا ہے لیکن جو

freedom of association, freedom of speech

اور اس کے تحت ملک کی سلامتی کیلئے
کوئی اور ایسی بات کہ کسی سے مشورہ کرنا، پوچھنا یا ان کو بلا کر مشورہ کرنا، ایسا کوئی ابہام اس آرٹیکل میں موجود نہیں اس کی تمام دفعات کو اگر پڑھا جائے تو کیبنٹ کا فریم کرنا، کیبنٹ سے پوچھ لینا، کیبنٹ کو توڑنا، ہاؤس کو توڑنا یا ایسی چیزوں کے متعلق جن کے لئے
subject to the Constitution enumerate کہ

کیا گیا ہے۔ اس لئے میں عرض کرنا چاہوں گا کہ میرے فاضل دوست کا کوئی استحقاق

Rules of Procedure

کے تحت، قانون کے تحت، کسی رول کے تحت اور کسی آئین کے تحت موجود نہیں ہے اور نہ ہی ایسی کوئی بات ہوئی ہے۔ یہ خیال کرنا کہ چونکہ ہم منتخب ہو کر آگئے ہیں اس لئے پاکستان میں اور کوئی سوچنے والا ہو ہی نہیں سکتا اور نہ ہی ملک کی سلامتی کیلئے سوچ سکتا ہے اور نہ ہی اسے سوچنا چاہیئے غلط ہے، میرا خیال ہے کہ ہمارے ذھنوں سے یہ بات نکل جانی چاہیئے ۔اس ملک کی سلامتی کیلئے ہر شہری اتنا ہی حق رکھتا ہے جتنا کہ ہم رکھتے ہیں۔ بطور مقننہ کے، بطور LEGISLATURE کے اور بطور

Constitutional fremework

کے جو ہماری ڈیوٹی ہے وہ ایک عام شہری کی نہیں ہے لیکن یہ بات کہنا کہ کوئی اور شخص دانشور نہیں کہلا سکتا، وہ خود ہی دانشور ہو سکتا ہے یا اس سے کوئی مشورہ نہیں کیا جا سکتا یہ قطعی طور پر نامناسب ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ تحریک کسی بھی قانون کے تحت نہیں آتی اور اس کو جناب والا Out of order قرار دینا چاہیئے۔ بہت بہت شکریہ۔!

**جناب سپیکر۔**

جنجوعہ صاحب اب آپ کی کیا رائے ہے؟

**ریاض حشمت جنجوعہ۔**

جناب والا تنہا میرا ہی استحقاق اس میں شامل نہیں ہے یہ تو پورے ایوان کا استحقاق ہے۔ اس منتخب ادارے کے موجود ہوتے ہوئے، اس کے اجلاس کے اختتام کے اگلے روز گورنر ہاؤس میں صوبہ کے عوام کو درپیش مسائل کے بارے میں گفتگو ہوئی۔ جناب والا ہمارا کیا FUNCTION ہے جبکہ ہم منتخب ہو کر آئے ہیں، ہم عوام کا ایک منتخب ادارہ ہیں جن کی پشت پر اس صوبہ کے چھ یا سات کروڑ عوام ہیں، انہیں چھ یا سات کروڑ عوام کا اعتماد حاصل ہے۔ جناب والا جب صوبہ کے عوام کو درپیش مسائل کے بارے میں ہم سے مشورہ نہیں کیا جاتا تو جناب والا اپنے نامزد کردہ، اپنے منظور نظر لوگوں کے ساتھ مشورہ کرنے کی ضرورت محسوس کی گئی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تکرار ہے۔

**ریاض حشمت جنجوعہ۔**

جناب والا اس طرح اس اسمبلی کے استحقاق کو دانستہ طور پر مجروح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور اس اسمبلی کی اہلیت کو نااہل بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ بھی آپ فرما چکے ہیں۔

**بیگم بشریٰ رحمان۔**

جناب والا پوائنٹ آف آرڈر، فاضل رکن کو اس بات پر اعتراض ہے کہ گورنر ہاؤس میں دانشوروں کو بلایا گیا۔ جناب والا میں دانشوروں کے حق میں کچھ کہنا چاہتی ہوں اور یہ ہے کہ جب ہم جمہوریت کی بات کرتے ہیں تو جناب والا یہ بات یونانی فلسفے سے شروع ہوتی ہے اور وہاں پر جو UPPER CHAMBER ہوا کرتا تھا اس میں دانشور ہوا کرتے تھے۔

MR SPEAKER: Of course this is not a point of order.

**بیگم بشریٰ رحمان۔**

جناب والا میں اس کی وضاحت کر دوں کہ وہاں پر دانشوروں کو کیوں بلایا گیا۔

**جناب سپیکر۔**

آپ جو پوائنٹ آف آرڈر پر بات فرما رہی ہیں، اس کے بعد راحی صاحب نے پوائنٹ آف آرڈر اٹھایا ہے اس بارے میں میری رائے یہ ہے کہ پوائنٹ آف آرڈر پر پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہو سکتا۔ اور آپ کی بات کے بارے میں میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ پوائنٹ آف آرڈر پر آپ تحریک استحقاق پر دلیل نہیں دے سکتیں۔

**بیگم بشریٰ رحمان ۔**

جناب والا میں جوائنٹ آف آرڈر پر ان کے استحقاق کی یا اپنے استحقاق کی بات تو کر سکتی ہوں ۔

**جناب سپیکر ۔**

بیگم صاحبہ اگر آپ کا اپنا مسئلہ ہے تو پھر آپ

Point of personal Explanation

پر بات کر سکتی ہیں ۔ آپ ان دانشوروں میں شامل تھیں ۔؟

**بیگم بشریٰ رحمان ۔**

جناب والا میں ان میں شامل تھی ۔

**جناب سپیکر ۔**

تو پھر ٹھیک ہے بیگم صاحبہ آپ

Point of personal Explanation

پر بات کر سکتی ہیں ۔

**بیگم بشریٰ رحمان ۔**

جناب والا میں اس لئے Point of personal Explanation پر بات کرنے کی اجازت چاہتی ہوں ۔

**جناب سپیکر ۔**

تو میں آپ کو بات کرنے کی اجازت دیتا ہوں ۔

**بیگم بشریٰ رحمان ۔**

جناب والا شکریہ ! یہ بہت سی قدیم کتابوں میں درج ہے کہ جو ایوان بالا ہوا کرتا ہے اس میں ہمیشہ دانشور ہوتے ہیں ، میں مختصر بات کروں گی اور بہت سے حوالے نہیں دوں گی ۔ پرانے زمانے کے بادشاہوں نے بھی اپنے درباروں میں نورتن رکھے ہوئے

تھے جو سوچ بچار کا کام کیا کرتے تھے، جناب والا ہر ملک اور ہر معاشرے میں ایک طبقہ ہوتا ہے جو سوچنے والا ہوتا ہے جس کا کام صرف سوچنا ہے۔ اگر صورتحال اس قسم کی ہو کہ سوچنے والے طبقے کو بلایا جائے اور اس سے بات سنی جائے تو میں سمجھتی ہوں کہ اس سے قانون ساز طبقے کا استحقاق مجروح نہیں ہوتا ہے وہ جناب والا اس صورت میں ہو گا کہ ان دانشوروں کو سامنے بٹھا کر انہوں نے قانون سازی کر لی ہوتی یا آئین میں ترمیم کر لی ہوتی یا ان کی تمام تجاویز مان لی ہوتیں یا یہ کہہ دیا ہوتا کہ ان کے مقابلے یہ ادارے کم اثر ہو گئے ہیں کیونکہ ایسی کوئی بات نہیں ہوئی۔ جمہوری فلاحی مملکت میں صرف مشورے کی خاطر اور صورتحال پر سوچ بچار کرنے کیلئے ان لوگوں کو دعوت دی گئی تھی اور انہوں نے بھی ایسی کوئی خطرناک باتیں نہیں کیں جو اسمبلیوں کے خلاف جاتیں ہوں، اس لئے جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ دانشوروں کو گورنر ہاؤس میں بلانے سے اراکین کا استحقاق مجروح نہیں ہوتا بلکہ ان کی شان دوبالا ہوتی ہے۔

MR SPEAKER : To my mind there has been no breach of privilege so I rule out the Privilege Motion.

جناب ریاض حشمت جنجوعہ تحریک استحقاق نمبر ۱۱۔ یہ میں اپنی اصلاح کر رہا ہوں کہ ایک دن میں ایک ممبر اپنی تحریک استحقاق پیش کر سکتے ہیں۔ یہ تحریک استحقاق التواء میں رہے گی آپ اسے اگلے روز پیش کر سکتے ہیں۔ جناب عثمان ابراہیم صاحب تشریف رکھیئے، آپ کی تحریک استحقاق INFRUCTUOUS ہو گئی تھی کیونکہ آپ تشریف نہیں لائے تھے۔

## ٹیلی ویژن پر صوبائی اسمبلی پنجاب کی کارروائی کا نظر انداز کیا جانا۔

چوھدری محمد خان جسپال۔

جناب والا میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک مخصوص اور اہم

معاملہ کو زیر بحث لانے کیلئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ نیشنل اسمبلی کی کارروائی کے متعلق ٹیلی ویژن پر مکمل تفصیل سے خبریں سنائی جاتی ہیں اور خاص طور پر رات ۹ بجے کی خبروں میں ان کے لئے ایک خاص وقت مقرر ہے اور انہیں بڑے نمایاں انداز میں نشر کیا جاتا ہے لیکن افسوس کہ پنجاب اسمبلی جو کہ پاکستان کے سب سے بڑے صوبہ کی اسمبلی ہے کی کارروائی کے متعلق خاص طور پر رات ۹ بجے والی خبروں میں ذکر تک نہیں ہوتا۔ ٹی وی کی رات ۹ بجے والی خبروں کی اپنی اہمیت ہے کیونکہ اس وقت کی خبروں کو مکمل تفصیل اور جھلکیوں سے پیش کیا جاتا ہے اور اس طرح تمام اہالیان پاکستان اور اس کے باہر مشرق و مغرب میں ان خبروں کو بڑے شوق اور غور سے سنا جاتا ہے۔ میری رائے میں ٹی وی پر ہمارے معزز اور باوقار ایوان کی کارروائی کو بلاوجہ نظر انداز کیا جا رہا ہے اور مسلسل ہمارے حقوق کی پامالی کی جا رہی ہے۔ میری اس تحریک کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب سپیکر! ابھی ابھی یہ سوال اٹھے گا کہ کوئی ایسا حق تو میرا مجروح نہیں ہو رہا جو آئین کے تحت عطاء ہوا ہو یا کسی قانون کے تحت عطا ہوا ہو۔ تو میں اس توقع کے تحت پہلے ہی جواب عرض کرنا چاہتا ہوں۔ آئین میں ہمیں پاکستان میں انصاف مہیا کیا جانا ضروری ہے اور انصاف ضروری نہیں کہ ایک عدالت ہی مہیا کرے۔ عام پبلک کو اور ہمارے دوسرے اداروں کو ہر ادارے سے ہمیں انصاف کی توقع رکھنی چاہیے۔ اس روشن دور میں جہاں ہمارے دیہاتوں میں مسلم لیگ کی موجودہ حکومت نے گاؤں، گاؤں، قریہ قریہ بجلی پہنچا دی ہے وہاں ہر گاؤں میں ہر شہر میں ٹی وی بھی پہنچ چکا ہے۔ ہماری پنجاب اسمبلی میں جو کارروائی ہوتی ہے ہمارے عوام جو ہمیں یہاں منتخب کر کے بھیجتے ہیں وہ یہ توقع کرتے ہیں کہ ہم ان کیلئے کیا کام کر رہے ہیں۔ جب شام کو وہ ہمارا احتساب لینا چاہتے ہیں لیکن افسوس ۹ بجے والی خبروں میں ہر شہری چاہے وہ ان پڑھ ہو یا پڑھا ہو وہ ان خبروں کو ضرور غور سے سنا کرتا ہے۔ لیکن وہاں ہماری کسی قسم کی ایک خبر بھی نہیں ہوتی۔ میری یہ گزارش ہے کہ جس طرح ٹی وی پر نیشنل اسمبلی کی خبروں کو بڑی اہمیت سے پیش کیا جاتا ہے اسی طرح فرض کیجیئے اگر قومی اسمبلی کی خبروں کیلئے ۱۰ منٹ کا وقت دیا جاتا ہے تو ہمارا حق پانچ منٹ کم از کم ضرور بنتا ہے۔ میری گزارش ہو گی کہ میری تحریک استحقاق کو استحقاقات کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

آپ کا مطلب سپیشل بلٹن سے ہے۔

**وزیر قانون۔**

نہیں جو ۹ بجے کی خبریں ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

۹ بجے کی خبریں بھی اور سپیشل بولٹن بھی جو نیشنل اسمبلی کا دکھایا جاتا ہے ۔اسی انداز سے آپ کا پنجاب اسمبلی کا نیوز بلیٹن بھی آئے اور سپیشل بلٹن بھی آئے۔

**وزیر قانون۔**

جناب سپیکر جن احساسات اور جن جذبات کا اظہار میرے معزز رکن نے یہاں کیا ہے ہم سب اس سے مکمل طور پر اتفاق کرتے ہیں۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ جس طرح قومی اسمبلی کی کارروائی ٹی وی پر آتی ہے اسی طرح پنجاب اپنے حصے کی کارروائی بھی ٹی وی پر دیکھے۔ اس سلسلے میں میں آپ سے بھی درخواست کروں گا اور چیف منسٹر صاحب سے بھی درخواست کروں گا کہ پنجاب اسمبلی کی کارروائی کو مکمل طور پر تو نہیں لیکن خاصی حد تک نظر انداز کیا جاتا ہے اور یہ ہمارا استحقاق ہے کہ ہماری تمام کارروائی ٹی وی پر آنی چاہیئے۔ اور تمام صوبوں کے ساتھ ایسا ہی سلوک ہوتا ہے جیسے پنجاب کے ساتھ ہوتا ہے۔ میں ان کے احساسات اور جذبات کی قدر کرتے ہوئے آپ سے درخواست کروں گا کہ یہ معاملہ آپکے ہاتھ میں بھی ہے۔ اور چیف منسٹر کے ہاتھ میں بھی ہے۔ یہ درست ہے کہ یہ کارپوریشن ہے اور اس پر فیڈرل گورنمنٹ کا کنٹرول ہے اس میں پنجاب اسمبلی کا کوئی دخل نہیں لیکن پھر آپ اپنے GOOD OFFICES استعمال کر سکتے ہیں۔ چیف منسٹر صاحب اپنے GOOD OFFICES استعمال کر سکتے ہیں اور میں آپ سے بھی درخواست کروں گا کہ آپ خود بھی اس سلسلے میں کوئی کارروائی کریں۔ شکریہ۔

**جناب سپیکر۔**

چوھدری محمد خان جسپال صاحب کیا ارشاد فرماتے ہیں کہ راجہ صاحب کا خیال ہے کہ اس معاملہ پر ذاتی سطح پر گفت و شنید کی جائے۔ جناب چیف منسٹر صاحب اسکو

پرسنل لیول پر TAKE UP کریں میں اس کو TAKE UP کروں۔ وہ آپکی پرویلج موشن سے اتفاق کرتے ہیں لیکن کیا آپ یہ چاہیں گے کہ اسکو DISPOSE OFF کر دیا جائے یا اس اثنا میں اسکو پینڈنگ رکھ لیا جائے۔

**چوھدری محمد خان جسپال۔**

اسکو پینڈنگ کر لیا جائے تو بہتر ہو گا۔

**وزیر قانون۔**

اس سے فائدہ تو کچھ نہیں ہو گا۔ بات تو فیڈرل گورنمنٹ کی ہے کہ کہاں تک وہ ہماری REQUEST مانتی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

پرویلجز کے معاملے میں یہ ضروری نہیں کہ جہاں پنجاب گورنمنٹ کا دائرہ کار ہے ہماری پرویلجز وہی تک محدود ہوں۔

**وزیر قانون۔**

پرویلج آئینی طور پر تو نہیں بنتا۔

**جناب سپیکر۔**

آپکی اس بارے میں کیا رائے ہے کہ یہ معاملہ سارے ایوان کا معاملہ ہے۔ آج کے اس دور میں جب آپ یہاں اسمبلی میں بیٹھ کر جملہ معاملات قومی مسئلے اور آپکی جو صوبائی مسئلے ہیں ان کو زیر بحث لاتے ہیں ان کی ٹی وی پر مناسب کوریج ہو۔ میں سمجھتا ہوں یہ پنجاب اسمبلی کا حق ہے۔ اس معاملے کو ایسے کرتے ہیں جیسے جسپال صاحب کی رائے ہے اسکو پینڈنگ کر لیتے ہیں اور اسکو ان سے TAKE UP کر لیتے ہیں۔

**وزیر قانون۔**

جناب والا میں آپ سے بالکل متفق ہوں ۔ یہ ہمارا حق ہے یہ ہمارا استحقاق ہے جو مجروح ہو رہا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

چوہدری صاحب ٹھیک ہے۔

**میاں محمد اسحاق۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر میں آپکی وساطت سے پنجاب حکومت سے پوچھنا چاہوں گا۔ انہوں نے جیسے اپنی بے بسی کا اظہار کیا ہے کیا اپنے حقوق منوانے اور لینے میں مرکز تک ان کی رسائی نہیں ہے؟

**جناب سپیکر۔**

میاں صاحب کوئی بے بسی کا اظہار نہیں کیا ہے۔

**میاں محمد اسحاق۔**

جیسے جناب والا وزیر قانون فرما رہے ہیں کیا یہ اپنی کیبنٹ میں پاس کر کے ان تک پہنچائیں خود بجائے اسکے کہ ہم استحقاق مانگیں۔ کیا اس پنجاب کے استحقاق خود پنجاب کیبنٹ محافظ نہیں بن سکتی یا وزیر اعلیٰ صاحب یا جو وزراء کرام بیٹھے ہیں کیا ان کو پنجاب کی خود حفاظت یا اسکے جو حقوق ہیں نہیں مانگنے چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں ان حقوق کو منوائیں اور مانگنے میں ان کی بے بسی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

شکریہ میاں صاحب۔

**جناب محمد صدیق انصاری۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر میں آپکی وساطت سے میاں اسحاق صاحب سے پوچھوں گا کہ کیا یہ وقفہ سوالات ہے۔ وقفہ سوالات میرے خیال میں ختم ہو چکا ہے اور میاں صاحب سوال کر رہے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

یہ طے ہوا کہ اس پرویلج موشن کو پینڈنگ کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں جناب وزیر قانون پارلیمانی امور ذاتی طور پر جناب چیف منسٹر صاحب سے بات کریں گے اور اس

معاملہ کو TAKE UP کریں گے۔ میں بھی اس سلسلے میں اپنی کوشش کروں گا۔

## چوھدری گل نواز خان وڑائچ۔

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا میں آپکی وساطت سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آیا پنجاب اسمبلی تمام صوبوں کی اسمبلیوں کیلئے بھی یہ سفارش کر سکتی ہے کہ ان کو بھی کوریج دی جائے۔

## جناب سپیکر۔

یہ ھوسکتا ہے۔

## میاں محمد افضل حیات۔

جناب والا میں اسی سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوکہ ایسے کئی مسائل ہیں جن میں صوبائی حکومت۔ ایم پی اے صاحبان اور یہ معزز ایوان سنٹر میں جاکر بالکل بے بس ہوجاتے ہیں۔ ایک پہلے بھی مسئلہ پیش آیا تھاکہ ایم پی اے صاحبان کو قومی اسمبلی میں جانے کی اجازت نہیں دی جاتی تھی۔ وہ معاملہ بھی آپکے پاس پیش کیا گیا تھا۔ اسی طریقے سے یہ جو ذرائع ابلاغ ہیں۔ وہ سنٹر کے ماتحت ہیں، ان کو بھی چاہیئے کہ ہماری کارروائی کو کوریج دیں۔ صوبائی مسائل بھی اتنے ہی اہم ہیں، بلکہ اس میں عوام کواس سے زیادہ دلچسپی ہے۔ اسی طریقے سے اور بھی کئی مسائل ہیں۔ ان کوذکر کرنا شروع کیا تو بات لمبی ہوجائے گی۔ میں جناب وزیر قانون اور دوسرے متعلقہ وزراء سے درخواست کروں گا کہ وہ ایسے سارے مسائل کو اپنی اپنی جگہ پر سنٹر سے ٹیک اپ کریں، کیونکہ نیشنل گورنمنٹ، جو مرکز کی گورنمنٹ ہے، وہ اپنے پورے حقوق صوبوں سے لیتی ہے۔ اسی طرح ہمارے بھی پورے حقوق مرکز سے ہمیں ملنے چاہیں۔

## جناب سپیکر۔

شکریہ میاں صاحب۔

## وزیر قانون۔

جناب سپیکر، اطلاعاً عرض کرتا ہوں کہ ہمارے ایم پی اے صاحبان کے داخلے کے متعلق نیشنل اسمبلی کے سپیکر صاحب سے ہماری بات ہوئی تھی۔ انہوں نے فرمایا تھا

کہ شناختی کارڈ لے آئیں۔ اس پر آپ کی فوٹو ہو تو پھر آپ کو کوئی نہیں روکے گا۔

**جناب سپیکر۔**

درست ہے، ہماری بھی ان سے بات ہو چکی ہے۔ اب انشاء اللہ نیشنل اسمبلی میں داخلہ کے لئے آپ کو دقت نہیں ہوگی۔

**سردار غلام عباس۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا، میں یہ گزارش کرنی چاہوں گا کہ وہ تحریک استحقاق میری تھی۔ اس پر کوئی عمل نہیں ہوا۔ میں نیشنل اسمبلی کے پچھلے اجلاس کے دوران خود وہاں گیا ہوں۔ مجھے دوبارہ اسی طرح سے روکا گیا ہے۔ میں صرف اس وجہ سے چپ تھا کہ جناب نے وعدہ فرمایا تھا کہ آپ یہ مسئلہ ان کے ساتھ ٹیک اپ کریں گے۔ تو میرے لئے بات کرنا مناسب نہ تھا۔ میں چاہتا یہ تھا کہ آپ کے ساتھ چیمبر میں آکر یہ گزارش کروں اور آپ کو اطلاع دوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں میری کوتاہی ہے لیکن یہ واقعہ دوبارہ میرے ساتھ پیش آیا ہے اور انہوں نے مجھے اندر جانے سے روکا ہے۔ مجھے وہاں پاس دے کر داخلے کی اجازت دی گئی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

آپ نے اپنا پنجاب اسمبلی کا کارڈ دکھایا تھا؟

**سردار غلام عباس۔**

جناب والا، میرے پاس کارڈ تھا جو میں نے دکھایا بلکہ جو صاحب وہاں پاس بنانے پر بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے کارڈ دیکھنے کے بعد مجھے یہ کہا تھا کہ آپ نے تو وہاں پنجاب اسمبلی میں تحریک استحقاق پیش کی تھی؟ تو میں نے ان سے کہا تھا کہ ہاں، میں وہی بدنصیب ہوں جس نے وہاں تحریک استحقاق پیش کی تھی۔

**جناب سپیکر۔**

پھر اس کے بعد بھی انہوں نے آپ کو روکا؟

**سردار غلام عباس۔**

جناب والا، مجھے اندر نہیں جانے دیا گیا۔ میں تقریباً دس پندرہ منٹ وہاں

کھڑا رہا۔ وہاں یعقوب جدون صاحب جو میرا خیال ہے کہ مردان کے ہیں، وہ تشریف لائے۔ انہوں نے جب میرا کارڈ دیکھا تو مجھے پاس جاری کرا دیا۔

**جناب سپیکر۔**

سردار صاحب، مجھے اس کا افسوس ہے۔ یہ بڑی زیادتی ہے۔

**وزیر قانون۔**

جناب والا، سپیکر صاحب نے یہ کہا تھا کہ اسمبلی کے شناختی کارڈ پر فوٹو ہونی چاہیئے۔ میں آپ کی وساطت سے موصوف سے پوچھتا ہوں کہ آیا آپ کی فوٹو تھی؟

**سردار غلام عباس۔**

میں گزارش کرتا ہوں کہ میرے پاس کارڈ موجود ہے۔ ہمیں پنجاب اسمبلی نے جو کارڈ جاری کیئے ہوئے ہیں، ان پر فوٹو لگے ہوئے ہیں۔

**وزیر قانون۔**

انشاء اللہ میں دوبارہ بات کروں گا اور آپ کو بتا دوں گا۔

**سردار غلام عباس۔**

میں یہ گزارش سپیکر صاحب سے کروں گا کہ وہ مہربانی فرمائیں اور اس مسئلے کو ٹیک اپ کریں۔ ان کی بہت نوازش ہو گی۔

**جناب سپیکر۔**

سردار صاحب، یہ بات سن کر مجھے افسوس ہے۔ ہم اس معاملے کو بڑی سنجیدگی سے ٹیک اپ کریں گے۔ مجھے امید ہے کہ کوئی جواز نہیں کہ یہ بات دوبارہ ہو۔

**سردار غلام عباس۔**

شکریہ جناب والا۔

**ڈاکٹر شیلا بی چارلس۔**

جناب والا، میں بھی اسی ضمن میں بات کرنا چاہتی ہوں کہ میں نے بھی نیشنل اسمبلی کا اجلاس دیکھا تھا۔ مجھے باہر اپنا کارڈ بنوانے میں تقریباً ایک گھنٹہ لگ گیا۔

جب کارڈ بنا تو انہوں نے مجھے کہا کہ آپ اوپر کی گیلریز میں جائیں۔ آپ نیچے کی وزٹرز یا سپیکر کی گیلری میں نہیں بیٹھ سکتے۔ چونکہ میں چٹھہ صاحب کو جانتی تھی، اس لئے میں نے اندر جاکر دوبارہ سپیکرز گیلری کا پاس بنوایا۔ میں نے یہ اندازہ لگایا کہ نیشنل اسمبلی میں یہ ہوتا ہے کہ تقریباً ایک گھنٹہ باہر لگ جاتا ہے۔ اس کے باوجود کہ ہم انہیں یہ بتائیں کہ ہم ایم پی اے ہیں اور ہم اجلاس دیکھنے آئے ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

بیگم صاحبہ یہ آئندہ انشاء اللہ ایسا نہیں ہوگا۔

# تحاریک التوائے کار

**جناب سپیکر۔**

اب ہم تحاریک التواء کو لیتے ہیں۔ ہمارے پاس لسٹ میں تحریک التواء نمبر ۱۱ ہے۔ یہ میاں مختار اے شیخ صاحب کی تحریک التواء ہے۔ یہ پچھلے اجلاس میں آئی تھی اور اجلاس کے ملتوی ہونے پر یہ LAPSE ہوگئی تھی۔ تو اب یہ تحریک التواء نئی نہیں ہے۔ نہ یہ حالیہ واقعہ سے متعلق ہے، اس لئے میں اس کی اجازت نہیں دیتا۔ SORRY میاں صاحب۔

**چوہدری گل نواز خان وڑائچ۔**

میں سپیکر صاحب آپ کو مبارک دیتا ہوں کہ آپ نے قاعدے اور قانون کے ماتحت رعایت نہیں دی۔

**چوہدری محمد اصغر گجر۔**

اس سے پیشتر بہت سی ایسی تحاریک التواء ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

اس سے پہلے کی ساری INFRUCTUOUS ہوگئی ہیں۔

**چوہدری محمد اصغر گجر۔** میری آٹھ تحاریک التواء ہیں۔

**جناب سپیکر۔** وہ سب INFRUCTUOUS ہو گئیں کیوں کہ ان میں دلچسپی نہیں لی۔

**چودھری محمد اصغر گجر۔** کس لئے؟

**جناب سپیکر۔** آپ تشریف نہیں رکھتے تھے۔

**چودھری محمد اصغر گجر۔** کیا پہلے کبھی ایسا ہوا ہے کہ کوئی شخص تشریف نہ رکھتا ہو اور اس کی تحریک التواء کو کالعدم قرار دے دیا جائے۔

**جناب سپیکر۔** آئندہ ایسے ہی ہو گا۔

**چودھری محمد اصغر گجر۔** میری تحریک التواء سے پہلے ایسا ہوا ہے یا نہیں؟

**جناب سپیکر۔** یہ فیصلہ کبھی بھی ہو سکتا ہے۔ یہ فیصلہ اس اجلاس میں ہوا ہے کہ جو صاحبان اپنی تحریک استحقاق یا تحریک التواء میں دلچسپی نہیں لیتے، ایوان اس پر اپنا وقت کیوں ضائع کرے؟ اور یہ سارے ایوان نے فیصلہ کیا کہ جو صاحب تحریک التواء یا تحریک استحقاق کا نوٹس دیتے ہیں، وہ اگر موجود نہیں ہیں تو اس کو پینڈنگ کیا جا سکتا ہے اگر وہ لکھ کر یا زبانی اطلاع دے دیں کہ میں اس وجہ سے نہیں آسکتا اور میں اس کو پینڈنگ کرنا چاہتا ہوں۔ نمبر دو، اگر وہ یہ اطلاع خود نہیں دے سکتے تو وہ اگر کسی کی زبانی بھی اطلاع دے

دیں تو ہم اس کو پینڈنگ کر لیں گے۔

**چودھری محمد اصغر گجر۔**

یہ فیصلہ درست ہے لیکن یہ بات پہلے ایوان کو بتا دینی چاہیے تھی کہ آئندہ جن کی تحاریک التواء ہیں، ان کی غیر حاضری میں وہ کالعدم قرار دے دی جائیں گی۔ ہمیں یہ بات نہیں بتائی گئی اور ہماری ساری تحاریک التواء کو کالعدم قرار دے دیا گیا۔

**جناب سپیکر۔**

یہ جو آپ کی تحاریک التواء ہیں، ان پر آپ امن عامہ پر بحث میں بات کر لیں۔

**چودھری محمد اصغر گجر۔**

اس کے بعد کی پینڈنگ ہوتی رہی ہیں؟

**جناب سپیکر۔**

جی ہاں۔ اس کے بعد پینڈنگ ہوتی رہی ہیں۔

تحریک التواء نمبر ۱۷ ہے۔ یہ جناب عثمان ابراہیم صاحب کی طرف سے ہے اور یہ تحریک التواء اتنے معمولی معاملات کے بارے میں ہے کہ عثمان ابراہیم صاحب جو ماشاء اللہ ہمارے ایوان کے ذہین ترین رکن ہیں اور جو بار ایٹ لاء ہیں میں ان کو یہ تحریک التواء پیش کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔

I am sorry. It is ruled out of order.

**جناب عثمان ابراہیم۔**

جناب سپیکر، اس سلسلے میں میری ایک ذاتی وضاحت ہے۔ میں ملک سے باہر تھا۔ اس وجہ سے میں اس ایوان سے غیر حاضر رہا اور اتوار کو بھی میں بہت تاخیر سے آیا میرا خیال ہے کہ میری طرف سے انصاری صاحب نے گزارش کر دی تھی۔ میں نے انہیں فون کیا تھا لیکن میں صرف چند منٹ کے لئے اسمبلی میں ضرور آیا تھا۔ تو اس وجہ سے کچھ غیر حاضری ہوتی رہی ہے۔ جہاں تک تحریک التواء کا تعلق ہے وہ تو آپ نے

INFRUCTUOUS قرار دے دی تھی۔ اگر یہ نہیں، تو اگلی تحریک التواء لے لیں۔

**جناب سپیکر۔**

میں تحریک التواء نمبر ۱۷ کی بات کر رہا ہوں۔

This is a very petty matter.

**جناب عثمان ابراہیم۔**

ٹھیک ہے جی۔

**جناب سپیکر۔**

تحریک التواء نمبر ۱۸۔

**جناب عثمان ابراہیم۔**

جناب سپیکر، ابھی ابھی میری وزیر تعلیم سے بات ہوئی ہے۔ وہ اس ایوان میں موجود نہیں ہیں۔ تو میری درخواست ہے کہ اس کو اتوار تک کے لئے آپ پینڈنگ کر دیں۔

**جناب سپیکر۔**

اس کو اتوار تک کے لئے پینڈنگ کرتے ہیں۔ تحریک التواء نمبر ۱۹۔

**جناب عثمان ابراہیم۔**

اسکو بھی اتوار تک کے لئے پینڈنگ کر لیں۔

**جناب سپیکر۔**

اسکو بھی پینڈنگ کرتے ہیں۔ یہ ۲۲ نمبر ہے۔

**جناب عثمان ابراہیم۔**

جناب والا اسکو بھی آپ پینڈنگ کر لیں کیونکہ وزیر تعلیم نے ہی اسکا جواب دینا ہے۔

**جناب سپیکر۔**

اسکو بھی پینڈنگ کرتے ہیں۔ یہ تحریک التوائے کار نمبر ۲۳ حاجی جمشید عباس تصیم صاحب کی تھی وہ تشریف نہیں رکھتے تھے۔ یہ اب INFRUCTUOUS ہو گئی ہے۔ ۲۴ نمبر محرک نے واپس لے لی۔

**جناب جمشید عباس تصیم۔**

جناب والا میں اس دن تھوڑی دیر کے لئے باہر گیا ہوا تھا مجھے ضابطے کا پتہ نہیں تھا کہ اس سیشن میں قواعد و ضوابط بدل گئے ہیں۔ میری عرض ہے کہ اسے لے لیا جائے لیکن اگر آپ نے یہ ضابطہ ۱۹۹۰ء تک کے لئے رکھنا ہے تو پھر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اگر اگلے سیشن میں بدل جانا ہے تو پھر جناب والا میں یہ عرض کرونگا کہ مجھے ایک موقع دیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

حاجی صاحب ہم تو آپکی خوبصورت باتیں سننا چاہتے تھے لیکن آپ نے ہمیں محروم رکھا۔

**حاجی جمشید عباس تصیم۔**

جناب والا آپ نے بیگم بشریٰ رحمان کی باتیں تو سنی نہیں ہیں میری باتیں آپ کہاں سنیں گے۔

**جناب سپیکر۔**

حاجی صاحب آپکی یہ تحریک التوائے کار INFRUCTUOUS ہو گئی ہے۔ یہ نمبر ۲۷ فضل حسین راھی صاحب کی ہے۔

## سوت کی قیمت میں اضافہ

**جناب فضل حسین راھی۔**

میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عامہ رکھنے والے

ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے مسئلہ یہ ہے کہ مورخہ ۱۹۸۷-۳-۳ کے روزنامہ جنگ فیصل آباد میں نمائندہ جنگ کے حوالے سے ایک خبر شائع ہوئی ہے کہ سوت کی قیمت میں ۱۰۰ روپے فی بنڈل اضافہ ہو گیا ہے اور خریداروں نے مارکیٹ میں آذانیں دینا شروع کر دی ہیں۔ حکومت کے اس بلا جواز اقدام سے نہ صرف تاجر پیشہ افراد بلکہ عوام الناس میں بھی سخت مایوسی اور تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے لہذا اس مسئلہ پر بحث کرنے کیلئے اسمبلی کی کارروائی روک دی جائے۔ تراشہ اخبار لف ہے۔

جناب والا مسئلہ یہ ہے جیسا کہ میں نے تحریک التوائے میں عرض کیا ہے کہ ہمارے ملک اور صوبہ پنجاب میں غلط منصوبہ بندی کی وجہ سے مہنگائی انتہائی تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے جناب سپیکر حکومت کی پالیسیاں کچھ اس قسم کی ہیں کہ حکومت خام مال دوسرے ممالک میں ایکسپورٹ کر دیتی ہے اور اپنے ملک کے لوگوں کو اپنے ملک کے محنت کشوں کو انکے معاوضوں سے محروم کر دیتی ہے۔ جناب سپیکر کسی بھی ملک کی ترقی کا راز ملکی صنعتوں کی ترقی میں پنہاں ہوتا ہے۔ جناب والا بین الاقوامی سرمایہ داروں کی مرضی کے مطابق ہمارے ملک میں پالیسیاں اختیار کی جارہی ہیں۔ جناب والا ہمارے ملک کے سرمایہ دار نے یہ خواہش رکھنا شروع کر دی ہے ------

**جناب سپیکر۔**

جناب راٹھی صاحب تحریک التوائے کار پر شارٹ سٹیٹمنٹ نہیں ہوتی۔ جنجوعہ صاحب کی تحریک التوائے کار پڑھی گئی تصور ہو گی اس پر وزیر زراعت کچھ کہنا چاہیں گے۔

**وزیر زراعت۔**

جناب میں یہ کہنا چاہونگا کہ اگر اس تحریک التوائے کار کو لکھنے سے پہلے یہ سیمینار ہو چکا ہوتا تو اسکی ضرورت پیش نہ آتی اور یہ تحریک التوائے کار کو لکھنے سے پہلے ہمارے فاضل دوست اگر اسکا مطالعہ بھی کر لیتے کیونکہ یہ صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں نہیں ہے۔ اور نہ ہی یہ صوبائی حکومت کی کوئی متعلقہ پالیسی ہے۔ میں اس سلسلے میں قاعدہ ٦٧ کا حوالہ دونگا جو تحاریک التوائے کے متعلق ہے۔

جناب والا ملاحظہ فرمائیں گے۔

67 (c) The motion shall relate to a matter which is primarily the concern of Government or a statutory body under control of the Government or to a matter in which the Government have a substantial financial interest;

تو میں یہ عرض کرنے کی جسارت کرونگا کہ سوت مارکیٹ کو کنٹرول کرنا یا اسکی قیمت کو بڑھانا یہ کس طرح صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں نہیں آتا کیونکہ یہ سنٹرل گورنمنٹ کا معاملہ ہے۔ اسلئے یہ کسی طرح بھی صوبائی اسمبلی میں زیر بحث نہیں آسکتا اور میں یہ خواہش کرتا ہوں کہ ماشاءاللہ راہی صاحب اور جنجوعہ صاحب اگلی دفعہ نیشنل اسمبلی میں جائیں اور وہاں یہ معاملہ ٹیک اپ کریں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

یہ مہنگائی کو روکنا بھی مرکزی حکومت کا مسئلہ ہے۔ مہنگائی کو پنجاب حکومت نہیں روک سکتی؟

**وزیر زراعت۔**

آپ نے جس تراشے کا حوالہ دیا ہے اور آپ اسکو پڑھیں کہ آج مورخہ ۸۷-۳-۳ میں روزنامہ "جنگ" فیصل آباد میں نمائندہ جنگ کے حوالے سے ایک خبر شائع ہوئی ہے کہ سوت کی قیمت میں سو روپے فی بنڈل کا اضافہ ہو گیا ہے اور خریداروں نے مارکیٹ میں آذانیں دینا شروع کر دی ہیں۔ حکومت کے اس بلا جواز اقدام سے نہ صرف تاجر پیشہ افراد بلکہ عوام الناس میں بھی سخت مایوسی اور تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ لہذا اس مسئلہ پر بحث کرنے کیلئے اسمبلی کی کارروائی روک دی جائے۔ یہ عام مہنگائی کا کہاں ذکر ہے۔ یہاں تو سوت کی مہنگائی کا ذکر ہو رہا ہے اور سوت کی مہنگائی کے سلسلے میں لمبی چوڑی سمجھ درکار نہیں ہے۔ اسکا صوبائی حکومت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

**حاجی غلام صابر انصاری۔**

جناب والا میں یہ بتانا چاہتا ہوں سو روپے فی بنڈل تو نہیں بڑھا لیکن ۲۵ یا ۳۰ فیصد دھاگے کی قیمت بڑھ گئی ہے۔ دھاگے کی قیمت بڑھنے کی وجہ سے باہر کی منڈیاں

جومال لیتی تھیں انہوں نے خرید نا بند کر دیا ہے وہ ہمیں ۲۵ یا ۳۰ فیصد زیادہ قیمت نہیں دے سکتے ۔ اس وجہ سے ہمارے پنجاب کی گھریلو صنعت بند ہو گئی ہے ۔ ۵۰ فیصد مزدور بیکار پھر رہے ہیں ۔ ان کے لئے کوئی قرار داد پاس کر کے قومی اسمبلی میں بھیجنی چاہیے ۔ سوت پر ایکسپورٹ ڈیوٹی لگانی چاہیئے تاکہ قیمتیں کم ہو جائیں اور جو مزدور گھریلو صنعت میں کام کرتے ہیں جنکی دو دو لومیں ہیں چار چار لومیں ہیں وہ بھی مزدور گنے جاتے ہیں ۔ انکو سوت سستا مہیا ہو اور کپڑا سستا داموں بیچیں تاکہ ایکسپورٹ کے لئے زیادہ مواقع مل سکیں ۔ آج کل جتنی قیمت بڑھی ہوئی ہے اس سے ایکسپورٹ کا کوئی آرڈر نہیں ملتا اور پنجاب کی جو مقامی کھپت ہے یا پاکستان کی ہے اس سے کہیں زیادہ کپڑا تیار ہوتا ہے ۔ میری یہ تجویز ہے کہ آپ قرار داد پاس کر کے مرکزی حکومت کو بھیجیں کہ وہ دھاگے پر ایکسپورٹ ڈیوٹی لگا دیں ۔

**جناب سپیکر ۔**

نماز کا وقت ہو گیا ہے میں اس تحریک التوائے کار کو خلاف ضابطہ قرار دیتا ہوں کیونکہ یہ صوبائی حکومت کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے اور اب نماز کا وقفہ پونے سات بجے تک ہوتا ہے اور تحاریک التوائے کار کا وقت ختم ہوتا ہے ۔ نماز کے بعد امن عامہ پر بحث ہو گی ۔

# مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

(جناب ڈپٹی سپیکر وقفہ نماز مغرب کے بعد ۶ بجکر ۵۷ منٹ پر کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب ڈپٹی سپیکر ۔**

جی چوھدری صاحب ۔

**چوھدری اکرام الحق ۔**

جناب والا ، میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ مجلس قائمہ برائے قانون و

پارلیمانی امور کی رپورٹ پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور کی رپورٹ پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

**چوہدری اکرام الحق۔**

میں مسودہ قانون (ترمیم) تنخواہیں، بھتہ جات و مراعات اراکین صوبائی اسمبلی پنجاب مصدرہ ۱۹۸۷ء کے بارے میں مجلس قائمہ برائے قانون و پارلیمانی امور کی رپورٹ پیش کرتا ہوں۔

(رپورٹ پیش کی گئی)

# امن عامہ کی صورت حال پر بحث

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

اب ہم امن عامہ پر بحث کا آغاز کرتے ہیں۔ جن صاحبان نے بحث میں حصہ لینا ہے اور انہوں نے اپنے نام بھیجے ہوئے ہیں ان کے علاوہ اگر کوئی اور ممبر حضرات اس بحث میں حصہ لینے کے خواہشمند ہوں تو وہ براہ کرم اپنے نام بھیج دیں۔ عام طور پر یہ روایت رہی ہے کہ بحث کا آغاز ہم اپوزیشن کی طرف سے کرتے ہیں میاں صاحب اگر آپ یا آپ کے کوئی اور ساتھی تقریر کرنا چاہیں۔

**سردار غلام عباس۔**

پیشتر اس کے کہ بحث کا آغاز ہو میں آپ کی توجہ کورم کی طرف مبذول کروانا چاہوں گا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ امن عامہ پر بحث ہو رہی ہے۔ یہ آپ کی اپنی مرضی ہے کہ اگر آپ بحث

میں حصہ لینا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے اگر نہیں تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**سردار غلام عباس۔**

میرے خیال میں اگر انہیں حالات میں بحث ہونی ہے تو اس کا نہ ہونا زیادہ بہتر ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ تو آپ کی مرضی ہے۔

**میاں محمد اسحاق۔**

جناب سپیکر، آج کل خاص طور پر لاہور کے جو حالات ہیں اگر آپ اجازت دیں تو میں ہی بحث کا آغاز کرتا ہوں۔ میاں افضل حیات صاحب، لیڈر آف اپوزیشن تشریف لے آئے ہیں۔ اگر وہ پہلے بات کرنا چاہتے ہیں تو وہ کریں۔

**ایک معزز ممبر۔**

کورم پورا نہیں ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

ٹھیک ہے آپ گنتی کریں۔

**وزیر زراعت۔**

ہاؤس آف کامنز میں سارا ہاؤس خالی ہوتا ہے تب بھی تقریر ہو رہی ہوتی ہے۔ آخر

They had to record their comments.

اور وہ گورنمنٹ کے نوٹس میں آنے چاہیئں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

چوھدری صاحب انہوں نے کورم کی نشاندھی کر دی ہے۔ اس لئے ہماری

تو مجبوری ہے۔ میاں صاحب اگر آپ تقریر فرمائیں تو ممبر تو آجائیں گے۔ لوگ آرہے ہیں۔ سالار صاحب آپ اپنے دوستوں کو بلالیں۔ یہ بڑا احساس نوعیت کا مسئلہ ہے۔
اب کورم پورا ہو گیا ہے۔ جی میاں صاحب آپ تقریر فرمانا چاہتے ہیں تو فرمائیے۔

**میاں محمد اسحاق۔**

نحمدہ و نصلی علے رسولہ الکریم، اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم، بسم اللہ الرحمن الرحیم،۔ جناب سپیکر و معزز اراکین اسمبلی۔ آج ہم صوبہ پنجاب میں امن عامہ پر بحث کرنے کا آغاز کر رہے ہیں، جب سے اسمبلیاں بنی ہیں اور جب سے ہم منتخب ہو کر آئے ہیں ہمیں کئی مرتبہ یہ موقع مہیا کئے گئے ہیں کہ ہم پنجاب کی امن عامہ پر بحث کریں اور حکومت پنجاب کو صورتحال سے آگاہ کریں اور یہ اکثر مرتبہ ہو چکا ہے۔ جناب والا جیسا کہ ہمارے سپیکر صاحب نے سیمینار منعقد کرنے کا اہتمام کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس میں تھوڑا سا یہ اضافہ کر لیا جاتا کہ ہم جو قانون بناتے ہیں ان پر ہماری حکومت کس حد تک عمل درآمد کروانے میں کامیاب ہوتی ہے۔ قوانین بنے ہیں اور موجود ہیں، حکومت موجود ہے مگر جہاں تک پالیسیوں پر عمل درآمد کا تعلق ہے ہمارے پنجاب میں دور دور تک کہیں نظر نہیں آ رہا۔ جناب والا، میں اب آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کو یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اب ان تقریروں سے بات نہیں بنے گی، ہم نے جو یہ تقریریں کی ہیں، ان دیواروں کو سنایا ہے، اخباروں میں آیا ہے اور لوگوں نے سنا ہے اب لوگ ہماری تقریریں سننے کیلئے تیار نہیں ہیں کیونکہ ہم تقریریں ان دیواروں کو سنانے کیلئے کرتے ہیں نہ کہ ہم اس لئے کرتے ہیں ان پر ہماری حکومت غور کرے اور ہم تجاویز پیش کرتے ہیں ان پر عمل درآمد کروایا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم نے اب جو تجاویز پیش کی ہیں ان میں سے کسی ایک تجویز پر بھی آج تک عمل کرنے کے لئے غور نہیں کیا گیا۔ میرا خیال ہے کہ وہ تجاویز اور تقاریر صرف اور صرف ریکارڈ میں ہی رکھی جاتی ہیں نہ کہ ان پر عمل کیا جائے، ان کو بعد میں دیکھا جائے، ان پر غور کر کے تجرباتی طور پر کچھ نہ کچھ عمل کر کے عوام کے سامنے رکھا جائے۔ اگر کوئی تجویز پیش کی جاتی ہے تو اس کو عملی جامہ پہنانے کیلئے عارضی طور پر کسی نہ کسی ضلع میں نافذ کیا جائے اگر وہ تجویز فیل ہو جاتی ہے تو اس کی جگہ دوسرا کوئی نہ کوئی عمل دہرایا جائے۔ میں

سمجھتا ہوں کہ ۱۹۴۷ء سے لیکر آج تک انگریز نے قانون ہیں دیا تھا ہم اسی طرح لکیر کے فقیر بن کر اس پر ہی عمل درآمد کر کے اپنے وقت کو نمٹا رہے ہیں۔ اور جو بھی حکومت آتی ہے کہتی ہے کہ جو بھی دوسرا آئے گا وہ اسے بنائے یا نہ بنائے ہمیں جو وقفہ ملا ہے ہم اس میں اپنا وقت گزار کر جائیں گے۔ اور ضرورت وقت کے مطابق جیسے بھی ہم کنٹرول کر سکتے ہیں ہم کرتے رہیں اور اس کے بعد جو مستقل قانون بنانا ہو گا یہ کسی دوسرے کا درد سر ہے۔ یہی ہماری ناکامی ہے۔ یہی ہماری منفی سوچ ہے جس سے آج تک ہم پاکستان کو تقویت نہیں بخش سکے اور یہ عارضی طور پر حکومت کرنے کا جو مثبت نظام پیدا ہو چکا ہے جب تک ہم یہ نہ سوچیں گے آج ہم جس کیلئے حکومت میں ہیں حکومت کا خرچہ کر رہے ہیں۔ ہم کاریں چلا رہے ہیں پٹرول خرچ کر رہے ہیں وقت ضائع کر رہے ہیں صرف اس لئے کر رہے ہیں کہ ہمارا وقت گزر جائے اسکے بعد جو دوسرے نمائندے آئیں گے۔ دوسرے وزراء کرام آئیں گے وہ یہ درد سر لیں وہ اسکو بنائیں یا نہ بنائیں۔

جناب سپیکر میں آج آپ سے واضح طور پر یہ عرض کر دینا چاہتا ہوں کہ اب پاکستان اس بات کا متحمل نہیں ہو سکتا اسکو برداشت نہیں کر سکتا کہ یہ ہم زیادہ دیر تک سوچیں ہمیں مثبت نتائج برآمد کرنے ہوں گے اور مطلقاً اپنے قوانین بنا کر ان پر عمل درآمد کروانا ہو گا۔ ورنہ یہی ہو گا کہ انگریز کے سو سالہ پرانے بنائے ہوئے قانون پر آپ حکومت کر سکیں۔ یہ حکومت ایسے نہیں چلے گی۔ جناب والا لاء اینڈ آرڈر کی بات کرتے ہوئے اب میں آپکو کونسی باتیں دھراؤں کون سا وزیر یا نمائندہ یہ نہیں جانتا کہ قتل و غارت کہاں تک پہنچ چکی ہے۔ کس کے ضلع میں قتل و غارت نہیں ہو رہی۔ کیا اغواء کے CASES میں کوئی کمی ہوئی ہے۔ جو ہم پہلے باتیں دھراتے رہے ہیں انہیں باتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ اب تو بات یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ہمارے نمائندگان ہماری حکومت پر یقین جانئے جب بات کرتے ہیں کوئی اعتماد میں لینے یا سننے کیلئے بھی تیار نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آپ جو باتیں کرتے ہیں وہ اسمبلی کے اندر کرتے ہیں ان پر کہیں عمل درآمد نظر نہیں آ رہا۔ جناب سپیکر اگر ہم سمجھتے ہیں کہ ہم نے دوبارہ عوام کے سامنے پیش ہونا ہے اور اپنی اپنی کارکردگی کسی نہ کسی طرح سے دکھانی ہے تو پھر ہم کو کچھ نہ کچھ عملی جامہ پہنانا

ہو گا۔ عملی نتائج اخذ کرنے ہوں گے۔ عوام کو منہ دکھانے کے قابل ہونا ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں یہ حالات جو ہمارے سامنے صوبہ پنجاب کے آئے ہیں جب دوسرے صوبوں میں امن عامہ کی صورت حال اتنی خراب ہوئی ہے تو یہ پنجاب کا صوبہ تھا جس میں بم کے دھماکے نہیں ہوتے تھے اب وہی نوبت یہاں پنجاب میں آچکی ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے ہم نے کبھی نہیں سوچا کہ جو بھی کوئی جرم کرنے والا پکڑا جاتا ہے اس کے خلاف کبھی ایکشن ہوا ہے کہ نہیں ہوا چھوٹے سے لیکر بڑے تک اگر کوئی جرائم کرتا ہے وہ جرائم کرنے تک اور اخبارات میں جو اسکی سرخیاں آتی ہیں اسی حد تک وہ مشہور کیس ہو جاتا ہے لیکے بعد کبھی آج تک اس کی بات اخباروں میں نہیں آئی کہ جو اتنا بڑا کسی نے جرم کیا تھا اسکو سزا ہوئی ہے یا کہ نہیں یا اسکو سزا کیا ہوئی ہے۔ یہاں تک آپ دیکھیں قبروں سے نکال کر عورتوں کی بیحرمتی کی جارہی ہے میرا خیال ہے جب سے یہ دنیا بنی ہے اسکی کوئی مثال نہیں ملتی۔ آج اس صدی میں اتنے سنگین قسم کے جرائم ہو رہے ہیں یا اس سال ہو رہے ہیں۔ اور اس حکومت میں ہو رہے ہیں۔ اگر ان کو شارع عام اور منظر عام پر سزا دی جائے تو کم از کم یہ تو ہو کہ جو سزا دیکھے وہ گناہ کبھی نہ کرے۔ سعودی عرب میں یہی صورت حال ہے کہ جب کوئی قتل کرتا ہے اس قتل کرنے والے کو سزا دی جاتی ہے وہ سزا کھلے عام دی جاتی ہے لوگوں کو دکھایا جاتا ہے لوگوں کو دعت دی جاتی ہے۔ آپ یقین جانئے اور میں یہ آپکو وثوق سے کہتا ہوں کہ جو آدمی ایک دفعہ کسی قاتل کو سزا ملتے ہوئے دیکھ لیتا ہے اور قاتل کو سزا جب ملتی ہے اور وہ اسکو دیکھ لیتا ہے اس میں ہمت نہیں ہوتی کہ وہ دوبارہ کسی قاتل کو سزا ہوتے ہوئے دیکھ سکے۔ قتل کرنا یا جرم کا تصور کرنا تو کجا وہ کسی گنہگار کو سزا ملتے ہوئے دیکھ نہیں سکتا۔ وہاں اس کا اتنا خوف ہے مگر ہمارے یہاں سزا کسی کو نہیں دی جاتی جو جرم کرنے والے لوگ ہیں جو جرم کرتے ہیں وہ اتنے دیدہ دلیر ہو جاتے ہیں وہ دوبارہ جرم کرتے ہیں

بلکہ اور لوگوں کی بھی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اس میں اور بھی لوگوں کا دل بڑھتا ہے اور جرائم میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔

**پیر احمد شاہ کھگا۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا کورم پورا نہیں ہے۔ قاعدہ قانون کے خلاف

کارروائی نہیں ہونی چاہیئے۔
**چودھری محمد صدیق سالار۔**

جناب والا میں آپکی وساطت سے افسوس سے کہوں گا کہ پنجاب کے امن و امان پر حذب اختلاف بحث کر رہی ہے۔ میں معزز ممبران سے آپکی وساطت سے عرض کرونگا کہ غور سے ان کی باتیں سنیں۔
**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

گنتی کی جائے۔۔۔۔۔۔۔ جب لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہمیں اجلاس میں بولنے کا موقع نہیں دیا جاتا وہ ذرا تھوڑا سا سوچ لیا کریں کہ آپکو بولنے کا موقع دیا جاتا ہے یا نہیں دیا جاتا۔ یہ کتنے افسوس کی بات ہے کہ آج اتنے اہم موضوع پر بات ہو رہی ہے اور ہمارے معزز ممبران آج تشریف نہیں لائے۔ اس معاملے کی اہمیت کا ان کو پوری طرح احساس نہیں ہے۔ بہر حال میرے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ آپ لوگ گلہ نہ کریں کہ ہمیں بولنے کا موقع نہیں ملا۔ آپ لوگ اسمبلی سیکرٹریٹ کو یہ گلہ نہ دیں کہ ہمیں بولنے کا موقع نہیں دیا گیا۔

دوبارہ گنتی کی جائے۔۔۔۔ کیا آپ صاحبان کی رائے ہے کہ ہاؤس کو ملتوی کر دیا جائے۔۔۔۔ میاں اسحاق صاحب تقریر فرما رہے تھے کل انشاءاللہ جب امن عامہ پر بحث ہوگی ان کو پہلے موقع فراہم کیا جائیگا۔
(اب ہاؤس کی کارروائی کل صبح ۹ بجے تک کیلئے ملتوی کی جاتی ہے۔)

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات

(پنجشنبہ ۲۵ رجب ۱۴۰۷ھ)

جلد ۹ ———————— شمارہ ۵

## سرکاری رپورٹ

### مندرجات

جمعرات ۲۶ مارچ ۱۹۸۷ء


| | صفحہ نمبر |
|---|---|
| تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ | ۳۶۳ |
| اراکین اسمبلی کی رخصت | ۳۶۴ |
| مسئلہ استحقاق۔ | ۳۶۸ |
| (I) قومی میلہ اسپاں و مویشیاں میں ارکان اسمبلی کیلئے نشستوں کا نامناسب انتظام | ۳۶۹ |
| (II) زکوٰۃ فنڈ سے قواعد و ضوابط کے خلاف خطیر رقم کی ادائیگی | ۳۷۶ |
| تحاریک التوائے کار۔ | ۳۸۱ |
| (I) سیاسی قیدیوں کے ساتھ ناروا سلوک | ۳۸۳ |
| (II) ضلع جھنگ کے کاشتکاروں میں احساس محرومی | ۳۹۰ |
| (III) مجلس خصوصی کی رپورٹ پیش کرنے کی میعاد میں توسیع | ۳۹۷ |
| (IV) مجلس قائمہ برائے مال کی رپورٹ کی میعاد میں توسیع۔ | ۳۹۸ |
| (V) امن عامہ کی صورت حال پر بحث (جاری) | ۳۹۹ |
| (VI) جمعیت العلمائے اہل حدیث کے جلسہ میں بم کے دھماکہ سے متعلق تحریک التواء پر بحث | ۴۱۲ |

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## صوبائی اسمبلی پنجاب کا نواں اجلاس

جمعرات ۲۶ مارچ ۱۹۸۷ء

(پنجشنبہ ۲۵ رجب ۱۴۰۷ھ)

**صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبر لاہور میں صبح ۹ بجے منعقد ہوا۔ جناب سپیکر** میاں منظور احمد وٹو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے۔

**تلاوت قرآن پاک اور اس کا اردو ترجمہ قاری علی حسین صدیقی نے پیش کیا۔**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ فَنَذَرُ
الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝
وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْبِهِ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَائِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ
مَرَّ كَأَنْ لَمْ يَدْعُنَا إِلَىٰ ضُرٍّ مَسَّهُ ۚ كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝
وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوا ۙ وَجَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ وَمَا كَانُوا
لِيُؤْمِنُوا ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ ۝
ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ ۝

(سورہ یونس آیات ۱۱ - ۱۲ - ۱۳ - ۱۴)

اور اگر اللہ لوگوں کو برائی پہنچانے میں جلدی کرتا جس طرح وہ اچھائی حاصل کرنے میں جلد بازی سے کام لیتے ہیں تو ان کا کام ہی تمام ہو جاتا۔ پس جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی توقع نہیں ہے تو ہم انہیں چھوڑے رکھتے ہیں کہ وہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے پھریں۔

اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو وہ کروٹوں کے بل لیٹ کر کھڑے ہو کر اور بیٹھکر ہر حال میں ہم کو پکارتا ہے اور جب ہم اس تکلیف کو اس سے دور کر دیتے ہیں تو ایسا بے لحاظ ہو کر گزر جاتا ہے کہ گویا تکلیف کے وقت اس نے ہمیں پکارا ہی نہ تھا اس طرح حد سے تجاوز کرنے والوں کو انکے اعمال آراستہ کر کے دکھائے جاتے ہیں۔

اور تم لوگوں سے پہلے کتنی امتوں کو جبکہ وہ ظلم پر اترے ہوئے تھے ہلاک کر چکے ہیں حالانکہ ان کے پاس رسول کھلی نشانیاں لیکر آئے تھے لیکن وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے اس طرح ہم مجرموں کو سزا دیتے ہیں پھر ہم نے انکے بعد تم لوگوں کو ملک میں انکا جانشین بنایا تاکہ ہم دیکھیں کہ اب تم کیسے کام کرتے ہو۔

وما علینا الا البلاغ

# اراکین اسمبلی کی رخصت

جناب سپیکر۔ اب اراکین کی رخصت کی درخواستیں لی جائیں گی۔

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست ملک مختار احمد صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

گزارش ہے کہ بندہ بوجہ علالت ۸۷-۳-۲۲ کو اجلاس میں حاضر نہ ہو سکا۔ براہ کرم بندہ کی ۸۷-۳-۲۲ کے اجلاس کی رخصت منظور فرمائی جائے۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست حاجی جمشید عباس تصیم صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

مودبانہ گزارش ہے کہ ۸۷-۳-۲۲ کو ایک ضروری کام کی وجہ سے حاضر نہیں ہو سکا۔ لہذا چھٹی تصور کی جائے۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی ۔ مندرجہ ذیل درخواست محمد اکرم صاحب رکن صوبائی اسمبلی پنجاب کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

گزارش ہے کہ بندہ ایک ضروری کام کی وجہ سے ۸۷-۳-۲۲ کو اجلاس میں شرکت نہ کر سکا۔ براہ مہربانی درخواست منظور فرمائی جائے۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست رانا سمیم احمد خان صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

میں مورخہ ۸۷-۳-۱۹ تا ۸۷-۳-۲۶ تک رخصت چاہتا ہوں بوجہ انتقال والد محترم خود۔ ممنون ہونگا۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست میجر (ریٹائرڈ) وکٹر سموئیل صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئے ہے۔

بندہ کو ملتان میں ضروری کام ہے۔ اسلئے بندہ ۸۷-۳-۲۲ کا اجلاس میں شریک ہونے سے قاصر ہے لہذا درخواست منظور فرمائی جائے۔ شکریہ

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست رائے احمد سعید خان صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

السلام و علیکم۔ بوجہ مصروفیت خاص مورخہ ۸۷-۳-۱۹ کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکا لہذا مہربانی فرما کر درخواست منظور فرمائیں۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست محمد زرغام خان خاکوانی صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

گزارش ہے کہ فدوی کو ذاتی کام تھے۔ اس لئے بتاریخ ۸۷-۳-۱۹ اور ۸۷-۳-۲۲ کو اسمبلی کی کارروائی میں شامل نہ ہو سکا تھا۔ مہربانی فرما کر بندہ کو ان دونوں یوم کی رخصت عطا فرمائی جائے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست محمد خان جسپال صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

بوجہ بیماری مورخہ ۲۲ مارچ کو میں اجلاس میں حاضر نہ ہو سکا۔ اس لئے براہ کرم اس روز کی رخصت عنایت فرمائی جائے۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست سرفراز نواز صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

Due to indisposition I could not attend the Assembly Session on 19-3-1987. It is, requested that my absence from the House on the said date may kindly be condoned.

Thanking you.

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست میاں عبدالجید صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

گزارش ہے کہ میں مورخہ ۸۷-۳-۲۲ بروز اتوار بوجہ ضروری کام حاضر اجلاس نہیں ہو سکا۔ براہ مہربانی ۸۷-۳-۲۲ کی درخواست منظور فرمائی جائے۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست مہر محمد سلیم صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

مودبانہ گزارش ہے کہ مورخہ ۸۷-۳-۲۲ کو ایک ضروری کام کی وجہ سے اسلام آباد چلا گیا تھا جس کی وجہ سے اجلاس میں حاضر نہ ہو سکا۔ لہذا ۸۷-۳-۲۲ کی رخصت عنایت فرمائی جاوے۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست ملک احمد یار وارن صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

گزارش ہے کہ میں گذشتہ ہفتہ بوجہ بیماری مورخہ ۸۷-۳-۱۹ کو اجلاس میں شریک نہیں ہو سکا۔ التماس ہے کہ مورخہ ۸۷-۳-۱۹ تک رخصت منظور فرمائی جائے۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ مطلوبہ رخصت منظور کی دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست سرفراز نواز صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

Due to some unavoidable circumstances I can not attend the Assembly Session on 25 & 26 March, 87. It is requested that my absence from the House on the said date may kindly be condoned.

Thanking you.

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔کہ مطلوبہ منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

سیکرٹری اسمبلی۔ مندرجہ ذیل درخواست غلام احمد صاحب رکن صوبائی اسمبلی کی طرف سے موصول ہوئی ہے۔

بندہ مورخہ ۱۹۸۷-۳-۱۹ کو وزیراعظم آزاد کشمیر کے دورہ مورخہ حلقہ ۱۵۱ کی وجہ سے حاضر نہ ہو سکا۔ رخصت فرمائی جائے۔

جناب سپیکر۔ اب سوال یہ ہے۔کہ مطلوبہ رخصت منظور کر دی جائے۔

(تحریک منظور کی گئی)

## مسئلہ استحقاق

جناب سپیکر۔ میرے پاس ریاض حشمت جنجوعہ صاحب کی تحریک استحقاق نمبر ۱۱ ہے۔

چوہدری اصغر علی گجر۔ جناب والا میرے خیال میں کورم پورا نہیں ہے دینا کرکٹ کا میچ دیکھ رہے گھنٹیاں بجائی جائیں جب لوگ آجائیں تو کام شروع کیا جائے۔

جناب سپیکر۔ یہ آپ پوائنٹ آوٹ کر رہے ہیں یا آپ نے یونہی ازراہ تمسخر بات کی ہے۔

چوہدری اصغر علی گجر۔ جناب والا میں تو حقائق کو سامنے رکھ کر بات کر رہا ہوں کہ کورم پورا نہیں ہے اس لئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

جناب سپیکر۔ یہ آپ نے اپنی سیٹ سے بات کی ہے، آپ نے اپ نے اپنی سیٹ سے بات نہیں کی۔ مجھے افسوس ہے کہ ہم آپ کی بات کو ENTERTAIN نہیں کرتے۔ اگر اپنی سیٹ سے بات نہ کی جائے تو وہ نہ تو ریکارڈ ہوتی ہے اور نہ ہی پریس میں آسکتی ہے۔

## قومی اسپاں و مویشیاں لاھور میں ارکان اسمبلی کے لئے نشتوں کا نامناسب انتظام

جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک مخصوص اور اہم معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں کہ اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ قومی میلہ اسپاں و مویشیا ںلاہور کو دیکھنے کیلئے میلہ کی انتظامیہ کی طرف سے تمام ارکان اسمبلی کو دعوت نامے جاری کئے گئے۔ چنانچہ ۲ مارچ کی شام کا شو دیکھنے کے لئے میں بھی اسلام آباد انکلوژر میں داخل ہوا۔ وہاں نظم و ضبط کا فقدان تھا، انکلوژر کی گنجائش سے کئی گنا زیادہ دعوتی کارڈ جاری کرنے کی وجہ سے وہاں تل دہرنے کی جگہ نہ تھی۔ ہلڑ بازی اور بد تمیزی کے کئی مناظر بھی دیکھنے میں آئے۔ ارکان اسمبلی خصوصاً خواتین ارکان کے لئے کوئی جگہ مخصوص نہ کی گئی تھی۔ انکلوژر میں نشتیں خالی نہ ہونے کی وجہ سے مرد اور خاتون ارکان کو کھڑے کھڑے شو دیکھنا پڑا۔ خصوصاً ایک خاتون رکن اسمبلی جس بے بسی کے ساتھ انکلوژر میں کھڑی تھیں، اس سے ارکان اسمبلی کی تضحیک کا پہلو سامنے آیا۔ میلہ کی انتظامیہ کی طرف سے ارکان اسمبلی کیلئے نشتوں کا مناسب اور معقول اہتمام نہ کرنے کی وجہ سے انہیں ذہنی اذیت اور تمسخر کا سامنا کرنا پڑا۔ اور اس طرح میلہ کی انتظامیہ کے رویہ، بے رخی اور عدم توجہی کے باعث مجھ سمیت بہت سے ارکان کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ لہذا استدعا ہے کہ اس معاملہ تحقیقات کی غرض سے مجلس قائمہ برائے استحقاق کے سپرد کیا جائے۔

جناب والا، هارس اینڈ کیٹل شو لاہور، ایک قومی میلہ کے طور پر منعقد کیا جاتا ہے۔ میلے کسی بھی قوم کے کلچر اور روایات کے آئینہ دار ہوتے ہیں، مگر کروڑوں روپے کے اخراجات سے منعقد ہونے والے اس شو میں ثقافت اور روایات نام کی کوئی چیز نہیں تھی، البتہ ثقافت کے نام پر ہلڑ بازی افراتفری اور بدامنی کا مظاہرہ کیا گیا اور انتہائی بور پروگرام دکھائے گئے، انکلوزر کی گنجائش سے زیادہ دعوت نامے جاری کر کے شرفاء کی تذلیل کی گئی جس سے عامتہ الناس میں میلہ کی انتظامیہ کے خلاف نفرت کے جذبات پیدا ہوئے، ارکان اسمبلی کو دعوت نامے تو جاری کر دیئے گئے مگر ان کے لئے کوئی نشتیں مخصوص نہ کی گئیں، خصوصا خواتین ارکان کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ شرم ناک منظر مجھے اس وقت بھی پریشان کر رہا ہے جب ایک خاتون رکن انکلوزر کے جنگلے کے ساتھ سہارا لے کر کھڑی ہوئی تھی۔ جناب والا میں یہ بات پورے وثوق اور شدید احتجاج کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ میلہ کی انتظامیہ نے دانستہ طور پر ارکان اسمبلی کی تضحیک اور تذلیل کی ہے اور اس وقت میں اس ایوان میں چوہدری لیاقت علی صاحب بطور گواہ پیش کر سکتا ہوں۔ کہ وہ دو مرتبہ یہ میلہ دیکھنے کیلئے گئے اور انہیں دعوت نامے کے مطابق اسلام آباد انکلوزر میں داخل تک نہیں ہونے دیا گیا۔ جناب والا ارکان اسمبلی کے ساتھ اس قسم کا جو رویہ اختیار کیا گیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ میلہ کی انتظامیہ نے دانستہ طور پر ایسا رویہ اختیار کیا ہے اس لئے جناب سپیکر میری یہ گزارش ہے کہ میری یہ تحریک استحقاق کمیٹی کے سپرد کی جائے اور میلہ کی انتظامیہ کے خلاف اس بات کی تحقیقات کروائی جائے۔ شکریہ!

وزیر آبپاشی و قوت برقی۔

جناب سپیکر وزیر متعلقہ آپ طبیعت ناساز ہونے کی وجہ سے تشریف نہیں لاسکے۔ میری جناب والا سے استدعا ہے اور آپکی وساطت سے فاضل رکن سے بھی استدعا ہے کہ آج اسے پینڈنگ کر دیا جائے۔

جناب سپیکر۔ پیرزادہ صاحب آپ اس معاملہ پر بات کرنا چاہتے ہیں۔ پیرزادہ صاحب اس پر ایک تجویز آئی ہے کہ اسکو پینڈنگ کی لیا جائے۔

**میاں ریاض حسین پیرزادہ**: جناب والا۔ میں اس تجویز کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ پہلے تو یہ تحریک استحقاق اس لحاظ سے بنتی ہی نہیں۔ جناب ریاض حشمت جنجوعہ صاحب میرے خیال میں سیمینار میں موجود نہیں تھے۔ دوسرے یہ کہ انہوں نے کہا کہ یہ میلہ ہماری قومی روایات کا حصہ ہے۔ وہ دیہاتی آدمی ہیں ان کو یہ جاننا چاہیے کہ میلوں میں اس قسم کی بدانتظامیاں ہوتی ہیں اور یہ میلہ شُھیلا کے نام سے مشہور ہوتا ہے یہ تحریک استحقاق بنتی نہیں ہے۔ خواہ مخواہ ایوان کا وقت ضائع کرنے سے بہتر ہے کہ آپ اسے منظور ہی نہ کریں۔

**وزیر زراعت**: حکومت نے خود ان روایات کو زندہ رکھنے کیلئے ایسا انتظام کیا ہے۔

**میاں محمد اسحاق**: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر اس سے متعلقہ یہ بھی ایک شکایت ہے کہ اکثر تقریبات میں ہمیں دعوت دی جاتی ہے اور یہ لاہور میں خاص کر دیکھنے میں آیا ہے کہ محکمہ تعلقات عامہ کو یہ نہیں پتا کہ ایم پی اے اور ایم این اے کو ہم نے کہاں کھڑا کرنا ہے۔ ابھی تک وہ یہ نہیں طے کر سکے۔ ایم پی اے اور ایم این اے کو کہاں کھڑا کرنا ہے۔ پبلک ریلیشن کا یہ محکمہ جس نے اس پر لاکھوں روپیہ خرچ کیا ہے یہ ان کے فرائض میں شامل ہے کہ وہ ایم پی اے کے تحفظ کا خیال کریں ان کو آتے جاتے ہوئے یہ بتائیں یہ آپ کے داخلہ کا دروازہ ہے یہاں آپ نے کھڑا ہونا ہے یہاں سے آپ نے داخل ہونا ہے۔ بلکہ ایک تقریب میں جناب والا مجھے مدعو کیا گیا بادشاہی مسجد میں صدر صاحب تشریف لا رہے تھے۔ مجھے ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لئے پھرتے تھے کہ کہاں کھڑا کیا جائے۔ اِدھر مجھے شرم آرہی تھی کہ یہ کیسا ہمارے ساتھ سلوک کیا جارہا ہے۔ آپ اپنی طرف سے جناب والا ذاتی طور پر یہ ہدایات فرمائیں کیونکہ آپ ہمارے حقوق کے محافظ ہیں کہ یہ ہمارے ساتھ کیوں ایسا مذاق کیا جاتا ہے۔ جب ہمیں ائر پورٹ پر بلایا جاتا ہے وہاں پر ہمیں کبھی آگے کبھی پیچھے گھسیٹا جاتا ہے۔ ابھی تک ہمارا مقام ہی تعین نہیں ہو سکا کہ پنجاب اسمبلی کے ممبران کو کہاں کھڑا کیا جائے اور کہاں ان کا مقام ہے۔

**جناب سپیکر۔** مجھے افسوس ہے کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ میں پہلے پریولیج موشن کو نمٹانا چاہتا ہوں۔ وزیر قانون صاحب آپ اس بارے میں کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ یا اسکو پینڈنگ کرنا چاہتے ہیں۔

**رانا پھول محمد خان۔**
جناب والا گزارش یہ ہے کہ اس تحریک کو ملتوی کیا جاسکتا ہے جس کو جناب جائز قرار دیں۔ میلے کیلئے ہمارا یہ کہنا کہ ہمیں وہاں جگہ نہیں ملی ہاں استحقاق یہ بنتا ہے کہ اگر تمام ارکان اسمبلی کو کارڈ جاری کر دیئے جائیں اور کسی ایک معزز رکن کو کارڈ جاری نہ کیا جائے پھر تو اس کا استحقاق واقعی مجروح ہوتا ہے اگر میلے میں جا کر جگہ نہ ملے اور ہم لیٹ پہنچیں یا آدمی زیادہ چلے جائیں وہاں ہمیں اپنے آپ کو عوام سے اونچا نہیں سمجھنا چاہیے۔ اگر کوئی پاکستانی شہری خواہ وہ مزدور ہے اگر اس سیٹ پر بیٹھ گیا ہے تو ہمیں نیچے بیٹھ جانا چاہیئے۔ قومی نمائندہ ہونے کی حیثیت سے ہمارے لئے لازم ہے کہ ہم اپنے آپ کو برتر نہ سمجھیں بلکہ قوم کا خادم سمجھیں۔ ہم آئے بھی اسی نظریے سے ہیں کہ ہم قوم کی خدمت کریں۔ اگر قوم کو نیچے بٹھا کر خود ہم اوپر بیٹھنا چاہتے ہیں اس سے ہمارا استحقاق مجروح ہوتا ہے تو پھر ہمیں آئندہ انتخاب میں جیتنے کیلئے کوشش نہیں کرنی چاہیئے بلکہ دعا کرنی چاہیے کہ

الٰہی فضل کر اپنا، حکومت نامزد کر دے
بڑا مشکل ہے پبلک کیطرف سے منتخب ہونا

**جناب سپیکر۔** یہ بات آپ نے کافی اچھی کی ہے لیکن یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے بیگم صاحبہ آپ اس پر بات کرنا چاہتی ہیں یا اسکو پینڈنگ کرنے کے بارے میں کچھ کہنا چاہتی ہیں۔

**وزیر لائیوسٹاک ڈیری ڈویلپمنٹ۔**
جناب والا میں یہی عرض کرنا چاہتی ہوں کہ وزیر بلدیات تشریف نہیں لائے ہیں اس بات کا اصل جواب تو انہوں نے دینا ہے لیکن اس میں میں صرف یہ عرض کر دوں کہ دو محکموں کا ضرور اس میں انتظام تھا لیکن جو انہوں نے تحریک استحقاق میں فرمایا

ہے ایسا کوئی استحقاق مجروح نہیں ہوا۔ جیسا کہ معزز رکن راما صاحب نے ارشاد فرما ہی دیا ہے کہ ایسے عوامی میلوں میں اگر کسی کو ایک نشست نہ مل سکے تو یہ ایسی وجوہ نہیں ہیں۔ ا قومی میلہ تھا۔ اس میں ایسی کوئی شکایت کی، میں سمجھتی ہوں، بات نہیں ہے۔ آئندہ کیلئے ہم یہ کوشش حکومتی سطح پر کر رہے ہیں کہ اس میں زیادہ بیٹھنے کی جگہ بڑھانے کا کوئی طریقہ کار وضع کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ شائقین کو میلہ دیکھنے کا موقع مل سکے۔

**جناب سپیکر۔** آپ اس پر اصرار کرنا چاہتے ہیں یا پینڈنگ کرنا چاہتے ہیں۔

**وزیر لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ۔** اس کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔

**جناب سپیکر۔** چوھدری محمد اقبال صاحب وزیر آبپاشی نے فرمایا تھا کہ وزیر لوکل گورنمنٹ نہیں ہیں اس لئے اسکو پینڈنگ کرلیا جائے۔

**وزیر زراعت۔** اسکو پینڈنگ کرلیا جائے۔

**وزیر لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ۔**
پینڈنگ کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا وہی بات ہوگی کہ اس کا دوبارہ تذکرہ کر کے ہاؤس کا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہوگا میں یہ بات عرض کروں کہ فورٹریس سٹیڈیم کسی ایک شخص یا طبقہ کی ملکیت نہیں ہے بلکہ ہر خاص وعام کیلئے وہاں پر گورنمنٹ کا انتظام ہوتا ہے۔

**جناب سپیکر۔** اس میں متعلقہ بات یہ ہوگی کہ چونکہ وزیر متعلقہ نہیں ہیں اور وزراء صاحبان میں اس بارے میں اختلاف رائے ہے کہ اسکو پینڈنگ کیا جائے یا اسکو TAKE UP کیا جائے۔ وزیر قانون اس سلسلے میں متعلقہ وزیر ہیں وہ کیا ارشاد فرماتے ہیں۔

**وزیر قانون۔** میں تو یہی کہوں گا کہ آج اس پر بحث کرلی جائے۔

**جناب سپیکر۔** بحث کرلی جائے۔ ٹھیک ہے۔

وزیر قانون۔ مجھے افسوس ہے کہ گورنمنٹ کیطرف سے ہمارے ممبران اسمبلی کو تکلیف ہوئی ہے جس کیلئے ہم معذرت خواہ ہیں۔ لیکن کل ہی آپ نے سیمینار میں ایک لیکچر سنا وہاں سپیکر صاحب بھی تھے حاجی سیف اللہ صاحب بھی تھے۔ وفاقی وزیر قانون بھی تھے۔ انہوں نے یہ کہا تھا کہ پریولیج جو ہوتی ہے وہ آئینی ہوتی ہے۔ جب کوئی استحقاق آئین کے تحت دیا گیا ہو تو وہ استحقاق بنتا ہے۔ یہ تو مراعات ہیں اس سے کوئی استحقاق نہیں بنتا۔ استحقاق اس وقت بنتا جب آپکو کوئی کارڈ جاری نہ ہوتا۔ ایسی مراعات پر استحقاق نہیں آ سکتی۔

میں تھوڑا سا واقعاتی بھی عرض کر دوں ہم نے ایک ہزار چھ سو پچاس (۱۶۵۰) سیٹیں وی آئی پی کیلئے رکھی تھیں۔ سفارتی نمائندوں کیلئے ۲۵۰۔ آرمی کیلئے ۳۰۰، ممبران قومی اسمبلی کیلئے ۲۰۰، مہمانوں کیلئے ۳۰۰ اور معزز شہریوں کیلئے ۲۰۰ سیٹیں رکھی تھیں۔ بدقسمتی سے اتنا بڑا ہجوم تھا جسے ہم کنٹرول نہیں کر سکے اور یہ لوگ اندر داخل نہیں ہو سکے۔ اگر انہوں نے ہمیں پہلے اطلاع دی ہوتی تو انشاءاللہ ہم پوری کوشش کرتے کہ ان کا انتظام

میں یہ عرض کروں گا کہ حقیقت میں یہ استحقاق نہیں بنتی تھی۔ مراعات کے معاملے میں کوئی تحریک استحقاق نہیں آ سکتی۔ انشاءاللہ جنجوعہ صاحب کو ہم یقین دلاتے ہیں کہ آئندہ ایسی حرکت نہیں ہو گی۔

میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

جناب سپیکر۔ اس وقت تحریک استحقاق کے بارے میں بہت سی باتیں کہی گئی ہیں جن کیلئے مجھے ذاتی طور پر وضاحت کی ضرورت ہے۔ میرے بزرگ محترم رانا پھول خان صاحب نے فرمایا ہے کہ اگر ارکان اسمبلی کو بیٹھنے کیلئے جگہ نہ ملے تو انہیں زمین پر بیٹھ جانا چاہیئے۔ جناب والا مجھے اصولی طور پر تو اس بات سے کوئی اختلاف نہیں ہے وہ لوگ جنہوں نے ہمیں اس مسند پر بٹھایا ہے اگر ان لوگوں کی خاطر ہمیں زمین پر بھی بیٹھنا پڑے ہمیں بیٹھنا چاہیئے ہمیں کسی قسم کے شرم اور جھجک محسوس نہیں کرنی چاہیئے۔ لیکن اس سے جو صورت حال پیدا ہوئی ہے وہ

یہ ہے کہ پھر آئندہ میلے میں انکلوژر کی تخصیص بھی ختم ہونی چاہیئے۔ میں رانا صاحب کی اس تجویز سے ۱۰۰ فیصد متفق ہوں جب عوام کے اور ہمارے مابین کوئی فرق ہی نہیں ہے میں اسکو اصولی طور پر تسلیم کرتا ہوں پھر آئندہ اس میلے میں جو انکلوژر کی تخصیص ہے وہ بالکل ختم کر دی جائے جس کو جہاں جگہ ملے وہ وہیں بیٹھ کر اس شو کو دیکھے۔ مجھے اس پر قطعاً کسی قسم کا کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ اگر اس وقت مجھے زمین پر بھی بیٹھ کر میلہ دیکھنا پڑے تو میں بڑے شوق سے قومی سطح پر ان مظاہروں کو دیکھوں گا۔

جناب سپیکر جس بات پر مجھے سب سے زیادہ اعتراض ہے وہ یہ ہے کہ ہماری ایک خاتون رکن اسمبلی اس وقت انکلوژر کے جنگلے کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑی ہوئی تھیں دوسرے سب حضرات تو میلہ دیکھنے میں مشغول تھے اس وجہ سے مجھے سب سے زیادہ اعتراض تھا کیونکہ میں خود کھڑا ہوا تھا میں اپنے کھڑے ہونے کی جگہ تو ان کو پیش نہیں کر سکتا تھا۔ اگر میرے پاس کرسی ہوتی تو میں ان کو یقیناً وہ پیش کرتا۔ جناب سپیکر اس مسئلہ سے مجھے سب سے زیادہ اذیت ہوئی ہے ورنہ اگر میرا ذاتی مسئلہ ہوتا تو میں اسکو کبھی بھی استحقاق کی شکل میں پیش نہ کرتا۔ جہاں تک راجہ صاحب کی اس بات کا تعلق ہے کہ کل کا لیکچر سننے کے باوجود بھی ہم ایسے مسائل اٹھا رہے ہیں میں کئی مثالیں ایسی پیش کر سکتا ہوں کہ خود حاجی سیف اللہ صاحب نے قومی اسمبلی میں ایسے مسائل کو اٹھایا ہے جو قطعی طور پر قانون اور آئین کے نقطہ نظر سے اور قواعد و ضوابط کے نقطہ نظر سے استحقاق نہیں بنتے۔

جناب سپیکر بعض اوقات کچھ اس قسم کے مسائل ہوتے کہیں جو اس ایوان میں پیش کرنے کیلئے تحریک استحقاق یا تحریک التواء کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ جناب والا میری گزارش صرف اتنی تھی کہ کم از کم خاتون رکن اسمبلی کیلئے نشستیں مخصوص ہونی چاہیئے تھیں۔ مجھے اس بات پر اعتراض ہے۔ شکریہ۔

**جناب سپیکر۔** جناب جنجوعہ صاحب! جناب لاء منسٹر کے ارشاد کے بعد اب آپ کا کیا ارشاد ہے؟ کیا آپ اس تحریک استحقاق کو پریس کرتے ہیں؟

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔** جناب والا، میں اس کو پریس نہیں کرتا۔

**رانا پھول محمد خان۔** جناب والا، میں آپ کی وساطت سے جنجوعہ صاحب کو یقین دلاتا ہوں

کہ آئندہ ہم اور آپ مل کر یہ کوشش کریں گے کہ اس تفریق کو مٹا دیا جائے۔

جناب محمد رفیق۔

جناب سپیکر، گو یہ بات ختم ہو گئی ہے۔ میں آپ کی اجازت سے ایک مفید تجویز دینا چاہتا ہوں۔ اگر اجازت ہو تو۔

جناب سپیکر جی نہیں۔ شکریہ۔ آپ کی بہت مہربانی۔ مناسب موقع پر پھر آپ سے یہ تجویز لیں گے۔

تحریک استحقاق نمبر ۲۱۔ یہ چوہدری غلام رسول صاحب کی طرف سے ہے۔
تحریک استحقاق نمبر ۱۶، ۱۷ اور ۱۸ کے لئے سردار اللہ یار ہراج نے اور نمبر ۲۰ کے لئے سردار نصر اللہ دریشک نے لکھ کر دیا ہے کہ ان کو پینڈنگ کیا جائے۔

# زکوٰۃ فنڈ سے قواعد و ضوابط کے خلاف خطیر رقم کی ادائیگی

چوہدری غلام رسول۔

میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے ایک مخصوص اور اہم معاملے کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں جو اسمبلی کی فوری دخل اندازی کا متقاضی ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ روزنامہ "جنگ" میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ ضلع گجرات کے ایک ایم پی اے صاحب نے زکوٰۃ فنڈ سے مبلغ چار لاکھ روپے کی گرانٹ اپنی ہمشیرہ کو دلائی ہے جس سے خاص طور پر ضلع گجرات کے تمام معزز ممبران اسمبلی بلکہ جملہ معزز ارکین پنجاب اسمبلی کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

لہٰذا میں اس معزز ایوان کی کارروائی کو معطل کرنا اور اس مسئلے کو زیر بحث لانا چاہتا ہوں کہ کون سے معزز رکن نے ایسا اقدام کیا ہے، حالانکہ مبلغ چار لاکھ روپے کی رقم

زکوۃ فنڈ سے کسی ایک آدمی کو ملنی سراسر مشکل اور خلاف ضابطہ اور خلاف رولز ہے نیز جملہ واقعات کو زیر بحث لا کر ہی محکمہ سے وضاحت طلب کی جائے۔

جناب سپیکر! اس پر میں شارٹ سٹیٹمنٹ کی اجازت چاہتا ہوں۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس سے اس معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوتا ہے۔ یہ واقعات کیوں پیدا ہوئے؟ یہ اس لئے کہ زکوۃ کا صحیح مقصد غریبوں میں تقسیم کرنا ہے، نہ کہ ممبران میں۔ موجودہ حالات میں زکوۃ کی تقسیم سراسر ناقص ہے۔ میں ایسی مثالیں پیش کر سکتا ہوں کہ کہیں تو زکوۃ سرے سے دی ہی نہیں جارہی بلکہ جو ممبر اور چیئرمین بنے ہوئے ہیں وہ اپنے فرضی ملازمین کے نام جاری کر کے وہ رقم ہضم کر رہے ہیں۔ اس میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے جو زکوۃ فنڈ کو خورد برد کر رہے ہیں۔ میں ایک تو متعلقہ محکمہ سے اس کی وضاحت چاہتا ہوں کہ جن کے بارے میں زکوۃ فنڈ کی یہ خبر شائع ہوئی ہے، وہ کون صاحب ہیں۔ دوسرے یہ کہ جن عہدیداروں کے خلاف اس قسم کے الزامات ہیں پہلے ان کو ہٹا دیا جائے اور از سر نو نیک لوگوں کو، خاص طور پر گاؤں کا خطیب یا امام مسجد کو چیئرمین لگایا جائے۔ دیہاتوں میں اس کا بہت غلط استعمال ہو رہا ہے۔ ان کمیٹیوں کو از سر نو تشکیل دیا جائے اور اس میں خاص طور پر گاؤں کے خطیب اور ان کے ساتھ بطور ممبر کسی معزز آدمی کو، جن کی شہرت اچھی ہو، یہ کام سونپا جائے۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ اگر اس کام کو صحیح طور پر کیا جائے تو زکوۃ میں اتنے فنڈ ہیں کہ جس طرح خلفائے راشدین کے زمانے میں لوگ زکوۃ دینے کے لئے لوگوں کو تلاش کرتے تھے لیکن لینے والے ملتے نہ تھے اسی طرح اس زمانے میں بھی ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس حکومت کے اس احسن اقدام سے اس قدر فنڈ جمع ہوئے ہیں لیکن ان کی تقسیم سراسر ناقص ہے۔ میں جناب کی وساطت سے متعلقہ حکومت کی توجہ ان نہایت اہم امور کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ اس کو فوری طور پر از سر نو تشکیل دیا جائے اور ہر حلقے میں ممبر صوبائی اسمبلی کی نگرانی میں نئی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں اور ان میں دیانت دار اور صحیح شہرت کے حامل لوگوں کو چیئرمین وغیرہ بنایا جائے۔ جہاں تک یہ چار لاکھ کا مسئلہ ہے۔ میں جناب کی وساطت سے گزارش کروں گا کہ یہ بات واضح طور پر سامنے آنی چاہیئے کہ وہ کون سے ممبر صاحب اس طرح کے ہیں جو غریبوں کا حق خود حاصل کر رہے

ہیں۔ہمارا تو استحقاق اس قدر مجروح ہوا ہے کہ اس کی مثال نہیں ملتی۔ میں دوبارہ آپ کی وساطت سے گزارش کروں گا کہ ہمیں بتایا جائے کہ ضلع گجرات کا کون سا ممبر ہے جس نے یہ فعل کیا ہے۔ بہت بہت شکریہ۔

**وزیر زکوٰۃ و عشر۔**

جناب سپیکر! صوبائی زکوٰۃ انتظامیہ کی طرف سے یہ وضاحت موصول ہوئی ہے کہ ضلع گجرات کے کسی ایم پی اے صاحب کی ہمشیرہ محترمہ کو زکوٰۃ فنڈ سے مبلغ چار لاکھ روپے کی گرانٹ نہیں دی گئی ہے اور نہ ہی محکمہ زکوٰۃ کی طرف سے ایسی کوئی خبر اخبار کو بھیجی گئی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی غیر ذمہ دار شخص نے کسی غلط فہمی کی بناء پر اخبار میں یہ خبر دی ہے۔

جناب سپیکر! جہاں تک زکوٰۃ کے طریقہ کار کا تعلق ہے یہ مرکزی حکومت کی وضع کردہ پالیسی پر کام ہو رہا ہے اور جلد ہی انشاء اللہ اگلے مہینے اس کے لئے ہم دوبارہ الیکشن کروا رہے ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ ہمارے ایم پی اے صاحبان اپنی طرف سے ہمیں تجاویز دیں گے کہ ان کے حلقوں میں کون سے اچھے لوگ ہیں۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ہر ضلع میں ایم پی اے صاحبان کی مرضی سے نامزدگیاں ہوں۔ انشاء اللہ اگلے مہینے چیف منسٹر صاحب کو یہ لسٹ چلی جائے گی، دوبارہ الیکشن ہو جائیں گے۔ طریقہ کار مرکزی حکومت کی طرف سے ہے۔ ہم اس میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتے۔

جہاں تک تحریک استحقاق کا تعلق ہے، چونکہ کسی ایم پی اے صاحب کا نام درج نہیں اور نہ کسی بیان دینے والے کا نام ہے۔ یہ خبر کسی غلط فہمی کی بنا پر شائع ہوئی ہے۔ میں تو اس خبر کی پرزور تردید کرتا ہوں۔ ایسی کوئی بات نہیں کہ کسی ایم پی اے صاحب نے چار لاکھ کی گرانٹ اپنی کسی ہمشیرہ کو دلائی ہو۔

**چوہدری غلام رسول۔**

جہاں تک چوہدری صاحب نے بیان دیا ہے کہ کسی آدمی کو چار لاکھ کی گرانٹ نہیں دی گئی اس حد تک تو ہم مطمئین ہیں لیکن جہاں تک زکوٰۃ کی تقسیم کا تعلق ہے اس میں میں پھر جناب کی وساطت سے جناب وزیر صاحب کی خدمت میں گزارش کرونگا کہ

ہماری اس حکومت کو بنے ہوئے تقریباً دو سوا دو سال ہونے کو ہیں لیکن زکوۃ کا جو نظام ہے وہ سراسر غلط ہے کیونکہ تقسیم کا انتظام ناقص ہونے کی وجہ سے اسکو از سر نو تشکیل دیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

وزیر قانون پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

**وزیر قانون۔**

جناب سپیکر تحریک استحقاق میں وہ بات درج نہیں ہے جو میرے معزز رکن کہہ رہے ہیں ویسے کہہ وہ درست رہے ہیں۔ کیونکہ زکوۃ کی کمیٹیاں جو بنی ہوئی ہیں وہ خاصی غلط ہیں لیکن قانونی اور آئینی تقاضوں کے مطابق آپ بات نہیں کر سکتے۔

**جناب سپیکر۔**

دراصل چوہدری غلام رسول صاحب اس پر اپنی تجاویز پیش کر رہے ہیں۔

**چوہدری غلام رسول۔**

یہ حالات کیوں پیدا ہوئے ہیں۔ اسکی وجوہات یہی ہیں یہ غلط فہمی اسلئے پیدا ہو رہی ہے کہ اس میں جتنے بھی فنڈز جمع ہوتے ہیں اسکی تقسیم صحیح نہیں ہو رہی ہے اور غریب لوگوں کا جو حق ہے انکو نہیں پہنچ رہا ہے تمام ایوان میرے ساتھ متفق ہے کہ اس مسئلے کو فوری طور پر ٹیک اپ کیا جائے۔

**جناب سپیکر۔**

وزیر صاحب فرما رہے ہیںکہ وہ اسکو ٹیک اپ کر رہے ہیں۔ کیا اب آپ اسکو پریس نہیں کرتے۔

**چوہدری غلام رسول۔**

میں پریس نہیں کرتا۔ شکریہ۔

**جناب سپیکر۔**

یہ تحریک استحقاق بنتی بھی نہیں ہے۔

**وزیر زراعت۔**

اگر چوہدری صاحب چاہیں تو گجرات کے ایم پی اے اور فیصل آباد کے ایم پی اے صاحبان سے ان دونوں اضلاع کے مستحقین کی فہرست منگوالی جائے کہ کون کون مستحقین فہرست پر ہیں۔ اگر ان کی اس پر بھی تسلی نہ ہو تو پھر یہ کیا جائے کہ گجرات اور فیصل آباد کے جن مستحقین کو امداد دی گئی ہے ان فہرستوں سے مقابلہ کیا جائے کہ کن کن کو امداد نہیں ملی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

یہ اور ۲۴ نمبر ایک جیسی ہے اور اسکے ساتھ اسکا فیصلہ بھی کیا جاتا ہے۔

**چوہدری غلام رسول۔**

جناب سپیکر آپکے فرمان کے مطابق کہ یہ بنتی نہیں ہے۔ میں رولز کا حوالہ دینا چاہتا ہوں کہ یہ بنتی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

چوہدری صاحب اب فیصلہ ہو چکا ہے وہ بات میں نے آپکی اطلاع کے لئے کہی تھی۔ نمبر ۲۲ ٹیک اپ نہیں کی جا سکتی کیونکہ آپ ایک دن میں ایک تحریک استحقاق پیش کر سکتے ہیں۔ نمبر ۲۳ ڈاکٹر شیلا بی چارلس کی ہے وہ تشریف نہیں رکھتی ہیں اور اطلاع بھی نہیں ہے انکی یہ تحریک استحقاق INFRUCTURUS ہو جائیگی۔

**چوہدری محمد رفیق۔**

جناب سپیکر ابھی چار لاکھ والا قصہ زیر بحث آیا کہ دو آدمیوں کو نمٹا دیا گیا ہے لیکن اسکی وضاحت یا تردید حکومتی بنچوں کی طرف سے آنا چاہیے تھی ہم یہ سمجھنے پر مجبور ہیں کہ ایسا ہوا ہے۔ اگر ہوا ہے تو وہ نام بھی سامنے آنا چاہیئے کہ وہ کون حضرت ہیں۔

**جناب سپیکر۔**

کیا چوہدری محمد رفیق صاحب کے لئے یہ ضروری ہے کہ ایک معاملہ کا فیصلہ ہو جانے کے بعد بھی وہ اس معاملہ کو ٹیک اپ کریں۔ یہ نمبر ۲۶ سرفراز نواز صاحب کی

طرف سے ہے انکی طرف سے آج کی چھٹی کی درخواست آئی ہے اسلئے اسے پینڈنگ کیا جاتا ہے یہ نمبر ۲۷ جناب شفقت عباس صاحب کی طرف سے ہے۔

**ایک معزز رکن۔**

وہ تھوڑی دیر تک پہنچ جائیں گے۔

# تحاریک التوائے کار

**جناب سپیکر۔**

اسکو بھی پینڈنگ کیا جاتا ہے اب ہم تحاریک التوائے کار لیتے ہیں اس میں نمبر ۲۸ چوہدری فضل حسین راہی صاحب کی طرف سے ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب سپیکر میری ایک تحریک التوائے کار ہے میں یہ گزارش کرونگا کہ عوام کو مشکل میں پھنسے ہوئے ایک جھنجھٹ سے نکالنے کے لئے میری بھی ایک اہم تحریک التوائے کار ہے۔ اگرچہ آج اسکی باری نہیں ہے لیکن میری یہ گزارش ہے کہ رولز معطل کر کے مجھے یہ پیش کرنے کی اجازت بخشی جائے۔

**جناب سپیکر۔** یہ آپکی کونسے نمبر پر ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔** میرے پاس اس کا نمبر ۹۲ ہے۔

**جناب سپیکر۔** آپ نے ایک تحریک پیش کر دی آپ تشریف رکھیئے ہمیں اس پر غور کرنے کا موقع دیں۔ جناب راجہ صاحب آپ بھی اسکو دیکھ لیں یہ نمبر ۹۲ ہے۔ یہ وزیر آبپاشی کے متعلق ہے آپ بھی اسکو دیکھ لیں۔ یہ تحریک التوائے کار نمبر ۹۲ ہے اور رانا صاحب نے یہ تحریک پیش کر دی ہے کہ رولز کو معطل کر کے اسکو پہلے ٹیک اپ کیا جائے۔

**وزیر آبپاشی۔** جناب سپیکر یہ ہمیں آج مل رہی ہے۔ جناب والا رانا صاحب کے لئے

ہر روز قواعد کو معطل نہ کیا کریں۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی سپیکر صاحب کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ تحریک التوائے کار رانا صاحب آپکی ہے آپکو اجازت مل گئی ہے؟

**میاں عطا محمد قریشی۔**

جناب سپیکر۔ اس معاملہ میں یہ گزارش کروں گا کہ ایک تو رانا صاحب نے یہ معمول بنالیا ہے کہ جو بھی تحریک التوائے کار آتی ہے، وہ ظاہر ہے کہ مفاد عامہ سے متعلق ہوتی ہے۔ وہ چاہے پہلے آئی ہو یا چاہے بعد میں آئی ہوئی ہو ہر تحریک اپنی جگہ پر نہایت اہم اور بہت ہی ضروری ہوتی ہے۔ رانا صاحب ہر مقام پر کھڑے ہوجاتے ہیں کہ جناب یہ اہم ہے۔ اس لئے میں یہ گزارش کروں گا کہ مہربانی کر کے جیسے ہی یہ نمبر وار جارہی ہے، اسی پر ہی عمل کیا جائے۔ یہ ٹھیک ہے کہ پرسوں والی تمام تحاریک التوائے کار سے اہم تھی لیکن ہر تحریک التوائے کار اپنی جگہ پر اہم ہوتی ہے۔ آپ مہربانی کر کے ہر تحریک کو نمبر وار لیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

تو آپ حضرات کی اس بارے میں کیا رائے ہے کہ اس سلسلہ میں قواعد کو معطل کر دیا جائے۔ (تحریک نامنظور ہوئی) نہ کیا جائے۔ اچھا جی۔ اب یہ فیصلہ ہوگیا ہے رانا صاحب آپ تشریف رکھیں۔ اب تحریک التوائے کار نمبر ۲۸ ہے جناب فضل حسین راہی صاحب کی۔

**میاں افضل حیات۔** اس کو جناب پینڈنگ کر دیا جائے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

تحریک التوائے کار نمبر ۲۸ پینڈنگ ہوتی ہے۔ نمبر ۲۹ ریاض حشمت جنجوعہ صاحب کی ہے۔

# سیاسی قیدیوں کے ساتھ ناروا سلوک

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

جناب سپیکر، میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے۔ معاملہ یہ ہے کہ حال ہی میں مجھے صوبہ کی مختلف جیلوں سے خطوط موصول ہوئے ہیں۔ جن کے مطابق صوبہ پنجاب کی جیلوں میں قید سیاسی اسیروں کے ساتھ انتہائی سفاکانہ سلوک کیا جارہا ہے۔ مہلک امراض میں مبتلا سیاسی قیدیوں کو مناسب علاج معالجہ کی سہولتوں سے محروم رکھا جارہا ہے۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ سیاسی قیدیوں کو سی کلاس اور قید تنہائی میں رکھنے کے علاوہ بیڑیاں پہنادی گئی ہیں وہ لوگ ہیں جو کہ مارشل لاء کے خلاف جدوجہد کی پاداش میں فوجی عدالتوں سے سزایاب ہوئے ہیں۔ ہمارا مذہب اور قرآن کریم قیدیوں کے ساتھ حسن سلوک اور مجرموں کو معافی دینے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے مگر مارشل لاء کے قیدی جو کہ ہرگز جرائم پیشہ افراد نہیں ہیں۔ عہد غلامی سے بھی بدتر حالات کا شکار ہیں۔

سیاسی قیدیوں کے ساتھ اس ناروا سلوک۔ ان کی حالت زار کے خلاف نہ صرف ان کے اعزاء و اقارب بلکہ عام سیاسی کارکنوں میں بھی شدید غم و غصہ اور اضطراب اور تشویش پائی جاتی ہے۔ لہذا استدعا ہے کہ اس زبردست اہمیت عامہ کے حامل معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ صوبہ کے مختلف جیل خانوں سے لکھے گئے سیاسی قیدیوں کے خطوط لف ہیں۔

## جناب ڈپٹی سپیکر۔

آپ نے یہ پڑھ لی ہے۔ آپ تشریف رکھیں۔ جناب وزیر زراعت صاحب اس بارے میں کچھ فرمائیں گے۔

## وزیر زراعت۔

جناب والا۔ میں یہ عرض کروں گا کہ مجھے جنجوعہ صاحب سے ہمدردی ہے۔

اب صورت حال یہ ہے کہ اسی قسم کی ایک موشن گزشتہ اجلاس میں یا گزشتہ سے پیوستہ اجلاس میں پیش ہوئی اور وہاں پر اس امر سے متعلق کافی بحث و مباحثہ ہوا کہ سیاسی قیدیوں کی تعریف میںکون لوگ آتے ہیں۔ کیا جو لوگ فوجداری مقدمات میں ملوث ہو کر تخریب کاری جیسی لعنتوں میں ملوث ہو کر باقاعدہ قانونی عدالتوں سے جو کہ اس قانون کے تحت معرض وجود میں آئی ہیں، ان سے جو سزا یافتہ لوگ ہیں اور جو لوگ اس سزا کی پاداش میں جیلوں میں ہیں۔ انکو کس طرح سے سیاسی قیدیوں کی تعریف میں لایا جاسکتا ہے اور ان کے متعلق کس طرح سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان پر بے جا پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اور جیلوں میں ان کے ساتھ ناروا سلوک کیا جا رہا ہے۔ جہاں تک ان کے ساتھ ناروا سلوک کی بات ہے، تو میں پورے وثوق کے ساتھ اس کی تردید کرتا ہوں، کیونکہ ماسوائے اس امر کے کہ وہ اپنے اس قانون کے تحت دی گئی سزا ہی جیل میں بھگت رہے ہیں اور کوئی ایسی ناروا پابندیاں یا ایسی کوئی بات موجود نہیں ہے لیکن جناب والا۔ میں یہ بات کہنے میں حق بجانب ہوں گا کہ جو خطوط جناب جنجوعہ صاحب نے اس تحریک کے ساتھ پیش کئے ہیں اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ لیبیا سازش کیس میں دفعہ ۱۲۰ ت پ کے تحت اور اسی طرح دیگر دو تین آدمی جنہوں نے خطوط لکھے ہیں۔ وہ بھی تخریب کاری کے جرائم میں ملوث ہو کر جلاؤ گھیراؤ اور پبلک پراپرٹی کو نقصان پہنچا کر، اور ملک کے خلاف سازش کر کے اس ملک کے امن کو تہہ و بالا کر کے اور بے گناہ لوگوں کو جان سے مار کرانیوالے لوگ ہیں جو کہ سزا بھگت رہے ہیں اور مجھے حیرانی تو اس بات کی ہے کہ وہ کون سے لوگ ہیں جو کہ مارشل لاء کے خلاف جدوجہد کرتے ہوئے جیلوں میں گئے ہیں۔ کیا وہ لوگ جنہوں نے اس ملک کو تہہ و بالا کرنے کی کوشش کی۔ کیا وہ لوگ جو اس ملک کو توڑنے کے درپے ہیں، کیا وہ لوگ جو کہ اس ملک کی یک جہتی کو برداشت نہیں کر سکتے ہیں؟ کیا وہ لوگ جنہوں نے پرسو ہی ایک ایسا گھناؤنا جرم کیا ہے اور آج بھی اخبار میں آپ نے دیکھا ہو گا کہ اس لیبیا کیس میں ملوث کچھ لوگ اس کیس میں ملوث کچھ لوگ اس کیس میں ملوث ہیں اور کیا ان لوگوں کو جنہوں نے پرسوں ہی سینکڑوں لوگوں کو اس طریقہ سے مارنے کی کوشش کی اور بم کا دھماکہ کیا کیا ایسے لوگ جب جیلوں میں جائیں گے تو انکو بھی جنجوعہ صاحب کہیں گے کہ یہ سیاسی قیدی ہیں اور انکو جیل میں کیوں رکھا ہوا ہے کیا ہم لوگ یہاں اس لئے موجود ہیں کہ

ایسے تخریب کاروں اور جرائم پیشہ لوگوں کو اور جو غیر ممالک کی سازشوں کے تحت جو تخریب کاری کے جرائم میں ملوث ہو کر باقاعدہ عدالتوں سے سزا یاب ہوں۔ کیا ہم یہاں پر ان کی وکالت کرنے کے لئے منتخب ہو کر آئے ہیں اور کتنے افسوس کی بات ہے کہ پرسوں کے واقعہ کے متعلق یہاں پر ایک تحریک آئی کہ یہ سیاسی قیدی ہیں اور جنہوں نے علامہ احسان الٰہی ظہیر اور باقی کئی مقتدر شخصیتوں کی جان لی ہے یہ بھی سیاسی قیدی ہیں اور یہ بھی جمہوریت کے لئے لڑ رہے ہیں تو مجھے افسوس ہو گا کہ ہم ان لوگوں کی وکالت کے لئے یہاں موجود ہیں۔ پھر ہمیں کوئی اور کام کرنا چاہیئے اس لئے میں اس کی پر زور تردید کرتے ہوئے کہوں گا کہ آپ ان خطوط کو دیکھیں ----------

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

اس کے ٹیکنیکی پوائنٹ پر بات کریں۔

**وزیر زراعت۔**

جناب والا اس کا ٹیکنیکل پوائنٹ یہی ہے کہ ایک تو اس بات کا فیصلہ پہلے ہی ہو چکا ہے اور اس میں میرے بھائی لیہ سے بھی یہاں موجود تھے جنہوں نے کہا تھا کہ میں بھی ان ملزمان کے ساتھ جیل میں موجود تھا، میں بے گناہ ثابت ہوا اور ان پر جرائم ثابت ہوئے کہ یہ باقاعدہ تخریب کاری میں ملوث تھے اور یہ خطوط سے مترشح ہے کہ یہ باقاعدہ عدالتوں سے سزا یافتہ ہیں تو اس لئے یہ کس طرح سے بھی تحریک التوائے کار کا موضوع نہیں بن سکتا ہے ایک دفعہ پہلے اس کا فیصلہ ہو چکا ہے اور وہ جنجوعہ صاحب کے علم میں ہے کہ پہلے بھی یہ معاملہ پیش ہوا تھا کہ ایسے لوگوں کو سیاسی قیدی رکھا ہوا ہے۔ اس لئے میں اس کی تردید کرتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

اس کے RECENT OCCURRANCE کے متعلق کچھ کہیں گے۔

**وزیر زراعت** جناب والا۔ یہ بڑی واضح بات ہے کہ کافی عرصہ سے سال ۱۹۸۱ء سے یہ لوگ جیل میں ہیں اور سزا بھگت رہے ہیں اور یہ کہنا کہ یہ مارشل لاء کے لئے لڑ رہے ہیں اور قید و

بند کی صعوبتیں بھگت رہے ہیں تو ہم پھر انکے لئے مہمان نوازی کا انتظام کرتے ہیں تاکہ یہ لوگ تخریب کاری کی کارروائی جاری رکھ سکیں۔ انکا ملک و قوم پر بڑا احسان ہے اور یہ امن وعامہ میں مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔ اس لئے میں عرض کروں گا کہ نہ ہی یہ RECENT OCCCURRENCE ہے اور نہ SPECIFIC MATTER ہے اور یہ ایک عام سی بات ہے اور ایک دو خطوط کو سہارا بنا کر جو کہ خطوط بھی SELF CONFESSED ہیں کہ یہ وہ لوگ ہیں جو کہ باقاعدہ عدالتوں سے سزا یاب ہو کر قید بھگت رہے ہیں۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ معاملہ کا فیصلہ عدالت کی طرف سے ہوا ہے اور اس کے لئے اگر انکو کوئی دیگر ناروا سلوک کی بات ہے تو میں انکو یقین دلاتا ہوں۔ کہ جو قانون کے تحت ضروری ہے وہ سزا بھگت رہے ہیں اور نہ ہی ان پر کوئی دیگر پابندی ہے اور نہ ہی جو یہ کہتے ہیں کہ اس سے سارا ملک لرز رہا ہے کہ انکو جو سزائیں دی گئی ہیں تو اس میں ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے کہ یہاں پر اتنا لرزہ طاری ہو لوگوں پر اور اسمبلی پر یا باہر لوگوں میں، ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے۔ اس لئے یہ موضوع بحث تحریک التوائے کار کا نہیں بن سکتا ہے۔ اور یہ مسئلہ ۱۹۸۱ء سے چل رہا ہے، اسلئے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ کوئی نہیں ہو سکتا۔ یہ تخریب کاری ہے۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** اب جنجوعہ صاحب کیا فرماتے ہیں؟

**وزیر زراعت۔** جناب والا معزز رکن نے تحریک پیش کی اس کا جواب دے دیا گیا اب آپ اس پر فیصلہ فرمائیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** میں معزز رکن سے یہ پوچھنا چاہتا تھا کہ وزیر موصوف کی یقین دہانی کے بعد اب اس کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟

**وزیر زراعت۔** نہیں جناب یہ بات نہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

آپ یہی فرما رہے ہیںکہ سیاسی قیدیوں کے ساتھ قانون کے مطابق برتاؤ ہو رہا ہے۔

**وزیر زراعت۔**

جناب والا یہ تو سیاسی قیدی نہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

سزا یافتہ قیدی ہیں اور ان کے ساتھ قانون کے مطابق برتاؤ ہو رہا ہے۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

جناب سپیکر میں صرف اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ جس لیبیا سازش کیس کا جناب وزیر موصوف نے ذکر کیا ہے۔۔۔

**میاں ڈپٹی سپیکر۔**

آپ صرف اس بات کا جواب دیں۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

جناب والا ان کی باتوں کا جواب دینے کا تو مجھے حق حاصل ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

ان باتونکا جواب دینے کا حق آپ کو اس وقت نہیں۔ آپ صرف یہ فرمائیں

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

جناب والا آپ مجھے تھوڑی سی بات تو کہنے دیں، یہ بات بھی ریکارڈ پر آنی چاہیئے انہوں نے جو ذکر کیا ہے کہ وہ افراد سازشوں تخریب کاری میں ملوث تھے۔ جناب والا لیبیا سازش کیس میں کچھ لوگ سزا یاب ہوئے۔ لیبیا سازش کیس کی سرغنہ ڈاکٹر کنیز

یوسف صاحبہ کی عدم موجودگی میں انہیں چودہ سال قید بامشقت کی سزا مارشل لاء کی عدالت سے ہوئی اور جب وہ ملک واپس تشریف لائیں تو انہوں نے خواجہ خیرالدین کی مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کرلی اور اسطرح ان کی تمام سزا معاف کر دی گیئ اور ان کو محب وطن قرار دای گیا تو جناب سپیکر ظاہر ہے کہ جب تک ان کی ہمدردیاں پیپلز پارٹی کے ساتھ تھیں تو ان کو، ان کی عدم موجودگی میں سزا دی گئی اور جب وہ ملک میں واپس آ گئیں اور حکومت کی منشاء کے مطابق خواجہ خیرالدین کی مسلم لیگ میں شامل ہوئیں تو ان کی تمام سزائیں ، تمام خطائیں معاف کر دی گئیں ۔ اس بات سے ظاہر ہوتا ہے کہ جن لوگوں کو جیلوں میں رکھا گیا ہے ان کو سیاسی اختلافات اور مارشل لاء کی مخالفت کی بنیاد پر مارشل لاء کی عدالتوں سے سزائیں دی گئی ہیں ۔ اسلئے وہ لوگ اس لحاظ سے قابل تحسین ہیں ۔ میں ان کو تحسین پیش کرتا رہوں گا ۔ جناب سپیکر جہاں تک تخریب کاری کا تعلق ہے جناب وزیر زراعت نے فرمایا ہے کہ ابھی پرسوں ان لوگوں نے تخریب کاری کی ہے ۔ جناب والا پرسوں کی تخریب کاری چوھدری صاحب کے کھاتے میں جائے گی اور انشاء اللہ جب یہ سزا یاب ہونگے تو مجھے ان کے ساتھ بھی اسی طرح ہمدردی ہو گی ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر ۔**

تو آپ یہ تحریک التواء WITHDRAW کرتے ہیں؟

**وزیر زراعت ۔**

جناب والا یہ کہنا کہ وہ خواجہ خیرالدین گروپ میں شامل ہو کر ہمارے ساتھ شامل ہوگئے ہمارا ان کے گروپ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر ۔**

کیا آپ اپنی تحریک کو WITHDRAW کرتے ہیں؟

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ ۔**

جناب والا میں قطعاً WITHDRAW نہیں کرتا ان کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ تحریک التواء رولز کے مطابق نہیں اور نہ ہی یہ کسی مخصوص واقعہ کے متعلق ہے اور نہ ہی یہ URGENT MATTEER ہے اس لئے میں اسے RULE OUT کرتا ہوں۔

**چوھدری گل نواز خان وڑائچ۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا رولز آف پروسیجر ۷۶ (اے) کے تحت کسی بھی دن ایک سے زیادہ تحریک التوائے کار پیش نہیں ہو سکتی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

چوھدری صاحب اس پر فیصلہ ہو چکا ہے آپ تشریف رکھیں اور وہ پیش کر سکتے ہیں۔

**چوھدری گل نواز خان وڑائچ۔**

جناب والا میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ تھا کہ ۔۔۔۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

میں آپ کے پوائنٹ آف آرڈر کا جواب دے رہا ہوں کہ وہ تحریک پیش کر سکتے ہیں ان کو اجازت ہے آپ تشریف رکھیں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب یہ فیصلہ کب ہوا ہے؟

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

اس کے متعلق پہلے رولنگ آ چکی ہے اور اس کے متعلق بحث بھی ہوئی تھی رانا صاحب آپ تھوڑا سا ماضی کی طرف چلے جائیں تو آپ کو شاید یاد آ جائے گا اس کے متعلق پہلے ہی رولنگ آ چکی ہے اور فیصلہ ہو چکا ہے۔ آپ تشریف رکھیں۔

**رانا پھول محمد خان۔** جناب والا کس طرح رولنگ آ گئی ہے۔ آپ اس کے متعلق

کچھ فرما سکیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔

میں یہ عرض کر چکا ہوں کہ اس کے متعلق پہلے فیصلہ ہو چکا ہے اسلئے رانا صاحب آپ تشریف رکھیں۔ میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

# ضلع جھنگ کے کاشتکاروں میں احساس محرومی

میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

جناب سپیکر میں یہ تحریک پیش کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری مسئلہ کو زیر بحث لانے کیلئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کی جائے مسئلہ یہ ہے کہ ضلع جھنگ میں اسلام آباد کے متاثرین کو زمینیں الاٹ کی جا رہی ہیں اور اس مقصد کیلئے زمینوں پر قابض ان مقامی کاشت کاروں کو بے دخل کیا جا رہا ہے جن کے آباؤاجداد نے شب و روز کی مشقت اور اپنی ایک نسل کی قربانی دے کر اپنی زمینوں کو آباد کیا۔ حتیٰ کہ ان کے باپ دادا کی قبریں اور ان کے رہائشی مکان بھی اسلام آباد کے متاثرین کو الاٹ کر دیئے جاتے ہیں۔ حکومت کا یہ اقدام آئین پاکستان کی روح۔ حکمت عملی کے اصولوں اور قرآن و سنت کے منافی ہے۔ ایک حدیث مبارکہ ہے کہ مردہ یعنی غیر آباد زمین کو جو بھی زندہ یعنی آباد کرتے ہے وہی اس کا مالک بن جاتا ہے۔ مگر مقام افسوس ہے کہ اسلام آباد کے متاثرین کے بسانے کیلئے جھنگ کے ان کاشتکاروں کو اجاڑا جا رہا ہے جنہوں نے نہ صرف یہ کہ نہری علاقوں بلکہ تھل کے بے آب و گیاہ قطعات اراضی کو اپنا خون دے کر آباد کیا اسلام آباد وفاقی دارالحکومت ہے اور کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی متاثرین سے جو اراضی حاصل کرتی ہے۔ اسے قومی ضرورت کے علاوہ چاروں صوبوں کے بیورو کریٹس۔ ارسٹو کریٹس اور مراعات یافتہ سیاست دانوں کو رہائشی پلاٹوں کی شکل میں الاٹ کرتی ہے۔ مگر اس کے بدلے میں صرف پنجاب کی زمین، متاثرین اسلام آباد کو الاٹ کی جا رہی ہے اور

وہ بھی زیادہ تر ضلع جھنگ سے ۔ متاثرین اسلام آباد کی ضلع جھنگ میں مسلسل آباد کاری کے سبب جھنگ کے ہزاروں کاشت کاروں کا مستقبل مخدوش ہو گیا ہے اور تاحال اسلام آباد سے الاٹمنٹ کا سلسلہ جاری ہے ۔ ان حالات میں ضلع جھنگ کے کاشتکاروں میں احساس محرومی، خوف و اضطراب، بے چینی و تشویش کا پیدا ہونا ایک فطری عمل ہے، لہذا استدعا ہے کہ اس زبردست اہمیت عامہ کے حامل معاملہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی کو ملتوی کیا جائے ۔

**وزیر کالونیز** ۔ جناب سپیکر میں اس تحریک کو قانونی طور پر اور FACTS پر OPPOSE کرتا ہوں ۔ جہاں تک حقائق کا تعلق ہے ۔ میرے معزز دوست نے یہ کہا ہے کہ ہم ان کاشت کاروں کو بے دخل کر کے اسلام آباد کے متاثرین کو الاٹ کر رہے ہیں ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ اسلام آباد کے متاثرین کی سکیم ۱۹۶۵ء میں شروع ہوئی اور اس وقت کی مرکزی حکومت کا صوبائی حکومت کے ساتھ ایک معاہدہ ہوا اور اس کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ وہ لوگ جو اسلام آباد سے متاثر ہوئے ۔ ان کو ہم پنجاب اور سندھ میں، جناب والا اس وقت مغربی پاکستان تھا، اسوقت پنجاب اور سندھ کا معاملہ نہیں تھا ۔ ہم ان کو آباد کریں گے ۔ یہ سکیم ۱۹۶۵ء سے شروع ہوئی اور اس وقت سے حکومت نے ان متاثرین کو اوکاڑہ، ساہیوال، خانیوال، وہاڑی اور ملتان کے اضلاع میں بے شمار زمین الاٹمنٹ کر چکی ہے اور اس معاہدہ کے تحت الاٹمنٹ کر چکے ہیں جس کے تحت مرکزی حکومت کا ہمارے ساتھ معاہدہ ہوا تھا جبکہ جھنگ میں یہ سکیم ۱۹۷۱ء میں شروع کی تھی اور یہ آج سے نہیں بلکہ ۱۹۷۱ء سے شروع ہے ہم کو ایسے CLAIMANT کو جو اسلام آباد سے آتے ہیں ان کو ان اضلاع میں تقسیم کرنے کے بعد ضلع جھنگ میں ۱۹۷۱ء سے آباد کرنا شروع کیا ہے اور ہم ان کو وہ زمین دے رہے ہیں جو کہ گورنمنٹ کی خالی زمین ہے یا وہ زمین ہے جس کو ہم نے عارضی کاشت کیلئے دیا ہے، عارضی کاشت کیلئے آپ ان لوگوں کو دیتے ہیں جو کاشت کار ہیں جن کے پاس زمین چار ایکڑ یا چار ایکڑ سے کم رقبہ ہے لیکن اس شرط کے تحت ہم ان سے پہلے معاہدہ کرتے ہیں اور اس قانون اور ضابطہ کے تحت ہم ان سے یہ معاہدہ کرتے ہیں کہ جب بھی حکومت کو کسی مقصد کیلئے زمین کی ضرورت پڑے گی ہم ان سے یہ زمین واپس لیں گے اور اس معاہدہ پر ان کاشت کاروں کے دستخط ہوتے ہیں اور اس کے بعد ان کو یہ زمین دی جاتی ہے ۔ اور ہم شیڈول

بناتے وقت بیشمار زمین اس میں EAR MARK کرتے ہیں۔ ہم نے جھنگ میں ۱۔ لاکھ ۲۷ ہزار ایکڑ رقبہ EAR MARK کیا ہوا ہے لیکن لوگوں کی سہولت کے لئے ہم یہ اراضی ان کو عارضی کاشت کے لئے دے دیتے ہیں اور اس وقت تک ان سے یہ زمین نہیں لیتے جس وقت تک کہ ہمیں اس زمین کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس میں ہم نے قانونی چارہ جوئی کا اہتمام بھی کیا ہے۔ اگر کسی کے خلاف کسی وقت کوئی قانونی خلاف ورزی ہوئی ہے تو ان کاشتکاروں کو اجازت ہے کہ وہ کلکٹر کے پاس اپیل کر سکتے ہیں۔ وہ کمشنر کے پاس اپیل کر سکتے ہیں۔ پھر وہ بورڈ آف ریونیو کے پاس آتے ہیں۔ پھر وہ ہائیکورٹ کے پاس جاتے ہیں۔ اور ان کو یہ قانونی چارہ جوئی حاصل ہے ہم کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کر رہے ہیں بلکہ ان لوگوں کے ساتھ اس گورنمنٹ کے معاہدہ کو ہم پورا کر رہے ہیں۔ اور ہم کسی کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں کر رہے ہیں۔ یہ تو ہے حقائق کی بات، جو میرے دوست نے کہا کہ ہم لوگوں کو وہاں سے سزبردستی بے دخل کر رہے ہیں بلکہ وہاں کی ناکارہ زمین جو ہے اس کی الاٹمنٹ ہو رہی ہے ایک طرف تو یہ کہہ رہے ہیں اور دوسری طرف متاثرین جو ہیں وہ خود اعتراض کر رہے ہیں کہ یہ زمین اتنی ناکارہ ہے کہ ہم اس کو نہیں لینا چاہتے تو میرے دوست یہ کیسے کہہ رہے ہیں کہ ہم وہاں کی آباد زمین سے ان کو نکال کر متاثرین کو وہاں پر آباد کر رہے ہیں یہ بالکل حقائق کے خلاف ہے۔ جہاں تک قانونی پہلو کی بات ہے اس میں قانونی سٹم یہ ہے کہ یہ تحریک التوائے کار قاعدہ ۶۷ کے تحت آتی ہے اور میں یہاں پر قاعدہ ۶۷ کا حوالہ دوں گا کہ

Rule 67 (b). The motion shall relate to a single specific matter of recent occurrence;

یہ سکیم سال ۱۹۶۵ء سے شروع ہے اور ضلع جھنگ میں ۱۹۷۱ء سے شروع ہے اس لئے میں مؤدبانہ گزارش کروں گا کہ

It is not a recent occurrence.

اس کو خلاف ضابطہ قرار دیا جائے۔ یہ قانون کے خلاف ہے اور حقائق کے بھی خلاف ہے اور گورنمنٹ اپنی زمین ایک معاہدے کے تحت دیتی ہے اور پھر اس کے بعد ان شرائط کے تحت ان سے واپس لے لیتی ہے۔ اگر ان کو کوئی ایسا اعتراض ہے تو قانونی چارہ جوئی

دستیاب ہے۔ وہ اپیل کر سکتے ہیں اور اپنا حق منوا سکتے ہیں۔ میں یہ درخواست کروں گا کہ اس کو خلاف ضابطہ قرار دیا جائے۔

## جناب ڈپٹی سپیکر۔

جنجوعہ صاحب کیا آپ کچھ فرمانا چاہیں گے؟

## میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔

جناب والا، جناب وزیر نو آبادیات نے بڑی تفصیل کے ساتھ میری اس تحریک التوائے کار کے بارے میں اظہار خیال کیا ہے۔ میں ان کی خدمت میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ یہ سکیم ضلع جھنگ میں ۱۹۷۱ء میں شروع کی گئی تھی یہ عین ممکن ہے کہ ان کی یہ بات درست ہو کیونکہ یہ جو شیڈول ہے یہ ۱۹۷۱ء میں تیار کیا گیا ہو گا لیکن ضلع جھنگ میں الاٹمنٹ کا سلسلہ اب شروع ہوا ہے اور شیڈول تیار کرتے وقت محکمہ مال یا محکمۂ نو آبادیات نے اس بات کا قطعی طور پر کوئی خیال نہیں رکھا جیسا کہ میں نے اپنی تحریک میں ذکر کیا ہے کہ لوگوں کی آباد بستیاں بھی اسلام آباد والوں کو الاٹ کی جا رہی ہیں، ان کے قبرستان بھی اسلام آباد والوں کو الاٹ کئے جا رہے ہیں اور اسلام آباد والے قطعاً بسنے کے لئے وہاں نہیں آتے بلکہ انہوں نے اس کو ایک کمائی کا ذریعہ بنا لیا ہے اور وہ لوگوں کے پاس آتے ہیں سودا بازی کرتے ہیں پیسے وصول کرتے ہیں اور پھر واپس چلے جاتے ہیں۔ جناب والا میرا استدلال یہ ہے کہ اسلام آباد میں جو زمین لوگوں کو الاٹ کی جا رہی ہے وہ مراعات یافتہ لوگوں کو، بڑے بڑے سیاستدانوں کو پلاٹوں کی شکل میں الاٹ کی جا رہی ہے۔ وہ بڑے بڑے لوگوں کو پارلیمنٹیرین کو آباد کرنے کے لئے الاٹ کی جا رہی ہے۔ جناب والا ضلع جھنگ کے غریب کاشتکاروں کو جن کے باپ دادا نے محنت مشقت کر کے اپنی زندگیوں کی قربانیاں دے کر ان بے آب و گیاہ، قحط زدہ قطعات زمین کو آباد کیا ان کو کس جرم کی سزا دی جا رہی ہے ان کو کیوں بیدخل کیا جا رہا ہے۔ میرا استدلال اس مسئلے میں یہ ہے۔

## جناب ڈپٹی سپیکر۔

ریاض حشمت جنجوعہ صاحب جہاں تک آپ کے واقعہ کا تعلق ہے تو ہمیں

آپ سے بالکل ہمدردی ہے لیکن آپ کی تحریک التواء کے بارے میں، میں یہ معذرت کے ساتھ عرض کروں گا کہ یہ رولز کے مطابق نہیں ہے یہ معاملہ ۱۹۷۱ء سے چل رہا ہے۔ یہ حالیہ واقعہ کا معاملہ نہیں ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کا تعلق حکومت کی پالیسی سے ہے اور پالیسی کو تحریک التوائے کار میں زیر بحث نہیں لایا جاسکتا اس لئے میں آپ کی اس تحریک التواء کو خلاف ضابطہ قرار دیتا ہوں۔ اب تحریک التواء کا وقت ختم ہونا ہے۔

**وزیر مال۔** جناب سپیکر میری تحریک التواء کو بھی لے لیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** جناب وقت ختم ہوگیا ہے۔

**وزیر مال۔** جناب ایک منٹ کا کام ہے اجازت دے دیجیئے۔

**رانا پھول محمد خان۔**
جناب سپیکر میری تحریک التوائے کار نہایت اہم ہے اس کو بھی لے لیا جائے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**
رانا صاحب میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہتا تھا کہ آپ پہلے فرما رہے تھے کہ میں آپ کی یادداشت کو تازہ کرنا چاہتا ہوں کہ تحریک التواء کے متعلق یہ فیصلہ ہوچکا ہے کہ جس تحریک التواء کو یہ ہاؤس بحث کے لئے منظور کر لے تو وہ محرک ایک ہی تحریک التواء پیش کرسکتا ہے اور جس کے متعلق یہ فیصلہ نہ ہو وہ ایک سے زیادہ بھی پیش کرسکتا ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔**
میری تحریک التوائے کار نہایت اہم ہے اور اس ہاؤس کے تمام ارکان اس پر رضامند ہیں کہ اس کو زیر بحث لایا جائے اس سے زمیندار ان اور مزارعین دونوں میں بے

چینی پھیلی ہوئی ہے۔ہمارے گلے پر چھری چل رہی ہے۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ اس کو پیش کرنے کی آپ اجازت دیں۔

## جناب ڈپٹی سپیکر۔

اس کی ہاؤس نے اجازت نہیں دی میں نے تو پوچھا تھا۔ مجھے تو کوئی اعتراض نہیں تھا لیکن ہاؤس نے اجازت نہیں دی اس لئے میں معذرت خواہ ہوں۔

## رانا پھول محمد خان۔

جناب آپ نے ہاؤس سے اجازت مانگی نہیں اگر جناب ناراض نہ ہوں تو جناب نے ہاؤس سے "ہاں" اور "نہ" نہیں کرائی بلکہ چند دوستوں سے کرالیا ہے کہ "نہیں" ۔ یا تو جناب کو اس کا تجربہ نہیں تھا کہ ہاؤس سے اجازت کیسے لی جا سکتی ہے اور یا جناب کو یاد نہ رہا اور یا جناب کی نظر گئی بائیں طرف، دائیں طرف والوں کو آپ نے پوچھا ہی نہیں ۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ ان تمام باتوں کو نظر انداز کرتے ہوئے آپ قواعد معطل کر کے میری اس تحریک التوائے کار کو زیر بحث لانے کی اجازت فرمائیں۔

## جناب ڈپٹی سپیکر۔

رانا صاحب آپ پہلے تشریف رکھیں۔ پہلی بات تو یہ ہے۔ پھر میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے یہ ماننے میں انکار نہیں ہے کہ میرا تجربہ اس معاملے میں آپ کی نسبت بہت کم ہے لیکن مجھے اس بات پر بڑا فخر ہے کہ اپنا تجربہ کم ہونے کے باوجود بھی میں رولز اور پروسیجر کو اختیار کرتا ہوں اور آپ اس کی بالکل پرواہ نہیں کرتے۔ حالانکہ آپ کا تجربہ بولنے میں بھی بہت زیادہ ہے اور ہمیں آپ سے کچھ سیکھنا چاہیئے لیکن آپ ہمارے استادی کے فرائض سرانجام دینے کی بجائے ہمارے لئے ایسی نشانیاں قائم کرتے ہیں جن کو ہم اختیار نہیں کر سکتے۔

## رانا پھول محمد خان۔

پھر میں آپ کے رویے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اپنی یہ تحریک

التوائے کار کو واپس لیتا ہوں۔ یہ صرف میری نہیں ہے۔ ان سب کی ہے۔ اگر یہ اپنے گلوں پر چھری چلوانا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے۔ جہاں تک تجربے کا تعلق ہے تو وہ لفظ بھی میں واپس لیتا ہوں اگر وہ لفظ میں نے کہے ہیں لیکن میں یہ گزارش کروں کہ ہم یہ تحریک التوائے کار انشاء اللہ اس وقت پیش کریں گے جب آپ نہ ہوں گے تو پھر یہ ممکن ہے کہ عمل ہو جائے۔ ممکن ہے آپ نے ہی چھری چلوائی ہو ان زمینداروں پر۔۔۔۔۔۔۔

## جناب ڈپٹی سپیکر۔

ہاؤس سے پوچھ لیں یہ اگر اجازت دیتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں۔ انہوں نے اجازت نہیں دی۔

## رانا پھول محمد خان۔

وہ وقت تو تب آئے گا کہ اگر آپ کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پیش ہو سکتی ہو تو میں وہ بھی ووٹنگ کروا سکتا ہوں آپ فرما دیجیئے کہ آپ کے رولز میں اگر ایسی کوئی گنجائش ہے۔

## جناب ڈپٹی سپیکر۔

تو کل آپ کی باری آجائے گی کوئی ایسی بات نہیں رانا صاحب آپ کیوں گھبراتے ہیں۔ اب وقت ختم ہو گیا ہے۔

## رانا پھول محمد خان۔

میں آپ کے رویے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے اس کو واپس لیتا ہوں۔ آپ ایک زمیندار ہیں صرف ڈپٹی سپیکر ہی نہیں۔ وہاں پر جا کر آپ نے ہل چلانا ہے۔ آپ ہمارے بھائی ہیں۔ یہ آپ کا مسئلہ ہے اور ہمارا مسئلہ ہے۔

# مجلس خصوصی کی رپورٹ پیش کرنے کی میعاد میں توسیع

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

بالکل مجھے اس سے انکار نہیں۔ آپ تشریف رکھیے۔

**وزیر قانون۔**

میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ۔

"تحریک استحقاقات نمبر ۲، ۳، ۱۳ کے بارے میں مجلس خصوصی کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی مدت میں ۳۰۔ اپریل تک توسیع کر دی جائے۔"

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

"کہ تحریک استحقاقا نمبر ۲۔ ۳۔ ۱۳ کے بارے میں مجلس خصوصی کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی مدت میں ۳۰ اپریل تک توسیع کر دی جائے۔"

(تحریک منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

اب امن عامہ پر بحث ہو گی۔

**وزیر مال۔**

جناب والا میں نے گزارش کی تھی کہ ۳۲ نمبر کی تحریک التوائے کار کو زیر بحث فرمالیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

میں معذرت کے ساتھ عرض کروں گا کہ اس کا وقت ختم ہو چکا ہے انشاء اللہ لگلے دن س کی باری آئے گی۔

# مجلس قائمہ برائے مال کی رپورٹ کی میعاد میں توسیع

**جناب پیٹر گل۔**

جناب سپیکر میں ایک تحریک پیش کرنا چاہتا ہوں کہ۔ "مسودہ قانون (ترمیم) مالیہ اراضی پنجاب بابت ۱۹۸۵ء کے بارے میں مجلس قائمہ برائے مال کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی میعاد میں مورخہ ۳۰۔ جولائی ۸۷ء تک توسیع کی جائے۔"

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

ایوان کو منظور ہے۔

(تحریک منظور ہوئی)

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

"کہ مسودہ قانون (ترمیم) مالیہ اراضی پنجاب بابت ۱۹۸۵ء کے بارےمیں مجلس قائمہ برائے مال کی رپورٹ ایوان میں پیش کرنے کی میعاد میں مورخہ ۳۰ جولائی ۸۷ء تک توسیع کی جائے۔"

(تحریک منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

آج کا دن تو مقرر ہوا تھا وقت کا تعین بھی ہو جائے گا۔

**چوہدری محمد افضل چن۔**

جناب سپیکر، میری گزارش یہ ہے کہ رانا صاحب نے جو تحریک پیش کی ہے اس کی اجازت فرمائی جائے کیونکہ وہ ہم سب کا اہم مسئلہ ہے وائیں صاحب کو تو اس کی

ضرورت نہیں لیکن ہمیں ضرورت ہے۔ لوگوں نے ہمیں اسمبلیوں میں کس لئے بھیجا ہے
۔ رانا صاحب کی تحریک سب سے اہم ہے۔ آپ مہربانی فرمائیں اور اس تحریک کو پیش
کرنے کی اجازت دیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

حاجی صاحب گزارش یہ ہے -----

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا، گزارش یہ ہے کہ میں آپ کے رویہ کے خلاف احتجاجاً اپنی تحریک
واپس لے چکا ہوں ۔ اس پر اب بحث نہیں ہو سکتی ۔ میں نے اب واپس لے لی ہے۔
سب ذبح ہوں۔ مجھے کیا ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

آپ کی مہربانی ہے۔ جی میاں صاحب فرمائیے۔

**ملک ممتاز احمد خاں۔**

میری گزارش یہ ہے کہ یہ جو ہم امن و امان کی صورت حال پر بحث کر رہے
ہیں۔ ہونا یہ چاہیئے کہ پہلے گورنمنٹ کی طرف سے کوئی بات کی جائے کہ صوبے کے یہ حالات
ہیں پھر اس پہ بحث کی جائے۔ ہم کس بات پہ بحث کریں۔

## امن عامہ پر بحث (جاری)

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

صوبے میں حالات کے بارے میں آپ کو اچھی طرح سے علم ہے۔ عام طور
پر روایت یہی ہے کہ پہلے اپوزیشن والے بحث کرتے ہیں اور پھر گورنمنٹ اپنا نقطہ نظر
بیان کرتی ہے۔ جی میاں صاحب فرمائے۔

**میاں محمد اسحاق۔**

میرے دوست فرمارہے ہیں کہ پہلے گورنمنٹ کا نقطہ نظر پیش ہونا چاہیے تو

میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اخبارات میں آئے دن امن عامہ کی صورت حال کے بارے میں خبریں آرہی ہیں کیا میرے فاضل دوست ان سے آگاہ نہیں۔ حکومت کے انتظامات کے متعلق مداخلت ہو رہی ہے، ڈاکے پڑ رہے ہیں، چوریاں ہو رہی ہیں۔ کیا آپ اس سے بھی زیادہ جاننا چاہتے ہیں۔ کیا آپ ان سے آگاہ نہیں اگر آپ اس سے آگاہ نہیں ہیں تو میرا خیال ہے آپ کو اپنے آپ سے محبت ہے۔ عوام کی ذات سے محبت نہیں ہے۔ آپ یہ دیکھیں کہ حکومت کی طرف سے کونسی کمی باقی رہ گئی ہے کہ ان کی طرف سے کوئی اور چیز پیش ہونی ہے جس پہ ہم اور غور کر سکیں۔ میرا خیال ہے کہ روزانہ کی اخبارات حکومت کی کارروائی پیش کر رہی ہیں وہ ہاؤس کی آگاہی کے لئے کافی ہے۔ حکومت کی کارکردگی جو روزانہ ہم اخبارات میں پڑھتے ہیں اس سے زیادہ حکومت اور کیا کر سکتی ہے۔ اسی ضمن میں ہم نے امن عامہ پہ بحث کرنی ہے اور اسی پہ ہم نے بتانا ہے کہ لاہور میں ایک رات ۱۸ ڈاکو ساری رات لاہور کو لوٹتے رہے اور کسی کو یہ پتہ نہیں چلا اور اگر کسی کو اطلاع ملی ہے تو ساری رات سوتا رہا اور کسی نے کسی کو روکا تک نہیں۔ اب اس کے علاوہ گورنمنٹ ہمیں کیا پیش کرے گی۔

جناب سپیکر، میں کل یہ عرض کر رہا تھا کہ جہاں تک امن عامہ کا تعلق ہے اس میں جو عوامل شامل ہیں ہم نے پہلے ان کا تجزیہ کرنا ہے۔ موجودہ حکومت پنجاب جب سے برسر اقتدار آئی ہے اس وقت سے لے کر اب تک ان عوامل کی چھان بین کرنے میں کس حد تک کوشش کی ہے۔ ان عوامل کے بارے میں میں ایک ایک کر کے اپنے خیالات کا اظہار کروں گا۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر، اگر یہ ہاؤس امن عامہ پر بحث سننے کے لئے تیار نہیں اور حکومت کے وزراء کرام ہماری بات پر غور کرنے کے لئے تیار نہیں تو ہم سمجھتے ہیں کہ ان باتوں کا یہاں بیان کرنے کا کوئی مقصد نہیں ہے اور ہمارے پاس بھی کوئی فضول وقت نہیں ہے اگر حکومت ہماری باتیں سننے یا اس پر غور کرنے کے لئے تیار نہیں۔ اگر یہ چاہتے ہیں کہ ہم ان کے سامنے کچھ تجاویز رکھیں اور یہ ان پر غور کریں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** آرڈر پلیز۔۔۔۔۔

میاں صاحب آپ اپنی باتیں جاری رکھیں۔ وہ لوگ آپ کی باتیں سن رہے ہیں اور انشاءاللہ ان پر غور بھی ہو گا۔

## میاں محمد اسحاق۔

جناب سپیکر، سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارے صوبہ پنجاب میں زیادہ تر جھگڑے زمین کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ تین چیزیں یعنی زن، زر، زمین ایسے عوامل ہیں کہ جن پر ہمیں از سر نو اپنے قوانین مرتب کرنے ہوں گے۔ آپ زمین کے جھگڑے دیکھیں۔ عدالتیں زمین کے مقدمات سے بھی پڑی ہیں۔ ہمارے ملک میں اور صوبہ پنجاب میں جو فرسودہ نظام چل رہا ہے یہ آج سے تقریباً سو سال پہلے کا ہے اور یہ وہی نظام ہے جو انگریز نے ہمیں دیا تھا اسی کے مطابق ہم اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ چہ جائیکہ اس کو از سر نو مرتب کیا جائے۔ اس کی چھان بین کر کے اس کی خامیوں کو دور کریں اور اس میں کچھ اور اچھائیاں مرتب کریں۔ ہم نے اس کی طرف کبھی نہیں سوچا۔ ہم نے صرف یہ سوچا کہ حکومت ملی اور اپنے چند سال گزارے اور اس کے بعد اسی حالت میں عوام کو چھوڑ دیا۔

جناب والا، زمین کے سلسلہ میں میں عرض کروں گا کہ ہم کروڑوں روپے کی زمین کا ریکارڈ پٹواریوں کے حوالے کر دیتے ہیں اور اگر اس کی تنخواہ اور اس کی ذمہ داری کا آپ اندازہ کریں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ ہم نے اس کو جو یہ فرائض دیئے ہیں وہ اتنے بڑے ہیں کہ لاکھوں کروڑوں روپے کی زمین کا اس کے پاس ریکارڈ ہے اور اس کی تنخواہ کتنی کم ہے لہذا اگر وہ ریکارڈ میں تبدیلی کر کے دوسرے کے نام پر اندراج کر دیتا ہے اور اس سے فریقین میں لڑائی پیدا ہوتی ہے جو برسہا برس چلتی ہے اور یہی لڑائی امن عامہ کا باعث بنتی ہے بلکہ ان لڑائیوں کی وجہ سے کئی خاندان نیست و نابود ہو چکے ہیں اور ابھی تک ان کی آپس کی لڑائیاں جاری ہیں۔ زمین کی وجہ سے لڑائی طول پکڑتی ہے اور عدالتوں میں ان کے فیصلے نہ ہونے کی وجہ سے برسہا برس تک مقدمے زیر سماعت رہتے ہیں۔ موجودہ حکومت پنجاب جب معرض وجود میں آئی تو اس کو چاہیے تھا کہ جیسے آج کل کے دور میں ہر چیز کمپیوٹرائز ہو رہی ہے زمین کے ریکارڈ کو بھی کمپیوٹرائز کیا جاتا۔ یا ایسے ذمہ دار افسر کے پاس یہ ریکارڈ چھوڑا جاتا کہ جس سے ہمیں امید ہوتی کہ اس سے ردو بدل نہیں ہو گا۔ ہم یہ

دیکھتے ہیں کہ اتنی اہم ذمہ داری کتنے چھوٹے عملہ کے سپرد کی گئی ہے اور جتنی چھوٹی ڈیوٹی ہے وہ بڑے افسر کے سپرد کی گئی ہے۔ اگر تنخواہوں اور سہولیات کا اندازہ لگایا جائے تو پتہ چلے گا کہ وہ بڑے افسروں کو دی گئی ہیں اور اگر ذمہ داری کا اندازہ لگایا جائے تو پتہ چلے گا کہ وہ تمام کی تمام چھوٹے عملہ کے سپرد کی گئی ہیں۔ یہ بھی لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ پیدا کرنے کا ایک عنصر ہے۔ اس لئے ہمیں امن عامہ کی صورت حال بحال رکھنے کے لئے ان چیزوں کی بھی چھان بین کرنا ہوگی۔ محکمہ مال کی از سر نو تنظیم ہونی چاہیے تاکہ جو ریکارڈ میں آسانی سے تبدیلیاں ہوتی ہیں ان کا ازالہ کیا جاسکے۔ اس طرح امن عامہ بحال رکھنے میں ہمیں سہولت مل سکے گی۔

اس کے بعد جناب والا، آپ دیکھیں پنجاب میں اکثر جو عورتوں کے اغواء ہوتے ہیں ان کا بھی برس ہا برس تک کوئی فیصلہ نہیں ہوتا۔ کسی کو سزا نہیں ملتی۔ عورتوں کے مقدمات سے خاندانوں میں جو جھگڑے ہوتے ہیں اور قتل وغارت ہوتی ہے۔ یہ معاملات بہت طوالت پکڑ جاتے ہیں۔ صحیح فیصلے نہ ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے کا قتل خاندانی رنجش بن جاتا ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

میں معزز ممبران سے التماس کروں گا کہ وہ وزیر صحت کو اتنا پریشان نہ کریں۔ ان کی صحت پہلے ہی خراب ہے اور وہ کافی دنوں کے بعد تشریف لائے ہیں اور ایسا نہ ہو کہ وہ پھر گھبرا کر ہم سے روٹھ جائیں اور ہمیں ان کی شکل وصورت دیکھنے کا موقع نصیب نہ ہو۔ اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ تھوڑا سا ان کی صحت کا خیال رکھیں۔

**جناب غلام حیدر وائیں۔**

جناب سپیکر، ہم دعا گو ہیں کہ وزیر صحت کی صحت بحال رہے۔

**میاں محمد اسحاق۔**

جناب والا میں عرض کر رہا تھا کہ جو اغواء کے کیس ہیں ان کی طرف بھی ہمیں اپنی توجہ دینی چاہیے اور مجرموں کو سمری ٹرائل کر کے فوراً سزا دینی چاہیے تاکہ یہ عبرتناک سزا لوگوں کیلئے سبق آموز ہو جب تک ہم سمری ٹرائل کر کے جلد از جلد سزا دینے

پر فیصلے نہیں کریں گے اس وقت تک ہمارے امن عامہ کی کوئی صورت حال سدھرتی ہوئی نظر نہیں آئے گی۔ امن عامہ کی صورت حال میں یہ بھی ایک معاملہ ہے جس میں ہمارا پنجاب شامل ہے۔ عورتوں کے کیسوں کی طرف حکومت کو خاص توجہ کرنی چاہیے اور سمری ٹرائل کرتے ہوئے مجرموں کو فوری سزا دینی چاہیے۔

جناب والا اس ملک میں رشوت کا رجحان بڑھ رہا ہے جس سے امن عامہ کی صورت حال خراب ہو رہی ہے۔ حکومت خود یہ تسلیم کرتی ہے کہ رشوت عام ہو چکی ہے، رشوت دن بدن اتنی ہو چکی ہے کہ کسی شعبے میں، کسی دفتر میں بغیر رشوت کے کوئی کام کروانا ناممکن ہو چکا ہے۔ میں عرض کرنا چاہوں گا کہ میں اس مرتبہ عمرہ ادا کرنے کیلئے گیا تھا۔ مجھے زیارت کے دوران حرمین شریفین کے لوگوں نے پوچھا کہ آپ اسمبلیوں میں کیا کرتے ہیں رشوت کے اثرات جو مرتب ہوئے ہیں وہ ہمارے سفارتخانوں تک پہنچ چکے ہیں۔ ہمارے باہر کے سفارتخانوں میں بھی رشوت بہت لی جا رہی ہے، ہمارے لوگ جو باہر کے ممالک میں روزی کمانے کیلئے گئے ہوئے ہیں ان کو رشوت کی وجہ سے بہت سی تکالیف کا اس وقت سامنا کرنا پڑ رہا ہے کسی بھی کام کیلئے جدہ کے سفارتخانے میں دیکھ لیجیئے کوئی چھوٹا سا کام بھی کروانا ہو، کوئی پاسپورٹ کے متعلق اگر کام ہو یا دیگر کوئی کام ہوں تو رشوت کے بغیر یہ کام نہیں ہو سکتے۔ جناب والا یہ رشوت ستانی کے اثرات یہاں سے مرتب ہو کر ہمارے باہر کے سفارتخانوں تک پہنچ گئے اور ہم ابھی تک سو رہے ہیں۔ آپ یقین مانیئے کہ سفارتخانوں میں باہر کے رہنے والے لوگ دیکھتے ہیں تو وہاں ہمیں ان کی باتیں سننے کے بعد شرم محسوس ہوتی ہے کہ یہ لوگ ہمارے ملک کے متعلق کیا کیا خیالات رکھتے ہیں۔ جناب والا یہ رشوت کے اثرات ہمارے ملک ہی میں نہیں ہیں بلکہ یہ ملک سے باہر بھی ہیں۔ اگر میں آپ کو ان اثرات کی درد بھری کہانی سناؤں تو آپ حیران ہو جائیں گے جو حضرات اپنے ملک سے باہر اپنے وطن عزیز سے باہر کوسوں میل دور بیٹھے ہوئے ہیں وہ ان رشوت ستانی جیسے مضر اثرات میں کس قدر گھرے ہوئے ہیں۔ (ان سے اگر آپ کبھی پوچھ کر دیکھیں تو معلوم ہو گا کہ انہیں اپنے وطن عزیز سے کتنی محبت ہے وہ لوگ اپنے پی آئی اے کے جہاز کو دوسرے جہازوں میں دیکھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ یہ شیر پاکستان جا رہا ہے ان لوگوں کو اپنے وطن کے جہاز سے اتنی محبت ہے کہ وہ نام لے کر اپنے وطن کیلئے اور

اہل وطن کیلئے دعائیں کرتے ہیں اور وہ لوگ جو باہر کے سفارتخانوں میں بیٹھے ہوئے ہیں وہ کیا کر رہے ہیں آپ یقین جانیئے کہیں وہ ان لوگوں کے کپڑے اتار رہے ہیں اور درد وغم کے مارے ہوئے ان لوگوں نے ہم سے پوچھا کہ آپ اسمبلیوں میں بیٹھ کر کیا کرتے ہیں ان کا تعلق پنجاب سے تھا میں نے کہا کہ ہم تو اپنے ایام پورے کرتے ہیں، ہم اسمبلیوں میں بیٹھ کر اسمبلیوں کے دن پورے کرتے ہیں۔ ہمارے سامنے کوئی BUSINESS نہیں ہے، ہماری پنجاب حکومت کے سامنے کوئی کاروبار ہی نہیں ہے وہ تو سمجھتے ہیں کہ ہم وزراء کرام سارے کام کر چکے ہیں اور امن عامہ کی بحث پر ہماری توجہ دینے کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے کیونکہ ہمارا ملک بڑا ہی SMOOTHLY چل رہا ہے۔ اگر آپ لوگ وی آئی پی بن کر نہ جائیں تو میرا خیال ہے کہ آپ بڑی آسانی سے ان درد بھرے واقعات کو مشاہدہ کر سکتے ہیں کیونکہ جب ہم وی آئی پی بن کر جاتے ہیں تو وہاں پر سفارتخانے کے لوگ یا کسی محکمے کے لوگ ہمیں ایک الگ مقام پر لے جا کر، ایک کار میں بیٹھا کر ہماری خاطر تواضع کرتے ہیں اور پھر ہم واپس آجاتے ہیں، اگر ہمارے ذہنوں سے یہ وی آئی پی کا لفظ نکل جائے اور ہم عوام کے ساتھ سفر کریں اور عوام کے ساتھ رہیں تو میرا خیال ہے کہ ہم بڑی آسانی سے ان کے دکھوں اور تکلیفوں کو سمجھ سکتے ہیں اور سمجھنے کے بعد ہی اس چیز کا ازالہ کیا جاسکتا ہے، جناب والا اس کے بعد میں حکومت سے بھی یہ درخواست کروں گا، گزارش کروں گا کہ RODERAND LAW کا مسئلہ ان پر بھی لاگو ہوتا ہے۔

## جناب محمد صدیق انصاری۔

جناب والا میں آپ کی وساطت سے عرض کرتا ہوں کہ میاں صاحب ہم سے لڑائی نہ کریں اور امن عامہ کی صورتحال کو زیادہ خراب نہ کریں بلکہ وہ اپنی تقریر فرمائیں۔

## میاں محمد اسحاق۔

انصاری صاحب شکریہ! یہ امن عامہ کی بحث آپ کو بتانے کیلئے ہے، آپ حکومت کے بینچوں پر بیٹھ کر روزانہ چیف منسٹر سے ملاقات کرتے ہیں، آپ روزانہ منسٹر اور چیف منسٹر صاحب کو مشورے دیتے ہیں یہ اس کا نتیجہ ہے کہ امن عامہ کی صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ہر آدمی خوف وہراس میں مبتلا ہے، بلکہ میں چلتے چلتے یہاں پر عرض کئے جاؤں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا گیا کہ حضرت عمر بن خطاب

رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں اتنی فتوحات ہوئیں لیکن آپ کے دور میں تو یہ جھگڑے ہی ہو رہے ہیں، فساد ہی ہو رہے ہیں اس وقت کیا بات تھی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب دیا کہ ان کے مشیر ہم تھے اور ہمارے مشیر آپ لوگ ہیں، آپ نے ہمیں غلط مشورے دیئے ہیں آپ کے مشوروں میں صحیح بات نہیں ہے اس لئے یہ جھگڑے پیدا ہو رہے ہیں۔ جناب والا ایسے لوگ متواتر حکومت کے ساتھ ہیں اس لئے امن عامہ کی صورتحال بگڑ رہی ہے، یہ تمام ایم پی اے صاحبان اس میں شامل ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

میاں صاحب میں آپ سے التماس کروں گا کہ آپ کیس پر ذاتی حملے نہ کریں، آپ امن عامہ پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔

**میاں محمد اسحاق۔**

جناب والا میں نے عرض کیا ہے کہ اس بگڑتی ہوئے صورتحال میں حکومت کا ایک ایک آدمی ملوث ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

آپ صرف امن عامہ پر اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں۔

**محمد صدیق انصاری۔**

میاں صاحب آپ کی طرف نہیں بلکہ وہ سیکرٹری صاحب کی طرف اشارہ کر رہے ہیں ان سے کہیں کہ وہ ایسا نہ کریں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

انصاری صاحب آپ تشریف رکھیں۔

**سید اقبال احمد شاہ۔**

جناب والا ابھی میاں صاحب نے فرمایا ہے کہ ہمیں وی آئی پی نہیں رہنا

چاہیے اور حکومت ہمیں وی آئی پی نہ بنائے۔ اگر وی آئی پی والا سلوک ان کے ساتھ نہ کیا جائے تو یہ تحریک استحقاق پیش کر دیتے ہیں۔

## میاں محمد اسحاق۔

جناب والا ہم تحریک استحقاق پیش نہیں کریں گے میں اپنی بات کرتا ہوں اور میں ایس وی آئی پی کے عہدہ سے اس کی سہولت سے دستبردار ہوتا ہوں، اس کے استحقاق سے دستبردار ہوتا ہوں۔ اس بارے میں جو بھی مراعات دی گئی ہیں انہیں واپس لیا جائے میں اپنی طرف سے یہ تجویز پیش کرتا ہوں۔

## چوہدری گل نواز خان وڑائچ۔

جناب والا ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ ہمیں وی آئی پی کی سیٹ نہیں ملی اور دوسری طرف یہ کہتے ہیں کہ اسے WITHDRAW کر لیں، انہیں ایک بات پر قائم رہنا چاہیئے۔

## جناب ڈپٹی سپیکر۔

میاں صاحب کو بات مکمل کر لینے دیں۔

## میاں محمد اسحاق

جناب والا چور اور ڈاکوؤں کے بارے میں یہ ہے کہ حال ہی میں جلو پارک میں ڈاکہ پڑا، وہاں پر محکمہ نے ایک کامپلیکس کیلئے دس (۱۰) لاکھ روپیہ رکھا تھا۔ ایک محکمہ نے دوسرے محکمے کی چوری کر کے وہاں پر لگا دیا اور دس لاکھ روپیہ خورد برد ہو گیا، اب آپ ہی بتائیں کہ محکمے بھی ایک دوسرے کے ساتھ ایسا کر رہے ہیں تو باقی لوگوں کا حال کیا ہو گا۔ یہ جلو پارک میں پودوں اور ڈھاکہ گھاس کی بات ہے جس کے متعلق اخبارات میں اداریئے لکھے گئے اور میرا خیال ہے ابھی تک اس کے متعلق کوئی کارروائی، کوئی ایکشن نہیں ہوا۔

جناب سپیکر اب میں نے یہ عرض کرنا ہے کہ ہمارے ہاں جو پولیس کا نظام چل رہا ہے یہ برس ہا برس سے چل رہا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس میں کچھ نئی ایسی تبدیلیاں آئیں جس سے کم از کم اور کچھ نہیں تو ہمارے عوام صبر و تحمل سے کچھ دیر انتظار

کرنے کے بعد دیکھ سکیں کہ ہمارے نمائندگان نے اب جا کر کچھ نئی تنظیمی تجاویز پیش کی ہیں۔ اگر اس میں نقائص ہیں یا فوائد ہیں تو یہ بعد کی بات ہے لیکن اس میں کچھ نہ کچھ تو تبدیلیاں لانا لازمی ہے۔ اسکے متعلق جناب والا میں آپکی وساطت سے عرض کروں گا آج تک یہ پولیس کمشن سسٹم کے متعلق روزانہ اخبارات میں اور مذاکرات میں بحث کیا جا رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اسکو فوراً حکومت پنجاب کو رائج کرنا چاہئیے اسکے فوائد و نقائص عوام کے سامنے آنے چاہیں تاکہ ہم یہ کہہ سکیں کہ اسکے فوائد کیا ہیں اور اسکے نقائص کیا ہیں۔ جناب والا میں عرض کروں گا کہ اس پولیس کمشن میں جو خامیاں ہیں وہ اپنی جگہ پر ہیں مگر اسکی خوبیاں یہ ہیں کہ جہاں یہ نظام چل رہا ہے وہاں کے لوگوں نے اسکی تصدیق کی ہے۔ کلکتہ کے چیف جج نے اسکے متعلق ریمارکس دیئے ہیں وہ آپکے سامنے پیش کرتا ہوں۔

جناب والا جسٹس گھوسلے۔ دھلی پولیس کمشن کی رپورٹ کے باب ۸ میں لکھتے ہیں۔ کہ یہ بات عام لوگوں کو قابل یقین معلوم ہوگی کہ کلکتہ جیسے بڑے شہروں میں جہاں پچھلے ایک سو سال سے پولیس کمشن نظام رائج ہے پولیس کے اختیارات کے ناجائز استعمال کی ایک بھی شکایت نہیں آئی۔ اگر جناب والا ایسے کلکتہ ہائی کورٹ کے علم میں نہیں آئی تو اس کی وجہ محض یہ ہے کہ اختیارات کے ناجائز استعمال کی صورت میں نتائج پولیس ملازمین کیلئے انتہائی تباہ کن ثابت ہوئے ہیں۔ یہ وہ چیزیں ہیں کہ ہمیں ان سے کچھ نہ کچھ سبق سیکھنا چاہیے۔ یہ سری لنکا۔ ڈھاکہ، انڈیا اور مختلف ممالک میں یہ نظام چل رہا ہے۔ اگر ہم بھی کم از کم اور نہیں تو ایک بڑے ضلع میں آزمائشی طور پر نافذ کر کے جان سکتے ہیں کہ اسکے کیا کیا نتائج ہو سکتے ہیں اگر ہم اسکو جلد سے جلد رائج کر دیں اور حکومت پنجاب اسکی طرف غور کرے تو اسکو کم از کم فی الفور لاہور جیسے بڑے ضلع میں انتظامات کو صحیح کرنے میں نافذ کر دینا چاہیے۔

**چوھدری گل نواز خان وڑائچ۔**

جناب والاان سے گزارش کی جائے کہ وہ اپنی تقریر کو مختصر کریں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

میں میاں صاحب سے گزارش کروں گا کہ وہ اپنی تقریر ذرا مختصر فرمائیں۔

**میاں محمد اسحاق۔**

جناب والا اگر مجھے بتا دیا جائے کہ کتنا وقت ہے تو میں اسکے مطابق عرض کروں گا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

میاں صاحب یہ مسئلہ نہیں ہے۔ گزارش صرف یہ ہے کہ اپنے طور پر بھی تھوڑی سی اخلاقی پابندی ہونی چاہیے آپ کے بعد اور بھی مقرر ہیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

پوائنٹ آف آرڈر۔ اگر ان کے بعد اور مقرر ہونے یا حکومت کی کوئی دلچسپی امن عامہ پر بحث کروانے میں ہوتی یا سننے کے سلسلے میں تو پھر یہاں کورم موجود ہوتا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

آپ بھی اپنا ہاتھ کھڑا کر رہے تھے۔ مجھے آپکا بھی احساس ہے۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

مجھے احساس ہے۔ میں استدعا کرنا چاہوں گا لیکن جناب سپیکر میری گزارش یہ ہے کہ دو دن کے سیمینار کے بعد زیادہ تر زور اس بات پر دیا گیا تھا کہ اگر آپ کورم کم کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے تو دانستہ طور پر آپ اپنی عدم دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں ایوان کی کارروائی سے یہ صورت حال آپکے سامنے ہے۔ کافی دیر سے ہے۔ اگر ہم پوائنٹ اوٹ نہیں کرتے تو اسکا مقصد صرف یہ ہے کہ ہم بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں دلچسپی ہے اس لئے ہم بیٹھے ہیں۔

**چوہدری محمد رفیق۔**

جناب والا کورم نہیں ہے اجلاس غیر قانونی جاری ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

گنتی کی جائے ۔۔ کورم پورا نہیں ہے ، گھنٹی بجائی جائے ۔۔۔ دوبارہ

گنتی کی جائے ـ ـ ـ کورم پورا ہے ـ میں آپ سے ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں ـ رانا پھول محمد خان صاحب کی بم ولی تحریک التواء پر بحث کے لئے دو گھنٹے کا وقت مقرر ہوا ہے ـ وہ آج ہی کے لئے ہے ـ اس کے لئے وقت کا تعین کر لیا جائے ـ ایوان کی کیا مرضی ہے؟ رانا پھول محمد خان صاحب سے پوچھ لیا جائے ـ اگر آپ تشریف رکھنا پسند فرمائیں تو دو بجے کے بعد کا وقت مقرر کر لیا جائے؟

**میاں محمد افضل حیات ـ**

جناب والا، امن عامہ کا مسئلہ اور وہ دونوں تحاریک نہایت اہم ہیں ـ جب تک کورم پورا نہ ہو، حضرات حاضر نہ ہوں، اس بحث کی افادیت نہیں ہو گی ـ ورنہ انتظامیہ یہ سمجھے گی کہ ممبر اتنے سنجیدہ ہیں اور نہ ہی باہر عوام میں یہ تاثر ہو گا کہ اسمبلی کے ممبران اس کے متعلق سنجیدہ ہیں ـ اس لئے میری آپ کی وساطت سے گزارش ہے کہ جب امن عامہ پر دراس تحریک پر بحث ہو تو ممبر صاحبان ادھر زیادہ سے زیادہ تعداد میں حاضر ہوں تاکہ اس کی سنجیدگی کے اوپر لوگوں کو پورا تاثر مل سکے ـ اسی لئے بار بار کورم کی نشان دہی ہوتی ہے تاکہ لوگوں کو یہ تاثر ہو کر واقعی یہ سنجیدہ ہیں اور اس پر بات کرنا چاہتے ہیں ـ

**جناب ڈپٹی سپیکر ـ**

اسی لئے میں عرض کر رہا تھا کہ آج چونکہ جمعرات کا دن ہے اور لوگوں نے گھروں کو واپس جانا ہے تو مسئلے کی اہمیت کے پیش نظر آپ لوگوں کی رائے کو ہم ترجیح دیں اور اس کے مطابق وقت کا تعین کیا جائے ـ

**جناب فضل حسین راہی ـ**

جناب والا، اس معاملے پر ابھی بحث شروع کروا دیں ـ

**جناب ڈپٹی سپیکر ـ**

تو ہم اس تحریک التواء پر ڈیبیٹ کے لئے بارہ بجے سے دو بجے تک کا وقت متعین کرتے ہیں ـ

**وزیر قانون ـ** میرا خیال ہے کہ امن عامہ پر بحث ہو جائے ـ

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

اس کے بعد اگر ممبر حضرات جو یہاں تشریف فرما ہوں گے ، وقت میں توسیع چاہیں گے تو توسیع دے دیں گے۔

**وزیر قانون۔**

حکومت صحیح خطوط پر جا رہی ہے۔

**رانا پھول محمد خان۔**

جناب والا، میں یہ گزارش کروں گا کہ اس ہاؤس کا طریقہ کار یہ رہا ہے کہ جب تحریک استحقاق کو نمٹا لیا جائے ، تحاریک التوائے کار شروع ہوں ، تو بقایا تحاریک التوائے کار جو پچھلے دنوں کی ہوں ، اس کے لئے ہاؤس میں اور کارروائی کر کے یا عام بحث کے لئے کبھی وقت مقرر کیا نہیں گیا۔ یہ پہلا موقع ہے۔ آپ تحریک التوائے کار پر پہلے بحث ہونی چاہیے اور اس کے بعد امن عامہ پر بحث ہونی چاہیے۔ یہ اتنا بڑا معاملہ ہے کہ اتنے افراد شہید ہو چکے ہیں۔ امن عامہ اور کیا ہے؟ امن عامہ وہی تو ہے۔ آپ کو تو اس معاملے کو امن عامہ پر اولیت دینی چاہیے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

رانا صاحب ، وہ بھی امن عامہ کا ہی مسئلہ ہے۔ اسی لئے تو ہم یہ عرض کرنا چاہتے ہیں کہ اس معاملے کی اہمیت کے پیش نظر جو آپ فیصلہ فرمائیں ، ہم تو اس کے پابند ہیں۔

**رانا پھول محمد خان۔**

میری گزارش یہ ہے کہ چونکہ یہ تحریک التوائے کار ہے اور وہ امن عامہ پر عام بحث ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

اس کا طریقہ کار ہمیشہ یہ رہا ہے کہ جو تحریک التوائے کار بحث کے لئے منظور

لی جاتی ہے، اس کے لئے وقت کا تعین کر دیا جاتا ہے کہ فلاں دن اس پر ایک گھنٹہ کے لئے، دو گھنٹے کے لئے بحث ہو گی۔ تو اس کے مطابق اس کے لئے وقت مقرر ہو چکا ہے۔ آپ لوگ بیٹھنا پسند فرمائیں، یہ تو آپ کی مرضی ہے؟

رانا پھول محمد خان۔

ایسے حالات میں کہ جب بموں کے دھماکے ہو رہے ہوں، آپ امن عامہ پر بحث کرائیں اور بموں کے دھماکوں کو بعد میں ڈال کر آپ گاڑیوں کے چالانوں پر بحث پہلے کرائیں تو یہ مناسب نہیں یہ انتہائی اہمیت کا معاملہ ہے لیکن آج علامہ صاحب نے بھی فرمایا ہے، جو اخبار میں آیا تھا، کہ اس پر زیادہ بحث نہ کی جائے اس کی تحقیقات حکومت صحیح خطوط پر کرا رہی ہے اور تحقیقات ہو رہی ہے لیکن اراکین اسمبلی کو اپنے اظہار خیال کے لئے آپ کو امن عامہ پر بحث سے پہلے تحریک التوائے کار پر وقت دینا چاہیے۔ ویسے آپ بااختیار ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔

رانا صاحب، مہربانی، میاں صاحب، میں آپ سے التماس کروں گا کہ آپ اپنے ارشادات ذرا مختصر کر دیں تاکہ آپ کے بعد رانا صاحب کی تقریر شروع کر سکیں۔
رانا صاحب، میاں صاحب کے بعد آپ کی تقریر ہو گی۔ ذرا تیاری کر لیں۔

میاں محمد اسحاق۔

جناب سپیکر اگر آپ اسکو پہلے کرنا چاہتے ہیں تو اسکو پہلے کرا لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔

آپ براہ کرم اپنی تقریر ذرا مختصر فرمائیں۔

میاں محمد اسحاق

جناب والا ہاؤس کے اس موڈ سے اور کورم سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ حکومت ہماری ان مفید تجاویز کو سننے کے لئے تیار نہیں ہیں اور اب بھی آپ دیکھیں کہ کتنے ممبران اپنے بنچوں پر بیٹھیں ہیں۔ جناب سپیکر میں کل بھی عرض کر چکا تھا کہ یہاں پر

کم ازکم ہماری تجاویز سنی تو جائیں اسلئے میں اب احتجاجاً اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں۔

**چوہدری محمد رفیق۔** جناب والا یہ اجلاس غیر قانونی جاری ہے۔ کورم نہیں ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** گنتی کی جائے۔

**جناب فضل حسین راہی۔** جناب دوبارہ گنتی کی جائے پانچ منٹ ہو چکے ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** دوبارہ گنتی کی جائے۔

# جمعیت العلمائے اہل حدیث کے جلسہ میں بم کے دھماکہ سے متعلق تحریک التواء پر بحث

**رانا پھول محمد خان۔** جناب والا میری گزارش یہ ہے کہ قاعدہ ۶۹ ذیلی دفعہ ۳ کے تحت سپیکر صاحب نے اسکی اجازت دے دی تھی کہ اس پر بحث ہوگی۔ وقت مقرر کیا جائیگا۔ ہاؤس نے اسکی اجازت دے دی تھی۔ اسکی رو سے دفعہ ۱۷ کے تحت میں حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے فوری اہمیت کے حامل علامہ احسان الہیٰ ظہیر یعنی جمعیت العلمائے اہل حدیث کے جلسہ میں بم کا دھماکا ہونے پر یہ تحریک التوائے کار بحث کے لئے پیش کرتا ہوں اور میں یہ تحریک پیش کرتا کہ ایوان کی کارروائی ملتوی کی جائے اور اس کو زیر بحث لایا جائے

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** یہ تحریک پیش کی گئی ہے۔

"کہ قاعدہ ۱۷۰ کے تحت حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے فوری اہمیت کے حامل علامہ احسان الہی ظہیر یعنی جمیعت العلمائے اہل حدیث کے جلسہ میں بم کا دھماکہ ہونے پر تحریک التوائے کار منظور فرما کر اس واقعہ کو زیر بحث لایا جائے۔"

(تحریک منظور کی گئی)

اجازت ہے۔ آپ فرمائیں۔

رانا پھول محمد خان۔

جناب والا۔ میں نے یہ تحریک التوائے کار اس لئے پیش کی ہے کہ اللہ تعالے کے فضل و کرم سے صوبہ پنجاب میں اس ملک میں سب سے زیادہ امن عامہ قائم ہے۔ لیکن اس کو تہہ و بالا کرنے کے لئے اور یہ ثابت کرنے کے لئے کہ پنجاب میں بھی بدامنی پھیل چکی ہے۔ یہ ایک سازش کی گئی ہے اور حکومت صحیح خطوط پر اسکی پڑتال بھی کر رہی ہے لیکن اس اتنے بڑے اہم واقعہ پر ہمیں افسوس ہے کہ ہمارے دل رو رہے ہیں۔ اور وہ خدشات سامنے آ رہے ہیں جو غیر ملکی ایجنٹ اس ملک میں دھماکہ خیز معاملات کر کے اس ملک کے امن کو تہہ و بالا کرنا چاہتے ہیں۔ جناب والا اس ملک میں اتنی اہم شخصیات پر بم کا دھماکہ کرنا جو مذہبی جا اور دینی دونوں اعتبار سے نہایت ہی اہم ہے ہمیں بے حد افسوس ہے۔ میں یہ امید کرتا ہوں کہ ہماری حکومت اور تحقیقات کرنے والی ایجنسی اس کا جلد از جلد سراغ لگا کر اس ہاؤس میں پیش کریں گے۔ کہ اس کے اصل محرکات کیا ہیں۔ اگر اس کے اصل محرکات ہمارے سامنے نہ آ سکے تو یقین کیجیئے اس صوبے میں امن کا قائم رہنا ممکن نہ ہو گا اور میری گزارش یہ ہے کہ ان ملزمان کو جو اس کے مرتکب ہیں، سرعام چوراہے پر پھانسی دی جائے۔ اور ان کی تحقیقات کے لئے ایک سپیشل ٹربیونل مقرر کیا جائے تاکہ آئندہ تخریب کاروں اور ملک دشمن عناصر کو اس قسم کی جرات نہ ہو۔ بس میں اس کیساتھ ہی اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔

اب اس تحریک کے ایک اور بھی محرک تھے۔ ملک اللہ یار خان ــــــ موجود نہیں۔ سردار نصر اللہ خان دریشک ــــ تشریف نہیں رکھتے۔ جناب اللہ

یار هراج صاحب، موجود نہیں - میاں محمود احمد صاحب۔۔۔۔ موجود نہیں - جناب ریاض حشمت جنجوعہ۔

**میاں ریاض حشمت جنجوعہ۔**

اعوذ باللہ من الشیطین الرجیم - بسم اللہ الرحمن الرحیم

کسے خبر تھی کہ لے کر چراغ مصطفوی،

جہاں میں آگ لگاتی پھرے گی بولہبی

**جناب سپیکر۔**

زیر بحث تحریک پنجاب کے صدر مقام لاہور میں پیش آنے والے ایک خون ریز اور خون آشام واقعہ کے متعلق ہے - یہ واقعہ ہماری حکومت اور ہماری انتظامیہ کی آنکھیں کھولنے کے لئے کافی ہے - کہ سندھ کے بعد پنجاب میں حالات کون سی سمت چلے جا رہے ہیں - اس واقعہ کے محرکات اور اسباب جو کہ تاحال تحقیق طلب ہیں - مگر بادی النظر میں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس واقعہ کے پیچھے مذھبی جنونیوں کا ہاتھ ہے - جناب سپیکر، مارشل لاء کے طویل اور تاریک دور میں مارشل لاء کے کرتا دھرتا لوگوں نے اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کی خاطر فرقہ واریت کی سرپرستی کی ہے جس کی وجہ سے فرقہ واریت کا پرچار کرنے والوں میں مختلف مذہبی فرقوں کے درمیان نفرتوں کے بیج بو دیئے جس کا مظاہرہ یوم عاشورہ کے موقع پر بھی لاہور میں ہوا، جس میں کئی بیش قیمت انسانی جانیں تلف ہوئیں در لاکھوں کروڑوں روپے کی جائیدادیں جلا کر راکھ کر دی گئیں اور اس وقت بھی ہمارے صوبہ میں مختلف فرقوں کے درمیان تضادات کا یہ عالم ہے کہ مختلف فرقوں نے اپنی مسلح تنظیمیں قائم کر رکھی ہیں بیروت میں مذہبی بنیادوں پر قائم ملیشاؤں نے جس طرح سے کشت و خون کا بازار گرم کر رکھا تھا - وہ پوری دنیا کے لئے عبرت کا باعث ہے۔

جناب سپیکر - آپ جانتے ہوں گے کہ ایک وقت ایسا بھی تھا کہ بغداد ہماری اسلامی روایات، ہماری اسلامی تہذیب کا ایک عظیم گہوارہ تھا مگر وہاں پر جب فرقہ پرستی

نے سر اٹھایا اور بغداد کے گلی کوچوں میں، چوکوں اور چوراہوں میں مذہبی جنونیوں نے مناظرے برپا کئے اور حکمرانوں نے ان کی سرپرستی کرنا شروع کر دی تو منگولوں کی ایک ہی یلغار نے اہل بغداد کے اس نفاق سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مسلمانوں کی عظیم تہذیب کے اس گہوارہ کو تہس نہس کر دیا اور تاریخ یہ لکھتی کہ جب مسلمانوں کے علمی خزانوں کو انکی کتابوں کو دریائے دجلہ کی لہروں کیسپرد کیا گیا تو دریائے دجلہ کی لہریں سیاہ ہو گئیں جناب سپیکر۔ اور یوں اسلامی تہذیب کا یہ عظیم گہوارہ فرقہ واریت کا شکار ہو کر رہ گیا۔ مقام افسوس ہے کہ آج وطن عزیز میں بھی مختلف فرقوں کے درمیان تضادات عروج پر ہیں اور شریعت بل کے حامی و مخالفت مذہبی فرقے ایک دوسرے سے باہم دست و گریباں ہیں، اس لئے اس لرزہ خیز واقعہ کو شریعت بل کے تناظر میں بھی جانچ لینا چاہیئے۔ جناب والا کسی بھی مہذب سماج میں امن و امان کی ذمہ داری حکومت کا اولین فرض ہے اور اس پر عائد ہوتی ہے پنجاب میں پچھلے چند ماہ سے قتل و غارت، ڈکیتیوں، سمگلنگ، اغواء وغیرہ کی جو لہر چل رہی تھی اور اس کے حوالے سے پنجاب میں خوف و ہراس اور عدم تحفظ کی ایک فضا قائم ہو چکی تھی۔ مگر اس جان لیوا دھاکے نے اہل پاکستان کو بالعموم اور اہل پنجاب کو بالخصوص تڑپا کر رکھ دیا ہے۔ غالباً پنجاب تاریخ میں تخریب کاری کا یہ واحد واقعہ ہے جس میں اسقدر زیادہ اجتماعی اموات واقع ہوئی ہیں۔ اس واقعہ سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ معاشرہ سے انسانی خون کی حرمت کا احساس اٹھ گیا ہے۔ اس دور میں انسانوں کی بجائے مفادات کا احترام عام ہو گیا ہے۔ جناب سپیکر مرنے والے شہیدوں کے پسماندگان کو حکومت کی طرف سے جو معاوضہ دینے کا اعلان کیا ہے وہ ایک مستحسن اقدام سہی، مگر معاوضہ انسانی جانوں کا نعم البدل نہیں ہو سکتا۔ جناب والا شہیدوں کی روحوں کا یہ استغاثہ ہے کہ ان کے قاتلوں کو اسی چوک میں لا کر تختہ دار پر چڑھایا جائے۔ اگر ان سنگدل اور سفاک قاتلوں کو کیفر کردار تک نہ پہنچایا گیا تو یہ حکومت اس الزام سے نہیں بچ سکے گی۔ جن مقتولوں کے قاتل نہ ملیں، جناب سپیکر حکومت ہی ان کی اصل قاتل ہوا کرتی ہے۔ جناب والا آخر میں، میں اپنے خوبصورت پنجاب میں، حضرت بلھے شاہ، اور حضرت باہو، کے اس خوبصورت پنجاب میں قتل و غارت کی، ڈکیتیوں کی، لاقانونیت کی انارکی کی جو لہر دوڑ رہی ہے اور انسانی خون جس طریقے سے ارزاں ہو گیا ہے اور جس طرح قتل و غارت کی آگ بھڑک اٹھی ہے۔ عزت، عصمت اور ناموس

پر ڈاکے پڑ رہے ہیں۔ اس بارے میں بقول امرتا پرتیم یہ ہے بغیر نہیں رہ سکتا۔

اج آکھاں وارث شاہ نوں کتے قبراں وچوں بول
اک روئی سی دھی پنجاب دی تولکھ لکھ مار بیین
اج لکھاں دھیاں روندیاں تینوں وارث شاہ نوں کہن
اٹھ درد منداں دے دردیا اٹھ تک اپنا پنجاب
اج بیلے لاشاں وچھیاں تے لہودی بھری چناب

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

میاں محمد افضل حیات صاحب۔

**میاں محمد افضل حیات (قائد حزب اختلاف)۔**

جناب سپیکر آج ہم اس تحریک التواء پر ایک نہایت ہی افسوس ناک اور درد ناک واقعہ کے مسئلے پر بحث کر رہے ہیں۔ اگر حکومت ہماری بار بار توجہ دلانے پر اس کے متعلق کوئی اقدام کرتی تو شاید یہ واقعہ پیش نہ آتا۔ لیکن ہم بار بار حکومت کو امن عامہ کی صورت حال کے متعلق متوجہ کرتے رہے۔ لیکن اس پر کوئی عمل نہ کیا گیا اور یہ جو افسوس ناک واقعہ درپیش آیا ہے یہ اس کی ایک کڑی ہے اور یہ ہم سب کیلئے حکومت پنجاب کیلئے اور اس اسمبلی کیلئے آنکھیں کھولنے کے مترادف ہے۔ اور اگر اس کی طرف اب بھی توجہ نہ دی گئی اور اس کے متعلق صحیح اقدامات نہ کئے گئے تو میں سمجھتا ہوں کہ اسوقت پنجاب میں یہ ایک پہلا واقعہ ہے اس کے بعد یہ سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ جس طرح دوسرے صوبوں میں یہ واقعات رونما ہو رہے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ تمام واقعات اسلئے رونما ہو رہے ہیں کیونکہ ایک طویل مدت تک ملک میں مارشل لاء رہا ہے اور اس کے بعد اس قسم کی بد امنی پیدا ہونا ایک لازمی امر تھا۔ اور ہم بار بار اس چیز کے متعلق کہتے رہے ہیں کہ اس حکومت کو چاروں صوبوں میں پورے ملک میں جب تک اچھے طریقے سے ہنگامی بنیادوں پر امن عامہ کی صورت حال کو بہتر نہ بنایا گیا تو یہ صورت حال مزید بگڑتی چلی جائے گی۔ میں اس لئے یہ عرض کرتا ہوں کہ جہاں ہمیں ایک طرف اس واقعہ کی پوری طرح سے

چھان بین کرنی چاہیں۔ دوسری طرف ان واقعات کے اسباب پر پوری طرح سے توجہ دینی چاہیئے اور اس واقعہ کے مجرموں کو پکڑ کر کڑی سے کڑی سزا دینی چاہیئے۔ تاکہ یہ بات یہیں ختم ہو جائے۔ اب بھی اگر اس پر کوئی صحیح لائحہ عمل اختیار نہ کیا گیا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے واقعات رونما ہوتے رہیں گے۔ اس کیلئے یہ بھی ضروری ہیکہ فرقہ واریت کو پچھلے دور میں بہت ہوا دی گئی ہے اس کو ختم کیا جائے۔ یہاں پر فرقہ واریت، مذہبی جنون یہ ایسی چیزیں ہیں جو کہ مارشل لاء کے دور میں پنپتی رہی ہیں۔ لہذا ان پر جب تک پورا پورا کنٹرول نہ کیا گیا یہ واقعات پیش آتے رہیں گے۔ اس کے علاوہ ناجائز اسلحہ اور منشیات ایسے واقعات ہیں جو کہ جرائم کو زیادہ سے زیادہ پنپنے کا موقع دیتے ہیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ ایک چوری تو پولیس سے چھپی رہ سکتی ہے، ڈاکہ چھپا رہ سکتا ہے لیکن جواء، شراب ور منشیات جیسے کاروبار پولیس سے کبھی چھپے نہیں رہ سکے۔ یہ ایسی جگہ ہوتی ہے، ایسے ڈے ہوتے ہیں یہاں پر جو واقعات پیش آتے ہیں ان کیمنصوبے بنائے جاتے ہیں اور ایسے ڈے ختم نہ کئے گئے تو یہ واقعات پیش آتے رہیں گے۔ اس کے علاوہ میں یہ سمجھتا ہوں اور بیساکہ میں نے پہلے عوض کیا ہے جیہ سب کچھ طویل عرصہ کے مارشل لاء کی وجہ سے ہوا ہے اسلئے یہ بھی ضروری ہے کہ مارشل لاء کے جو باقیات ہیں انہیں بھی ختم کیا جائے۔ اور جمہوری حکومت میں تمام کام ملکی قوانین کے مطابق ہونے چاہیں۔ جب تک RULE OF LAW ملک میں پوری طرح نافذ نہیں ہو گا اس وقت تک ملک میں جرائم ہوتے رہیں گے اور یہ واقعات بھی رونما ہوتے رہیں گے۔ میں اس کے ساتھ ہی ایک دفعہ پھر اس معزز ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ وہ امن عامہ اور ان واقعات کے متعلق پوری سنجیدگی سے غور کریں کیونکہ آپ نے یہ دیکھا ہے کہ آج تیسرا دن ہے کہ امن عامہ کی بحث تھی لیکن حکومتی بنچوں پر حاضری نہ ہونے کی وجہ سے یہ بحث تین دن نہیں ہو سکی۔ (قطع کلامیاں)

**ایک آواز۔** اور اپوزیشن کی حاضری کتنی ہے؟

**میاں محمد افضل حیات۔**

اپوزیشن نے اس مسئلے پر پورا پورا تعاون کیا ہے اور اس مسئلے پر کوئی غیر

حاضری نہیں ہوئی، اسوقت بھی ہمارے ارکان بیٹھے ہیں۔ اسوقت بھی ہماری پچاس فیصد حاضری ہے۔ جناب والا پچاس فیصد حاضری اپوزیشن کی طرف سے ہر وقت موجود رہتی ہے۔ اس لئے آپ اپوزیشن کو اس کیلئے مورد الزام نہیں ٹھہرا سکتے۔ آپ اتنی بڑی اکثریت میں ہیں آپ کا فرض ہے کہ حاضری پوری رکھیں تاکہ کورم پورا ہو اور اس مسئلے پر سنجیدگی کے ساتھ بات ہو سکے۔ اور اس کے متعلق کوئی لائحہ عمل طے ہو سکے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔

چوہدری ارشاد صاحب۔

چوہدری ارشاد علی۔

جناب سپیکر یہ معاملہ جو زیر بحث ہے واقعی یہ بڑا اندوہناک ہے، اور پنجاب میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا واقعہ پیش آیا ہے۔ اس میں میرے فاضل بھائی نے ابھی اپنے خیالات کا اظہار فرماتے ہوئے یہ الزام حکومت وقت پر تھوپنے کی کوشش کی ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے اس سے کچھ اختلاف ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس میں حکومت کا یہ تو قصور ضرور ہے کہ حکومت نے ہر شخص کو جمہوریت کے تحت آزادی دی ہے۔ ہر پارٹی کو اپنا جلسہ کرنے کی، جلوس نکالنے کی، پر امن رہ کر اپنی تمام کاروائیاں کرنے کی فراخدلی سے اجازت تو دے دی ہے۔ اس بات کو اگر میرے فاضل بھائی حکومت کی غلطی تصور کرتے ہیں تو پھر میں بھی ان کے ساتھ ہوں۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اگر آزادی دی جاتی ہے تو اس کو استعمال کیسے کیا جاتا ہے۔ اگر یہ جلسے جلوس اسی طرح سے چلتے رہے اور اپنی مرضی کیتحت ہر آدمی اپنے جلسے منعقد کرتا رہے تو اس میں حکومت کا کیا قصور ہے۔ حکومت تو ہر ایک کو آزادی دیتی ہے۔ حکومت تو یہ کہتی ہے کہ پر امن رہیے۔ حکومت یہ کہتی ہے کہ آپ اپنے مقاصد کیلئے صحیح راستہ اختیار کیجئے لیکن اگر فرقہ واریت کو ہوا دی گئی۔ لیکن اگر فرقہ واریت جو آپس میں مجھے اس سے بھی اختلاف نہیں کہ فرقے اپنے اپنے عقائد کے تحت چلیں۔ اور اپنے رسم و رواج ادا کریں لیکن یہ کون سی اچھی بات ہے کہ ایک فرقہ دوسرے پر اس کا الزام تھوپے۔ جناب سپیکر اصل بات یہ ہے کہ اس میں نہ تو حکومت کا قصور ہے نہ اس میں ہمارا قصور ہے۔ یہ سوچوں کا قصور ہے۔ سوچیں اپنی اپنی الگ الگ ہوتی ہیں اگر اس چیز کو دیکھا

جائے کہ جب پاکستان معرض وجود میں آیا تو اس وقت صرف ایک ہی سوچ تھی اور وہ سوچ تھی کہ ہم مسلمان ہیں اور ہم مسلمانوں کو ایک علیحدہ وطن چاہیئے اور اس کا نام پاکستان ہونا چاہیئے اس میں یہ بات بالکل نہ تھی کہ یہ ملک اھلحدیث کے لئے ہوگا یا اہل سنت والجماعت کے لئے ہوگا یا ایسے فرقوں کی نسبت سے یہ ملک حاصل نہ کیا گیا تھا۔ ہندوستان سے جب ہمیں ہجرت کر کے یہاں آنا پڑا تو اس وقت جو مظالم ہمارے ساتھ ہوئے، ہماری عصمتیں لٹیں، نوجوان شہید ہوئے تو اس وقت ایسے مظالم کس نے یہ دیکھ کر نہیں کئے تھے کہ یہ فلاں فرقے سے تعلق رکھتا ہے اس کو تو چھوڑ دو اور یہ فلاں فرقے سے تعلق رکھتا ہے اس کو وہاں آزادی سے جانے دو اور اس کو قتل کر دو اور اس کی عصمت لوٹ لو۔ اس وقت ہمارے خلاف جو کچھ ہندو کرتے تھے وہ یہی تھا کہ ہم مسلمان ہیں تو آج بھی حکومت بھی یہی چاہتی ہے ۔ ہم سب یہی چاہتے ہیں اور اس میں پاکستان کی بقاء ہے۔ ہماری بھی اس میں بقاء ہے کہ ہم اپنے آپ کو سب سے پہلے مسلمان بنائیں اور اس کے بعد اپنے آپ کو پاکستانی سمجھیں تو پھر ہی یہ ملک قائم رہ سکتا ہے۔ اگر ہم نے فرقہ واریت پر کام کرنا شروع کر دیا۔ علیحدہ علیحدہ اپنی مسجدوں کو لے کر چلتے رہے اور اپنے علماء کرام پر کنٹرول نہ کیا تو یقین مانیے کہ یہ ملک پھر قائم نہیں رہ سکے گا۔

جناب والا اس کے ساتھ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ امن وامان قائم رکھنا ہم سب پر فرض ہے نہ کہ حکومت پر فرض ہے۔ حکومت کیا ہے؟ حکومت ہم ہی ہیں۔ حکومت میں جو ہمارے افسران ہیں ان میں کوئی ہمارا بھائی ہے کوئی ہمارا بھتیجا ہے کوئی کچھ ہے وہ کوئی غیر ملک سے نہیں آئے۔ وہ درآمد کردہ آدمی نہیں۔ وہ ہم میں سے ہیں۔ ہم ہی حکومت ہیں ہم میں سے ہر آدمی کو یہ سوچنا پڑے گا۔ ہم میں سے ہر آدمی کو یہ اپنا مشن بنانا پڑے گا کہ ہم مسلمان ہیں اور اس پاکستان کی بقاء صرف اسی طرح ہو سکتی ہے کہ ہم اپنے آپ کو مسلمان بنائیں اور مسلمان بنیں اور اپنے آپ کو پاکستانی سمجھیں۔ جناب والا یہ واقعہ بے حد اندوہناک ہے اس پر جتنا افسوس کیا جائے بہت کم ہے اور اس کے نتائج یقیناً اچھے نہیں ہوں گے اگر اس کو اسی طرح دیکھا گیا اگر اس میں کوئی نرمی برتی گئی تو یقین مانیے یہ آج جو چھوٹی سی آگ ہے یہ کل کو ساری ملک کو اپنی لپیٹ میں لے لے گی اور یہ بھی درست ہے اور یہ بھی درست ہے کہ صرف پنجاب ہی ایک ایسا خطہ رہ گیا تھا کہ جہاں امن و

امان تھا، پنجاب میں ہی یہ سب کچھ صحیح طریقہ سے چل رہا تھا لیکن اگر آج یہ بات نہ رہی تو یقین مانیے کہ یہ ملک نہیں رہ سکے گا۔ جناب والا میری بھی یہ عرض ہے کہ اس واقعہ کی جلد از جلد فوری طور تحقیقات کی جائے اور ملزم کو فوری طور پر پکڑا جائے اور جن کو تختہ دار پر لٹکایا جائے اور ان کو اسی راستے میں اسی چوک میں اسی جگہ پھانسی دی جائے تاکہ دوسرے تخریب کاروں کو عبرت حاصل ہو اور آئندہ کوئی بھی ملک دشمن ایسی جسارت نہ کر سکے۔ شکریہ۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** فضل حسین راہی صاحب۔

**جناب فضل حسین راہی۔** جناب والا یہ انتہائی حساس قسم کی تحریک التوائے کار ہے اور جن ممبران نے ہاؤس کی توجہ اس جانب مبذول کروائی ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ اس میں خاصی دلچسپی لیتے ہیں۔ جناب والا میری درخواست یہ ہے کہ پہلے یہ سلسلہ بند کروایا جائے اور ہاؤس کو IN ORDER کیا جائے اور کام نکالنے کے سلسلہ کو بند کروایا جائے۔ (قطع کلامیاں)

**چوہدری ارشاد علی۔** رانا صاحب کو سیٹ پر بٹھایا جائے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔** رانا صاحب سیٹ پر بیٹھ جائیں۔ جی فرمائیے۔

**جناب فضل حسین راہی۔** جناب والا آج کے اخبارات میں یہ بیان جناب علامہ احسان الہیٰ ظہیر نے ہسپتال کے بستر سے جاری کیا ہے کہ اگر حکومت چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر مجرموں کا سراغ نہیں لگاتی تو اس شبہ کو تقویت ملے گی کہ اس میں حکومت ملوث ہے۔ جناب والا ان کا ارشاد ہے کہ ہمارا ملک پہلے ہی خطرات میں گھرا ہوا ہے اور ایسی وارداتوں کا سراغ نہ لگا

کر اس ملک کو اس ملک کے عوام کو اور زیادہ خطرات میں مبتلا کیا جاتا ہے۔ جناب والا دیکھنے والی بنیادی چیز یہ ہے کہ علامہ احسان الٰہی ظہیر کے اس اجتماع میں عوام شریک تھے اس میں حکومت کے خفیہ اداروں کے اراکین بھی موجود تھے۔ سی آئی ڈی کی ایجنسیاں بھی موجود تھیں اور سی آئی ڈی کی ایجنسیوں کی موجودگی میں، پنجاب پولیس کی موجودگی میں ایک ایسا دھماکہ ہوا ہے جس میں قیمتی جانیں ضائع ہو گئیں اور ملک میں ایک صف اول کا سیاستدان اذیت ناک زندگی میں مبتلا ہو گیا۔ جناب والا یہ واقعات کیوں پیش آتے ہیں صرف اس لئے کہ حکومت اپنے اداروں کو غلط استعمال کرتی ہے ان کو صحیح سمت میں استعمال نہیں کرتی۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس ملک کے سیاستدانوں کے پیچھے تمام خفیہ ادارے لگانے کا مقصد کیا ہے۔ اگر حکومت اس کی بہتر پلاننگ کرے تو وہ ان خفیہ اداروں کو جرائم کے اڈوں کی نشاندہی کے لئے بھی استعمال کر سکتی ہے۔ وہ خفیہ پولیس کی ڈیوٹیاں لگا سکتی ہے کہ جس جس خطے میں خطرناک قسم کے جرائم ہو رہے ہیں ان کی نشاندہی کریں اور اس طرح مجرموں تک پہنچنے کا فاصلہ آسان ہو جاتا ہے۔ جناب والا یہاں بڑے فخر کے ساتھ یہ بات کی گئی ہے کہ پنجاب میں یہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ ہے لیکن میں پوچھنا چاہوں گا کہ ہتھوڑا گروپ جو اس پنجاب میں پیدا ہوا تھا جس کی زد میں سینکڑوں لوگوں کی زندگیاں آئی تھیں جس میں سینکڑوں لوگ زخمی ہوئے تھے اور جس نے اتنا عدم تحفظ پنجاب میں پیدا کر دیا تھا کہ لاکھوں کی تعداد میں پنجاب کے عوام راتوں کو جاگ کر پہرہ دینے پر مجبور ہوئے تھے تو ان وارداتوں میں ملوث کتنے افراد کو آج تک گرفتار کیا گیا ہے۔ راولپنڈی کے گرد و نواح میں کتنے لوگ قتل ہوئے، لاہور میں کتنے قتل ہوئے ان وارداتوں میں ملوث کتنے افراد کو گرفتار کیا گیا ہے جو ہتھوڑا گروپ سے تعلق رکھتے تھے۔ جناب والا پھر دیکھنے والی بات یہ ہے کہ میں یہ ایمانداری سے عرض کرتا ہوں کہ چوبیس گھنٹے جو علامہ احسان الٰہی ظہیر صاحب نے کہے تھے وہ گزر چکے ہیں اور تاحال حکومت کو اس واردات کا علم نہیں اور اس کی ایجنسیاں ابھی تک تفتیش کے مراحل سے گزر رہی ہیں جبکہ اس میں وہاں موجود جو سرکاری افسر ہیں، علامہ احسان الٰہی ظہیر صاحبؒ کا بیان ہے کہ انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ ہم معاملے کی تہہ تک پہنچ گئے ہیں لیکن جناب والا ابھی تک معاملے کا راز افشاں نہیں کیا گیا، ابھی تک صرف ان کو بتایا گیا ہے عوام کو نہیں بتایا گیا۔ ابھی تک اخباروں کو نہیں بتایا گیا۔ ابھی تک اسمبلیوں کو نہیں بتایا گیا لیکن علامہ احسان الٰہی ظہیر تک یہ پیغام پہنچا

دیا گیا ہے کہ ہم واردات میں ملوث افراد تک پہنچ گئے ہیں۔ جناب والا میں اس لئے یہ کہتا ہوں کہ ان کے شبے کو تقویت ملتی ہے کہ جن وارداتوںمیں ملوث لوگ گرفتار نہ ہو سکیں ان کو یہ فرض کیا جاتا ہے کہ حکومت یا تو ان لوگوں کا سراغ لگانے میںدلچسپی نہیں لے رہی یا پھر حکومت نے جان بوجھ کر ان لوگوں کو چھوڑ دیا ہے۔ وہ ان لوگوں تک پہنچنا نہیں چاہتی۔ اس لئے کہ وہ لوگ بااثر ہوں گے یا حکومت کے اشارے پر انہوں نے یہ کام کیا ہوگا۔ جناب والا، ۱۴۔ اگست کا واقعہ سب کے سامنے ہے۔ ۱۴۔ اگست کو یہاں لاہور میں انسانی زندگیوں کا قتل ہوا۔ یہاں خون بہایا گیا۔ لاہور کی سڑکوں پر احتجاج ہوئے۔ یہاں گھیراؤ جلاؤ ہوا۔ سب کچھ ہوا لیکن جناب والا، جب تفتیش شروع کی گئی تو یہ بات اظہر من الشمس تھی کہ پولیس کے لوگوں نے ابتدائی طور پر گولی نہیں چلائی تھی اور یہ بات بھی واضح تھی کہ سماجی اور سیاسی کارکنوں نے بھی گولی نہیں چلائی تھی اور پولیس کا موقف بھی یہ تھا کہ ہم نے گولی نہیںچلائی۔ جناب والا، تو پھر وہ گولی کس نے چلائی تھی شبہ یہ ہے کہ حکومت کے اشارے پر مخصوص لوگوں نے گولی چلائی تھی۔ ان مخصوص لوگوں نے افراتفری پیدا کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس کے بعد جناب والا، شیعہ سنی فسادات ہوئے جس میں انسانوں کی زندگیاں تلف ہو گئیں۔ جس میںعبادت گاہوں کو نقصان پہنچایا گیا اور آگ اور خون کا کھیل رچایا گیا۔ لاہور کرفیو کی زد میں رہا اور فوج طلب کر لی گئی۔ جناب والا، جب مقدمے کی تفتیش ہوئی اور لوگوں کے بیانات ہوئے تو مقتدر شیعہ رہنماؤں نے کہا کہ ہماری عبادت گاہوں کو سنیوں نے آگ نہیں لگائی، ہم سنیوںکو جانتے ہیں۔ سنیوں سے پوچھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری مساجد کو اہل تشیع نے آگ نہیں لگائی۔ ہم ان کو جانتے ہیں۔ ہم یہاں مدتوں سے رہتے ہیں۔ تو جناب والا، آگ لگانے والے کون لوگ تھے۔ فرض یہ کیا جاتا ہے کہ حکومتی اشارے پر مخصوص لوگوں نے کام دکھایا تھا تاکہ اس ملک میںافراتفری پیدا کی جا سکے۔ جناب والا! ابھی حال ہی میں تاندلیانوالہ کے واقعات ہوئے ہیں۔ تاندلیانوالہ میں جناب صدر محترم نے ایک کالج کا اعلان کیا کہ ہم کسی چک کو کالج دیں گے۔ قصبے کے لوگوں نے احتجاج کیا کہ قصبہ میں کالج بننا اس کا حق ہے۔ وہاں کوئی کالج نہیں۔ وہ کالج کے طالب علم نہیں تھے بلکہ سکول کے طالبعلم تھے۔ طالبعلم احتجاج کرتے ہوئے سڑکوں پر نکلے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں کالج یہاں دیا جائے لیکن جناب والا، انہیں کالج دینے کی بجائے موت کی

نیند سلا دیا گیا۔ ان پر گولیوں کی بارش کر دی گئی، کلاشنکوفوں کے منہ کھول دیئے گئے اور آگ اور خون کا ایک ایسا کھیل رچایا گیا جس میں تاندلیانوالہ کی آبادی اور گاؤں گاؤں اندھیرا چھا گیا اور وہ حکومت پنجاب کے بس سے باہر نکل گیا۔ اس کے کنٹرول کرنے کی ذمہ داری کس پر ڈالی جائے گی۔ جب تفتیش ہوئی تو ڈی ایس پی نے کہا کہ میں نے اے سی کے کہنے پر گولی چلائی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ میں نے گولی چلانے کا کوئی حکم نہیں دیا۔ گولی ڈی ایس پی نے خود چلوائی ہے لیکن جناب والا دیکھنیوالی بات یہ ہے کہ گولی کس نے چلوائی تھی اور وہ گولی چلانے والے کون تھے؟ اے سی نہیں مانتا، ڈی ایس پی نہیں مانتا تو اس کا مطلب ہے کہ وہ حکومت کی طرف سے مخصوص کئے گئے لوگ تھے اور حکومت کی خواہش صرف اس لئے ہے کہ اس ملک کے اقتدار اعلیٰ پر فوج قابض رہے اور فوج یہ نہیں چاہتی کہ یہاں کلی طور پر سول حکومت با اختیار ہو جائے۔ ان کی یہ خواہش ہے کہ اگر ہم سیاسی سرگرمیوں کو ایسے ہی چلنے دیں گے تو اس کے نتیجے میں لوگوں میں سیاسی شعور آئے گا۔ جب سیاسی شعور آئے گا تو لوگ اپنے مکمل حقوق کا مطالبہ کرنا شروع کر دیں گے۔ وہ اس معاشرے کو اور ان لوگوں کو ان معاملات میں الجھائے رکھنا چاہتے ہیں۔ اس لئے جناب والا فوج کی یہ خواہش ہے۔

**سید اقبال احمد شاہ۔**

جناب سپیکر یہ امن عامہ پہ تقریر ہو رہی ہے یا کسی خاص پہلو پر تقریر ہو رہی ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ رانا صاحب کی تحریک التواء پر بحث ہو رہی ہے۔

**سید اقبال احمد شاہ۔**

تو بات اسی واقعہ کے متعلق کی جائے۔ یہ گڑھے مردے اکھاڑ کے لا رہے ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

میں راہی صاحب سے یہ عرض کروں گا کہ رانا صاحب کی جو تحریک التوائے

کار بحث کے لیے منظور ہوئی ہے اپنے آپ کو اسی کے دائرہ کے اندر رکھیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب والا، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت پر اس لیےشبہ کیا جاتا ہے۔ میں نے جو یہ پس منظر بیان کیا ہے وہ صرف اس لیے کیا ہے کہ میں آپ کے سامنے ظاہر کر سکوں، آپ کے سامنے نقشہ کھینچ سکوں کہ جتنے بھی بڑے بڑے واقعات ہوئے ہیں اور میں نے ان واقعات میں سے صرف وہ سانحات لیے ہیں جو پنجاب کی تاریخ میں بڑے بڑے سانحات ہیں۔ میں نے کوئی معمولی واقعہ نہیں لیا اور میں نے بتایا ہے کہ اگر حکومت نے اس سلسلے میں کوئی تفتیش کی ہوتی اور لوگوں کو گرفتار کیا ہوتا اور ان کو عوام کے سامنے کھڑا کیا ہوتا۔ ۱۴ اگست کے مجرمین کو عوام کے سامنے کھڑا کیا ہوتا۔ جو شیعہ سنی فسادات کے مجرم ہیں، ان کو عوام کے سامنے کھڑا کیا ہوتا۔ جو تاندلیانوالہ کے مجرم ہیں ان کو عوام کے سامنے کھڑا کیا ہوتا تو جناب والا ایسے واقعات رونما نہ ہوتے۔

**وزیر قانون۔**

کسی ممبر نے تحریک التوائے کار پر بحث کرنے ہو اس کو زیادہ سے زیادہ دس منٹ ملنے چاہییں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہ آپ ٹھیک فرما رہے ہیں۔ میں راہی صاحب سے التماس کروں گا کہ رولز کے مطابق آپ دس منٹ تک تقریر فرما سکتے ہیں۔ براہ کرم اپنے ارشادات کو مختصر فرمائیں

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب والا میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ اتنا بڑا واقعہ ہے اور ایک ایسے جلسے میں ہوا ہے جو ایک سیاستدان کا جلسہ ہے جو ایک مذہبی رہنما کا جلسہ ہے۔ اس جلسے میں ایک ایسا واقعہ ہوا ہے جس کو پڑھ کر لوگوں کے دل کرب سے اور درد سے بھر چکے ہیں۔ وہ لوگ کہاں جائیں وہ اپنے جذبات کا اظہار کہاں کریں۔ اور وہ کس سے کہیں۔ ہو تو یہ کہتے ہیں کہ اگر آپ گولی کی زبان میں بات کریں گے تو اس سے آپ کا ملک بھیکٹ سکتا ہے اگر

آپ محبت کی زبان اختیار کریں گے تو آپ کا ملک بھی بچ سکتا ہے، عوام بھی ترقی کر سکتے ہیں۔ وہ معصوم بچے گولیوں کے حقدار نہیں تھے۔ آپ تاندلیانوالہ کے رکن ہیں۔ آپ کو احساس کرنا چاہیئے کہ آپ کے شہر میں آگ اور خون کا کھیل کھیلا گیا۔ بجائے اس کیکہ آپ یہاں بات کریں۔ میں بات کرتا ہوں تو آپ اپنے حلقے کی عجیب نمائندگی کرتے ہیں اور آپ مجھے روکتے ہیں کہ میں وہ ظلم کی داستانیں یہاں بیان نہ کروں جنہیں سن کر ماؤں کے دل ہل جاتے ہیں جب بچوں پر گولی چلتی ہے اور جو بچے ماؤں سے چھن جاتے ہیں۔

**جناب مظہر علی گل۔**

جناب والا، معزز رکن لاہور والے واقعہ کی بات کریں۔ وہاں تو جوڈیشنل انکوائری ہو رہی ہے۔ جو فیصلہ ہوگا اس کے مطابق وہ ٹھیک ہوگا۔ حکومت نے انکوائری مقرر کی دی ہے اور ایک سیشن جج صاحب انکوائری کر رہے ہیں جو واقعات سامنے آئیں گے ان کے مطابق فیصلہ ہوگا۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

آپ تشریف رکھیں۔ میں راہی صاحب سے التماس کروں گا کہ آپ کا وقت بھی ختم ہو چکا ہے۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب والا، مہدی صاحب منسٹر لگ گئے ہیں۔ اتنے جذباتی ہو گئے ہیں کہ اپنی سیٹ پر نہیں ہیں تب بھی کھڑے ہو گئے ہیں۔ اور میرے خلاف بات کرنا چاہتے ہیں۔ اپنے ادوار بھول گئے ہیں اور میرے خلاف بات کرنا چاہتے ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

آپ کی تقریر کا وقت ختم ہو گیا ہے۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب والا، مجھے انتہائی افسوس ہے کہ اور میں آج اپنے دل کی بات بتاتا ہوں ۔ میں جب بھی بات کرنیکے لئے کھڑا ہوتا ہوں تو ضرور مداخلت ہوتی ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

آپ ایک منٹ میں ختم فرمائیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

میں آپ سے یہ عرض کرتا ہوں کہ جب بھی میں کوئی بات کرنی شروع کرتا ہوں مداخلت بہت ہوتی ہے۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

راہی صاحب، یہ مداخلت اس وقت ہوتی ہے جب آپ اپنی بات ختم کر چکے ہیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

کیا میں RELEVANT نہیں ہوں ؟

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

یہاں RELEVENT کی بات نہیں ہے۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

کیا میرا وقت پورا ہو گیا ہے ؟ یہ وقت مجھے آپ کی طرف سے ملا ہے۔ جو اللہ کی طرف سے مجھے وقت ملا ہے وہ اللہ ہے پورا کرے گا یہ پورا نہیں کر سکتے جو اللہ تعالیٰ نے مجھے وقت دیا ہے نہ آپ کر سکتے ہیں، نہ نواز شریف صاحب پورا کر سکتے ہیں اور نہ ضیاء الحق صاحب کر سکتے ہیں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

ایک منٹ میں ختم فرمائیں۔

جناب فضل حسین راہی۔

ان کی بات سن لیں۔

سید اقبال احمد شاہ۔

جناب والا دو دن سیمینار ہوا ہے۔ یہ واضح طور بتایا گیا ہے کہ جب سپیکر صاحب بول رہے ہوں تو ممبر صاحب کو بیٹھ جانا چاہیے مگر راہی صاحب ہدایت تو دیتے ہیں ہدایت لیتے نہیں ہیں۔ جتنی دیر تک راہی صاحب صحیح چلتے رہے ہم نے اعتراض نہیں کیا مگر جس وقت راہی صاحب نے لائن تبدیل کی ہم نے ان کو ٹوکا ہے۔ یہ طریق کار کے خلاف ہے۔ اگر ایک ممبر بول رہا ہو تو دوسرے ممبر میں اتنا حوصلہ ہونا چاہیے۔ اس میں اتنی جرأت ہونی چاہیے کہ دوسرے ممبر کی بات سن سکے اور بات سن کے اس کا جواب دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔

شاہ صاحب آپ تشریف رکھیں۔ آپ اپنی سیٹ سے بول رہے ہیں۔

سید اقبال احمد شاہ۔

جی ہاں میں اپنی سیٹ سے بول رہا ہوں۔

جناب فضل حسین راہی۔

جناب والا اگر یہ اپنی سیٹ پر نہیں تو انہیں اپنی سیٹ پر بٹھا دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔

راہی صاحب کسی وقت تو آپ اس قدر جذباتی ہو جاتے ہیں مگر اب اپنی تقریر کو ایک منٹ میں ختم کر دیں۔

جناب فضل حسین راہی۔

جناب والا آپ کیا ارشاد فرما رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر۔

راہی صاحب میں کہہ رہا تھا کہ آپ اپنی تقریر ایک منٹ میں سمیٹ لیں۔

اپنے ارشادات کو ایک منٹ میں ختم کر دیں۔

**جناب فضل حسین راہی۔**

جناب والا اس حکومت کے اقدامات اتنے گھناؤنے، اتنے شدید اور تکلیف دہ ہیں کہ انہیں ایک منٹ میں بیان کرنا میرے بس میں نہیں اور یہ معاملہ اتنا تکلیف دہ ہے کہ اس کو میں ایک منٹ میں ختم نہیں کر سکتا، اور میں آپ کے نوٹس میں لاتا ہوں کہ جب بھی میں تقریر کرنا شروع کرتا ہوں تو مداخلت ہوتی ہے مجھے افسوس ہے کہ آپ مداخلت کی حوصلہ افزائی فرما رہے ہیں۔ میں اس کیخلاف احتجاجاً پندرہ منٹ کیلئے واک آؤٹ کرتا ہوں۔ اور میں پندرہ منٹ کیلئے اکیلا ہی واک آؤٹ کرتا ہوں۔

**جناب ڈپٹی سپیکر۔**

محمد صفدر شاکر صاحب۔

**محمد صفدر شاکر۔**

بسم اللہ الرحمن الرحیم، جناب سپیکر ۲۳ مارچ کی رات کو لاہور میں جو المناک واقعہ ہوا اور اس واقعہ سے پنجاب کے ہر مسلمان کا دل کانپ اٹھا، اور یہ ہماری بد قسمتی ہے۔

**محمد رفیق۔**

میں ریکارڈ کو درست کرنے کیلئے اپنے معزز دوست سے عرض کروں گا کہ وہ ۲۳ مارچ کی رات نہیں تھی ۲۴ مارچ کی رات تھی۔

**جناب ڈپٹی سپیکر**

رفیق صاحب آپ ہی اپنا ریکارڈ درست فرمائیں

**محمد صفدر شاکر**

یہ رفیق صاحب کی قسمت میں لکھا ہے کہ انہوں نے ہر بات غلط کرنی ہے

**جناب وزیر زراعت**

یہ تحریک INFRUCTUOUS ہو چکی ہے کم از کم یہ ایک آدھ دن لیٹ ہو جاتے یا تھوڑا سا لیٹ ہو جاتے

محمد صفدر شاکر

یہ عادت سے مجبور ہیں ان کا اپنا کوئی قصور نہیں

جناب ڈپٹی سپیکر

جی شاکر صاحب فرمائیے

محمد صفدر شاکر

اس واقعہ سے ہمارے پاکستان کے ہر بھائی کا دل کانپ اٹھا یہ صوبہ میں پہلا واقعہ ہوا ہے اس المناک واقعہ سے افسوس ناک صورتحال پیدا ہوئی ہے

میاں محمد اسحاق

پوائنٹ آف آرڈر سر، جناب والا ہم یہ تقریریں کن کو سنا رہے ہیں، ہم یہ اتنا وقت کیوں ضائع کر رہے ہیں، اس کا کیا فائدہ ہے اس پوری حکومت کی طرف سے چوہدری عبدالغفور صاحب اکیلے ہی یہاں بیٹھے ہیں

جناب ڈپٹی سپیکر

یہ لاء منسٹر صاحب بھی تو یہاں بیٹھے ہیں

میاں محمد اسحاق

جناب والا کیا ہم ان دیواروں کو اپنی تقریریں سنا رہے ہیں کیا ہم ان خالی بنچوں کو اپنی تقریریں سنا رہے ہیں جناب والا اس سے کیا فائدہ ہو گا کیا یہ صرف پریس کو دینا ہے؟ جناب والا اس سے کیا فائدہ ہو گا کیا وہ صرف پریس کو دینا ہے؟ یہ تو ہم نے حکومت وقت کو حکومت اقتدار کو بتانا ہے کہ کیا واقعہ ہوا ہے اور انہوں نے نوٹس لینا ہے اب یہاں پر کوئی بھی سننے والا نہیں ہے بتائیے کہ کیا کریں

جناب ڈپٹی سپیکر

یہ حکومت کے نمائندے یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں جی شاکر صاحب

محمد صفدر شاکر جناب والا لاہور کے واقعہ سے ہر مسلمان بھائی کو دلی رنج ہوا ہے

میاں محمد اسحاق

جناب والا کورم پورا نہیں، پہلے کورم ہونا چاہیئے پھر بات ہونی چاہیئے

جناب ڈپٹی سپیکر

میاں صاحب آپ نے کورم کی بات نہیں کی تھی

میاں محمد اسحاق

جناب والا قواعد و ضوابط کے مطابق کورم کا ہونا ضروری ہے

جناب ڈپٹی سپیکر

گنتی کی جائے

جناب ڈپٹی سپیکر

پہلے گنتی کر لی جائے کورم پورا نہیں اس لئے ھاؤس کو پندرہ (۱۵) منٹ کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے

(جناب سپیکر ۵۳-۱۲ بجے کرسی صدارت پر تشریف فرما ہوئے)

رانا پھول محمد خان

جناب سپیکر، میں گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ زمینداروں پر جو تیس گنا کر دیا گیا تھا جس سے ۱۰ گنے پر چوبیس سو روپے ایکڑ، گندم پر بارہ سو روپے ایکڑ، اور مونجی پر چودہ سو روپیہ ایکڑ، کپاس پر بارہ سو روپے ایکڑ، عائد ہوتا تھا اس سلسلے میں میں نے ایک تحریک التوائے کار پیش کی تھی لیکن جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے اس صوبے کے زمینداروں اور مزارعین پر، کیونکہ اس کا نصف حصہ مزارعوں کو بھی ادا کرنا پڑتا ہے، ان کی تکالیف کو مد نظر رکھتے ہوئے جناب وزیر آب پاشی کو میرے سامنے یہ حکم دے دیا ہے کہ اس نوٹیفکیشن کو ختم کر دیا جائے اس لئے میں اپنی تحریک کو واپس لیتا ہوں اور انکا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے غریب کسانوں کی اس تکلیف پر مہربانی فرمائی

جناب فضل حسین راہی جناب سپیکر، ایوان میں کورم نہیں

## جناب سپیکر

گنتی کی جائے (گنتی کی گئی) کورم پورا ہو گیا ہے صفدر شاکر صاحب

## سید اقبال احمد شاہ

جناب سپیکر اس مسئلہ پر کافی بحث ہو چکی ہے ان کو تھوڑا سا سننے کے بعد فیصلہ کر لیا جائے

## رانا پھول محمد خان

جناب سپیکر میں اس تحریک التواکار کا محرک ہوں اس پر کافی تقاریر ہو چکی ہے اور ابھی اس پر لیڈر آف دی ھاؤس نے بھی کچھ فرمانا ہو گا اور اس لئے میں بھی اس بات سے مطمئن ہوں کہ میری تحریک التوائے کار پر لوگوں کو کافی وقت ملا اس کے بعد دوسری کارروائی بھی کرنی ہے جو ارکان اسمبلی کے ضروری ہے بہتر ہے اس پر تقاریر ختم کی جائیں

## جناب سپیکر

جناب صفدر شاکر صاحب بات کرنا چاہتے ہیں

## مولانا منظور احمد چنیوٹی

ابھی تو آدھا گھنٹہ نہیں ہوا

## جناب سپیکر

اس پر دو گھنٹہ وقت مقرر کیا گیا تھا جو صاحبان بولنا چاہیں گے میں ان کو وقت دونگا اگر کوئی صاحب تقریر کرنا نہیں چاہیں گے تو پھر میں یہ سمجھوں گا کہ TALK OUT ہو گی جناب صفدر شاکر۔

## جناب صفدر شاکر صاحب

جناب سپیکر ۲۳ مارچ کی رات کو لاہور میں جو واقعہ ہوا ہے اس پر پاکستان کے ہر پاکستانی نے انتہائی دکھ کا اظہار کیا ہے اور جناب وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد نواز شریف نے

یہ اعلان کیا ہے ہم ان مجرموں کو سرعام پھانسی دیں گے میں ان سے یہ اپیل کروں گا کہ جتنے بھی ملزم پکڑے جائیں ان کو پنجاب کے ہر ضلع میں لے جا کر پھانسی دی جائے آپ کو یاد ہوگا ۱۹۷۸ء میں لاہور میں ایک پپو کیس ہوا تھا اور ان مجرموں کو جب لاہور میں سر عام پھانسی دی گئی تھی تو پنجاب میں یہ واردات ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہوگئے تھے تو اب وقت آگیا ہے کہ حکومت کو اس پر سخت اقدامات کرنا پڑیں گے کیونکہ اس واقعہ کے محرک وہ لوگ جنہوں نے سندھ اور بلوچستان میں یہ گل کھلائے اور آج یہ گل کھلانے کے لئے پنجاب میں چلے آئے اور یہ لاہور کا واقعہ اسی کی کڑی ہے یہ لوگ چاہتے ہیں ہم ان اسمبلیوں کو ختم کردیں ہم ان اسمبلیوں کے وجود کو ختم کردیں لیکن یہ ان لوگوں کی بھول ہے ہمیں لوگوں نے ووٹ دیئے ہیں ہم لوگوں کے ووٹ لے کر اسمبلیوں میں آئے ہیں اور ان لوگوں کے گندے کارناموں سے یہ اسمبلیاں ختم نہیں ہوگئیں ہماری اس حکومت کی شرافت کو کمزوری سمجھ رہے ہیں لیکن یہ ہماری شرافت کی وجہ ہے کہ آج پنجاب میں اس حکومت کے خلاف ہر اٹھنے والی تحریک ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دب گئی ہے تو میں انہی الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں کیونکہ وقت کم ہے کیونکہ میرے اپوزیشن بھائی مجبور ہو رہے ہیں کہ یہ تقریر ختم ہو تو میں جناب وزیر اعلیٰ صاحب سے اپیل کروں گا کہ اس واقعہ پر فوری ایکشن لیا جائے اور مجرموں کو قرار واقعی سزا دی جائے اور آخری میری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان شہیدوں کو جو اس واقعہ میں شہید ہوئے جنت الفردوس میں جگہ دے آمین ثم آمین شکریہ

## جناب سپیکر

غلام حیدر وائیں صاحب

## وزیر صنعت

جناب سپیکر میں آپکا شکر گذار ہوں کہ آپ نے مجھے ایک اہم موضوع پر اظہار خیال کا موقع دیا اور آج جب یہ معزز ایوان حال ہی میں وقوع پذیر ہونے والے سانحہ لاہور پر اپنے خیالات کا اظہار کر رہا ہے میں بھی ان جذبات میں مکمل طور پر شریک ہوتے ہوئے تخریب کاری کے اس سنگین واقع میں ھلاک ہونے والے شہدا کے لئے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ

انہیں جوار رحمت میں جگہ دے اور جناب سپیکر وہ شہری جو اس میں زخمی ہوئے ان کی صحت کاملہ کے لئے دعا گو ہوں لیکن جناب سپیکر یہ سنگین واقع جو ملک اور پنجاب کے تمام محب وطن عوام کے لئے ایک لمحہ فکریہ ہے ایک طویل عرصہ کے بعد اس ملک میں جمہوری عمل کے شروع ہونے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ایک بد قسمت صورت سامنے آئی ہے کہ یہاں پر بعض تخریب کار سوچیں اپنی تخریب کاری کی سرگرمیاں شروع کر چکی ہیں میں ایسے حالات یہ خیال کرتا ہوں کہ جمہوری عمل کے شروع ہونے کے بعد اور جمہوری قدروں کو جلا بخشنے کے لئے اس ملک میں جس چیز کی سب سے زیادہ ضرورت ہے وہ امن و امان کی صورت کی اصلاح ہے اس اہم مقصد کو مکمل طور پر حاصل کرنے کے لئے اور اس ملک کی تمام محب وطن سیاسی قوتوں کو اس مسئلہ پر اپنے عملی کردار کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے ایسے تمام حلقے نہ صرف تخریب کاری اور امن شکنی کے رجحانات کی نہ صرف مذمت کریں بلکہ عملی طور پر اپنے آپکو پیش بھی کریں جس سے اس ملک کا ہر شہری یہ محسوس کرے کہ اس ملک میں وہ سیاسی جماعتیں اور سیاسی قوتیں جو جمہوریت کو فروغ دینے کی بات کرتی ہیں وہ تخریب کاری اور امن شکنی کے ایسے معاملات میں عملی طور پر حکومت نے بھرپور تعاون اور اس کی رھنمائی بھی کرتی ہیں۔ تاکہ ایسے تمام گوشوں کو بے نقاب کیا جائے جن کا سدباب کرنا جمہوریت نوازی اور امن و امان کیلئے ملک کی تمام سیاسی جماعتوں سے توقع کرتی ہے تاکہ مجرموں کو ایسی عبرت ناک سزا دی جائے۔ جسکو ہمارا معاشرہ اپنی آنکھوں سے دیکھے گا کہ حکومت ایسے معاملے میں کس قسم کی لغزش یا کوتاہی نہیں کریگی۔ اس لئے ایسے حالات میں جب کہ پنجاب میں بھی تخریب کاری کا ایک سنگین واقعہ ہوا ہے اس بارہ میں حکومت پنجاب کی طرف سے اس بات کا پنجاب کے عوام کو اور تمام پر امن شہریوں کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ انشاءاللہ اس کے حقیقی ملزموں کو بے نقاب کرنے اور انکو سخت سے سخت سزا دنیمیں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا اور حکومت اپنی ذمہ داریوں کو انشاءاللہ عوام کی توقعات کے عین مطابق پورا کرے گی۔ لیکن جس بات کی آج ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ ملک میں تخریب کاری کے جو بھی عوامل ہیں اور جو قوتیں اس ملک میں تخریب کاری کے ذریعہ اس ملک کی امن و امان کو تباہ کرنا چاہتی ہیں وہ فی الحقیقت اس ملک میں جمہوریت کو قتل کرنا چاہتی ہیں ہم پاکستانی، اہل پنجاب اور پاکستان کے محب وطن

عوام اس بات کی کسی کو ہرگز اجازت نہیں دے سکتے۔ انشاءاللہ حکومت اس معاملہ میں اپنی تمام اوکانی کوششوں کو بروئے کار لائے گی۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آج ایک بہت بڑی ذمہ داری ملک کی تمام سیاسی جماعتوں پر بھی عائد ہوتی ہے کہ اگر وہ اس ملک میں کاروان جمہوریت کو درواں دواں دیکھنا چاہتے ہیں اور اس ملک میں جمہوری روایات کو جلاء بخشنا چاہتی ہیں۔ تو ان کو ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہونے والے حقیقی کرداروں کی نشاندہی کرنیکے لئے حکومت کی بھرپور امداد اور راہنمائی کرنا سیدگی میری رائے ہیں اس ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے طور پر اس واردات کے حقیقی ملزموں کی نشاندہی کے لئے نہ صرف حکومت سے بھرپور تعاون کرنا ہوگا بلکہ انہیں اپنے اپنے ذرائع سے حالات کی تلاش کر کے ہماری امداد کرنی چاہیے۔ حکومت ان تمام سیاسی جماعتوں، کارکنوں اور ان امن دوست حلقوں کی ایسی کارروائی پر انکی بے حد شکر گزار ہوں گی۔ کیوں کہ اس ملک میں جہاں تک اقتدار حاصل کرنے کا تعلق ہے یہ آنی جانی بات ہے۔ یہ ایک ایسا تسلسل ہے جو چلتا اور رواں دواں ہی رہتا ہے اور اس کا فیصلہ عوام مناسب اوقات پر کرتے رہیں گے۔ لیکن اگر ہم جمہوریت پر فی الحقیقت اعتماد اور یقین رکھتے ہیں۔ تو ہمیں اس ملک میں تمام جمہوریت پسند گوشوں کی عملی طور پر امداد کرنا ہوگی۔ اور امن شکن ملزمان کی تکذیب کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ہوگا۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ جہاں ایک حکومت پنجاب کی ذمہ داری ہے وہ اس بہت بڑے سانحہ کے ملزمان کو بے نقاب کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریگی۔ اور ملزمان کو عبرتناک سزا دے گی۔ لہٰذا ہماری تمام محب وطن عناصر اور تمام سیاسی جماعتوں کے راہنماؤں اور کارکنوں سے اپیل ہے کہ اس ملک میں جمہوریت کی بقاء کے لئے اور اس ملک کے امن و امان کو مکمل طور بحال رکھنے کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو بھی پورا کرے اور حکومت انشاءاللہ ان کی ان سرگرمیوں کو نہ صرف تحسین کی نظر سے دیکھے گی بلکہ ان کی بے حد شکر گزار بھی ہوگی۔ ہم ان تمام لواحقین سے جن کیعزیز اس سانحہ میں شہید ہوئے۔ ان سے دلی طور پر اظہار ہمدردی کرتے ہیں اور حکومت کی جانب سے یہ یقین دلاتے ہیں کہ انشاءاللہ ابھی جبکہ ہمارے قائد ایوان اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں گے وہ بھی اس معاملہ میں مناسب تفصیلات سے آپ کو آگاہ کریں گے۔ اس سانحہ پر اس معزز ایوان کا ہر رکن اس غم میں برابر کا شریک ہے۔ اس معاملہ میں

قطعاً" قطعاً" کوئی اختلاف نہیں ہے ۔ اس ایوان کے اندر ہر مکتبہ فکر کے معزز رکن سے اور اس معزز ایوان کیباہر ہر معزز شہری ، ہر سیاسی جماعت کے کارکن اور ہر سیاسی جماعت سے ہم یہ امید رکھتے ہیں کہ جمہوریت کی بقاء ، سیاسی قدروں کی سر پرستی اور ملک میں امن و امان کو مضبوط بنیادیں فراہم کرنے کے لئے اس سنگین واقدعہ کے کسی بھی گوشہ کو جو بھی انکی نظر میں ہو گا اسے بے نقاب کرنے کیلئے حکومت کی امداد اور راہنمائی فرمائیں گے اور اس کیلئے ہم ان کے بے حد شکر گزار ہوں گے ۔ شکریہ ۔

## جناب فضل حسین راہی ۔

جناب سپیکر ۔ معاملہ بہت حد تک واضح ہو گیا ہے اب جلاد بھی مل گئے ہیں ۔ حکم دینے والے بھی بیٹھے ہیں ۔ صرف مجرموں کو پکڑنا باقی ہے ۔ باقی کام مکمل ہے ۔ وہ گولی مارنے کے لئے تیار بیٹھے ہیں ۔

## جناب سپیکر ۔

میاں محمود احمد صاحب ۔ ---------- جناب ریاض حشمت جنجوعہ صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں ۔

## جناب ریاض حشمت جنجوعہ ۔

جناب سپیکر میں پوائنٹ آف آرڈر پر یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ قبل اس کے کہ قائد ایوان کی تقریر ہو ۔ اس حادثہ کا شکار ہونے والوں شہداء کی روح کو ایصال ثواب پہنچانے کیلئے فاتحہ خوانی کی جائے ۔

## چوہدری گل نواز خان وڑائچ ۔

پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر میں استدعا کرناں کہ راہی صاحب دا ناں تبدل کر کے بے راہی رکھ دتا جائے کیونکہ اے رہندے ای بے راہے نیں ۔

## جناب سپیکر ۔

یہ ایک تحریک پیش کی گئے ہے جناب ریاض حشمت جنجوعہ کی طرف سے کہ

اس دھماکے میں شہید ہونے والوں کیلئے ان کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی جائے۔ اس سلسلے میں کچھ صاحبان نے یہ کہا ہے کہ یہ فاتح خوانی ہو چکی ہے۔

**میاں محمود احمد۔**

جناب والا اگر ہو چکی ہے تو دوبارہ ہو جائے گی۔

**جناب سپیکر۔**

اگر فاتحہ خوانی ہو چکی ہے تو میرے علم میں نہیں

**آوازیں۔**

نہیں ہوئی۔

**جناب سپیکر۔**

اس پر کسی کو کوئی اعتراض ہے؟

**آوازیں۔**

نہیں۔

**جناب سپیکر۔**

تو پھر فاتح خوانی کی جائے۔

(اس مرحلہ پر فاتحہ خوانی کی گئی)

**وزیر صنعت۔**

جناب سپیکر میری یہ استدعا ہے کہ جو لوگ زخمی ہیں ان کی صحت کاملہ کیلئے بھی دعا کی جائے۔

(اس مرحلہ پر زخمیوں کی صحت کیلئے بھی دعا کی گئی)

**جناب سپیکر۔**

جناب میاں محمود احمد۔

## میاں محمود احمد۔

جناب سپیکر اس پورے معزز ایوان کی متفقہ رائے ہے کہ اس واقعہ کے ملزمان کو فوری طور پر پکڑا جاوے اور ان کو پکڑ کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ جناب والا اس میں اگر کسی قسم کی کوئی کوتاہی رہ گئی تو وہ لوگ جو ملک دشمن عناصر ہیں وہ ہمارے صوبہ پنجاب میں مزید گڑبڑ پھیلانے کا پروگرام بنائیں گے۔ جناب سپیکر چونکہ یہ وقوعہ میرے حلقے میں رونما ہوا ہے اسلئے میں نے ذاتی طور پر جا کر ان تمام شہید ہونے والوں کی لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ جناب والا یہ بڑے افسوس کی بات ہے اس واقعہ سے ہر آدمی کی آنکھ میں اشک ہے ہر آنکھ رو رہی ہے اس میں کوئی شک نہکیں کہ جتنا بڑا المیہ پیش آیا یہ بڑا قابل دکھ ہے اور تمام ممبران اسمبلی اور پورا پاکستان اس پر افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ جناب والا میری یہ گزارش ہے کہ جسطرح حکومت نے مرنے والوں کیلئے شہید ہونے والوں کیلئے پچاس پچاس ھزار روپے دینے کا اعلان کیا۔ میری یہ گزارش ہے کہ شہید ہونے والوں کیلئے کم ازکم پانچ لاکھ روپے کے عطیہ کا اعلان کیا جائے اور جو لوگ زخمی ہوئی ہیں ان کیلئے بھی حکومت کچھ نہ کچھ ان کے علاج کیلئے ان کو رقم مہیا کرے۔ جناب والا اس کے ساتھ ہی میں

اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں۔ شکریہ۔

## جناب سپیکر۔

جناب مولانا منظور احمد چنیوٹی صاحب۔

## مولانا منظور احمد چنیوٹی۔

الحمد للہ وحدہ وصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعد۔ جناب سپیکر میں قبل اس کیکہ سانحہ کیمتعلق کچھ عرض کروں۔ اس سانحہ میں شہید ہونے والے اور ان کے ورثاء سے اظہار ہمدردی کرنا فرض سمجھتا ہوں اور جو زخمی ہوئے ہیں ان کی صحت کیلئے دعا کرتا ہوں ۔جان کیمر فجاء ان کے اقرباء ان کے رشتہ داروں کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتا ہوں۔ اس کے بعد میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ واقعہ انتہائی افسوس ناک اور درد ناک ہے اور پنجاب میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا واقعہ ہے۔ اس سے پہلے کئی ایسے واقعات ہوئے ہیں اگر حکومت ان کا

سنجیدگی سے نوٹس لیتی۔ اس سے قبل کئی مذہبی رہنما قتل ہوئی، اغواء ہوئے۔ مولانا اسلم قریشی کو اغواء ہوئے چار ساڑھے چار سال کا عرصہ ہو گیا ہے۔ اسی لاہور شہر میں مولانا اشرف ہاشمی جو ایک بہت بڑے عالم اور خطیب تھے ان کا اغواء ہوا۔ اسی لاہور شہر میں علامہ احسان اللہ فاروقی شہید کر دیے گئے۔ اس کے علاوہ محرم کے فسادات اور اسی قسم کے اور واقعات۔ اگر ان کا فوری طور پر سدباب کیا جاتا، مجرموں کو تلاش کر کیان کو کیفر کردار تک پہنچایا جاتا تو مجرموں کی حوصلہ شکنی ہوتی اور یہ اتنا گھناؤنا واقعہ جو اس وقت رونما ہوا ہے، جس سے نہ صرف پاکستان کے تمام مسلمان ایک اذیت میں مبتلا ہیں۔ علامہ احسان الٰہی ظہیر جیسا ایک بین الاقوامی عالم جو اسلامی ممالک کے اندر ایک جانی پہچانی شخصیت ہے اور علمی اعتبار سے ان کی تصانیف ان کی خطابت، جس سیعالم اسلام واقف ہے اس واقعہ میں ان کیشدید زخمی ہونے کی وجہ سے پورا عالم اسلام کرب میں مبتلا ہے اگر ان واقعات کا جو اس سیقبل رونما ہوتے رہے۔ حالانکہ انتظامیہ کو بار بار توجہ دلائی گئی لیکن حسین وعدوں کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا۔ اب تک اسلم قریشی کا پتہ نہ چلا، اب تک اس کے مجرم قوم کے سامنے نہ لائے گئے۔ اب تک مولانا اشرف ہاشمی کا پتہ نہ چلا۔ اس کے مجرم بھی سامنے نہ لائے گئے۔ علامہ احسان اللہ فاروقی کو شہید کر دیا گیا۔ اس کے مجرمو کا بھی آج تک پتہ نہ چلا تو جب کوئی واقعہ ہوتا ہے اس وقت تو ہنگامی طور پر جذبات کو ٹھنڈا کرنے کیلئے انتظامیہ کی طرف سے بڑے وعدے اور اعلان کئے جاتے ہیں کہ ہم مجرموں کو پکڑ رہے ہیں ہم انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ لیکن ماضی کے یہ واقعات بتاتے ہیں کہ وہ وقت جب گزر جاتا ہے۔ جذبات جب ٹھنڈے پڑ جاتے ہیں تو وہ سب واقعات بھول جاتے ہیں اور ان مجرموں کو نہ گرفتار کیا جاتا ہے نہ انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جاتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر ان واقعات کا فوری طور پر سدباب کیا جاتا تو یہ ایک عظیم سانحہ ظہور میں نہ آتا۔ اس لئے اب اس واقعہ کے محرکات کو معلوم کرنا۔ ان کیمجر موںکو سخت سے سخت اور فوری سزا دینا یہ آئندہ پنجاب اور ملک کے استحکام اور امن کو بحال رکھنے کی انتہائی ضروری بات ہے۔ جہاں تک اسواقعہ کا تعلق ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان دشمن اور جا سلام دشمن ان عناصر کا یہ کام ہو سکتا ہے۔ اگرچہ اس خدشے کا اظہار کیا جاتا ہے اور اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا یہ مذہبی منافقت، فرقہ واریت کا کوئی شاخسانہ ہو لیکن میں یہ سمجھتا ہوں۔ یہاں پر اگرچہ مختلف مسلک کے لوگ رہتے ہیں۔

آپس میں باہمی اختلافات بھی ہوتے ہیں لیکن اتنا سنگین اور اتنا گھناؤنا واقعہ یہ فرقہ واریت کے نتیجہ میں بظاہر معلوم نہیں ہوتا۔ میرے نزدیک یہ تخریب کاری کا واقعہ ہے اور ملک دشمن اور اسلام دشمن عناصر جو ہندوستان اور دوسرے راستوں سے یہاں آرہے ہیں اور وقتاً فوقتاً ان کی خبریں آتی رہتی ہیں۔ یہ ان لوگوں کا کام ہے اور چاہے آپ میرے ساتھ اتفاق کریں یا نہ کریں لیکن میں اس کیشولہڈ پیش کرسکتا ہوں کہ ملک کے اندر تخریب کاری کے واقعات ہورہے ہیں۔ جہاں اور تخریب کار گھسے ہوئے ہیں وہاں ملک میں سب سے بڑے تخریب کار قادیانی ہیں جو اسلام کیبھی دشمن ہیں اور پاکستان کے بھی دشمن ہیں۔ روسی سفارت کار جسے قتل کیا گیا تھا وہ بھی ظفر احمد نامی وہ قادیانی ہے۔ اس کے علاوہ اور کتنے واقعات آپ کے ملک میں رونما ہوچکے ہیں جن میں قادیانی سامنے آچکے ہیں اور وہ خفیہ ہاتھ جو اس ملک میں تخریب کاری کا کام کررہیہیں اگر ان کی صحیح انکوائری کی جائے تو میں پورے وثوق اور یقین سے کہتا ہوں کہ ان تخریب کاروں میں قادیانی شامل ہیں۔ انہوں نے اس ملک کو نہ پہلے تسلیم کیا تھا اور نہ ہی آج تسلیم کیا ہے۔ ان کی تمام ترہمدردیاں ہندوستان کے ساتھ ہیں۔ اسرائیل کے ساتھ ہیں اور وہ ان کے بد ترین آلہ کار پاکستان اور عالم اسلام کے نندر موجود ہیں۔ میں نے ایک تحریک استحقاق پیش کرتھی جو جناب چوہدری عبدالغفور صاحب نے یہ کہہ کر کہ ہم نے معلومات حاصل کی ہیں اور ہمیں کوئی ایسا یہودی ادارہ معلوم نہیں، یہ بات کہہ دینے سے ان کی ذمہ داری ختم نہیں ہوجاتی جب کہ اخبارات میں بھی یہ بات آگئی کہ یہودیوں نے دینی اداروں اور دینی شخصیات کو ختم کرنے کیلئے ایک خفیہ ادارہ قائم کررکھاہے۔ تو حکومت کے فرائض میں ہے کاہ وہ اس ادارے کو تلاش کرے، اس کی نشاندھی کرے ہمارا کام تھا کہ ہم ان کی اس طرف توجہ دلائیں اور ہم نے ان کی توجہ دلائی لیکن اتنی بات کہہ دینے سے آپ کی ذمہ داری ادا نہیں ہوجاتی، ہوسکتا ہے کہ وہ یہودی تنظیم جو تمام عالم اسلام کے اندر تخریب کاری کے پروگرام بناتی ہے، پاکستان کے اندر سجو انہوں نے اڈا قائم کیا ہے یہ واقعہ بھی اس یہودی تنظیم کی سازش کا ایک حصہ ہے۔ اس لئے اس یہودی کادارے کا سراغ لگانا اور اس کا سد باب کرنا یہ بھی انتہائی ضروری بات ہے۔ اس ضمن میں، میں یہ عرض کروں گا کہ جو حدود آرڈیننس ہے چور اور ڈاکو کی حدود نافذ ہے، قانون نافذ ہے، اس پر عملدرآمد نہیں ہوتا اگر ان حدود شریعہ پر صحیح طور پر

عملدرآمد ہوتا، مجرموں کو قرارواقعی سزائیں دی جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اتنے سنگین جرم کا کوئی حوصلہ نہ کر سکتا۔ یہ سنگین جرم اور اس قسم کے واقعات جو اس ملک میں رونما ہو رہے ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم اسلام اسلام کا نام تو لیتے ہیں لیکن عملی طور پر اس ملک میں اسلام کی حدود کو نافذ کرنے میں حکمران مخلص نہیں ہیں۔ آج سے سات آٹھ سال قبل سے حدود، چور، ڈاکو کی سزائیں ملک میں نافذ ہیں لیکن آج تک کسی ایک پر عمل نہیں ہوا، کسی ایک کو کوئی سزا نہیں دی گئی اگر مجرموں کو شرعی سزائیں دی جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے واقعات سامنے نہیں آسکتے۔ ہمارے سامنے ایک روشن مثال سعودی حکومت کی موجود ہے۔ وہاں اسلامی احکام پر عمل ہوتا ہے۔ وہاں آپ تصور بھی نہیں کر سکتے کہ اس قسم کا کوئی گھناؤنا واقعہ رونما ہوا ہو۔ اس سلسلے میں میں میاں ریاض حشمت جنجوعہ اور دوسرے حضرات کی اس بات کی تائید کروں گا کہ مجرموں کو اسی چوک کے اندر بر سر عام سزا دی جائے۔ عبرتناک سزا دی جائے اور تمام لوگ اس سزا کا مشاہدہ کریں تاکہ آئندہ ایسے مجرموں کو حوصلہ نہ ہو اور ان کی حوصلہ شکنی ہو سکے۔ میں آخر میں پھر یہ بات کہوں گا کہ دوسرے واقعات کی طرح اسلم قریشی، اشرف ہاشمی، احسان اللہ فاروقی اور محرم کے فسادات ان واقعات کی طرح اس واقعہ کو بھی نظر انداز نہ کر دیا جائے۔ ابھی تو یہ واقعہ تازہ ہے اور زخم تازہ ہیں۔ ابھی مرہم رکھی جا رہی ہے اور حسین وعدے کئے جا رہے ہیں کہ جناب مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچا دیا جائے۔ مجرم پکڑے جا رہے ہیں۔ یہ ہو رہا ہے اور وہ ہو رہا ہے۔ لیکن ہمارا تلخ تجربہ یہ ہے کہ ایسے واقعات ملک میں اور صوبے میں ہو چکے ہیں لیکن ان کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا۔ خدانخواستہ اگر اس عظیم سانحہ کا بھی یہی حشر ہوا تو پھر یہ واقعہ ایک بہت بڑے خطرے کا الارم ہے اور یہ خطرے کی گھنٹی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کو ان تخریب کاروں سے محفوظ رکھے اور ہمارے حکمرانوں کو اپنے فرائض کو صحیح طریقے سے ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ میں ان کلمات پر ہی اکتفاء کرتا ہوں۔

جناب سپیکر۔

حاجی سردار خان صاحب

## حاجی سردار خان

جناب سپیکر اس اندوہناک واقعہ پر کافی اظہار خیال ہو چکا ہے اور اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حکومت نے جو اس واقعہ کے شہیدوں سے اور زخمیوں سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے وہ بھی لائق ستائش ہے۔ علامہ احسان الٰہیٰ ظہیر بین الاقوامی شہرت کے مالک ہیں اور میرے علاقے میں خاص طور پر ان کا فی احترام کیا جاتا ہے اور اخبارات میں بھی آپ نے دیکھا ہو گا کہ لوگوں نے مظاہرے کئے ہیں اور یہ مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ کے مجرموں کا جلد سے جلد سراغ لگایا جائے اور ان کو قرار واقعی سزا دی جائے اور ایسی عبرتناک سزا دی جائے کہ جس سے تخریب کاروں کو آئندہ ایسا قدم اٹھانے کی جرات نہ ہو سکے۔ یہ بالکل حقیقت ہے کہ کوئی بھی دینی گروہ اس قسم کی حماقت یا جرأت نہیں کر سکتا کہ ایک عام جلسے میں بم کا دھماکہ کر کے بیگناہ اور قیمتی جانوں کو ضائع کرے۔ یہ تخریب کار ہی ہیں جنہوں نے اس حساس نبض پر وار کیا ہے کہ جس سے باہمی گروہوں میں منافرت اور زیادہ پھیلے گی اور ایک دوسرے پر الزام تراشی ہو گی۔ بہر حال یہ وہ لوگ ہیں جو پاکستان کے دوست نہیں ہیں بلکہ وہ دشمن ہیں۔ پچھلے دنوں اخبارات میں بھی آپ دیکھتے رہے ہیں کہ پاکستان کی تقسیم صحیح نہیں ہوئی تھی یا یہ کسی جماعت کا کارنامہ نہیں تھا۔ یا کسی کی سازش تھی تو اس قسم کے لوگ جو ہیں یہ بیرونی طاقتوں کے آلہ کار بن کر حکومت کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ اس ملک کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ اس لئے میں یہ گزارش کروں گا کہ اس واقعہ کے ملزموں کا سراغ لگانے کے لئے ایک سپیشل ٹربیونل مقرر کیا جائے اور ان کو عبرتناک سزا دی جائے۔

**جناب سپیکر۔**

اس پر گورنمنٹ کی طرف سے کوئی بولنا چاہیں گے؟

**وزیر زراعت۔**

جناب والا میں اس بحث کو سمیٹنے کے لئے چند باتیں کرنا چاہوں گا۔

**جناب سپیکر۔**

جناب چوہدری عبدالغفور۔

## جناب محمد رفیق، ٹوبہ ٹیک سنگھ

جناب سپیکر میری بھی چٹ پہنچی ہوئی ہے لیکن مجھے تو ابھی تک موقع نہیں دیا گیا۔

**جناب سپیکر۔**
آپ کی چٹ ہے؟

**جناب محمد رفیق۔**

جناب والا کو بھیجی ہوئی ہے۔

**جناب سپیکر۔**

ٹھیک ہے آپ کو وقت دیا جاتا ہے۔ آپ پہلے بولیں۔

**جناب محمد رفیق**

جناب سپیکر ۲۳ مارچ کی رات کو ایک مذہبی جماعت کے اجتماع پر یہ جو افسوسناک اور گھناؤنا واقعہ ہوا ہے میں اور اپنے رفقاء کی طرف سے ان بنچوں سے اس کی پر زور مذمت کرتا ہوں۔ پوری عوام اس کی مذمت کرتی ہے۔ میں نہیں سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی ابتداً ہے کیونکہ امن عامہ کے طور پر پہلے ہی چھوٹے موٹے قتل وغارت کے واقعات اکثر ہوتے رہتے ہیں لیکن ایک سیاسی یا مذہبی جماعت کے اجتماع پر یہ واقعہ اپنی نوعیت کا ایک پہلا واقعہ ہے۔ جناب والا اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کے محرکات کی تھوڑی سی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں کہ ایسے واقعات یہ قتل وغارت، ڈکیتی اور دیگر واقعات جو روزمرہ کے اخبارات کی زینت بنتے ہیں جن سے اخبارات بھرے رہتے ہیں ان کے آخر کیا محرکات ہیں اور کیا وجوہات ہیں۔ خصوصاً اس واقعہ کے حوالے سے میں یہ عرض کروں گا کہ اس واقعہ کا ایک سبب اور ایک وجہ تو مذہبی تضادات اور فرقہ واریت ہے لیکن میرے باقی محترم دوستوں نے اس ایوان سے جو اپنا اظہار رائے کیا ہے اکثر دوستوں نے اس کو ایک تخریب کاری کہا ہے اور اس کے جو ڈانڈے ملائے ہیں دوسرے ملکوں کے ساتھ خصوصاً بھارت کے ساتھ یا افغانستان کے ساتھ یا بیرونی طاقتوں کے ساتھ اس کے ناطے جوڑنے کی کوشش کی ہے۔

میں اس سے اختلاف رکھتا ہوں۔ جناب سپیکر، اگر کسی بیماری کی صحیح تشخیص کرنی ہے تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ ہمارا اندرونی عدم استحکام ہے اور مذہبی فسادات ہیں جو اس کو جنم دے رہے ہیں۔ اس چیز کو سمجھانے کے لئے میں اس ایوان کو تھوڑا سا پیچھے لے جاؤں گا جب تحریک پاکستان زوروں پر تھی اور یونینسٹ پارٹی کے زیر اہتمام ۱۹۴۶ء میں یہاں الیکشن ہو رہے تھے، اور آل انڈیا مسلم لیگ کے پرچم تلے وہ الیکشن ہوئے اور ان الیکشنز کے نتائج کے طور پر ہمیں پاکستان ملا۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ پاکستان کے بننے کے بعد پاکستان کی خالق جماعت نے دوبارہ الیکشن نہیں کروائے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کچھ عرصے کے بعد انتشار پیدا ہوا۔ سیاسی عدم استحکام پیدا ہوا اور راتوں رات ریپبلکن پارٹی بن گئی۔ پھر مارشل لاء لگا اس کے بعد پھر مارشل لاء لگتا رہا۔ چاہے کنونشن لیگ آئی چاہے پیپلز پارٹی آئی اور پھر مارشل لاء کا دور آ گیا۔ آپ نظر دوڑائیں تو یہ بات صاف طور پر سامنے آ جاتی ہے کہ سیاسی اختلاف رائے کو کبھی بھی قبول نہیں کیا گیا اور سیاسی اختلاف رائے کو ہمیشہ تخریب کاری کا نام دیا گیا اور میں سمجھتا ہوں کہ پیپلز پارٹی کو بھی دوبارہ الیکشن کروانے چاہئیں تھے کیونکہ ہمارے ملک کا ایک حصہ کٹ چکا تھا لیکن الیکشن نہ کروائے گئے۔ عوام کے اندر جو عدم استحکام اور بحران پیدا ہوتے ہیں اور ان کے اندر یہ سوچ پیدا ہوتی ہے کہ حکومت کس طرح ہمارے وسائل، اختیارات اور اقتدار پر قابض ہے وہ اپنی بادشاہت کو چھوڑنے کے لئے قطعی طور پر تیار نہیں چاہے اسے ملک اور قوم کی کتنی بڑی قیمت دینا پڑے۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ موجودہ حکومت کے دو سال جس کے بارے میں یہ فخر سے کہتی ہے میں بھی یہ سمجھتا ہوں کہ اس جماعت اور اس حکومت نے جمہوریت کے قافلے پر شب خون مار کے حکومت حاصل کی ہے۔ ان کو کسی طرح سے بھی اس پر فخر نہیں کرنا چاہیے کہ یہ جمہوریت کے قافلے کو لے کر چل رہے ہیں جبکہ خود اس نے جمہوریت کے قافلے پر شب خون مار کر حکومت حاصل کی ہے۔ قوم نے کبھی یہ MANDATE نہیں دیا تھا کہ اقتدار مسلم لیگ کو دے دیا جائے۔

**جناب غلام حیدر وائیں۔**

جناب سپیکر، فاضل رکن موضوع سے بھی ہٹ رہے ہیں اور خلاف واقع

باتیں بھی کر رہے ہیں۔ اس سے ان کو روکا جائے۔ موجودہ حکومت مارشل لاء کے خاتمے اور جمہوریت کو بحال کرانے والی حکومت ہے اور یہ کہنا کہ یہ جمہوریت کی قاتل ہے یہ سیاسی اور حقیقی طور پر غلط بات ہے یہ اس کی تصحیح فرمائیں اور واقعات کے خلاف باتیں کرنے سے اجتناب فرمائیں اور اس بات کو تسلیم کریں کہ اس ملک میں جمہوریت کو قتل کرنے والی وہ حکومت اور جماعت تھی جس کے وہ خود رکن ہیں

## چوہدری محمد رفیق

جناب سپیکر، میں موضوع سے نہیں ہٹ رہا ہوں بلکہ ایک بیماری کی تشخیص کر رہا ہوں کہ وہ کونسے عوامل ہیں جن کی وجہ سے ہمارے ملک میں عدم استحکام ہے سیاسی عدم استحکام ہے اور جمہوری عدم استحکام ہے۔

## جناب سپیکر۔

ملک طیب خاں اعوان۔

## ملک طیب خاں اعوان

جناب والا، یہ ڈاکٹر تو نہیں ہیں کہ یہ بیماری کی تشخیص کر رہے ہیں۔ یہ تو ممبر ہیں کوئی اصلاح کی بات کریں۔ یہ بیماری کی تشخیص کرنے آئے ہیں تو ڈاکٹروں میں بیٹھیں۔

## جناب سپیکر۔

چوہدری محمد رفیق صاحب۔

## چوہدری محمد رفیق

جناب سپیکر، ہمارے ملک کے پاور سٹرکچر (POWER STRUCTURE) کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ کس طرح سے ملک میں سیاسی اور جمہوری عدم استحکام پیدا کیا جائے اور مذہبی فرقہ واریت پیدا کی جائے تاکہ وہ اندرونی انتشار کے بل بوتے پر اپنا اقتدار اور اپنی بادشاہت قائم رکھ سکے اور یہ اسی بات کا نتیجہ ہے کہ عوام کے اندر سیاسی اور

جمہوری عمل نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے ملک کے اقتدار، وسائل اور اختیارات پر جو لوگ قابض چلے آئے ہیں ان کو عوام کی بہت بڑی اکثریت نے کبھی قبول نہیں کیا۔ یہی مثال سابقہ پیپلز پارٹی کے دور کی بھی دے سکتے ہیں۔ اس دور میں بھی دوبارہ الیکشن نہ ہونے کی وجہ سے عوام کے اندر ایک ایسا طبقہ موجود تھا جس نے الیکشن کے نتائج قبول نہ کئے اور آج بھی عوام کے اندر ایک بہت بڑا طبقہ موجود ہے جس نے یہ نتائج قبول نہیں کئے ہیں۔ چونکہ انتخابات غیر سیاسی اور غیر جماعتی بنیادوں پر ہوئے تھے لیکن ایک سازش کے تحت ایک ہی جماعت کو مسلط کر دیا گیا اور یہ جو بحران کی صورت پیدا ہوئی ہے یہ اسی وجہ سے ہوئی ہے کہ عوام نے الیکشن کے نتائج کو قبول نہیں کیا۔ اس امر سے یہ صاف طور پر ظاہر ہو رہا ہے کہ سندھ میں تخریب کاری ہوئی ہے، بلوچستان میں ہو رہی ہے اور اب پنجاب میں شروع ہو گئی ہے۔ جناب والا، میری اپنی رائے کے مطابق عدم استحکام ایک بہت بڑا سبب ہے اس تخریب کاری کا۔ ہمارا اندرونی انتشار ہمارے اندرونی عدم استحکام کی وجہ سے ہے۔ ہم نے اس کو ٹالنے کے لئے، نظر انداز کرنے کے لئے یا عوام کو گمراہ کرنے کے لئے اور عوام کو صحیح صورت حال سے آگاہ نہ رکھنے کے لئے یہ بات کی ہے کہ یہ بیرونی تخریب کار ہیں جو ہمارے ملک کے اندر آکر تخریب کاری کی وارداتیں کرتے ہیں۔

جناب فضل حسین راہی۔

جناب سپیکر، ہاؤس میں کورم نہیں ہے۔

جناب سپیکر

کورم پورا نہیں ہے۔ گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر۔

گنتی کی جائے۔ ہاؤس کورم میں نہیں ہے لیکن اس میں اس تحریک التوائے کار پر بحث کا وقت ختم ہو گیا ہے کیونکہ اس کا ٹائم ڈیڑھ بجے تک تھا۔ اگر کورم ہو بھی جائے تو تب بھی امن عامہ کی صورتحال پر بحث کی جا سکتی ہے۔ کیونکہ کورم نہیں

ہے اور کورم ہونے کا کوئی امکان بھی نہیں ہے اس لئے اتوار شام چار بجے تک کیلئے ہاؤس کو ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اتوار 29، مارچ 1987 کو شام 4 بجے)